زیر ہدایت حضرت مفتی عبد الرحیم لاجپوری رحمۃ اللہ علیہ

مفتی صالح صاحب رفیق دار الافتاء، جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کی

ترتیب، تعلیق، تبویب اور تخریج جدید کے ساتھ

کمپیوٹر ایڈیشن

# فتاویٰ رحیمیہ

افادات

حضرت مولانا حافظ قاری مفتی سید عبد الرحیم صاحب لاجپوری مدظلہم

خطیب بڑی جامع مسجد رانڈیر سورت


دار الاشاعت

اردو بازار ایم اے جناح روڈ کراچی پاکستان 2213768

زیر ہدایت حضرت مفتی عبد الرحیم لاجپوری رحمۃ اللہ علیہ

مفتی صالح محمد صاحب رفیق دار الافتاء جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کی
ترتیب، تعلیق، تبویب اور تخریج جدید کے ساتھ

کمپیوٹر ایڈیشن

# فتاویٰ رحیمیہ

مبوّب

جلد چہارم

کتاب الطہارت، کتاب الصلوٰۃ


افادات

حضرۃ مولانا حافظ قاری مفتی سید عبد الرحیم صاحب لاجپوری رحمۃ اللہ علیہ

خطیب بڑی جامع مسجد راندیر ضلع سورت



دار الاشاعت

اردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

فتاویٰ رحیمیہ کے جملہ حقوق پاکستان میں بحق دارالاشاعت محفوظ ہیں
نیز ترتیب، تعلیق، تبویب اور تخریج جدید کے بھی جملہ حقوق ملکیت بحق دارالاشاعت محفوظ ہیں

کاپی رائٹ رجسٹریشن نمبر

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی دارالاشاعت کراچی
کمپوزنگ : مولانا مامون الحق صاحب
طباعت : ۲۰۰۳ء، حسان پرنٹنگ پریس، کراچی۔
ضخامت : ۲۹۰۰ صفحات مکمل سیٹ

……ملنے کے پتے……

بیت القرآن اردو بازار کراچی
بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور
کشمیر بکڈپو۔ چنیوٹ بازار فیصل آباد
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی
یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور
بیت الکتب بالمقابل اشرف المدارس گلشن اقبال کراچی

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور
مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور
مکتبہ امدادیہ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان
ادارہ اسلامیات موہن چوک اردو بازار کراچی
ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ B-437 دیپ روڈ لسبیلہ کراچی



# فہرست عنوانات فتاویٰ رحیمیہ جلد چہارم

## کتاب الطہارت

### باب الوضو

وضو میں بجائے مسواک کے کسی اور چیز کا استعمال ۱۷
مسواک کی لکڑی اور بوقت قیلولہ تیمم اور داہنی کروٹ قبلہ رو لیٹنا ۱۸
دانتوں پر سونا یا چاندی وغیرہ کا خول اور وضو و غسل کا حکم ۱۸
کامل اور مکمل مسنون وضو کی ترکیب ۱۹
ترکیب وضو مسنونہ ۱۹
وضو کے بعد کلمۂ شہادت پڑھتے وقت آسمان کی طرف انگشت شہادت اٹھانا ۲۱
پیشانی کے اوپر کے حصہ میں بال نہ ہوں تو وضو میں چہرہ کہاں تک دھونا چاہئے؟ ۲۲
جو خضاب بالوں تک پانی پہنچنے کے لئے رکاوٹ بنتا ہو تو وہ مانع وضو و غسل ہوگا ۲۲
وضو سے پہلے پیر تر کرنا ۲۲
خروج مذی ناقض وضو ہے ۲۳
پیشاب کی راہ سے جو سفید پانی نکلتا ہے وہ ناپاک اور ناقض وضو ہے ۲۳
انجکشن اور جونک کے ذریعہ خون نکالنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ ۲۳
بیمار کے ستر کا حصہ دیکھنا یا ہاتھ لگانا ناقض وضو ہے یا نہیں ۲۴
زخم کو پٹی باندھ دی جائے اور اندر اندر خون نکل کر پٹی میں پیوست ہوتا رہے تو وضو ٹوٹے گا یا نہیں ۲۴
آنکھوں سے پانی نکل آنا ناقض وضو ہے یا نہیں ۲۵
کان یا آنکھ میں سے پانی وغیرہ نکلے تو وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں ۲۵
وضو ٹوٹنے نہ ٹوٹنے کا ایک نادر مسئلہ ۲۵
مرض آشوب چشم (آنکھ دکھنا) میں آنکھوں سے نکلنے والے پانی کا حکم ۲۶
بعد استنجا، چند قدم چلنے سے قطرہ کا آنا ۲۷
ریح خارج نہیں ہوئی لیکن ایسی آواز کا وہم ہوتا ہے ۲۷
مشت زنی کرنے سے منی نکل جائے تو غسل واجب ہو جاتا ہے ۲۸
عورت کی شرم گاہ میں ہاتھ یا انگلی داخل کرنے سے غسل واجب ہوگا یا نہیں ۲۸

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| عورت کے تصور سے منی کا خروج، منی مذی اور ودی کی تعریف اور مرض جریان (سیلان منی) کا حکم | ۳۰ |
| عمدۃ الفقہ میں ہے | ۳۱ |
| بہشتی گوہر میں ہے | ۳۱ |
| خضاب لگایا ہو تو غسل اور وضو صحیح ہوگا یا نہیں | ۳۲ |
| بالوں میں فیشنی رنگ لگایا ہو تو غسل ہوگا یا نہیں | ۳۳ |
| بیدار ہونے کے بعد کپڑے پر دھبہ دیکھے تو غسل واجب ہوگا یا نہیں | ۳۳ |
| بہشتی گوہر میں ہے | ۳۳ |
| انجکشن کے ذریعہ عورت کے رحم میں مادۂ منویہ پہنچائے تو عورت پر غسل واجب ہے یا نہیں | ۳۴ |
| ناپاک کنویں کا پانی پاک کرنے کے لئے یک بارگی نکالنا ضروری نہیں ہے | ۳۵ |
| کنویں میں بیت الخلاء کا ناپاک پانی مل جائے تو کیا حکم ہے؟ ایسے پانی سے وضو کر کے نماز پڑھی ہو تو اعادہ واجب ہے یا نہیں | ۳۵ |
| بیت الخلاء میں رہنے والا جانور پانی میں مرا ہوا ملے تو کیا حکم ہے؟ | ۳۶ |
| بیت الخلاء مسجد کے کنویں سے کتنی دور ہونا چاہئے | ۳۶ |
| شرعی حوض | ۳۷ |
| اگر پانچ ہاتھ چوڑا اور بیس ہاتھ لمبا حوض ہو تو وہ دہ دردہ ہے | ۳۷ |
| بئر بالوعہ (کھاڑ کنواں) پانی کے کنویں سے کتنے فاصلے پر ہونا چاہئے | ۳۸ |
| بیت الخلا مسجد کے کنویں سے کتنی دور ہونا چاہئے | ۳۹ |
| سوال میں درج شدہ حوض حوض شرعی ہے یا نہیں | ۴۰ |
| حوض کب ناپاک ہوگا؟ ناپاک حوض کے پانی سے استنجاء کر کے نماز پڑھائی تو نماز صحیح ہوئی یا نہیں؟ | ۴۱ |
| حوض گہرا ہو مگر دہ در دہ نہ ہو تو وہ شرعی حوض نہیں ہے | ۴۲ |
| غیر مسلم کے حوض میں اترنے سے پانی پاک رہے گا یا نہیں؟ | ۴۲ |
| تالاب نصف بھرا ہوا ہے اور اس میں گوبر وغیرہ بھی ملا ہوا ہے تو ایسا پانی پاک ہے یا ناپاک؟ | ۴۲ |
| آدمی حوض میں گر کر مر جائے تو کیا حکم ہے؟ | ۴۲ |
| کنویں میں چوہا گر جائے؟ | ۴۴ |
| شرعی حوض کب ناپاک ہوگا | ۴۴ |





| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| **ما یتعلق بالحیض والنفاس** | |
| چالیس روز ختم ہونے سے پہلے نفاس بند ہو جائے تو کیا حکم ہے؟ | ۴۵ |
| چالیس دن سے کم مدت میں نفاس کا خون بند ہو جائے | ۴۵ |
| حیض کا خون بند ہو جانے کے بعد پھر نظر آوے تو کیا حکم ہے؟ | ۴۶ |
| زچگی کے بعد کب غسل کیا جائے اور اس غسل میں پہلے پیٹھی لگانا کیسا ہے؟ | ۴۶ |
| حیض کی اقل مدت تین دن ہیں اس سے کم جو خون آئے وہ استحاضہ ہے | ۴۶ |
| چند دن نفاس کا خون آیا پھر بند ہو گیا پھر تھوڑے دن آ کر بند ہو گیا تو کتنے ایام نفاس کے شمار ہوں گے | ۴۷ |
| دم نفاس دس بیس روز کے بعد بند ہو جائے تو کیا حکم ہے؟ | ۴۷ |
| نفاس والی عورت کی عادت مختلف ہو تو اس کا کیا حکم ہے؟ | ۴۷ |
| **حائضہ مستحاضہ جنب نفاسہ کے احکام** | |
| حائضہ سے صحبت کرنے کا کیا حکم ہے؟ | ۴۸ |
| عورت حالت حیض میں وظائف و اوراد پڑھ سکتی ہے؟ | ۴۹ |
| غیر مقلدین کے نزدیک ناپاک آدمی بغیر غسل کے قرآن شریف پکڑ سکتا ہے | ۴۹ |
| لڑکی حافظ ہوتے ہوئے بالغ ہو جائے، آموختہ یاد رہے اس کی کوئی صورت ہے؟ | ۴۹ |
| جنابت کی حالت میں سونا | ۵۰ |
| **مایتعلق بالنجاسة واحکامها** | |
| غیر مسلم کے گھر میں گوبر سے لیپی ہوئی جگہ پر نماز پڑھنا | ۵۱ |
| شطرنجی کا ایک کونہ ناپاک ہے | ۵۱ |
| مرغی ذبح کر کے بال چھڑانے کے لئے گرم پانی میں ڈالنا کیسا ہے؟ | ۵۱ |
| نجس چیز میں جوش دی ہوئی چیز | ۵۲ |
| کاغذ پر بول و براز کرنا کیسا ہے؟ | ۵۲ |
| گوبر سکھا کر جلایا جائے اور وہ راکھ بن جائے تو وہ راکھ پاک ہے یا ناپاک | ۵۲ |
| گوبر کو مٹی کے گارے میں ضرورۃً ملانا جائز ہے یا نہیں | ۵۳ |
| صابون میں خنزیر کی چربی ہو تو وہ صابون پاک ہے یا ناپاک | ۵۳ |
| مقتدی کی قے سے امام کے کپڑے خراب ہو جائیں تو کیا حکم ہے | ۵۳ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| جو کاغذ استنجاء کے لئے تیار کیا جاتا ہے اس سے استنجاء کرنا جائز ہے یا نہیں | ۵۴ |
| رقیق نجاست غلیظہ کی مقدار عفو اور معافی کا مطلب | ۵۴ |
| چھوٹے بچے کی قے کا حکم | ۵۵ |
| دودھ پینے والے بچوں کے پیشاب کا حکم اور پیشاب سے نہ بچنے پر وعید | ۵۶ |
| گوبر اور پاخانہ کا گیس پاک ہے یا ناپاک؟ اور اس پر کھانا پکانا کیسا ہے؟ | ۵۹ |
| مرغی ذبح کر کے کتنی دیر تک کھولتے ہوئے پانی میں ڈالے رکھنے سے ناپاک ہوتی ہے | ۵۹ |
| نائلون کے موزوں پر مسح جائز ہے یا نہیں؟ | ۶۱ |
| ٹھنڈے پانی سے غسل کی طاقت نہ ہو تو تیمم کر کے نماز ادا کرے | ۶۳ |
| بہشتی ثمر و زیور کے باب تیمم کے ایک مسئلہ پر ایک عالم کا اشکال اور اس کا جواب | ۶۳ |
| دوسرا شخص تیمم کرائے تو درست ہے یا نہیں؟ اور نیت کون کرے؟ | ۶۴ |
| معذور شخص باوضو نماز پڑھنا چاہے | ۶۵ |
| اگر صاحب عذر کسی تدبیر اور علاج سے اس عذر کا انقطاع کر دے تو وہ معذور رہے گا یا نہیں؟ | ۶۵ |
| معذور کا شرعی حکم | ۶۵ |
| انسان کب معذور بنتا ہے اور کس وقت معذور نہیں رہتا اور اس کے شرعی احکام کیا ہیں؟ | ۶۶ |
| معذور شرعی کسے کہتے ہیں | ۶۷ |
| پیشاب کے بعد قطرہ آنے کا یقین ہو تو ڈھیلہ سے استنجاء ضروری ہے | ۶۷ |
| بحالت عذر سیدھے ہاتھ سے استنجاء کرنا بلا کراہت جائز ہے | ۶۷ |
| **کتاب الصلوٰۃ** | |
| بے نمازی بہت بڑا گنہگار ہے | ۶۸ |
| فتاوی رحیمیہ اردو ص ۶۸ ج ۴ کے مسئلہ پر ایک مشہور مدرسہ کے شیخ الحدیث | |
| و مفتی صاحب کا اشکال اور اس کا جواب | ۷۱ |
| اشکال اول | ۷۱ |
| اشکال دوم | ۷۱ |
| مریض کو آپریشن کے بعد طہارت میں شبہ رہتا ہے تو نماز پڑھے یا نہ پڑھے | ۷۲ |
| ہوائی جہاز میں نماز پڑھنا | ۷۲ |
| جہالت کی وجہ سے نمازی نے وضو ٹوٹ جانے کے بعد نماز جاری رکھی تو کیا حکم ہے | ۷۲ |





| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| قبر والے صحن کی چھت (سلیپ) پر نماز پڑھنا | ۷۳ |
| **اوقات الصلوٰۃ** | |
| موسم گرما میں ظہر کو دیر سے پڑھنا | ۷۴ |
| رمضان المبارک میں نماز فجر ہمیشہ سے جلد پڑھنا | ۷۵ |
| جہاں وقت عشاء نہ ملے تو نماز عشاء ادا کرے یا نہیں | ۷۶ |
| ظہر اور عصر کا وقت | ۷۷ |
| مثلین سے پہلے عصر کی نماز پڑھی جاتی ہے | ۷۸ |
| وقت عصر کی تفصیل | ۷۸ |
| وقت عشاء کی تفصیل | ۷۹ |
| عشاء کا وقت غروب آفتاب کے بعد کب شروع ہوتا ہے | ۷۹ |
| نماز فجر کی جماعت اسفار میں افضل ہے | ۸۰ |
| تہجد کا وقت | ۸۱ |
| چاشت کی نماز کا وقت اور اس کی رکعتیں | ۸۱ |
| اشراق کی نماز کا وقت | ۸۲ |
| مجبوراً عصر کی نماز جماعت کے ساتھ ایک مثل پر پڑھنا صحیح ہے یا نہیں؟ | ۸۲ |
| مجبوری کے وقت ایک مثل سایہ کے بعد عصر کی نماز پڑھنا | ۸۳ |
| نماز فجر میں اسفار | ۸۳ |
| **اوقات ممنوعہ** | |
| عصر کے بعد تحیۃ الوضو یا کوئی نماز | ۸۵ |
| صبح صادق اور طلوع آفتاب کے درمیان نفل نماز | ۸۵ |
| فجر کی نماز فوت ہو جائے تو پہلے فرض پڑھے یا سنت | ۸۵ |
| صبح صادق کے بعد نوافل پڑھنا | ۸۶ |
| زوال سے کتنی دیر پہلے نماز موقوف کرنا چاہئے | ۸۶ |
| فجر کی نماز سے پہلے اور خطبہ کے وقت تحیۃ المسجد پڑھنا کیسا ہے؟ | ۸۷ |
| فجر کی نماز کے بعد فجر کی سنت پڑھنا | ۸۷ |
| فجر سے پہلے اور فجر کے بعد نیز عصر کے بعد قضا اور نوافل پڑھنا | ۸۷ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| طلوع وغروب آفتاب کے وقت قرآن مجید کی تلاوت کا حکم | ۸۹ |
| کتاب الاذان والاقامة | |
| مؤذن کیسا ہونا چاہئے | ۹۰ |
| اذان کا جواب حاضرین مسجد پر واجب نہیں اس کی کیا وجہ؟ | ۹۱ |
| کیا دوسرا شخص اقامت (تکبیر) کہہ سکتا ہے | ۹۱ |
| مغرب کی اذان واقامت میں وقفہ ہے یا نہیں؟ | ۹۳ |
| اقامت کے وقت ہاتھ باندھنا ثابت نہیں ہے | ۹۳ |
| وقت سے پہلے اذان اور بعد وقت نماز کا حکم | ۹۴ |
| داڑھی منڈا اذان واقامت کہے تو کیا حکم ہے؟ | ۹۴ |
| ایک مؤذن دو مسجد میں اذان دے سکتا ہے؟ | ۹۴ |
| مسجد کی مرمت کے وقت اذان کہاں سے دی جائے | ۹۴ |
| گھر میں منفرد اقامت کہے یا نہیں | ۹۵ |
| اعادہ نماز کے لئے اقامت کہی جائے یا نہیں | ۹۵ |
| اذان کے وقت وضو کرنا کیسا ہے؟ | ۹۵ |
| گھر میں نماز پڑھے تو اقامت کہے یا نہیں | ۹۶ |
| مؤذن کیسا ہونا چاہئے | ۹۶ |
| کھڑے کھڑے اقامت کا انتظار کرنا | ۹۷ |
| اثناء تلاوت اذان شروع ہو جائے تو کیا حکم ہے | ۹۸ |
| متعدد مساجد میں اذان ہو تو کس کا جواب دیا جائے | ۹۸ |
| اقامت سے پہلے درود شریف پڑھنا | ۹۹ |
| درمیانی صف میں اقامت کہے تو اس کا کیا حکم ہے | ۹۹ |
| عندالاقامت امام کو آگاہ کرنے کے لئے مؤذن کھنکارے تو کیسا ہے؟ | ۹۹ |
| ٹیپ ریکارڈ سے دی ہوئی اذان صحیح ہے یا نہیں | ۹۹ |
| اقامت میں شہادتین وحیعلتین کے کلمات ایک ایک مرتبہ ثابت ہیں یا دو دو مرتبہ | ۱۰۰ |
| دوسری دلیل | ۱۰۱ |
| تیسری دلیل | ۱۰۲ |





| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| چوتھی دلیل | ۱۰۲ |
| پانچویں دلیل | ۱۰۲ |
| چھٹی دلیل | ۱۰۲ |
| ساتویں دلیل | ۱۰۲ |
| آٹھویں دلیل | ۱۰۲ |
| نویں دلیل | ۱۰۳ |
| فجر کی اذان میں الصلوٰۃ خیر من النوم چھوٹ گیا | ۱۰۳ |
| امام صاحب اذان دیتے ہوں تو اقامت کون کہے؟ کوئی دوسرا شخص اقامت کہے تو ان کی اجازت ضروری ہے یا نہیں | ۱۰۳ |
| اقامت کے وقت مقتدی کب کھڑے ہوں | ۱۰۴ |
| مکان میں نماز پڑھنے والے کے لئے اذان واقامت کا حکم | ۱۰۸ |
| اقامت کہنے کا افضل طریقہ کیا ہے | ۱۰۸ |
| اقامت کہنے میں مؤذن وغیرہ امام کے تابع ہیں | ۱۰۸ |
| اذان کے وقت باتیں کرنا | ۱۰۹ |
| تکبیر کہاں کھڑے ہو کر کہنا افضل ہے؟ | ۱۰۹ |
| جس نے نسبندی کرالی ہو اس کو مؤذن رکھنا | ۱۰۹ |
| سینما دیکھنے اور قوالی سننے والے کی اذان واقامت | ۱۱۰ |
| بلا اذان مؤذن اقامت | ۱۱۰ |
| فجر کی اذان بعد صبح صادق متصلا | ۱۱۱ |
| بوقت اقامت امام اور مقتدی کب کھڑے ہوں؟ | ۱۱۱ |
| نماز کے آداب ومستحبات کے بارے میں فقہی اصول | ۱۱۴ |
| امام کے چار حالات اور ہر ایک کا حکم | ۱۱۵ |
| فتاوی رحیمیہ میں منقول ایک عبارت کی تحقیق | ۱۱۸ |
| باب الامامة والجماعة | |
| کیا "جمع بین الصلوتین" بلا عذر جائز ہے | ۱۲۰ |
| امامت کے لئے احق کون ہے؟ | ۱۲۲ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| چند روز بعد فرض لوٹانے پڑے تو فرض سے پڑھے یا بغیر جماعت کے اور کیا جماعت کا ثواب ملے گا | ۱۲۵ |
| امام کے لئے امامت کی نیت کرنا ضروری ہے یا نہیں | ۱۲۷ |
| حنفی امام شافعی مقتدیوں کی کس طرح امامت کرے | ۱۲۷ |
| امام کس طرح نیت کرے | ۱۲۷ |
| حنفی مقتدی عید کی نماز شافعی کے پیچھے کیونکر پڑھے | ۱۲۸ |
| ذاتی مخالفت کی بنا پر صالح امام کی علیحدگی | ۱۲۸ |
| امام ظہر کی سنتیں پڑھے بغیر فرض پڑھا سکتا ہے | ۱۲۸ |
| مرد عورت کے ساتھ جماعت کر سکتا ہے یا نہیں | ۱۲۸ |
| نماز باجماعت پڑھنے میں عذر پیش آتا ہے تو کیا حکم ہے؟ | ۱۲۹ |
| فتاویٰ رحیمیہ گجراتی کے ایک جواب کے متعلق سوال اور اس کا توضیحی جواب | ۱۲۹ |
| امام نے لفظ "السلام" کہا اور اس کی اقتدا کی تو وہ صحیح ہے | ۱۳۰ |
| اسلام میں جماعت کی اہمیت | ۱۳۰ |
| تنبیہ | ۱۳۲ |
| عالم کی خاطر جماعت میں تاخیر کرنا کیسا ہے | ۱۳۳ |
| جماعت ثانیہ کا حکم | ۱۳۳ |
| گھر میں اپنی عورت کے ساتھ نماز باجماعت کر سکتے ہیں یا نہیں | ۱۳۳ |
| مسئلہ میں ایک مفتی صاحب کا اشکال اور اس کا جواب | ۱۳۵ |
| جماعت ہونے کی حالت میں فجر کی سنت کا حکم | ۱۳۵ |
| محلہ کی مسجد میں جماعت چھوٹ گئی تو جماعت کے لئے دوسری مسجد میں جانا ضروری ہے یا نہیں؟ | ۱۳۶ |
| نماز تہجد کی جماعت کا حکم | ۱۳۶ |
| امام کی ذمہ داریاں کیا ہیں اور اس کی تنخواہ کتنی ہونی چاہئے | ۱۳۷ |
| نووارد عالم وقاری سے معین امام اولیٰ بالامامۃ ہے | ۱۳۸ |
| مسجد کا امام بدعقیدہ، بدعتی ہو اس لئے صحیح العقیدہ لوگ گھر میں نماز باجماعت ادا کریں تو جائز ہے یا نہیں اور جماعت کا ثواب ملے گا یا نہیں؟ | ۱۳۹ |
| امام ومؤذن کو ہر وقت مسجد میں حاضر رہنے کا پابند بنانا کیسا ہے | ۱۴۰ |
| ایک حنفی امام نے غیر مقلد کے پیچھے عصر کی جماعت میں نفل کی نیت سے شرکت کی | |





| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| پھر اپنی مسجد میں نماز پڑھائی تو کیا حکم ہے؟ | ۱۴۰ |
| امام رکوع وسجدے میں کتنی بار تسبیح پڑھے | ۱۴۱ |
| اگر امام کو حدث لاحق ہو جائے تو خلیفہ کس طرح بنائے | ۱۴۱ |
| فجر کی جماعت شروع ہو جائے تو سنت پڑھے یا نہیں | ۱۴۱ |
| تبلیغی اجتماع کے موقعہ پر نماز باجماعت کس طرح ادا کی جائے؟ | ۱۴۲ |
| مسجد کی چھت پر جماعت کرنا | ۱۴۳ |
| کیا حضور اقدس ﷺ کے مبارک زمانہ میں عورتیں مسجد جاتی تھیں؟ فی زمانہ عورتوں کا مسجد جانا کیسا ہے؟ | ۱۴۳ |
| اگلی صف میں خالی جگہ ہو تو صف چیر کر یا نمازیوں کے سامنے سے گذر کر خالی جگہ پر کرنا | ۱۴۵ |
| کسی عالم یا بزرگ کو صف میں اپنی جگہ دینا | ۱۴۶ |
| بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کے لئے پہلی صف میں نماز پڑھنا کیسا ہے؟ | ۱۴۶ |
| عورت کے لئے حرم شریف میں جماعت سے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ | ۱۴۷ |
| امام سے مقتدی ناراض ہوں تو امام امامت چھوڑ دے یا امامت پر قائم رہے؟ | ۱۴۸ |
| مسجد میں جماعت ثانیہ کی عادت بنالینا | ۱۵۰ |
| تنبیہ | ۱۵۱ |
| صفیں درست کرانا کس کی ذمہ داری ہے؟ امام کی یا مؤذن کی؟ | ۱۵۲ |
| عیدگاہ میں جماعت ثانیہ کا کیا حکم ہے؟ | ۱۵۳ |
| قابل اعادہ نماز کی جماعت میں نئے مقتدی شامل ہوئے تو ان کی نماز ہوئی یا نہیں؟ | ۱۵۳ |
| امام کے لئے وقت پر حاضری ضروری ہے | ۱۵۴ |
| جماعت ثانیہ کا حکم | ۱۵۴ |
| متعین امام کی موجودگی میں داڑھی منڈے ٹرسٹی کا نماز پڑھانا۔ کیا دعوت اسلام کی ضرورت کے پیش نظر داڑھی منڈانے کی اجازت ہے؟ | ۱۵۴ |
| نسوانی مدرسہ میں طالبات کا باجماعت نماز ادا کرنا جب کہ مسجد شرعی موجود ہو | ۱۵۷ |
| غیر مقلد، جماعت کی نماز میں اپنا ٹخنہ قریبی نمازی کے ٹخنہ سے ملانا ضروری سمجھتے ہیں کیا یہ صحیح ہے؟ اور اس کا کیا مطلب ہے؟ | ۱۵۸ |
| استفتاء | ۱۵۸ |

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| تیسری بحث: | ۱۶۳ |
| (۱) اگلی صفوف والوں کو ختم جماعت کے بعد سہولت ہو اس غرض سے پچھلی تمام صفوف میں پہلے سے دو دو تین تین آدمیوں کو کھڑا رکھنا (۲) انتظامیہ کی طرف سے مسجد میں کرسیوں کا نظم جس کے نتیجہ میں غیر معذور بھی کرسیاں استعمال کرنے لگے: | ۱۶۴ |
| افضل کے ہوتے ہوئے مفضول کا امامت کرنا خصوصا جب کہ افضل امامت پر آمادہ نہ ہو: | ۱۶۷ |
| عذر کی وجہ سے امام کا بیٹھ کر نماز پڑھانا: | ۱۶۸ |
| **صلوۃ من یصلح اماماً لغیرہ** | |
| سجدہ سہو نہ کرنے کی وجہ سے دوبارہ پڑھی ہوئی نماز میں شریک ہونے والے نئے مصلی کا حکم: | ۱۶۹ |
| ایسے تعلیم یافتہ کی امامت جو حروف کو صحیح مخارج سے ادا نہ کرے: | ۱۶۹ |
| فاسق وفاجر اور بدعتی کی امامت کا کیا حکم ہے؟ | ۱۷۰ |
| حنفی مقتدی کی نماز مالکی، حنبلی امام کے پیچھے: | ۱۷۲ |
| سیدنا حضرت عثمانؓ سے باغی کی امامت: | ۱۷۲ |
| جلسۂ استراحت کرنے والے کے پیچھے حنفی کی نماز: | ۱۷۲ |
| فاسق کی امامت: | ۱۷۳ |
| جھوٹی قسم کھانے والے کی امامت مکروہ ہے: | ۱۷۳ |
| خنثے کے پیچھے نماز: | ۱۷۴ |
| امام کی قراءت میں صفائی نہ ہو تو اقتداء صحیح ہے یا نہیں: | ۱۷۴ |
| داڑھی منڈے کی امامت اور شرعی داڑھی کی حد: | ۱۷۵ |
| کیا امامت کے لئے ذات پات کا لحاظ ہے؟: | ۱۷۵ |
| امام سینما بینی کا عادی ہو تو ایسے امام کی امامت کا کیا حکم ہے؟: | ۱۷۶ |
| جذامی وابرص کی امامت اور ان کے لئے جماعت کا حکم: | ۱۷۶ |
| بدعتی اور علماء حقہ کو برا کہنے والے کی امامت: | ۱۷۷ |
| قرآن شریف لحن جلی سے پڑھنے والے کی امامت: | ۱۷۷ |
| جس نے نسبندی کرائی ہو اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟: | ۱۷۸ |
| امام کی زبان میں لکنت کی وجہ سے الحمد کے شروع میں اُ اُ اُ ہو جاتا ہے: | ۱۷۸ |
| جو شخص قرآن کے مخلوق ہونے کا عقیدہ رکھے اس کی امامت کا حکم!: | ۱۷۹ |





| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| نائی (حجام) کی امامت: | ۱۷۹ |
| شادی شدہ امام ایک سال تک گھر نہ جائیں تو ان کی امامت صحیح ہے یا نہیں؟: | ۱۸۰ |
| جس شخص کی منکوحہ بے پردہ پھرے اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟: | ۱۸۰ |
| جس کی منکوحہ بے پردہ ہو اس کو امام بنانا اور ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا بہتر ہے یا تنہا پڑھنا بہتر ہے؟: | ۱۸۱ |
| بدکار آدمی کو امام بنانا: | ۱۸۲ |
| نابینا اور جس کی بینائی کمزور ہو اس کی امامت: | ۱۸۲ |
| غیر مقلد امام کے پیچھے نماز پڑھنا: | ۱۸۳ |
| جس کے داڑھی نہ نکلی ہو اس کو امام بنانا: | ۱۸۵ |
| امام کی بیوی بدکردار ہو مگر وہ اپنی بری حرکتوں سے توبہ کرلے تو ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟: | ۱۸۵ |
| امام نے بری حرکت کی پھر اس نے توبہ کرلی تو اب اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟: | ۱۸۶ |
| مراہقہ اور بالغہ لڑکیوں کو بلا حجاب پڑھانا درست ہے یا نہیں؟ اور جو شخص ایسی لڑکی کو پڑھائے اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟: | ۱۸۶ |
| کہنی تک کٹے ہوئے ہاتھ والے حافظ قرآن کے پیچھے تراویح: | ۱۸۷ |
| نابالغ حفاظ قرآن پختہ کرنے کے لئے نوافل باجماعت ادا کریں اور اصلاح کے لئے کوئی بالغ اس کی اقتداء کرے تو کیا حکم ہے؟: | ۱۸۷ |
| فیشن پرست حافظ کو تراویح میں امام بنانا کیسا ہے؟: | ۱۸۷ |
| خصی اور ہجڑے کے پیچھے نماز کیوں مکروہ ہے جب کہ وہ کلمہ گو ہے: | ۱۸۹ |
| غیر شادی شدہ کی امامت: | ۱۸۹ |
| شافعی امام وتر دو سلام سے ادا کرے تو حنفی اس کی اقتداء کرسکتا ہے یا نہیں؟: | ۱۹۰ |
| بدعتی کی امامت کا حکم: | ۱۹۰ |
| داڑھی خشخشی کرانے والے کو امام بنانا اور اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟: | ۱۹۱ |
| امام مسجد کا کرکٹ کھیلنا اور اس سے دلچسپی رکھنا کیسا ہے؟: | ۱۹۳ |
| پٹی پر مسح کرنے والے کی امامت: | ۱۹۶ |
| بیٹا شرعی حلالہ کے بغیر بیوی کو اپنے ساتھ رکھے تو اس کے والد کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟: | ۱۹۷ |

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| فاسق اور بدعتی کی امامت: | ۱۹۷ |
| امام کا لباس کیسا ہونا چاہئے: | ۱۹۸ |
| فلم دیکھنے والے کی امامت تراویح میں: | ۱۹۹ |
| داڑھی کتروانے والے تصویر کھنچوانے والے حافظ کی امامت تراویح میں: | ۱۹۹ |
| درمیان نماز اختلال عقل کا دورہ پڑنا اور ایسے آدمی کی امامت: | ۱۹۹ |
| خلاف سنت داڑھی رکھنے والے حافظ کی امامت، (حضرت مولانا مفتی ولی حسن رحمہ اللہ تعالیٰ کا فتویٰ اور حضرت مولانا مفتی سید عبدالرحیم لاجپوری مدظلہم العالی کی تصدیق: | ۲۰۰ |
| تصدیق | ۲۰۱ |
| مرزا بیدل شاعر کا واقعہ | ۲۰۱ |
| حرام آمدنی والے کے گھر کھانے پینے والے امام کی امامت کا حکم: | ۲۰۲ |
| فیشن والے بال کٹانے والے امام کی امامت مکروہ ہونے کی دلیل: | ۲۰۲ |
| صحت اقتداء کے لئے اتصال صفوف ضروری ہے: | ۲۰۳ |




# کتاب الطهارت

## باب الوضو

### وضو میں بجائے مسواک کے کسی اور چیز کا استعمال

(سوال ۱) مسواک کی جگہ منجن اور ٹوتھ پیسٹ کا استعمال کیسا ہے؟ برش کے استعمال کا کیا حکم ہے؟

(الجواب) وضو کرتے وقت مسواک کرنا سنت موکدہ ہے (والسواک هو سنة موكدة ووقته عند المضمضة الجوهرة النيرة ج ۱ ص ۵ كتاب الطهارة سنن الوضوء) اور مسواک بانس، انار اور ریحان کے علاوہ کسی اور درخت کی ہونی چاہئے، خصوصاً کڑوے درخت کی، زیادہ اولیٰ پیلو کے درخت کی ہے، پھر زیتون کے درخت کی۔ قال فی الحلية وذكر غير واحد من العلماء كراهته بقضبان الرمان والريحان اه وفی شرح الهداية للعينی روى الحارث فی مسنده عن ضمير بن حبيب قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن السواک بعود الريحان وقال انه يحرک عرق الجذام وفی النهر ويستاک بكل عود الا الرمان والقصب وافضله الاراک ثم الزيتون (شامی ج ۱ ص ۱۰۷ كتاب الطهارة وسنن الوضوء) (كبيری ص ۳۲ ايضاً) علامہ طحطاوی زیتون کی مسواک کو افضل مانتے ہیں قلت والحديث يفيد افضلية الزيتون على الأراک (طحطاوی على الدر المختار ج ۱ ص ۱۰۱ ايضاً)

الغرض مسواک درخت کی ہونا ضروری ہے، اگر کسی وقت کسی درخت کی مسواک میسر نہ ہو تو انگلی سے دانت صاف کرکے منہ کی بو زائل کردے اس طرح بھی سنت ادا ہو جاتی ہے ہدایہ میں ہے والسواک لانه عليه السلام كان يواظب عليه وعند فقده يعالج بالا صابع لانه عليه السلام فعل ذلک (ج ۱ ص ۶ ايضاً) اور مسواک سنت ہے اس لئے کہ آنحضرت ﷺ ہمیشہ کرتے تھے اور مسواک نہ ہو تو انگلیوں سے مسواک کا کام لے کہ آنحضرت ﷺ نے یہ بھی کیا ہے۔" نیز ہادی عالم ﷺ کا فرمان ہے الاصابع تجرى مجرى السواک اذالم يكن سواک (یعنی) جب مسواک نہ ہو اس وقت انگلیاں مسواک کا کام کرتی ہیں۔ (طبرانی وغیرہ)(۱)

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اصل سنت درخت کی مسواک ہے، وہ میسر نہ ہو یا دانت نہ ہوں یا دانت یا مسوڑے کی خرابی کی وجہ سے مسواک سے تکلیف ہوتی ہو تو ضرورۃً ہاتھ کی انگلیوں یا موٹے کھردرے کپڑے سے یا منجن، ٹوتھ پیسٹ یا برش سے مسواک کا کام لیا جا سکتا ہے مگر مسواک کے ہوتے ہوئے مذکورہ چیزیں مسواک کی سنت ادا کرنے کے لئے کافی نہیں اور مسواک کی سنت کا پورا اجر حاصل نہ ہوگا۔

ولا تقوم الاصابع مقام العود عند وجوده (اور مسواک کی موجودگی میں یہ چیزیں اس کے قائم مقام

(۱) یہ حدیث طبرانی میں ان الفاظ میں نہیں جن الفاظ میں حضرت مفتی صاحب لے آئے ہیں بلکہ ان الفاظ میں منقول ہے حديث اخر فی السعی، رواه الطبرانی فی معجمه الوسط حدثنا محمد بن الحسن بن قتيبة ثنا محمد ابی السری ثنا الوليد بن مسلم ثنا عيسى بن عبدالله الا نشاوی عن عطاء بن ابی رباح عن عائشة قالت قلت يا رسول الله الرجل يذهب فوه يستاک قال نعم قلت كيف يصنع قال يدخل اصبعه فی فيه نصب الرايه ج ۱ ص ۱۰

نہیں بن سکتیں (کبیری ص ۳۲) (صغیری ص ۱۴) البحر الرائق سنن الوضوء تحت قولہ السواک ص ۲۱ ج ۱) (فتاوی عالمگیری ج ۱ ص ۷۔ الفصل الثانی فی سنن الوضوء)

جب مسواک کی موجودگی میں انگلیاں (جن کے لئے آنحضرت ﷺ کا عمل اور قول ثابت ہے) مسواک کے قائم مقام نہیں ہوسکتیں تو برش وغیرہ کیسے مسواک کے قائم مقام ہوسکتے ہیں۔

برش اگر سور (خنزیر) کے بالوں کا ہے تو اس کا استعمال قطعاً حرام ہے، اگر مشتبہ ہو تو بھی استعمال نہ کرے۔ مشکوک نہ ہو تو استعمال کرسکتا ہے، مگر بلا عذر کے مسواک کے قائم مقام نہیں ہوسکتا، اس لئے کہ سنت درخت کی مسواک ہے (توضیح المسائل ص ۳۵) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## مسواک کی لکڑی اور بوقت قیلولہ تیمم اور داہنی کروٹ قبلہ رو لیٹنا:

(سوال ۲) وضو میں مسواک کے لئے کونسی لکڑی استعمال کی جائے؟ رات کو سونے کے وقت اور بوقت قیلولہ تیمم کرلینا کافی ہوگا یا نہیں؟ کس کروٹ سونا چاہئے مسنون کیا ہے؟

(الجواب) وضو میں مسواک کسی لکڑی کی ہو جائز ہے۔ مگر وہ لکڑیاں جن میں کڑواہٹ یا بکھاپن ہو وہ مفید تر ہوتی ہیں اس لئے ان کا استعمال انسب ہے[1]۔ پیلو کی مسواک سب سے افضل ہے۔ مگر دوسری لکڑیاں بھی جائز ہیں۔ شب کو اور قیلولہ کے وقت میں اگر ممکن ہو تو وضو ورنہ تیمم کر کے سوئیں۔ لیٹنے کے لئے یہ ہے کہ داہنی کروٹ پر قبلہ رو لیٹیں یہ حالت ابتدائی ہے۔ پھر جس طرح بھی انسان کروٹ بدل لے گا جائز ہوگا۔

(مکتوبات شیخ الاسلام ج ۱ م ۲۹ ص ۸۳)

## دانتوں پر سونا یا چاندی وغیرہ کا خول اور وضو غسل کا حکم:

(سوال ۳) دانتوں کے اندر سراخ ہو جاتے ہیں اور اس میں غذا کے ذرات داخل ہو کر تکلیف اور درد کا موجب بن جاتے ہیں۔ اس سے بچنے کے لئے ڈاکٹروں نے ایک علاج تجویز کیا ہے۔ کہ سونا یا چاندی یا سیسہ یا سیمنٹ وغیرہ سے ان سوراخوں کو پر کردیا جائے تا کہ غذاء کے ذرات داخل نہ ہوں۔ تو دریافت طلب امر یہ ہے۔ کہ سوراخوں کو بند کرنے میں یہ شبہ ہوتا ہے کہ غسل جنابت میں غرغرہ کے وقت پانی سوراخوں میں نہیں جاتا تو اس سے غسل جنابت میں خلل ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

سائل: حافظ عبدالسلام بخاری راندیری مقیم افغانستان۔

(الجواب) جبکہ بطور علاج دانت کے سوراخوں میں چاندی یا سونا یا سیسہ یا سیمنٹ وغیرہ ڈال کر انہیں بند اور پر کر دیا جاتا ہے تو وہ ڈالی ہوئی چیز بدن کا جز بن جاتی ہے۔ اور غسل اور وضو میں اس چیز کو پانی پہنچانا کافی ہو جاتا ہے اس کے نیچے پانی پہنچانا ضروری نہیں ہے۔ حدیث اور فقہ میں سونے چاندی کے تاروں سے شکستہ دانتوں کو باندھنے اور چاندی سونے کی ناک بنوانے کی اجازت منقول ہے۔ ظاہر ہے کہ اس کے اندرونی حصہ میں پانی نہ پہنچے گا۔

(۱) ویستاک بکل عود الا الرمان والقصب وافضلہ الاراک ثم الزیتون، شامی ص ۱۱۵



"بستن دندان شکستہ بہ تار نقرہ جائز است نہ بہ تار زر" "ونزد صاحبین" "بہ تار زر ہم جائز است (مالابد منہ ص ۱۱۰)

ولا یشدسنہ المتحرک (بذھب بل بفضۃ) وجوزھما محمد (درمختار ص ۳۱۸،۳۱۷ ج۵) (قولہ وجوزھما محمد) ای جوز اللذھب والفضۃ ای جواز الشدبھما واما ابو یوسف رحمہ اللہ فقیل معہ وقیل مع الامام (شامی ص ۳۱۸ ج۵) (ویتخذ انفامنہ) لان الفضۃ تنتنہ (در مختار ص ۳۱۸ ج۵) (قولہ لان الفضۃ تنتنہ) الاولی تنتن بلا ضمیر (الی قولہ) واصل ذلک ماروی الطحاوی باسنادہ الی عرفجۃ بن سعد اصیب انفہ یوم الکلاب فی الجاھلیۃ فاتخذ انفاً من ورق فانتن علیہ فامرہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان یتخذ انفاً من ذھب ففعل — ای وفی التاتر خانیۃ وعلیٰ ھذا الاختلاف اذا جدع انفہ او اذنہ او سقط منہ فاراد ان یتخذ سناً آخر فعند الامام یتخذ ذلک من الفضۃ فقط وعند محمد من الذھب ایضاً اھ (شامی ص ۳۱۸ ج۵[1]. حظر والاباحۃ فصل فی اللبس) واللہ اعلم بالصواب.

## کامل اور مکمل مسنون وضو کی ترکیب:

(سوال ۴) کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ میں کہ اعضاء وضو مثلاً کلی کرنے ناک میں پانی ڈالنے، چہرہ دھونے، ہاتھ دھونے، مسح کرنے کے وقت دعائیں پڑھی جاتی ہیں وہ ہمیں یاد نہیں ہم سیکھنا چاہتے ہیں تو اس کی کیا صورت؟ اگر آپ تکلیف اٹھا کر لکھ سکتے ہوں تو بڑی عنایت ہوگی، ہم آپ کے لئے دعا کریں گے۔

(الجواب) کتب احادیث وکتب فقہ (شامی ج ۱ ص ۱۱۸، فتاوی عالمگیری ج ۱ ص ۶) میں وضو کی دعائیں موجود ہیں، احادیث اور فقہ کی عبارتیں پیش کرنے کے بجائے آپ کی سہولت کے لئے اردو کی معتبر کتاب "ضمیمہ جدیدہ حصہ دوم عملیات مجربہ خاندان عزیزیہ" سے نقل کیا جاتا ہے کسی کو دعائیں کرنے میں دشواری ہو تو یاد ہونے تک صرف درود شریف ہی پڑھ لینا کافی ہے انشاء اللہ۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے ویصلی علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد غسل کل عضو (فتاویٰ عالمگیری الفصل الثالث فی المستحبات، ج ۱) اب ضمیمہ جدیدہ کی عبارت ملاحظہ کریں۔

### ترکیب وضوء مسنونہ

عامل (نمازی) کو چاہئے کہ جب وضوء کرے کامل کرے، یعنی جب استنجا، وغیرہ سے فارغ ہو تو قبلہ رو بلند جگہ پر بیٹھے، اور مسواک کرے، پھر یہ دعا پڑھے اللّٰھم اجعل تسویکی ھذا تمحیصاً لذنوبی ومرضاۃ لک یارب بیض بہ وجھی کما تبیض بہ اسنانی فضائل مسواک میں ہے: مسواک کی دعاء۔ بنایہ میں درایہ سے نقل کرتے ہوئے لکھا ہے کہ مسواک کرتے وقت یہ دعا پڑھنی چاہئے اللّٰھم طھر فمی ونور قلبی وطھر بدنی وحرم جسدی علی النار۔ اسی طرح علامہ نووی نے شرح مہذب میں ایک دوسری دعاء نقل کی ہے اور کہا ہے کہ یہ

(۱) یہ حوالہ سونے سے خول بنانے کے جواز کے لئے ہے غسل کے صحت کے لئے یہ حوالہ دیا جائے۔ ولا یمنع ما علی ظفر صباغ ولا طعام بین اسنانہ او فی سنہ المجوف بہ یفتی درمختار علی ھامش شامی ابحاث الغسل ج ۱ ص ۱۵۴

دعاء اگرچہ بے اصل ہے لیکن اچھی دعاء ہے، اس لئے اس کو پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں، وہ دعا یہ ہے اللھم بیض اسنانی وشدبه لسانی وثبت به لهاتی وبارک لی فیه یا ارحم الراحمین۔
(فضائل مسواک ص ۲۷، ص ۲۷ از مولانا اظہر حسین صاحب)

پھر نیت وضو کر کے یہ دعا پڑھے بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی اعوذبک من همزات الشیاطین واعوذبک رب ان یحضرون پھر دونوں ہاتھ کلائی تک تین مرتبہ دھوئے، اور انگلیوں میں خلال کرے اور پڑھے اللھم انی اسئلک الیمن والبرکة واعوذبک من الشوم والهلکة پھر تین مرتبہ کلی کرے اور اس دعا کو پڑھے اللھم اعنی علی ذکرک وشکرک وتلاوة کتابک پھر تین بار ناک میں پانی ڈالے اور بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے ناک کے اندر کی آلائش کھجلا کر صاف کرے اور یہ دعاء پڑھے اللھم ارحنی رائحة الجنة وانت راض عنی پھر تین مرتبہ دونوں ہاتھوں سے منہ، بالوں کے اگنے کی جگہ سے تھوڑی کے نیچے تک اور کنپٹیوں تک دھوے، اور یہ دعا پڑھے۔ اللھم بیض وجهی بنور وجهک یوم تبیض وجوہ اولیائک ، یا اللھم بیض وجهی بنور وجهک یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ ۔ اگر ڈاڑھی گنجان ہو تو انگلیوں سے خلال کرے انگلیوں کو ٹھوڑی کے نیچے ڈاڑھی میں ڈال کر اوپر رخساروں کی طرف لے جاوے پھر داہنا ہاتھ کہنی سمیت تین مرتبہ دھوئے اور یہ دعا پڑھے اللھم اعطنی کتابی بیمینی وحاسبنی حساباً یسیراً پھر بایاں ہاتھ تین بار دھوئے اور یہ دعا پڑھے اللھم انی اعوذبک ان تعطینی کتابی بشمالی او من وراء ظهری اگر انگشتری (انگوٹھی) ہاتھ میں ہو تو اس کو ہلا کر پانی پہنچاوے پھر دونوں ہاتھوں کو تر کر کے تین تین انگلیاں دونوں ہاتھ کی خنصر او بنصر ووسطی، یعنی چھنگلیاں اور اس کے پاس کی انگلی اور بیچ کی انگلی ملا کر اور دونوں انگوٹھے اور انگوٹھوں کے پاس کی انگلیاں الگ الگ کر کے پیشانی پر رکھ کر دماغ کے اوپر سے گدی تک لے جاوے پھر گدی سے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں کانوں کے اوپر تک جو سر باقی رہے ملتا ہوا ماتھے تک لے جاوے اس ترکیب سے سارے سر کا مسح کرے، پھر یہ دعا پڑھے۔ اللھم غشنی برحمتک وانزل علی من برکاتک واظلنی تحت عرشک یوم لا ظل الا ظلک پھر دونوں کانوں میں انگوٹھوں کے پاس کی انگلیاں اندر کی جانب سے کانوں کی کھائیوں میں سب طرف خوب پھیرے کہ کھائیاں کانوں کی تر ہو جائیں اور کانوں کی پشت پر انگوٹھوں کے شکم کا پانی ملے اس طرح کانوں کا مسح کرے پھر یہ دعا پڑھے اللھم اجعلنی من الذین یستمعون القول فیتبعون احسنه پھر دونوں ہاتھوں کی پشت گردن پر ملے پھر یہ دعا پڑھے اللھم فک رقبتی من النار واعوذبک من السلاسل والا غلال پھر داہنا پاؤں ٹخنوں سمیت تین دفعہ دھوئے بائیں ہاتھ کی چھنگلیاں سے خلال دونوں پیروں کی انگلیوں میں کرے مگر داہنے پیر کی چھنگلیا سے شروع کرے اور بائیں پاؤں کی چھنگلیاں پر ختم کرے، جب داہنا پاؤں دھوئے تو تب یہ دعا پڑھے اللّٰھم ثبت قدمی علی الصراط یوم تزل الاقدام فی النار اور جب بایاں پاؤں دھو چکے تو یہ دعاء پڑھے اللّٰھم انی اعوذبک ان تزل قدمی علی الصراط یوم تزل اقدام المنافقین (شامی، عالمگیری، طحطاوی علی مراقی الفلاح میں دعا کے کلمات کچھ مختلف ہیں جو یاد ہو پڑھ سکتا ہے)

اور جب وضو سے فراغت پاوے تو کلمہ شہادت پڑھے اشهد ان لا اله الا اللہ وحدہ لا شریک له واشهد ان محمداً عبده ورسوله حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی بعد وضو کے کلمہ شہادت کا پڑھے گا اس کے



واسطے بہشت کے آٹھوں دروازے کھولے جائیں گے کہ جس دروازے سے چاہے بہشت میں داخل ہو، کلمہ شہادت کے بعد یہ دعا پڑھے اللھم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطهرین واجعلنی من عبادک الصالحین الذین لا خوف علیهم ولا هم یحزنون۔

نسائی شریف میں حدیث بیان کی ہے کہ جو شخص وضو کے بعد یہ دعا پڑھے گا خطا نہ ہوں گے پھر سورۂ قدر یعنی انا انزلناه پڑھے پھر دو رکعت نفل تحیۃ الوضو پڑھے (ضمیمہ جدیدہ حصہ دوم عملیات مجربہ خاندان عزیزیہ ص ۴ ، ص ۵ ص ۶)

## وضو کے بعد کلمۂ شہادت پڑھتے وقت آسمان کی طرف انگشت شہادت اٹھانا:

(سوال ۵) وضو کے بعد کلمہ شہادت پڑھتے وقت آسمان کی طرف انگشت شہادت اٹھانا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) بعض فقہاء نے اس کو ذکر کیا ہے اور بعض نے صرف آسمان کی طرف نگاہ اٹھانے کو بیان کیا ہے لہذا دونوں کی گنجائش ہے اسے ضروری نہ سمجھا جائے اور نہ کرنے والوں پر نکیر نہ کی جاوے، یہ محض آداب میں سے ہے، طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے (قوله والاتیان بالشهادتین بعده) ذکر الغزنوی انه یشیر بسبابته حین النظر الی السماء یعنی آداب وضو میں سے ایک ادب یہ ہے کہ وضو کے بعد شہادتین پڑھنا، غزنوی نے بیان کیا ہے کہ آسمان کی طرف دیکھتے وقت اپنی انگشت شہادت سے اشارہ کرے۔ (طحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۴۳ فصل فی آداب الوضوء)

شامی میں ہے وزاد فی المنیة ایضاً وان یقول بعد فراغه سبحانک اللھم وبحمدک اشهد ان لا اله الا انت استغفرک واتوب الیک واشهد ان محمداً عبدک ورسولک ناظراً الی السمآء (شامی ص ۱۱۹ ج ۱ ، آداب الوضوء)

حصن حصین میں ہے:۔ واذا فرغ من الوضوء رفع نظره الی السمآء ولیقل اشهد ان لا اله الا اللہ الی قوله من توضأ فقال سبحانک اللھم وبحمدک استغفرک واتوب الیک کتب له فی رق ثم جعل فی طابع فلم یکسر الی یوم القیمة یعنی اور وضو سے فارغ ہو کر آسمان کی طرف نظر اٹھا کر تین مرتبہ کلمہ شہادت پڑھے اشهد ان لا اله الا اللہ وحدہ لا شریک له واشهد ان محمداً عبده ورسوله اس کے بعد یہ دعا پڑھے اللھم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطهرین ، سبحانک اللھم وبحمدک اشهد ان لا اله الا انت استغفرک واتوب الیک لیکن یا یہ دعا پڑھی سبحانک اللھم وبحمدک استغفرک واتوب الیک جو شخص وضو کرتے وقت مذکورہ بالا دعا کرتا ہے اس کے لئے (مغفرت کا) ایک پرچہ لکھ کر اور پھر اس پر مہر لگا کر رکھ دیا جاتا ہے قیامت کے دن تک اس کی مہر نہ توڑی جائے گی (اور وہ مغفرت کا حکم برقرار رہے گا) (حصن حصین عربی ص ۶۸ ، ص ۶۹) (حصن حصین مترجم ص ۱۰۰ از حضرت مولانا محمد ادریس صاحب رحمۃ اللہ علیہ) ہو سکے تو قبلہ رو ہو کر دعا پڑھے۔

بدائع میں ہے۔ ثم یستقبل القبلة ویقول اشهد الخ پھر قبلہ رخ ہو کر پڑھے اشهد ان لا اله الا اللہ واشهد ان محمداً رسول اللہ (بدائع الصنائع ج ۱ ص ۲۳ اداب الوضوء) فقط واللہ اعلم بالصواب

## پیشانی کے اوپر کے حصہ میں بال نہ ہوں تو وضو میں چہرہ کہاں تک دھونا چاہئے؟:

(سوال ٦) ایک شخص کے سر کے اگلے حصہ میں بالکل بال نہیں ہیں تقریباً نصف سر کے بعد بال ہیں وضو میں اسے چہرہ کہاں تک دھونا چاہئے، عرف میں جسے پیشانی کہتے ہیں وہاں تک دھونا کافی ہے یا جہاں سے بال اگنا شروع ہوں وہاں تک دھونا ضروری ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) عام طور پر جہاں سے سر کے بال اگتے ہیں اور جسے عرف میں پیشانی کہتے ہیں اتنے حصہ کا دھونا فرض ہے اس سے اوپر تک دھونا ضروری نہیں ہے مراقی الفلاح میں ہے۔ (وحده) ای جملة الوجه (طولاً من مبدأ سطح الجبهة) سواء كان به شعرام لا. طحطاوی میں ہے (قوله سواء كان به شعرام لا) اشاربه الى ان الاغم والاصلع والاقرع والانزع فرض غسل الوجه منهم ما ذكر. (مراقی الفلاح احکام الوضوء وطحطاوی ص ۳۲) (درمختار مع شامی ص ۸۹، ص ۹۰ ج ۱ ارکان الوضوء اربعة)

عمدة الفقہ میں ہے "اگر کسی کے بال آدھے سر تک اگلی طرف سے نہ اگیں تو عرف میں جہاں تک پیشانی کہلاتی ہو اس سے اوپر تک دھونا فرض نہیں بلکہ پیشانی کے بالوں کے اگنے کی معروف جگہ تک دھونا فرض ہے اسی قول پر فتویٰ ہے۔ الخ (عمدة الفقہ ص ۹۳ حصہ اول) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## جو خضاب بالوں تک پانی پہنچنے کے لئے رکاوٹ بنتا ہو تو وہ مانع وضو و غسل ہوگا:

(سوال ۷) کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ ذیل میں، خضاب جو عام طور پر بازار میں ملتا ہے کہا جاتا ہے کہ اس میں تیزاب اور کیمیکل رنگ میں ملا کر بنایا جاتا ہے، خضاب لگانے سے بالوں پر رنگ کی ایک باریک سی تہہ چڑھ جاتی ہے تو ایسی حالت میں وضو اور غسل ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) فتاویٰ رحیمیہ جلد ہفتم ص ۱۴۶ میں اس کے متعلق ایک فتویٰ ہے اس کے آخر میں تحریر ہے "اگر کسی نے باوجود ناجائز ہونے کے خالص سیاہ خضاب لگایا ہو اور وہ پانی کی طرح پتلا ہو اور خشک ہونے کے بعد بالوں تک پانی پہنچنے کے لئے رکاوٹ نہ بنتا ہو تو اس صورت میں وضو و غسل ہو جائے گا (مگر خضاب لگا رکھا ہے اس کا مستقل گناہ ہوگا) اور اگر وہ گاڑھا ہو بالوں تک پانی پہنچنے کے لئے رکاوٹ بنتا ہو تو پھر وضو و غسل صحیح نہ ہوگا (فتاویٰ رحیمیہ ص ۱۴۶ ج ۷) (جدید ترتیب میں احکام غسل میں صحیح بالوں میں فیشنی رنگ لگایا ہو تو غسل ہوگا یا نہیں کے عنوان سے دیکھ لیا جائے۔ از مرتب)

صورت مسئولہ میں اگر آپ کو تجربہ ہو کہ خضاب واقعی طور پر بالوں تک پانی کے پہنچنے کے لئے رکاوٹ بنتا ہے تو مذکورہ جواب کے پیش نظر وضو و غسل صحیح نہ ہوگا فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## وضو سے پہلے پیر تر کرنا:

(سوال ۸) حضرت مولانا اشرف علی تھانوی کے مواعظ علم و عمل کے ص ۳۳۰ (مطبوعہ ملتان پاکستان) میری نظر سے گذرا اس میں لکھا ہے کہ وضو سے قبل پیر تر کر لیا جائے اور آخر میں دھویا جائے۔ فقہاء نے مندوب کہا ہے۔ اس پر عمل کرنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔



(الجواب) اچھا ہے عمل کر سکتے ہیں۔ مقصود پیروں کے دھونے میں مبالغہ ہے اور پیروں کو پہلے سے تر کر لینا اس کے لئے معین ہے مگر اس کو سنت طریقہ نہ سمجھا جائے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔ ۲۹ شعبان المعظم ۱۴۰۱ھ۔

## خروج مذی ناقض وضو ہے:

(سوال ۹) میں شادی شدہ ہوں ملاعبت کے وقت جو مذی نکلتی ہے وہ معلوم نہیں ہوتی ہاں البتہ استنجاء کے وقت معلوم ہوتا ہے اور ہمبستری کا ارادہ نہ ہو تب بھی کئی بار نکلتی ہے تو آیا وہ مذی پاک ہے یا ناپاک؟ اس سے غسل ضروری ہوتا ہے یا نہیں؟ وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ جسم کے کسی حصہ میں لگ جائے تو پاک کرنا چاہئے یا نہیں؟ مذی لگے ہوئے جسم یا کپڑے میں نماز جائز ہو سکتی ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) مذی ناپاک ہے کپڑے اور بدن پر لگنے سے کپڑا اور بدن ناپاک ہو جاتا ہے۔ اس کی مقدار کم ہو تو دھونا واجب نہیں بہتر ہے مقدار زیادہ ہو تو دھونا ضروری ہو جاتا ہے غسل فرض نہیں ہوتا۔ البتہ وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ (1)

فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## پیشاب کی راہ سے جو سفید پانی نکلتا ہے وہ ناپاک اور ناقص وضو ہے؟:

(سوال ۱۰) ایک شخص کے پیشاب کی راہ سے سفید پانی نکلتا ہے اور پاجامہ کو لگ جاتا ہے تو وہ ناپاک ہو جائے گا؟ اور اس کپڑے کو پہن کر نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) پیشاب کی راہ سے جو سفید پانی نکلتا ہے وہ ناپاک ہے اور نجاست غلیظہ اور ناقض وضو ہے، بدن اور کپڑے پر لگ جائے تو بدن اور کپڑا ناپاک ہو جائے گا لیکن ایک درہم کی مقدار (یعنی ہاتھ کی ہتھیلی کے برابر) معاف ہے۔ اگر دھونے کا وقت نہ مل سکا اور اس کو پہن کر نماز پڑھ لی تو نماز ہو جائے گی۔ بعد میں دھو لینا چاہئے۔ درمختار میں ہے (وعفی) الشارع (عن قدر درهم) وان كره تحريماً فيجب غسله وما دونه تنزيهاً فيسن وفوقه مبطل فيفرض (وهو مثقال فی نجس كثيف) له جرم (عرض مقعر الكف) وهو داخل مفاصل اصابع اليد (فی رقيق مغلظة الخ) (درمختار مع الشامی باب الانجاس ج ۱ ص ۲۹۳) (هدايه ج ۱ ص ۵۸ باب الانجاس مالا بد منه ص ۱۹) فقط والله اعلم بالصواب.

## انجکشن اور جونک کے ذریعہ خون نکالنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟:

(سوال ۱۱) انجکشن کے ذریعہ خون نکالتے ہیں اس سے وضو ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اگر نکالا ہوا خون بہہ پڑنے کی مقدار ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا کبیری میں ہے۔ اذا فصد و خرج منه دم كثير ولم يتلطخ رأس الجرح فانه ينقض (فصل فی نواقض الوضوء ص ۱۲۹) یعنی فصد لگایا اور بہت

(1) كل ما يخرج من بدن الانسان مما يوجب خروجه الوضوء او الغسل فهو مغلظ كالغائط والبول والمنى والمذى والودى الخ فتاوى عالمگيری الفصل الثانی فی الاعيان النجسة ج ۱ ص ۴۶

سارا خون زخم سے نکلا اور زخم کے ظاہری حصے پر ذرہ برابر بھی خون نہیں لگا اس سے وضو ٹوٹ جائے گا۔ پہلے زمانہ میں آلہ فصد سینگی تھی آج کی جدید دور میں انجکشن اسی آلہ فصد کی بدلی ہوئی صورت ہے جونک کے ذریعہ خون نکالا جاتا ہے۔ اس کا بھی یہی حکم ہے (وکذا ینقضه) علقة مصت عضواً وامتلأت من الدم ۔ الخ (المختار مطلب نواقض الوضوء ج ۱ ص ۱۲۹) اور کبیری میں ہے۔ امام العلق اذا مصت العضو حتی امتلأت قليلا بحيث لو سقطت وشقت لسال منها الدم انتقض الوضوء وان مصت قليلا بحيث لو شقت لم يسل لا ينتقض (ص ۱۳۴). فقط والله اعلم بالصواب.

## بیمار کے ستر کا حصہ دیکھنا یا ہاتھ لگانا ناقض وضو ہے یا نہیں؟:

(سوال ۱۲) مسلمان ڈاکٹر اگر بیمار کے بدن کے ستر کا حصہ دیکھے اور اس کو ہاتھ لگادے اور وہ پہلے سے باوضو ہو تو اسی وضو سے نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) صورت مسئولہ میں ستر والا حصہ دیکھنے اور اسے ہاتھ لگانے سے پیشاب کی راہ سے اگر منی، مذی، ودی وغیرہ کوئی ناپاک چیز خارج ہو تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ محض شرم گاہ وغیرہ دیکھنے اور ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا، ہاں دوبارہ وضو کرلینا بہتر ہے۔ (لاینقضه (مس ذکر) لکن یغسل یده ندباً (وامرأة مطلب نواقض الوضوء وامرو لکن یندب للخروج من الخلاف لا سیما للامام (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۱۳۶) فقط. والله اعلم بالصواب.

## زخم کو پٹی باندھ دی جائے اور اندر اندر خون نکل کر پٹی میں پیوست ہوتا رہے تو وضو ٹوٹے گا یا نہیں؟:

(سوال ۱۳) ایک پھوڑا نکل آیا ہے اور اس سے خون پیپ نکلتا ہے اس وجہ سے اس پر روئی رکھ کر پٹی باندھ دی ہے۔ اندر اندر خون نکلتا رہتا ہے پٹی کی وجہ سے باہر نہیں نکلتا تو اس سے وضو ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟ جواب تحریر فرمائیں، بینوا توجروا۔

(الجواب) اگر اتنا خون نکلے کہ اسے روکا نہ جاتا تو زخم کے مقام سے آگے بڑھ جاتا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ کبیری میں ہے۔ وان مسح الدم عن رأس الجرح بقطنة اوغير هاثم خرج ايضاً فمسح ثم وثم اوالقى التراب او وضع القطن ونحوه عليه فخرج وسوى فيه ينظر فيه ان كن بحال او تركه ولم يمسحه ولم يضع عليه شيئا لسال نقض والا فلا (ص ۱۳۰ فصل فى نواقض الوضوء)

(قوله ولو شدالخ) قال فى البدائع ولو القىٰ على الجرح الرماد اوالتراب فتشرب فيه او ربط عليه رباطا فابتل الرباط ونفذ قالوا يكون حدثا لانه سائل وكذا قالوا لو كان الرباط ذاطاقين فنفذ الى احدهما لما قلنا اه. (شامی ج ۱ ص ۱۲۹ مطلب نواقض الوضوء تحت قوله ولو شدالخ) فقط (والله اعلم بالصواب)



## آنکھوں سے پانی نکل آنا ناقض وضو ہے یا نہیں:

(سوال ۱۴) تیز روشنی سے، دھوپ کی تپش سے پیاز کاٹنے سے، نماز میں کھانسی کے روکنے سے آنکھوں میں پانی آجائے تو ان میں سے کن کن صورتوں میں وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) ان صورتوں میں آنکھوں میں پانی نکل آنا ناقض وضو نہیں ہے۔ آنکھ دکھنے آئی ہو اور اس وقت چکنا پانی یا پیپ نکلے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ بلا درد اور بغیر تکلیف کے پانی نکلے اس سے وضو نہیں ٹوٹتا و لا ینقض لو خرج من اذنه) ونحو ها كعينه وثديه (قيح) ونحوه كصديد وماء سرة وعين (لا بوجع وان خرج به) اى بوجع (نقض) لانه دليل الجرح فدمع من بعينه رمدا وعمش ناقض الخ (درمختار مع الشامى مطلب نواقض الوضوء مطلب فى ندب مراعاة الخلاف اذالم يرتكب مكروه مذهبه ج ۱ ص ۱۳۷) فقط والله اعلم بالصواب. ۱۰ جمادى الثانى ۱۴۰۰ه.

## کان یا آنکھ میں سے پانی وغیرہ نکلے تو وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں:

(سوال ۱۵) اگر کان یا آنکھ میں درد و تکلیف ہو اور اس وقت کان یا آنکھ سے مواد یا پانی نکلے اور نکل کر باہر آجائے تو یہ ناقض وضو ہے یا نہیں؟ ایسی حالت میں نماز پڑھ لی ہو تو کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اگر کان یا آنکھ میں کچھ درد و تکلیف ہو اور اس وقت کان یا آنکھ سے مواد یا پانی خارج ہو اور ایسی جگہ تک آجائے کہ جس کا وضو یا غسل میں دھونا ضروری ہے تو اس سے وضو ٹوٹ جائے گا، اور وضو کئے بغیر نماز پڑھنا صحیح نہ ہوگا پڑھی ہو تو اعادہ ضروری ہے، اور اگر کچھ درد و تکلیف نہ ہو اور ایسے ہی پانی نکلے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹتا، درمختار میں ہے (لا ينقض لو خرج من اذنه) ونحوها كعينه وثديه (قيح) ونحوه كصديد وماء سرة وعين (لا بوجع وان خرج به) اى بوجع (نقض) لانه دليل الجرح (درمختار مع الشامى ج ۱ ص ۱۳۷ حواله بالا) فقط والله اعلم بالصواب.

## وضو ٹوٹنے نہ ٹوٹنے کا ایک نادر مسئلہ:

(سوال ۱۶) ایک عورت جب نماز شروع کرتی ہے تو عموماً آگے کی راہ سے ہوا خارج ہوجاتی ہے تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟ کیا وضو ٹوٹ جائے گا نماز کس طرح پڑھے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) صورت مسئولہ میں صحیح قول کے مطابق اس سے وضو نہیں ٹوٹتا لہذا وہ اسی حالت میں نماز پڑھ سکتی ہے، فتاوی عالمگیری میں ہے والريح الخارجة من الذكر وفرج المرأة لا تنقض الوضوء على الصحيح الا ان تكون المرأة مفضاة فانه يستحب لها الوضوء كذا فى الجوهرة النيرة (فتاوى عالمگيرى ج ۱ ص ۹ نواقض الوضوء)

درمختار میں ہے۔ ولا خروج (ريح من قبل) غير مفضاة اما هى فيندب لها الوضوء وقيل يجب وقيل لو منتنة (قوله اماهى) اى المفضاة وهى التى اختلط سبيلاها اى مسلك البول

والغائط فيندب لها الوضوء من الريح وعن محمد يجب احتياطاً وبه اخذ ابو حفص ورجحه فى الفتح بان الغالب فى الريح كونها من الدبر الخ (درمختار ورد المحتار ص ۱۲۶ ج ۱، نواقض الوضوء)

بہشتی زیور میں ہے: مسئلہ پاخانہ پیشاب اور ہوا جو پیچھے سے نکلے اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے البتہ اگر آگے کی راہ سے ہوا نکلے جیسا کہ کبھی بیماری سے ایسا ہو جاتا ہے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹتا (بہشتی زیور ص ۴۷ حصہ اول)(۱)

## مرض آشوب چشم (آنکھ دکھنا) میں آنکھوں سے نکلنے والے پانی کا حکم۔

(سوال ۱۷) آج کل آنکھوں کی بیماری جس میں دو تین دن تک مسلسل پانی رستا رہتا ہے، سوال یہ ہے کہ یہ رسنے والا پانی پاک ہے یا ناپاک؟ اس سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟ میں نے صبح صادق کے بعد وضو کیا، صبح کی نماز ادا کی آنکھیں ٹھیک تھیں، فجر کے بعد تلاوت ذکر میں مشغول تھا کہ آنکھ دکھنے لگی، پانی بہنے لگا، سورج نکلنے کے بعد کیا اسی وضو سے جو فجر کے لئے کیا تھا اشراق پڑھ سکتا ہوں؟ اس کے علاوہ وضو توڑنے والی کوئی چیز پیش نہیں آئی۔ اگر دوبارہ سورج نکلنے کے بعد وضو کر لیا اور وضو توڑنے والی کوئی چیز پیش نہیں آئی تو یہ وضو کب تک باقی رہے گا؟ اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ جواب مرحمت فرمائیں۔

(الجواب) مرض آشوب چشم (آنکھ دکھنا) لاحق ہونے کی حالت میں آنکھوں سے جو چکنا پانی یا پیپ نکلتا ہے اس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور جو چیز ناقض وضو ہوتی ہے وہ ناپاک ہوتی ہے، آنکھوں میں تکلیف اور درد نہ ہو اس وقت آنکھ سے پانی نکلے اس سے وضو نہیں ٹوٹتا (لا ينقض لو خرج من اذنه) ونحوه كعينه وثديه (قيح) ونحوه كصديد وماء سرة وعين (لا بوجع وان خرج به) اى بوجع (نقض) لانه دليل الجرح فدمع من به رمد او عمش ناقض اه (درمختار مع ردالمحتار ج ۱ ص ۱۳۷ مطلب نواقض الوضوء)

اگر یہ پانی مسلسل ایک نماز کے وقت تک اس طرح نکلتا رہے کہ وضو کر کے فریضۂ وقت ادا کرنے کا موقع نہ ملے تو ایسا شخص شرعاً معذور ہوگا اور اگر نماز کا پورا وقت نہیں گھیرتا اتنا وقت مل جاتا ہے کہ وضو کر کے طہارت کی حالت میں نماز ادا کر سکے تو وہ شرعاً معذور نہ ہوگا اسے چاہئے کہ پانی رکنے کا انتظار کرے موقع ملنے پر وضو کر کے نماز ادا کرے۔

اگر شرعاً معذور ہو گیا تو وہ ہر نماز کے لئے تازہ وضو کرے نماز کا وقت خارج ہونے سے اس کا وضو ٹوٹ جائے گا۔ وتتوضأ المستحاضة ومن به عذر كسلس بول واستطلاق بطن لوقت كل فرض ويصلون به ماشاؤا من الفرائض والنوافل. (نور الايضاح مع مراقى الفلاح ص ۲۶ باب الحيض والنفاس والاستحاضة)

معذور شرعی ہونے کے بعد ہر نماز کے وقت یہ عذر پیش آتا رہے تو وہ معذور رہے گا ہاں اگر مکمل ایک نماز کا وقت اس طرح گذر جائے کہ ایک دفعہ بھی یہ عذر (پانی نکلنا) پیش نہ آئے تو وہ معذور شرعی نہ رہے گا، وشرط دوام

(۱) بہتر اگر دونوں رانے ایک ہو جائے تو احتیاطاً ضرور لینا ہو گا [illegible] اور آواز نہ آئی ہو ورنہ وضو ٹوٹ جائے گا۔ قوله وقيل لو منه اى لان سببها دليل انها من الدبر وعبارة الشيخ اسماعيل وقيل ان كان مسموعا أو ظهر نتنه فهو حدث والا فلا شامی مطلب نواقض الوضوء ج ۱ ص ۱۳۶ فقط والله اعلم بالصواب



العذر وجوده فى كل وقت بعد ذالك ولو مرة وشرط انقطاعه وخروج صاحبه عن كونه معذوراً خلو وقت كامل عنه (نور الايضاح ص ۵۴) (حواله باب الحيض والنفاس والاستحاضة)

(۲) فجر کے لئے وضو کیا تھا اس وضو سے اشراق پڑھنا درست نہیں کہ فجر کا وقت سورج طلوع ہونے سے خارج ہو گیا۔(۱)

(۳) معذور شرعی نے سورج نکلنے کے بعد وضو کیا اور اس کے بعد وضو توڑنے والی کوئی چیز پیش نہیں آئی تو یہ وضو ظہر کا وقت خارج ہونے تک باقی رہے گا اس وضو سے ظہر ادا کر سکتا ہے۔(۲)

## بعد استنجاء چند قدم چلنے سے قطرہ کا آنا:

(سوال ۱۸) بعد فراغت استنجاء آٹھ دس قدم چلنے پر پیشاب کے قطرے نکل کر پاجامے کو لگ جاویں تو ایسی حالت میں نماز پڑھنا تراویح پڑھانا جائز ہے؟

(الجواب) بفضل اللہ تعالیٰ جب قطرے گرنے کا مرض دائمی نہیں، عارضی طور پر ہے تو (اس کے ازالہ کی تدبیر یہ ہے کہ) بعد قضائے حالت مٹی یا کچی اینٹ کے ڈھیلے کے ساتھ ٹہلے یعنی چند قدم چلے اور داہنا پاؤں بائیں پاؤں پر چڑھا کر دبائے اس تدبیر سے جو قطرے اندر ہوں گے وہ نکل جاویں گے، جب اطمینان ہو جاوے تب پانی سے استنجاء کرے اور وضو کر کے نماز پڑھے اور پڑھا بھی سکتا ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

اگر مذکورہ تدبیر اختیار کرنے سے قطرہ آنے کی شکایت دور نہ ہو بلکہ قطرے آتے ہی رہیں اور نماز کا وقت ختم ہونے کا اندیشہ ہے تو ایسی حالت میں بھی بدن پاک کرے اور وضو کر کے پاک کپڑے پہنے پھر نماز پڑھے، نماز قضا نہ ہونے دے، لیکن امامت کی اجازت نہیں (ہاں اپنے جیسے معذورین یعنی جن کو سلس البول کا مرض ہو ان کی امامت کر سکتا ہے۔)

(ولا يصلى الطاهر خلف من هو فى معنى المستحاضة) كمن به سلس البول (الى قوله) ويجوز اقتداء معذور بمثله اذا اتحد عذرهما لاان اختلف (فتح القدير كتاب الصلاة باب الامامة ج ۱ ص ۲۵۹ و ص ۲۶۰

ایسی حالت ہمیشہ رہتی ہو تو تفصیل معلوم کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ اس کے احکام الگ ہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

## ریح خارج نہیں ہوئی لیکن ایسی آواز کا وہم ہوتا ہے:

(سوال ۱۹) ریح یعنی ہوا کے پیچھے سے خارج ہونے سے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے، مگر ایک شخص ایسا ہے کہ اس کی ریح تو خارج نہیں ہوئی البتہ اوپر سے ہلکی ہلکی آواز کا وہم ہوتا ہے، اس طرح کے وہم سے وضو ٹوٹے گا یا نہیں؟

(۱) وقت الفجر من الصبح الصادق وهو البياض المنتشر فى الافق الى طلوع الشمس الخ فتاوى عالمگيرى كتاب الصلاة الباب الاول فى المواقيت ج ۱ ص ۵۱

(۲) حتى لو توضأ المعذور لصلاة العيد له ان يصلى الظهر به عند ابى حنيفة ومحمد وهو الصحيح لانها بمنزلة صلاة الضحى. فتاوى عالمگيرى، ومما يتصل بذلك احكام المعذور ج ۱ ص ۴۱

(الجواب) حامداً ومصلیاً ومسلماً جب ہوا نکلنے کا یقین نہیں ہے تو صرف وہم ہوتے رہنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔(۱) اس کی پرواہ نہیں کرنی چاہئے۔ ہاں بادی کا علاج کرے اور ریاح پیدا کرنے والی چیزوں سے پرہیز کرے۔ فقط واللہ اعلم ۲۸ محرم الحرم ۱۳۸۱ھ فقط

## مشت زنی کرنے سے منی نکل جائے تو غسل واجب ہو جاتا ہے:

(سوال ۲۰) میرا ایک دوست ہے جسے مشت زنی (ہاتھ سے منی خارج کرنا) کی عادت ہے اس عمل کے بعد وہ غسل نہیں کرتا۔ یہ کام کرنے کے بعد وہ پیشاب کرتا ہے اس وقت منی خارج نہیں ہوتی اس بناء پر وہ کہتا ہے کہ غسل واجب نہ ہوگا۔ آپ وضاحت فرمائیں کہ اس عمل سے غسل واجب ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) مشت زنی حصول شہوت کے لئے حرام ہے اور موجب لعنت ہے طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے (قوله لا لحلبها ای الشهوة) ای فيحرم لما روى عن النبی صلی الله عليه وسلم ناكح اليد ملعون وقال ابن جريج سالت عنه عن عطاء فقال مكروه سمعت قوماً يحشرون وأيديهم حبالىٰ فاظنهم هولآء وقال سعيد بن جبير عذب الله امة كانوا يعبثون بمذاكيرهم وورد سبعة لا ينظر اليهم منهم الناكح يده (طحطاوی ص ۵۶ فصل ما يوجب الاغتسال)

اس عمل پر شہوت سے منی کا خروج ہوتا ہے اس لئے غسل واجب ہوگا۔ چاہے پیشاب کرنے کے بعد منی نہ نکلے۔ مراقی الفلاح میں ہے يفترض الغسل بواحد من سبعة اشياء اولها (خروج المنی الی ظاهر الجسد اذا انفصل عن مقره بشهوة من غير جماع) كاحتلام ولو باول مرة لبلوغ فی الاصح وفكر ونظر وعبث بذكره (مراقی الفلاح مع حاشية طحطاوی ص ۵۶ باب الاغتسال) فقط (والله اعلم بالصواب.)

## عورت کی شرم گاہ میں ہاتھ یا انگلی داخل کرنے سے غسل واجب ہوگا یا نہیں؟:

(سوال ۲۱) عورت کی فرج داخل (شرمگاہ) میں ڈاکٹرنی یا دایہ بغرض علاج یا تحقیق حمل کے واسطے ہاتھ یا انگلی داخل کرے یا عورت دوا لگانے کے لئے خود اپنی انگلی داخل کرے تو عورت پر غسل لازم ہوگا یا نہیں؟ اگر شوہر یہ عمل کرے تو کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اگر یہ عمل علاجاً ہو چاہے ڈاکٹرنی کرے یا عورت خود کرے اور عورت کے اندر شہوت پیدا نہیں ہوتی تو محض ہاتھ یا انگلی داخل کرنے سے غسل واجب نہ ہوگا، لیکن اگر عورت غلبۂ شہوت سے بقصد استمتاع (یعنی لذت اندوز ہونے کے ارادے سے) اپنی انگلی داخل کرے یا میاں بیوی بقصد استمتاع یہ عمل کریں (اور شوہر انگلی داخل کرے) تو بعض فقہاء کے قول کے مطابق غسل واجب ہو جاتا ہے اور اس کو مختار بھی کہا گیا ہے لہذا اس صورت میں بہتر یہی ہے کہ

(۱) عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم اذا وجد احد كم فی بطنه شيئاً فاشكل عليه اخرج منه شئ ام لا فلا يخرجن من المسجد حتی يسمع صوتا او يجد ريحا رواه مسلم مشكوة باب ما يوجب الوضوء ص ۴۰ حاشيه پر ہے قوله او يجد ريحا ای يجد رائحة ريح خرجت منه وهذا مجاز عن تيقن الحدث ص ۴۰



عورت غسل کرے اسی میں احتیاط ہے (اور اگر عورت کو منی نکل آئی تو پھر یقیناً غسل واجب ہو جائے گا) درمختار میں ہے۔ لا (يجب الغسل) عند (ادخال اصبع ونحوه) كذكر غير آدمی وذكر خنثیٰ وميت وصبی لا يشتهی ومايصنع من نحو خشب (فی الدبر والقبل) علی المختار (درمختار) شامی میں ہے (قوله علی المختار) قال فی التجنيس رجل ادخل اصبعه فی دبره وهو صائم اختلف فی وجوب الغسل والقضاء والمختار انه لا يجب الغسل ولا القضاء لان الاصبع ليس آلة للجماع فصار بمنزلة الخشبة ذكره فی الصوم وقيد بالدبر لان المختار وجوب الغسل فی القبل اذا قصدت الاستمتاع لان الشهوة فيهن غالبة فيقام السبب مقام المسبب دون الدبر لعدمها، نوح افندی، اقول اخر عبارة التجنيس عند قوله بمنزلة الخشبة وقدرا جعتها منه فرأيتها كذلک فقوله وقيد الخ من كلام نوح افندی وقوله لان المختار وجوب الغسل الخ بحث منه سبقه اليه شارح المنية حيث قال والاولیٰ ان يجب فی القبل الخ وقد نبه فی الامداد ايضاً علی انه بحث من شارح المنية فافهم (درمختار وشامی ص ۱۵۳، ص ۱۵۴ ج ۱، ابحاث الغسل)

طحطاوی علی الدرالمختار میں ہے (قوله ولا عند ادخال اصبع — علی المختار) يخالفه من جهة الترجيح فی القبل ماذكره نوح افندی ونصه قال فی التجنيس رجل ادخل اصبعه فی دبره وهو صائم اختلفوا فی وجوب الغسل والقضاء والمختار انه لا يجب الغسل ولا القضاء لان الاصبع ليس آلة الجماع فصار بمنزلة الخشبة وقيد بالدبر لان المختار وجوب الغسل فی القبل اذا قصدت الاستمتاع لان الشهوة فيهن غالبة فيقام السبب مقام المسبب دون الدبر لعدمها فقد اختلف الترجيح فی القبل ابو السعود (طحطاوی علی الدرالمختار ج ۱ ص ۱۳۹ ابحاث غسل)

غایۃ الاوطار میں ہے:۔ ولا عند ادخال اصبع ونحوه — فی الدبر او القبل علی المختار، اور فرض نہیں نہانا وقت داخل کرنے انگلی اور اس کے مانند — الی قوله بنا بر قول مختار کے دبر میں تو ترجیح متفق ہے مگر قبل میں ترجیح مختلف ہے اس واسطے کہ شیخ الاسلام ابو سعود نے نوح آفندی کے کلام سے نقل کیا ہے کہ ادخال قبل میں وجوب غسل کا مختار ہے جب کہ عورت شہوت رانی کا قصد کرے یعنی بدون انزال کے بھی غسل واجب ہے اس واسطے کہ عورتوں میں شہوت غالب ہوتی ہے تو سبب کو مقام مسبب کے قائم کیا، كذا فی الطحطاوی ملخصا (غاية الاوطار ترجمه در مختار ج ۱ ص ۸۳ ابحاث غسل)

مراقی الفلاح میں ہے ومنها ادخال اصبع ونحوه كشبه ذكر مصنوع من نحو جلد (فی احد السبيلين) علی المختار لقصور الشهوة۔ طحطاوی میں ہے (قوله علی المختار) ای فی الدبر ومقابله ضعيف، واما فی القبل فذكر فی شرح التنوير ان المختار عدمه ايضا وحكی العلامة نوح ان المختار فيه الوجوب اذا قصدت الاستمتاع لان الشهوة فيهن غالبة فيقام السبب مقام المسبب فاختلف الترجيح بالنسبة لادخال الاصبع فی قبل المرأة افاده السيد رحمه الله (طحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۵۵ فصل عشرة اشياء لا يغتسل منها)

عمدۃ الفقہ میں ہے: اگر کوئی عورت شہوت کے غلبہ میں اپنے خاص حصہ میں کسی بے شہوت مرد یا جانور کے کسی خاص حصہ کو یا کسی لکڑی وغیرہ یا خنثیٰ یا میت کے ذکر کو یا اپنی انگلی داخل کرے تب بھی اس پر غسل فرض ہو جائے گا خواہ انزال ہو یا نہ ہو مگر یہ شارح منیہ کی رائے ہے اور اصل مذہب میں بغیر انزال غسل واجب نہیں غسل کا حکم احتیاطی ہے اصل مذہب عدم وجوب غسل کا ہے (عمدۃ الفقہ ص ۱۱۲ جلد اول) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## عورت کے تصور سے منی کا خروج، منی مذی اور ودی کی تعریف اور مرض جریان (سیلان منی) کا حکم:

(سوال ۲۲) ایک شخص کو بیٹھے بیٹھے کسی لڑکی کا خیال آیا، یا اس نے کسی لڑکی کو دیکھا یا عورت کی تصویر دیکھی یا ناول پڑھتے ہوئے گندے خیالات اور شہوت پیدا ہوئی اور اس کے بعد خیالات میں گم ہو گیا، اس وقت شرم گاہ سے رطوبت خارج ہوئی تو اس سے غسل واجب ہوگا یا نہیں؟ خارج ہونے والی چیز کیا کہی جائے گی منی یا مذی؟ اگر منی اور مذی کا فرق اور علامت بھی بیان کر دیں تو بہتر ہوگا۔

(۲) اور اگر منی بلا کسی گندے خیال وتصور کے نکلے جیسے کہ کبھی جریان (دھات) کا مرض ہو تو پیشاب کے بعد نکل جاتی ہے تو اس صورت میں غسل واجب ہوگا یا نہیں؟ وضاحت فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) اگر اس تصور اور خیال سے شہوت پیدا ہوئی اور عضو میں ایستادگی ہوئی اس کے بعد اگر منی کا خروج ہو تو غسل واجب ہوگا، اور اگر مذی کا خروج ہوا تو غسل واجب نہ ہوگا وضو کر لینا کافی ہے۔ (بدن یا کپڑے پر مذی لگی ہو تو اس کا دھونا اور پاک کر لینا ضروری ہے) خارج ہونے والی چیز منی ہے یا مذی یا ودی اس کے پہچان کے لئے تینوں چیزوں کی تعریف اور فرق معلوم ہو تو اس کا تعین کیا جا سکتا ہے اور پھر حکم کی تعیین بھی آسان ہوگی، فقہاء نے ہر ایک کی تعریف اس طرح کی ہے (اولها خروج المنی) وهوماء ابيض ثخين ينكسر الذكر بخروجه يشبه رائحة الطلع ومن المرأة رقيق اصفر — (الىٰ ظاهر الجسد) لانه مالم يظهر لاحكم له (اذا انفصل عن مقره) وهو الصلب (بشهوة) وكان خروجه (من غير جماع) كا حتلام ولو باول مرة لبلوغ فى الاصح وفكرو نظرو وعبث بذكره . الى قوله. فاذا لم توجد بشهوة لا غسل كما اذا حمل ثقيلاً اوضرب على صلبه فنزل منيه' بلا شهوة (مراقى الفلاح مع طحطاوى ص ۵۵ فصل ما يوجب الا غتسال)

### مذی:

مذى بفتح الميم وسكو ن الذال و كسرها وهو ماء ابيض يخرج عند شهوة لا بشهوة ولا دفق ولا يعقبه فتور وربما لا يحس بخروجه وهو اغلب فى النساء من الرجال.

### ودی:

وهو ماء ابيض كدر ثخين لا رائحة له يعقب البول وقد يسبقه، اجمع العلماء على انه لا يجب الغسل بخروج المذى والودى. (مراقى الفلاح مع طحطاوى ص ۵۵ حواله مذكوره)



سید الملت حضرت مولانا سید محمد میاں رحمۃ اللہ علیہ شرح نور الایضاح میں تحریر فرماتے ہیں "مذی اس پتلی رطوبت کو کہا جاتا ہے جو شہوت کے وقت خارج ہوتی ہے اس کی رنگت سپید ہوتی ہے، اس میں اور منی میں فرق یہ ہے کہ۔ (الف) مذی کے خروج کے وقت کوئی شہوت یا لذت حاصل نہیں ہوتی، منی میں حاصل ہوتی ہے (ب) منی کا خروج قوت اور جست کے ساتھ" ہوتا ہے، اس کے بعد انتشار ختم ہو جاتا ہے، مذی میں یہ سب باتیں نہیں ہوتیں علاوہ ازیں منی کی رنگت زیادہ صاف ہوتی ہے اور کچے چھوارے کی سی بو اس میں ہوتی ہے، ودی بھورے رنگ کی ہوتی ہے جو پیشاب کے بعد اور کبھی اس سے پیشتر خارج ہوتی ہے اور پیشاب سے گاڑھی ہوتی ہے (الیضاح الاصباح شرح نور الایضاح ص ۷۲ فصل ما یوجب الاغتسال)

### عمدۃ الفقہ میں ہے:

منی اور مذی اور ودی میں یہ فرق ہے کہ مرد کی منی غلیظ، اور سفید رنگ کی ہوتی ہے اور عورتوں کی منی پتلی اور زرد رنگ کی گولائی والی ہوتی ہے مردوں کی لمبائی میں پھیلتی ہے، منی بہت لذت سے شہوت کے ساتھ کود کر نکلتی ہے اور خرما کے شگوفہ جیسی بو اور اس میں چپکاہٹ ہوتی ہے، اور اس کے نکلنے سے عضو سست ہو جاتا ہے یعنی شہوت وجوش جاتا رہتا ہے، مذی پتلی سفیدی مائل ہوتی ہے، شہوت کے ساتھ بوس وکنار کرنے سے بغیر کود کر اور بغیر لذت اور شہوت کے نکلتی ہے اس کے نکلنے پر شہوت قائم رہتی اور جوش کم نہیں ہوتا بلکہ زیادہ ہو جاتا ہے، یہی چیز جب عورتوں میں ہوتی ہے تو اسکو قذی کہتے ہیں، ودی گاڑھا پیشاب ہوتا ہے خواہ پیشاب کے بعد بلا شہوت نکلے یا بعد جماع یا بعد غسل بلا شہوت نکلے (عمدۃ الفقہ ص ۱۱۱ حصہ اول موجبات غسل)

صورت مسئولہ میں مذکورہ وجوہات میں سے کسی وجہ سے گندے خیالات اور شہوت وعضو میں استادگی پیدا ہوئی اور اس کے بعد رطوبت خارج ہوئی، مندرجۂ بالا منی، مذی کی تعریف اور علامات کے پیش نظر اگر یہ فیصلہ کرے کہ خارج ہونے والی چیز منی ہے تو غسل واجب ہوگا (جیسا کہ مراقی الفلاح کی عبارت سے واضح ہوتا ہے)

### بہشتی گوہر میں ہے:

مسئلہ حدث اکبر سے پاک ہونے کے لئے غسل فرض ہے اور حدث اکبر پیدا ہونے کے چار سبب ہیں، پہلا سبب خروج منی یعنی منی کا اپنی جگہ سے بشہوت جدا ہو کر جسم سے باہر نکلنا خواہ سوتے میں یا جاگتے میں، بے ہوشی میں یا ہوش میں جماع سے یا بغیر جماع کے کسی خیال وتصور سے یا خاص حصہ کو حرکت دینے سے یا کسی اور طرح سے (بہشتی گوہر ص ۷۱ غسل کا بیان)

(۲) اگر اس وقت بالکل شہوت نہ ہو نہ گندے خیالات ہوں نہ عضو میں استادگی ہو اور پیشاب کے بعد مرض جریان (دھات) کی وجہ سے منی نکل جائے تو غسل واجب نہ ہوگا، اور اگر شہوت ہو اور ذکر منتشر ہو (استادگی ہو) تو اس صورت میں غسل واجب ہوگا، درمختار میں ہے وفى الخانية خرج منى بعد البول وذكره منتشر لزمه الغسل قال فى البحر ومحمله ان وجد الشهوة وهو تقييد قولهم بعدم الغسل بخروجه بعد البول (درمختار) شامی میں ہے (قوله محمله) وعبارة المحيط كما فى الحلية رجل بال فخرج من

ذکرہ منی ان کان منتشرا فعلیه الغسل لان ذلک دلالة خروجه عن شهوة (قوله تقيید قولهم) ای فيقال ان عدم وجوب الغسل بخروجه بعد البول اتفاقا اذا لم يكن ذكره منتشراً فلو منتشر اوجب لانه انزال جديد وحدمعه الدفق والشهوة (درمختار شامی ج ۱ ص ۱۴۹ ابحاث الغسل)

غایۃ الاوطار میں ہے۔وفی الخانیة بعد البول اور خانیہ میں ہے کہ منی نکلی پیشاب کرنے کے بعد اور حالانکہ اس کا ذکر استادہ ہے تو غسل کرنا اس پر لازم ہوا، بحر الرائق میں ہے کہ یہ مسئلہ اس صورت پر محمول ہے جو استادگی کے ساتھ شہوت بھی پائی جاوے اور وہ یعنی استادگی شہوت کے ساتھ مقید کرنا ہے، فقہاء کے اس قول کو کہ پیشاب کے بعد منی نکلنے سے غسل لازم نہیں، کتب فقہ میں مصرح ہے کہ بول یا نوم یا مشی کثیر کے بعد اگر منی نکلی تو غسل واجب نہیں تو عدم غسل کا اطلاق عدم انتشار اور شہوت کے ساتھ ہے الخ (غایۃ الاوطار ترجمہ درمختار ابحاث غسل ص ۹۰ ج ۱)

عمدۃ الفقہ میں ہے۔ اگر کسی شخص نے پیشاب کیا اور اس کے ذکر سے منی نکلی اگر اس کے ذکر میں تندی تھی یا وہ منی شہوت سے کود کر نکلی تو غسل واجب ہوگا، اور اگر عضو ست تھا اور بغیر شہوت کے نکلی تو واجب نہیں (البتہ وضو ٹوٹ جائے گا۔) (عمدۃ الفقہ ص ۱۱۱ حصہ اول)

فتاویٰ دار العلوم میں ہے۔

(سوال) اگر کسی کو وحات آوے تو اس پر غسل واجب ہے کہ نہیں؟

(الجواب) وحات سے غسل واجب نہیں، فقط (فتاویٰ دار العلوم مکمل ص ۱۵۳ ج ۱) فقط واللہ اعلم۔

## خضاب لگایا ہو تو غسل اور وضو صحیح ہوگا یا نہیں:

(سوال ۲۳) ایک شخص نے اپنے سفید بالوں میں سیاہ خضاب لگایا ہے، کیا یہ خضاب لگانا درست ہے؟ اگر لگایا ہو تو وضو اور غسل جنابت صحیح ہوگا یا نہیں؟ اگر خضاب لگانا ہو تو کون سا خضاب لگانا جائز ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) سیاہ خضاب لگانا سخت گناہ ہے، احادیث میں اس پر سخت وعیدہ آئی ہے، ایک حدیث میں ہے عن ابن عباس رضی الله عنه عن النبی صلی الله عليه وسلم قال يكون قوم فی آخر الزمان يخضبون بهذا السواد كحواصل الحمام لايجدون رائحة الجنة.

ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا آخر زمانے میں کچھ لوگ ہوں گے جو سیاہ خضاب لگائیں گے جیسے کبوتر کا سینہ، ان لوگوں کو جنت کی خوشبو بھی نصیب نہ ہوگی۔ (ابوداؤد شریف ج ۲ ص ۲۲۶ کتاب الترجل باب ماجآء فی خضاب السواد) (مشکوٰۃ شریف ص ۳۸۳ باب الترجل) مزید تفصیل فتاویٰ رحیمیہ ص ۲۹۰ ۲۹۱ ج ۶ (جدید ترتیب میں حظر والاباحۃ، بالوں کے احکام میں، سیاہ خضاب لگانے کے عنوان سے ہے وہاں ملاحظہ فرمائیں ۱۲ مرتب) لہذا خالص سیاہ خضاب نہ لگایا جائے، لگانا سخت گناہ ہے، سرخ یا مہندی کا خضاب لگایا جائے، اگر کسی نے باوجود ناجائز ہونے کے خالص سیاہ خضاب لگایا ہو اگر وہ پانی کی طرح پتلا ہو اور خشک ہونے کے بعد بالوں تک پانی پہنچنے کے لئے رکاوٹ نہ بنتا ہو تو اس صورت میں وضو و غسل ہو جائے گا[1]

(۱) (قوله والاولی غسله الخ اعلم انه ذكر فی المنية انه لو ادخل يده فی الدهن النجس او اختضب المرأة بالحناء النجس او صبغ الثوب بالصبغ النجس ثم غسل كل ثلاثا طهر، شامی باب الانجاس ج ۱ ص ۳۲۹



19 (مگر خضاب لگا رکھا ہے اس کا مستقل گناہ ہوگا) اور اگر وہ گاڑھا ہو بالوں تک پانی پہنچنے کے لئے رکاوٹ بنتا ہو تو پھر وضو غسل صحیح نہ ہوگا۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## بالوں میں فیشنی رنگ لگایا ہو تو غسل ہوگا یا نہیں؟:

(سوال ۲۴) یہاں نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں میں سر کے بال رنگ سے رنگنے کا فیشن ہے تو ایسی حالت میں فرض غسل ان کا صحیح ہوگا یا نہیں؟ خضاب پر اس کو قیاس کرنا صحیح ہوگا؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) مہندی جیسا رقیق رنگ لگا ہو تو غسل صحیح ہو جائے گا مگر یہ فیشن قابل ترک ہے حوالہ گذشتہ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## بیدار ہونے کے بعد کپڑے پر دھبہ دیکھے تو غسل واجب ہوگا یا نہیں؟:

(سوال ۲۵) ایک شخص بیدار ہوا کپڑے پر دھبہ دیکھا دھبہ منی کا ہے یا مذی کا اس میں اسے شک ہے اور خواب بالکل یاد نہیں، تو اس صورت میں غسل واجب ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) صورت مسؤلہ میں غسل واجب ہے، یہ امام ابوحنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ کا قول ہے اور اسی میں احتیاط ہے، فتاویٰ عالمگیری میں ہے وان رأى بللاً الا انه لم يتذكر الا حتلام فان تيقن انه ودی لا يجب الغسل وان تيقن انه منی يجب الغسل ، وان تيقن انه مذی لا يجب الغسل وان شک انه منی او مذی قال ابو يوسف رحمه الله تعالىٰ لا يجب الغسل حتى تيقن بالا حتلام وقال يجب هذا ذكره شيخ الاسلام (فتاویٰ عالمگیری ص ۱۵ ج ۱ الفصل الثالث فی المعانی الموجبة للغسل مع بزازیہ)

مجمع الانہر میں ہے (و) فرض (لروية مستيقظ لم يتذكر الاحتلام بللاً ولو مذياً) عند الطرفين (خلافاله) ای لا بی يوسف، له ان الاصل براۃ الذمة فلا يجب الا بيقين وهو القياس، ولهما ان النائم غافل والمنی قد يرق بالهواء فيصير مثل المذی فيجب عليه احتياطاً (مجمع الانهر ص ۲۳ ج ۱)

کبیری میں ہے (اما اذا لم يتذكر الا حتلام وتيقن انه منی اوشک) هل هو منی او مذی (فكذلک) يجب عليه الغسل فی هاتين الحالتين ايضاً اجماعاً للاحتياط (كبيری شرح منيه ص ۴۲ مطلب يجب الغسل على المفعول به فی الدبر)

بہشتی گوہر میں ہے:

مسئلہ اگر کسی مرد یا عورت کو اپنے جسم یا کپڑے پر سو کر اٹھنے کے بعد تری معلوم ہو تو اس میں بہت سی صورتیں ہیں منجملہ ان کے آٹھ صورتوں میں غسل فرض ہے (۱) یقین یا گمان غالب ہو جائے کہ یہ منی ہے اور احتلام یاد ہو (۲) یقین ہو جائے کہ یہ منی ہے اور احتلام یاد نہ ہو (۳) یقین ہو جائے کہ یہ مذی ہے اور احتلام یاد ہو (۴) شک ہو کہ یہ منی ہے یا مذی ہے اور احتلام یاد ہو (۵) شک ہو کہ یہ منی ہے یا ودی ہے اور احتلام یاد ہو (۶) شک ہو کہ یہ مذی ہے یا ودی ہے اور

احتلام یاد ہو(۷)شک ہو کہ یہ منی ہے یا مذی ہے یا ودی ہے اور احتلام یاد ہو(۸)شک ہو کہ یہ منی ہے یا مذی اور احتلام یاد نہ ہو۔ علامہ شامی نے اس صورت میں عدم وجوب غسل پر اتفاق نقل کیا ہے، لیکن کبیری میں وجوب پر اجماع نقل کیا ہے، لہذا ہم نے احتیاطاً کبیری کا قول لیا ہے ۱۲ محشی (بہشتی گوہر ص ۱۸ غسل کا بیان فقط واللہ اعلم بالصواب۔)

نمبر ۸ والی صورت وہی ہے جس کا تذکرہ سوال میں ہے، اس نمبر پر بہشتی گوہر کے حاشیہ میں تحریر فرمایا ہے۔

## انجکشن کے ذریعہ عورت کے رحم میں مادۂ منویہ پہنچائے تو عورت پر غسل واجب ہے یا نہیں؟:

(سوال ۲۶)انجکشن کے ذریعہ منی فرج کی راہ سے رحم میں پہنچائی تو کیا عورت پر اس کی وجہ سے غسل واجب ہوگا؟ بینوا توجروا۔

(الجواب)اگر اس عمل سے عورت میں شہوت پیدا ہوئی تو وجوب غسل راجح ہے اور اگر مطلقاً شہوت پیدا نہ ہوئی تو غسل واجب نہیں، کر لینے میں احتیاط ہے، اگر یہ عمل ڈاکٹر یا شوہر کرے تو شہوت کا مظنہ زیادہ ہے لہذا اس صورت میں وجوب غسل کا حکم راجح ہوگا (مگر ڈاکٹر سے یہ عمل کرانا قطعاً حرام ہے، ملاحظہ ہو فتاوی رحیمیہ ص ۲۸۱ ج ۶ (جدید ترتیب میں حظر والاباحۃ میں بذریعہ انجکشن رحم میں مادہ منویہ پہنچانا، کے عنوان سے دیکھئے۔ از مرتب) بوقت ضرورت سوائے شوہر کے کسی سے یہ عمل نہ کرایا جائے)وما یصنع من نحو خشب (فی الدبر او القبل علی المختار. لان المختار وجوب الغسل فی القبل اذا قصدت الاستمتاع لان الشھوۃ فیھن غالبۃ فیقام السبب مقام المسبب الخ(درمختار وردالمحتار ص ۱۵۳ ص ۱۵۴ ج ۱ ابحاث الغسل) (طحطاوی علی الدر المختار ج ۱ ص ۱۳۹)(مراقی الفلاح مع طحطاوی ص ۵۵ عشرۃ اشیاء لا یغتسل منھا) فقط واللہ اعلم بالصواب.



# ما یتعلق بالماء واحکامھا

## ناپاک کنویں کا پانی پاک کرنے کے لئے یک بارگی نکالنا ضروری نہیں ہے:

(سوال ۲۷) گاؤں میں ایک کنواں ہے۔ جس میں ایک مسلمان عورت گر کر مر گئی تھی۔ اس کو نکال کر کنویں کا آدھا پانی نکالا اور اس کے بعد آٹھ دن تک مویشیوں کو پانی پلایا۔ تقریباً بیس ۲۰ دن سے اس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ اب یہ پانی پینا جائز ہے یا نہیں؟ کنویں کی مشین میں اتنی طاقت نہیں ہے کہ یکبارگی سب پانی نکال سکے اور پائپ بھی اتنے لمبے نہیں ہیں کہ سارا پانی نکال سکے۔ ایسی صورت میں یکبارگی سارا پانی نکالیں یا تھوڑا تھوڑا؟ کنواں کب پاک ہوگا؟ اس سے پہلے کپڑے دھو کر نماز پڑھی ہو تو ان کو دھونا ضروری ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) کنواں شرعی حوض کی طرح وہ دہ در دہ نہ ہو تو عورت کے گر کر مر جانے سے پانی ناپاک ہو جائے گا اور اگر دہ در دہ ہو تو پانی ناپاک نہ ہوگا۔[1] ہاں اگر خون وغیرہ ناپاکی کی وجہ سے پانی کا رنگ یا بو یا مزہ بدل جائے تو کنواں ناپاک ہو جائے گا پاک کرنے سے پہلے اس پانی سے وضو کر کے نماز پڑھی ہو تو اس کا اعادہ کرے۔ اور جو کپڑے عورت کے کنویں میں گر کر مرنے کے بعد اور پورا پانی نکالنے سے پہلے دھوئے گئے ہیں وہ ناپاک ہیں ان کو پہن کر نماز پڑھی ہو تو ان نمازوں کا اعادہ بھی ضروری ہے۔ عورت کے گرنے کے وقت جس قدر پانی تھا اس کے نکالنے سے کنواں پاک ہو جائیگا۔ یکبارگی پانی نکالنا ضروری نہیں ہے تھوڑا تھوڑا پانی نکالنے سے کنواں پاک ہو جاتا ہے۔[2] فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## کنویں میں بیت الخلا کا ناپاک پانی مل جائے تو کیا حکم ہے؟ ایسے پانی سے وضو کر کے نماز پڑھی ہو تو اعادہ واجب ہے یا نہیں؟:

(سوال ۲۸) ہمارے محلہ کی مسجد میں کنواں ہے، طہارت خانے اور بیت الخلاء کنویں سے چار پانچ گز دور ہیں، بارش میں بیت الخلاء بھر جاتا ہے، کنواں سفلی سطح پر ہے اس لئے بارش میں کنویں کے اطراف میں غلیظ پانی بھر جاتا ہے حال میں تین روز قبل بہت زور کی بارش ہوئی تو یہی صورت حال پیش آئی، اور کنویں کے پانی کے تینوں اوصاف بدل گئے چار نمازیں اس کنویں کے پانی سے وضو کر کے پڑھی گئی ہیں اگر کنویں کا پانی ناپاک سمجھا جائے تو پاک کرنے کے لئے

---

(۱) وان وقعت نجاسة فی بئر دون القدر الکثیر علی ما مر ولا عبرۃ للعمق علی المعتمد قال فی الشامیۃ تحت قولہ علی ما مر ای من ان المعتبر فیہ اکبر رای المبتلی بہ او ما کان عشرا فی عشر در مختار مع الشامی فصل فی البئر ج ۱ ص ۲۱۱

(۲) وان تعذر نزح کلھا لکونھا معینا فبقدر ما فیھا وقت ابتداء النزح قالہ الحلبی یؤخذ ذلک بقول رجلین عدلین لھما بصارۃ بالماء بہ یفتی وقیل یفتی بمائۃ الی ثلثمائۃ وھذا ایسر قال فی الشامیۃ تحت قولہ وان تعذر کذا عبر فی الھدایۃ وعبر ھنا وقال فی شرح المنیۃ ای بحث لا یمکن الاخراج عظیم اہ فالمراد بہ التعسر بہ عبر فی الدرر در مختار مع الشامی فصل فی البئر ج ۱ ص ۲۱۴ اگر معلوم نہ ہو کہ نجاست گرنے کے وقت کتنا پانی تھا اس بارے میں تجربہ کار نہیں تو ایسی صورت میں تین سو ڈول یعنی باقی پانی نکالنے سے کنواں پاک ہو جائے گا۔

کیا صورت اختیار کریں، کچھ دن کنواں ایسے ہی بند رہنے دیں یا خالی کرنا ہوگا، اور جو نمازیں پڑھی ہیں ان کا اعادہ ضروری ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔ (حیدرآباد)

(الجواب) جب کہ یہ واقعہ ہے کہ ناپاک پانی کنویں کے پانی سے مس ہوا یا نجاست کے اثرات پانی میں سرایت کر گئے اور کنویں کے پانی کے تینوں اوصاف بدل گئے تو یقیناً کنواں ناپاک ہوگیا۔(۱) ایسے پانی سے وضو کر کے جو نمازیں ادا کی ہیں، وہ نمازیں قابل اعادہ ہیں۔(۲) اور بلا تاخیر کنویں کا سب پانی نکال دیا جائے، پانی کچھ دن رہنے دینے سے کنواں پاک نہ ہوگا، نکال دینا ہی ضروری ہے۔(۳) فقط واللہ اعلم بالصواب.

## بیت الخلاء میں رہنے والا جانور پانی میں مرا ہوا ملے تو کیا حکم ہے؟:

(سوال ۲۹) ٹنکی میں گابے سنڈاسیا (ایک قسم کا جانور جو عموماً بیت الخلاء میں ہوتا ہے لال رنگ ہوتا ہے) مرا ہوا ملتا ہے تو اس کی وجہ سے پانی ناپاک ہوگا؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اس جانور (سنڈاسیا) میں چونکہ دم مسفوح نہیں ہے لہٰذا اس کے مرنے کی وجہ سے پانی کو ناپاک نہیں کہا جائے گا، البتہ اگر اس کے بدن پر نجاست لگی ہو اور اس حالت میں وہ پانی میں پایا گیا تو وہ پانی ناپاک ہو جائے گا۔

مراقی الفلاح میں ہے (ولا) ینجس الماء ولا المائعات علی الا صح (بموت ما) بمعنی حیوان (لا دم لہ) سواء البری والبحری (فیہ) ای المائع، او المائع ..... الخ (مراقی الفلاح مع طحطاوی ص ۲۳ فصل فی مسائل الآبار) فقط واللہ اعلم بالصواب.

## بیت الخلاء مسجد کے کنوئیں سے کتنی دور ہونا چاہئے؟

(سوال ۳۰) مسجد سے خارج ایک بیت الخلاء بنانے کا خیال ہے، تو مسجد کے کنوئیں سے کتنے فاصلہ پر پاخانہ بنا سکتے ہیں؟

(الجواب) فقہاء کرام نے کنویں اور پاخانے کے درمیان پانچ گز سات گز وغیرہ فاصلہ اپنے یہاں کی زمین کے اعتبار سے لکھا ہے، اصلی مدار اس پر ہے کہ فاصلہ اتنا ہو کہ پیشاب، پاخانہ وغیرہ کی ناپاکی کا اثر یعنی رنگ یا بو یا مزہ کنویں کے پانی تک نہ پہنچے، البعد بین البئر والبالوعۃ بقدر ما لا یظہر للنجس اثر (درمختار) اس کے لئے کوئی خاص اندازہ اور فاصلہ متعین نہیں ہے، ہر جگہ کی زمین کی سختی، نرمی اور تاثیر کے تفاوت سے فاصلے میں بھی تفاوت ہوگا "شامی" میں ہے۔

---

(۱) وبتغیر أحد او صافہ من لون او طعم او ریح ینجس الکثیر ولو جاریا اجماعاً اما القلیل فینجس وان لم یتغیر خلافاً للمالک درمختار علی ہامش شامی باب المیاہ ج۔ ا ص ۱۸۵۔

(۲) جس دن اور وقت بارش شروع ہوئی ہے اسی دن سے جو نمازیں پڑھی ہیں یا کپڑے و برتن دھوئے ہیں نمازیں لوٹائی جائے اور کپڑے اور برتنوں کو دھویا جائے ویحکم بنجاستہا مغلظۃ من وقت الوقوع ان علم قال فی الشامیۃ تحت قولہ ان علم ای بان لم یعلم اولم یغلب علی الظن درمختار مع الشامی فصل فی البئر ج۔ ا ص ۲۱۸

(۳) واذا وقعت فی البئر نجاسۃ نزحت وکان نزح ما فیہا من الماء طہارۃ لہا باجماع السلف ہدایہ فصل فی البئر ج۔ ا ص ۲۱.



والحاصل انہ یختلف بحسب رخاوۃ الأرض وصلابتہا (ج ا ص ۲۰۴ فصل فی البئر مطلب فی الفرق بین الروث والخثی والبعر والخزء والنجوو العذرۃ) لہٰذا آپ کو اپنے یہاں کے زمین کے ماہرین سے تحقیق کرنا چاہئے کہ کتنا فاصلہ ہونا چاہئے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## شرعی حوض:

(سوال ۳۱) یہاں ایک مسجد میں حوض بن رہا ہے شرعی حوض کے بارے میں کتب فقہ میں عشرۃ اذرع فی عشرۃ اذرع کا لفظ آتا ہے۔ جس کی تعبیر اردو میں ہمارے علمائے کرام دس ہاتھ در دس ہاتھ (دہ دردہ) کرتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ ذراع اور ہاتھ سے کیا مراد ہے؟ احقر سے بھی اس مسجد والوں نے دریافت کیا تو میں نے دس ہاتھ در دس ہاتھ بتایا تھا اور دو تین جگہ سے انہوں نے فتاوی منگوائے وہاں سے بھی یہی جواب ملا تھا۔ کہ دس ہاتھ در دس ہاتھ کا حوض بنایا جائے۔

اب ان حضرات نے ایک ہاتھ کا ڈیڑھ فٹ کا ناپ نکالا۔ اس حساب سے پندرہ فٹ در پندرہ فٹ یعنی سوا دو سو اسکویر فٹ (۲۲۵) بنتا ہے اور اسی حساب سے انہوں نے حوض کی تعمیر شروع کر دی ہے لیکن کسی نے اعتراض کیا کہ یہ حوض بہت چھوٹا معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ دوبارہ یہ حضرات احقر کے پاس آئے۔ میں نے ذراع اور ہاتھ کے بارے میں جستجو کی تو حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب نور اللہ مرقدہ کی مصنفہ تعلیم الاسلام میں ذراع یعنی شرعی گز نوگرہ کا بتایا ہے اور نوگرہ کے سوا بیس انچ ہوتے ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ ہاتھ سوا بیس انچ کا مانا جائے۔ حالانکہ عام طور پر ہاتھ اٹھارہ انچ کا ہوتا ہے نوگرہ والے ذراع سے اگر حساب نکالا جائے تو کل ۱۲۷۵ اسکویر فٹ بنتے ہیں۔

لہٰذا دریافت طلب امر یہ ہے کہ ہاتھ سے اور ذراع سے کیا مراد کیا جائے؟ یعنی اس کا ناپ کیا ہو۔ ڈیڑھ فٹ یا سوا بیس انچ۔ امید کہ اس بارے میں جواب سے مشرف فرمائیں گے۔ (مولانا) قمر الدین محمد غفرلہٗ مغلواڑہ۔ بروڈا۔

(الجواب) مقدار ذراع شرعی میں اختلاف ہے اکثر فقہاء رحمہم اللہ نے "ست قبضات" (۲۴ انگل بعد وحروف لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ) کو اختیار کیا ہے جو ڈیڑھ فٹ بنتا ہے۔ والمعتبر ذراع الکرباس کذافی الظہیریہ وعلیہ الفتوی کذافی الہدایہ وہو ذراع العامۃ ست قبضات اربع وعشرون اصبعاً کذافی التبیین (فتاوی عالمگیری ص ۱۱ ج ا الفصل الثالث فی المیاہ الثانی الماء الراکد)

لہٰذا آپ کے یہاں کا یہ حوض بھی شرعی حوض ہے۔ اگر جگہ میں وسعت ہو تو بڑھا کر تعلیم الاسلام کے حساب کے مطابق کر لینا انسب اور احوط ہوگا۔ تا کہ کسی کو چون وچرا کی گنجائش نہ رہے۔ حوض کے معاملہ میں احتیاط برتنا اچھا ہے۔ لہٰذا وسعت ہو تو تھوڑا بڑھا دیا جائے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## اگر پانچ ہاتھ چوڑا اور بیس ہاتھ لمبا حوض ہو تو وہ دہ دردہ ہے:

(سوال ۳۲) ہماری مسجد کا حوض دہ دردہ ہے۔ یعنی دس ہاتھ لمبا اور دس ۱۰ ہاتھ چوڑا ہے۔ لیکن اس کے طول میں اضافہ اور عرض میں کمی۔ یا عرض میں اضافہ اور طول میں کمی کرنے کا کمیٹی کا ارادہ ہے۔ اس میں کوئی حرج تو نہیں ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) حوض کا طول وعرض یکساں ہونا ضروری نہیں ہے۔کمی بیشی کی گنجائش ہے جس طرح دس ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا شرعی حوض ہے۔اسی طرح پانچ ہاتھ چوڑا اور بیس ۲۰ ہاتھ لمبا، یا چار ہاتھ چوڑا اور پچیس ۲۵ ہاتھ لمبا، اور دو ہاتھ چوڑا اور پچاس ۵۰ ہاتھ لمبا بھی شرعی حوض ہے اور اگر حوض مدور ( گول ) ہے تو اس کا محیط ( گھیراؤ ) چھتیس ۳۶ گز ہو (اور بقول صاحب محیط احتیاط اس میں ہے کہ ۴۸ گز ہو اور اگر حوض مثلث ( تین گوشہ ) ہو تو ہر جانب سے ساڑھے پندرہ گز ہونا چاہئے، گہرائی کم از کم اتنی ضروری ہے کہ چلو سے پانی لیا جائے تو زمین نظر نہ آئے واما اذا کان عشرا فی عشر بحوض مربع او ستة وثلاثین فی مدور وعمقه ان یکون بحال لا تنکشف ارضه بالغرف منه علی الصحیح (مراقی الفلاح)قوله او ستة وثلاثین فی مدور) هذا القدر اذا ربع یکون عشراً فی عشرو فی المثلث کل جانب منه یکون ذرعه خمسة عشر ذراعاً وربعاً وخمساً (طحطاوی علی المراقی ص ۱۷ باب المیاه)(شامی ج ۱ ص ۱۷۸ کتاب الطهارة) فقط والله اعلم بالصواب.

## بئر بالوعہ ( کھاڑ کنواں ) پانی کے کنویں سے کتنے فاصلے پر ہونا چاہئے:

(سوال ۳۳) کیا فرماتے ہیں علمائے کرام مسئلہ ذیل میں کہ ہمارے یہاں تقریباً دو سال سے ایک مسجد بنائی گئی ہے اس میں ایک حوض ہے اس کا مستعمل پانی گرنے کے لئے ایک گڑھا مثل کنویں کے بنا ہوا ہے۔اسی طرح مسجد کے پیشاب خانوں وغسل خانوں کے ناپاک ونجس پانی گرنے کا ایک الگ گڑھا مثل کنویں کے بنایا ہے۔اب مسجد کے لئے ایک پانی کا کنواں کھودا جا رہا ہے۔

(۱) حوض کا مستعمل پانی گرنے کے لئے جو گڑھا کھودا گیا ہے (جو قریب چھ فٹ گہرا ہے۔جس کے نیچے کا حصہ کچا ہے) وہ پانی کے کنویں سے بیس ۲۰ فٹ کی دوری پر ہے۔اسی حوض والے گڑھے میں اور نجاستیں بھی گرتی ہیں۔

(۲) پیشاب خانہ وغسل خانہ وغیرہ کا ناپاک پانی گرنے کے لئے جو گڑھا کھدا ہوا ہے وہ تقریباً بیس ۲۰ فٹ گہرا ہے اور اس کا بھی نیچے کا حصہ کچا ہے اور پانی کے کنویں سے پچانوے ۹۵ فٹ کے فاصلہ پر ہے۔اب سوال یہ ہے کہ مذکورہ حوض کا مستعمل پانی جہاں گرتا رہتا ہے اور اس میں اور بھی ناپاکیاں گرتی رہتی ہیں اس سے غسل خانہ و پیشاب خانہ کی ناپاک کنویں سے پانی کا کنواں کتنے فاصلہ پر ہونا چاہئے؟ ہمارے شہر کی دو چار مسجدوں کا واقعہ ایسا بن چکا ہے کہ پانی کے کنویں میں ایسے نجس کنووں کا ناپاک پانی زمین کے اندرونی منافذ سے آکر ملتا تھا اور اس کا احساس اس وقت ہوا جب کہ پانی کا کنواں صاف کر رہے تھے اور کنویں کا پانی بالکل نکل چکا تھا تو ایک منفذ سے بدبودار پانی آتا ہوا معلوم ہوا۔تحقیق سے پوری طرح معلوم ہو گیا کہ اس منفذ سے پانی نہیں بلکہ پیشاب ہی آتا ہے۔کنواں تو وہ درد ہوتا نہیں اس لئے اس ناپاک پانی سے کنواں ناپاک ہو گیا ہے۔ایسا معلوم کر کے ان تمام مساجد کے تمام ناپاک کنویں بالکل بند کر دیئے گئے تھے اس طرح اگر اس کنویں کا حال بھی وہی ہو جائے تو کیا علاج؟ ایسے گندے کنووں سے پانی کا کنواں کتنے فاصلہ پر ہونا چاہئے؟ کنواں کھودنے سے پہلے گندے کنووں کا بند کرنا ضروری ہے؟ اگر بند نہ کریں اور جب کبھی اس کنویں کو صاف کرنے کی ضرورت ہو اور کوئی منفذ ناپاک پانی کا معلوم ہو جاوے اور کنویں کا پانی لیبوریٹری میں تحقیق کرائیں اور ناپاک ہونا محقق ہو جائے تو کتنے عرصہ پہلے سے یہ پانی ناپاک شمار ہوگا۔اور کب سے اس



کنویں کے پانی سے وضو کرنے والوں کی نمازوں کا لوٹانا واجب ہوگا؟

ہمارے یہاں نل کا پانی صاف وشفاف ملتا ہے وہ پانی استعمال کرنا بہتر ہے یا کنواں کھودنا بہتر ہے جب کہ مذکورہ تمام خرابیاں پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔بینوا توجروا۔(از گودھرا ضلع پنچ محل گجرات)

(الجواب) جب ناپاک پانی اور نجاست کا اثر پاک پانی میں ظاہر ہو یعنی پانی کا رنگ یا بو یا مزہ بدل جائے تو کنویں کا پانی ناپاک سمجھا جائے گا۔پاک اور ناپاک کنویں کے درمیان فاصلہ کم ہو یا زیادہ مدار فاصلہ پر نہیں ہے۔بلکہ پانی کے اوصاف بدلنے پر پانی کے پاک رہنے یا ناپاک ہو جانے کا حکم لگایا جائے گا۔البعد بین البئر والبالوعة بقدر مالایظهر للنجس اثر (قوله البعد الخ) اختلف فی مقدار البعد المانع من وصول النجاسة البالوعة الی البئر ففی روایة خمسة اذرع وفی روایة سبعة وقال الحلوانی المعتبر الطعم او اللون او الریح فان لم یتغیر جاز والا لا ولو کان عشرة اذرع وفی الخلاصة والخانیة والتعویل علیه وصححه فی المحیط بحر والحاصل انه یختلف بحسب رخاوة الارض وصلابتها ومن قدره اعتبر حال ارضه (درمختار مع شامی فصل فی البئر مطلب فی الفرق بین الروث والخثی والبعر الخ ج ۱ ص ۲۰۴)

جس وقت کنویں کے ناپاک ہونے کا علم ہو اس وقت سے پانی ناپاک سمجھا جائے گا۔[1] احتیاط اس میں ہے کہ ایک روز کی نمازیں قضا کی جائیں اگر ہمت ہو تو تین روز کی نماز قضا کریں اس میں احتیاط زیادہ ہے۔کنویں کے پانی پر اطمینان نہ ہو تو نل کا پانی استعمال کرنا زیادہ بہتر ہوگا۔فقط مزید تفصیل اور اطمینان کے لئے فتاوی رحیمیہ جلد چہارم اردو ص ۴۴ ملاحظہ فرمائیے۔

## بیت الخلا مسجد کے کنویں سے کتنی دور ہونا چاہئے:


(سوال ۳۴) مسجد سے خارج ایک بیت الخلاء بنانے کا خیال ہے تو مسجد کے کنویں سے کتنے فاصلہ پر بیت الخلاء بنا سکتے ہیں؟

(الجواب) فقہاء کرام نے کنویں اور پاخانہ کے درمیان پانچ گز سات گز وغیرہ کا فاصلہ اپنے یہاں کی زمین کے اعتبار سے لکھا ہے۔اصل مدار اس پر ہے کہ فاصلہ اتنا ہو کہ پیشاب پاخانہ وغیرہ کی ناپاکی کا اثر کنویں کے پانی تک نہ پہنچے۔یعنی ناپاکی اثر سے پانی کا رنگ یا بو یا مزہ میں فرق نہ آئے۔البعد بین البئرو البالوعة بقدر ما لا یظهر للنجس اثر (درمختار) اس کے لئے کوئی خاص اندازہ اور فاصلہ متعین نہیں ہے ہر جگہ کی زمین کی سختی نرمی اور تاثیر کے تفاوت سے فاصلہ میں بھی تفاوت ہوگا۔"شامی" میں ہے والحاصل انه یختلف بحسب رخاوة الارض وصلابتها (ج ۱ ص ۲۰۴ فصل فی البئر مطلب فی الفرق بین الروث والخثی والبعر الخ) لہذا آپ کو اپنے یہاں کے زمین کے ماہرین سے تحقیق کرنا چاہئے کہ کتنا فاصلہ ہونا چاہئے۔ فقط۔ واللہ اعلم بالصواب ۱۴ جمادی الاولی ۱۳۹۷ھ۔

(۱) ویحکم بنجاستها مغلظة من وقت الوقوع ان علم والا فمذ یوم ولیلة ان لم ینتفخ ولم یتفسخ درمختار علی هامش شامی فصل فی البئر ج ۱ ص ۲۱۸

## سوال میں درج شدہ حوض حوض شرعی ہے یا نہیں؟:

(سوال ۳۵) ہمارے یہاں نئی مسجد بن رہی ہے اس میں وضو کے لئے جو حوض بنایا گیا ہے اس کا نقشہ حسب ذیل ہے۔




نقشہ کے مطابق چار حوض ہیں۔ ہر ایک کی لمبائی ۳۰ فٹ اور چوڑائی ڈھائی (۲-۲/۱) فٹ ہے اور ان کے درمیانی فاصلوں کو پائپ سے ملایا گیا ہے اس طرح ان چاروں حوضوں کا کھلا ہوا حصہ لمبائی چوڑائی کے ضرب سے تین سو ۳۰۰ اسکوائر فٹ ہو جاتا ہے۔ مگر اس پر اشکال یہ ہوتا ہے کہ ان حوضوں کو آپس میں ملانے والا جو پائپ ہے پانی ان پائپوں کے اوپر کے حصہ سے لگا ہوا رہے گا اس لئے پائپ حوضوں کو ملا کر ایک کرنے کے لئے کافی نہ ہونے چاہئیں۔ اور اس کے بعد ہر حوض دہ دردہ نہیں رہ سکتا، کیا یہ اشکال صحیح ہے؟ یہ مذکورہ شکل پر بنے ہوئے حوض کا شمار دہ دردہ میں ہوگا؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) آپ کا اشکال درست ہے۔ یہ حوض شرعی (دہ دردہ) نہیں ہے نقشہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حوض چار صغیر حوضوں پر (قطعات اربعہ پر) مشتمل ہے اور ہر قطعہ ایک دوسرے سے جدا اور منقطع ہے چاروں کو ملانے کی غرض سے پائپ رکھا گیا ہے مگر وہ کافی نہیں ہے۔ ہاں حوض میں اگر ایک جانب سے پانی داخل ہو کر دوسری جانب نکل جاتا ہو تو کافی ہو سکتا ہے۔ کحوض صغیر ید خل فیہ الماء من جانب ویخرج من اخر یجوز التوضوء من کل الجانب مطلقا و بہ یفتی (درمختار باب المیاہ مطلب لو ادخل المآء من اعلیٰ الحوض فخرج من اسفلہ فلیس بجار)

حوض کی سطح (بالائی حصہ) جہاں سے وضو کیا جاتا ہے اس کا اعتبار ہوتا ہے۔ اگر بالائی حصہ کا رقبہ دہ دردہ کے



برابر ہے تو وہ شرعی حوض ہے (لان العبرۃ لوجہ الماء) اگرچہ تحتانی حصہ کم ہو، اگر تحتانی حصہ دہ دردہ کے مقدار کا ہو لیکن بالائی حصہ (جہاں سے وضو کیا جاتا ہے) کم ہو تو وہ حوض شرعی نہیں ہے تھوڑی سی نجاست گرنے سے ناپاک ہو جائے گا۔ ولو اعلاہ عشراً واسفلہ اقل جاز حتیٰ یبلغ الا قل ولو بعکسہ لا (ای اسفلہ عشراً او اعلاہ اقل لو وقع فیہ نجس) لم یجز حتیٰ یبلغ العشر (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۱۷۹ باب المیاہ)

فقہاء نے یہ بھی لکھا ہے کہ شرعی حوض کو اوپر سے بند کر دیا ہو اور وہ بند حصہ پانی سے ملا ہوا ہو اور کھلا ہوا حصہ دہ دردہ سے کم ہو تو وہ حوض بھی شرعی نہیں رہے گا۔ ولو جمد ماؤہ فثقب ان الماء منفصلاً عن الجمد جاز لانہ کالمسقف وان متصلاً لا (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۱۷۹ ایضاً) وعلیٰ ہذا التفصیل اذا کان الحوض مسقفاً وفی السقف کوۃ فان کان الماء متصلاً بالسقف والکوۃ دون عشر فی عشر یفسد الماء بوقوع المفسد وان کان متصلاً لا یفسد الخ (کبیری ص ۹۸ فصل باب احکام الحیاض) فقط واللہ تعالیٰ اعلم. ۲۶ صفر ۱۴۰۰ھ.

## حوض کب ناپاک ہوگا؟ ناپاک حوض کے پانی سے استنجاء کر کے نماز پڑھائی تو نماز صحیح ہوئی یا نہیں؟:

(سوال ۳۶) مسجد کے حوض کا پانی کسی جانور کے گر کر مر جانے اور سڑ گل جانے کی وجہ سے نجس اور غلیظ ہو گیا اور ظہر سے قبل عام لوگوں کو یہ بات معلوم ہوگئی۔ امام صاحب نے ظہر سے قبل اسی پانی سے استنجاء کیا اور پھر پاک پانی سے وضو کر کے نماز پڑھائی، نماز کے بعد ایک شخص نے۔ امام صاحب سے اس سلسلہ میں دریافت کیا انہوں نے اس پانی سے استنجاء کرنے کا اعتراف کیا۔ یہ نماز صحیح ہوئی یا اعادہ کرنا ہوگا؟ امام صاحب لاعلمی میں اس کے مرتکب ہوئے ہوں یا دیدہ و دانستہ اس پانی کا استعمال کیا ہو دونوں کے ہونے یا نہ ہونے کے متعلق نماز کے ہونے یا نہ ہونے کے متعلق جواب مرحمت فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) حوض کے اندر کوئی جانور گر کر مر گیا اور گل سڑ گیا اگر اس کے گل سڑ جانے سے پانی کا رنگ یا بو یا مزہ بدل گیا ہو تو حوض کا پانی ناپاک ہو جائے گا اور اگر پانی کے تینوں اوصاف میں سے کوئی بھی نہ بدلا ہو تو چونکہ حوض کا پانی ماء کثیر (یعنی زیادہ پانی) ہے اس لئے وہ ناپاک نہ ہوگا۔

جب اس کا رنگ یا مزہ یا بو بدل گیا تو پانی ناپاک ہوگا۔ (۱) اس سے وضو یا غسل کرنا یا استنجاء کرنا صحیح نہیں اگر کیا جائے تو طہارت حاصل نہ ہوگی لہٰذا اگر اس ناپاک پانی سے استنجاء کرنے کے بعد (چاہے وہ استنجاء دیدہ و دانستہ کیا ہو یا عدم واقفیت کی وجہ سے کیا ہو) وضو کر کے نماز پڑھائی ہو تو نماز نہ ہوگی اور اس نماز کا اعادہ ضروری ہوگا۔ مقتدی بھی اعادہ کر لیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

(۱) وکذا براکد کثیر کذلک ای وقع فیہ نجس لم یر اثرہ ولو فی موضع وقوع المرئیۃ بہ یفتی بحر قال فی الشامیۃ تحت قولہ لم یر اثرہ ای من طعم اولون اوریح وہذا القید لا بدمنہ درمختار مع الشامی باب المیاہ مطلب لو ادخل الماء من اعلی الحوض الخ

## حوض گہرا ہو مگر وہ دہ در دہ نہ ہو تو وہ شرعی حوض نہیں ہے:

(سوال ۳۷) ہمارے یہاں مسجد میں جو حوض ہے اس کی لمبائی پونے چودہ فٹ چوڑائی آٹھ فٹ اور گہرائی ساڑھے چار فٹ ہے (۱۳/۹×۸×۴/۶) اس میں تقریباً چودہ ہزار لیٹر سے زائد پانی کی گنجائش ہے، میرے خیال میں اتنا پانی کسی بڑے کنویں میں بھی موجود نہ رہتا ہوگا؟ تو یہ ماء کثیر کے حکم میں ہوگا یا نہیں؟ اس میں اگر نجاست گر جائے تو کیا ہوگا؟ کتب فقہ میں آب کثیر کے متعلق دہ در دہ کی تشریح آئی ہے وہ باعتبار حدود کے ہے یا باعتبار مقدار کے بھی ہے؟ یعنی اگر لمبائی چوڑائی میں مقدار مذکور (دہ در دہ) میں کمی ہو مگر گہرائی زیادہ ہونے کی وجہ سے پانی کی مقدار زیادہ ہو تو طول و عرض میں جو کمی ہے اس کی تلافی ہو کر اس کا شمار شرعی حوض میں ہو سکے گا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) یہ حوض دہ در دہ (شرعی حوض) نہیں ہے، گہرائی کی زیادتی سے طول و عرض کی کمی کی تلافی نہ ہوگی، وضوء وغیرہ میں اس کا پانی استعمال کر سکتے ہیں لیکن جب تھوڑی سی نجاست گرے گی تو حوض کا تمام پانی ناپاک ہو جائے گا، لہذا ممکن ہو تو اسے دہ در دہ کر لیا جائے۔[1] اگر یہ نہ ہو سکے تو حوض کے بجائے مسقف ٹنکی بنا دی جائے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## غیر مسلم کے حوض میں اترنے سے پانی پاک رہے گا یا نہیں؟

(سوال ۳۸) ہماری جامع مسجد میں ہندو بڑھئی کا آلہ گر گیا، اسے لینے کے لئے وہ بڑھئی خود حوض میں اترا تو وہ پانی پاک ہے یا ناپاک؟ حوض پانی سے بھرا ہوا ہے۔

(الجواب) دہ در دہ حوض کا پانی ماء جاری کے حکم میں ہے، اس لئے پانی میں جب تک ناپاکی کا اثر محسوس نہ ہو، وہ پاک ہے، اگر نجاست کے گرنے سے پانی کے رنگ یا بو یا مزہ میں فرق نہ آئے تو حوض کا پانی ناپاک شمار نہیں ہوگا، لہذا صورت مسئولہ میں حوض کا پانی پاک ہے شک کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔[2] فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## تالاب نصف بھرا ہوا ہے اور اس میں گوبر وغیرہ بھی ملا ہوا ہے تو ایسا پانی پاک ہے، یا ناپاک؟

(سوال ۳۹) ہمارے گاؤں میں تالاب اس طرح نصف بھرا ہوا ہے، کہ گاؤں کے گوبر اور پیشاب والا پانی بھی ہمراہ تالاب میں گیا ہے، کھیتوں میں سے بھی پانی آ کر جمع ہوا ہے، اس طرح تقریباً نصف یا نصف سے زیادہ بھرا ہے اور پورا بھر کر باہر نہیں نکل آیا اگرچہ جتنا پانی ہے وہ صاف معلوم ہوتا ہے اور تالاب کے پر ہونے کے بعد جیسا رنگ ہوتا ہے ایسا ہی رنگ فی الحال ہے، تو ایسا پانی پاک ہے یا ناپاک؟ اس پانی سے کپڑے دھوئے جا سکتے ہیں یا نہیں؟

(۱) قال ابو سليمان الجوزجاني ان كان عشراً في عشر فهو مما لا يخلص وبه اخذ عامة المشائخ رحمهم الله هكذا في المحيط، فتاوی عالمگیری الباب الثالث في المياه

(۲) (حوض دہ در دہ وہ بڑی حکم ہے لیکن احتیاط کا تقاضہ ہے کہ پانی کو نکالا جائے) نقل في الذخيرة عن كتاب الصلاة للحسن ان الكافر اذا وقع في البئر وهو حي نزح الماء وفي البدائع انه رواية عن الامام لانه لا يخلو من نجاسة حقيقية او حكمية حتى لو اغتسل فوقع فيها من ساعته لا ينزح منها شئ القول ولعل ترجيحا للاحتياط تأمل، شامی فصل في البئر ص ۲۱۴



(الجواب) مذکورہ تالاب میں جن جن راستوں سے پانی آیا ہے وہ تمام راستے ناپاک ہوں تو پانی ناپاک سمجھا جائے اور اگر تالاب میں پانی آنے کا ایک بھی راستہ پاک ہو اور اس راستہ سے دہ در دہ جتنا پاک پانی آ کر جمع ہو گیا ہو یا دہ در دہ جتنا پاک پانی تالاب میں جمع ہو کر ایک ساتھ تالاب کے دوسرے ناپاک پانی کے ساتھ مل گیا ہو تو تالاب پاک سمجھا جائے گا، ہاں ناپاکی کی وجہ سے پانی کی رنگ، مزہ یا بو میں فرق آ گیا ہو تو تالاب پاک سمجھا جائے گا، ہاں ناپاکی کی وجہ سے پانی کے رنگ، مزہ یا بو میں فرق آ گیا ہو تو تالاب کا پانی ناپاک سمجھا جائے گا غدير عظيم يبس في الصيف وراثت الدواب فيه ثم دخل فيه الماء وامتلأ ينظر ان كانت النجاسة في موضع دخول الماء (ص ۴) الى قوله كالغدير اليابس اذا كان فيه نجاسات وموضع دخول الماء طاهر فاجتمع الماء في مكان طاهر هو عشر في عشر ثم تعدى بعد ذلك الى موضع النجاسة (فتاوى قاضي خان ج ۱ ص ۵ كتاب الطهارة فصل في الطهارة بالماء (غدیر) جب تالاب کا پانی پاک ہے، ناپاکی کا اثر ظاہری نہیں ہے تو پاک ہی سمجھنا چاہئے۔ پانی کے متعلق آنحضرت ﷺ نے مشکلات اور دشواریوں کا لحاظ رکھا ہے اور آسان صورتیں تجویز فرمائی ہیں، فقہاء نے بھی عموم بلوی کا لحاظ کیا ہے، لہذا شک و شبہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## آدمی حوض میں گر کر مر جائے تو کیا حکم ہے؟:

(سوال ۴۰) مسجد کی حوض میں مصلی گر کر مر گیا ہے، سر میں چوٹ لگنے کی وجہ سے خون نکلتا تھا، شاید پیشاب پاخانہ بھی ہو گیا ہو، مگر پانی میں کوئی اثر نمایاں نہیں ہوا تو حوض پاک ہے یا ناپاک؟ بعض کہتے ہیں کہ آدمی حوض میں مرا اس لئے پانی ناپاک ہے اور سب پانی نکالنا ضروری ہے۔

(الجواب) آدمی کے پانی میں گر کر مر جانے سے پانی ناپاک ہوتا ہے یہ حکم کنویں کا ہے۔ جو "دہ در دہ" اور ماء جاری کے حکم میں نہ ہو یہ تو حوض ہے اور حوض دہ در دہ ہوتا ہے اور یہ ماء جاری کے حکم میں ہے۔ ایسے حوض میں آدمی کے گرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوتا، پاک رہتا ہے۔[1] حدیث میں ہے۔ ان الماء طهور لا ينجسه شيء ترجمہ۔ بے شک پانی پاک ہے اس کو کوئی چیز نجس نہیں کرتی (تاوقتیکہ اس کے اوصاف ثلاثہ (رنگ۔ بو۔ مزہ) میں سے کوئی وصف نہ بدل جائے (باب احكام المياه الفصل الثاني عن ابي سعيد الخدري) (مشکوٰۃ شریف ص ۵۱) (ترمذی، ابوداؤد، نسائی) اور "مالابد منہ" میں ہے۔ آب جاری و آب کثیر از افتادن نجاست دراں نجس نشود مگر وقتیکہ از نجاست رنگ یا بو یا مزہ دراں ظاہر شود۔ ترجمہ:۔ جاری پانی و کثیر پانی نجاست کے گرنے سے ناپاک نہیں ہوتا۔ تا وقتیکہ اس کے اوصاف ثلاثہ میں سے کسی وصف میں ناپاکی کا اثر ظاہر نہ ہو جائے۔ (ص ۲۱)

خلاصہ یہ کہ جب پانی میں ناپاکی کا اثر نمایاں نہیں، رنگ و بو و مزہ میں فرق نہ ہوا تو شک و شبہ کی کیا ضرورت ہے۔ مذاہب اربعہ، حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی، متفق ہیں کہ مذکور حوض پاک ہے۔ نجس کا کوئی قائل نہیں۔ (رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمہ ص ۶) لہذا حوض کو ناپاک سمجھنا غلط اور بلا دلیل ہے۔ فقط۔ واللہ اعلم بالصواب۔

(۱) واما اذا كان عشراً في عشر بحوض مربع ... فلا ينجس الا بظهور وصف للنجاسة فيه حتى وضع الوقوع وبه ... مشائخ بلخ توسعة على الناس والتقدير بعشر في عشر هو المفتى به، مراقي الفلاح على هامش الطحطاوي كتاب الطهارة ص ۱۶

## کنویں میں چوہا گر جائے

(سوال ۴۱) ایک کنویں میں سے ایک تازہ مرا ہوا چوہا برآمد ہو، ایک شخص نے تقریباً ایک گھنٹہ پہلے پانی نکالا تھا اس وقت چوہا نہ تھا مگر ایک گھنٹہ بعد کنویں میں سے چوہا مردہ حالت میں برآمد ہوا تو شرعاً کنویں کے اس پانی کے لئے کیا حکم ہے۔ تقریباً پچیس ۲۵ یا تیس ڈول پانی نکالنے سے کیا پانی پاک ہوجاتا ہے؟ پانی کے رنگ یا مزہ میں کوئی فرق واقع نہیں ہوا، ایسے پانی سے پکائی ہوئی چیز کھائی اور وضو کر کے نماز پڑھی تو کیا نماز ادا ہوجائے گی یا قضا لازم ہے؟

(الجواب) جب پھولا نہیں ہے تو اس کو نکال کر بیس ۲۰ ڈول پانی نکالنے سے کنواں پاک ہوجاتا ہے، تیس ۳۰ ڈول نکالنا اولیٰ ہے، آپ نے پچیس ۲۵ سے تیس ۳۰ ڈول نکالے یہ بہتر ہوا، کنواں پاک ہوگیا، اب وہ پانی کھانے پینے اور وضو غسل وغیرہ میں بلا تکلف استعمال کر سکتے ہیں۔ وان ماتت فارة نزح منها عشرون دلوا الیٰ ثلاثین (یعنی) اور اگر کنویں میں چوہا مر جائے تو بیس ۲۰ سے تیس ۳۰ تک ڈول نکالے جائیں (هدایه ج ۱ ص ۲۶ باب الماء الذی یجوز به الوضوء ومالا یجوز به فصل فی البیر) فقط واللہ اعلم بالصواب.

## شرعی حوض کب ناپاک ہوگا؟:

(سوال ۴۲) ہمارے یہاں ایک دہ دردہ حوض ہے اور اس حوض میں پانی کنویں سے آتا ہے، اب حوض میں جس کنویں کا پانی آتا ہے ایک مردہ پھولا ہوا چوہا پایا گیا تو کنویں کا پانی تو تین دن سے ناپاک شمار ہوگا، لیکن حوض کے پانی کے بارے میں اختلاف ہے ایک مفتی صاحب شامی کی عبارت و کذا یجوز برا کد کثیر (کذلک) ای وقع فیه نجس لم یر اثره ولو فی موضع وقوع المر نیة به یفتی بحر (درمختار) (قوله ای وقع فیه نجس الخ) شمل مالو کان النجس غالباً ولذا قال فی الخلاصة الماء النجس اذا دخل الحوض الکبیر لا ینجس الحوض وان کان الماء النجس غالباً علی ماء الحوض لا نه کلما اتصل الماء بالحوض صار ماء الحوض غالباً اه (شامی ج ۱ ص ۱۷٦ باب المیاه) ایسے ہی فتاوی دار العلوم کی عبارت۔

(سوال) حوض دہ دردہ میں پانی ایک ہاتھ یا اس سے زائد ہو اگر ایسی حالت میں ناپاک کنویں میں سے پانی نکال کر حوض کو بھر دیا جائے تو پاک ہے یا ناپاک؟

(الجواب) پاک رہے گا اور ایسے ہی آپ کے فتاوی رحیمیہ میں بھی اسی قسم کے تالاب کے بارے میں مسئلہ ہے، الغرض ان مذکورہ عبارتوں سے ایک مفتی صاحب حوض کی طہارت کے قائل ہیں اور دوسرے مفتی صاحب عدم طہارت کے قائل ہیں۔

لہذا آپ کی ذات ستودہ صفات سے مؤدبانہ درخواست ہے کہ آپ جواب عنایت فرمائیں بینوا توجروا۔

(الجواب) حوض میں پانی نہ ہو، اگر ہو تو شرعی مقدار سے کم ہو تو ناپاک کنویں کے پانی کے شامل ہونے سے حوض ناپاک شمار ہوگا، اور اگر دہ دردہ حوض میں بقدر مقدار شرعی پانی موجود تھا اس کے بعد اس میں ناپاک پانی ملا ہے اور ناپاک پانی کے ملنے سے اوصاف ثلثہ (رنگ، مزہ، بو) میں سے کوئی وصف نہ بدلا ہو تو وہ حوض پاک ہے بلا تأمل وضو درست ہے۔[1]

---

(۱) سوال میں جو حوالہ سائل نے دیا ہے یہی حوالہ جواب میں چلے گا بشرطیکہ حوض میں جو پانی ہے ان کے اوصاف پر نجس پانی غالب ہو کر تبدیل نہ کرے قوله لم یر اثره ای من طعم او لون او ریح وهذا القید لا بد منه وان لم یذکر فی کثیر من المسائل الآتیة فلا تغفل عنه، شامی باب المیاه مطلب لو ادخل الماء من اعلی الحوض وخرج من اسفله فلیس بجار ج ۱ ص ۱۹۱.



# ما یتعلق بالحیض والنفاس

## چالیس روز ختم ہونے سے پہلے نفاس بند ہو جائے

(سوال ۴۳) ایک عورت پہلی مرتبہ ہی حاملہ ہوئی ہے اور اس کو چالیس ۴۰ روز سے قبل خون نفاس بند ہو جائے تو وہ غسل کر کے نماز پڑھ سکتی ہے؟ یا چالیس ۴۰ دن پورے کرنے لازمی ہیں؟

(الجواب) چالیس ۴۰ دن پورے کرنے ضروری نہیں ہیں۔ جب خون بند ہو گیا۔ نفاس ختم ہو گیا۔ اب غسل کر کے نماز پڑھے، نہیں پڑھے گی تو گنہگار ہو گی۔ یہ عقیدہ غلط ہے کہ چالیس روز پورے کئے بغیر غسل نہ کرے۔ چالیس روز نفاس کی آخری مدت ہے۔ چالیس ۴۰ روز کے اندر جب بھی بند ہو جائے گا نفاس ختم مان لیا جائے گا۔ آنحضرت ﷺ کے ارشادات سے یہی ثابت ہوتا ہے وروی الدار قطنی وابن ماجه عن انس رضی الله عنه انه صلی الله علیه وسلم وقت للنفساء اربعین یوماً الا ان تری الطهر قبل ذلک وروی هذا من عدة طرق لم یخل عن الطعن لکنه یرتفع بکثرتها الی الحسن (شامی ج ۱ ص ۲۷۷ باب الحیض تحت قوله کذاء رواه الترمذی وغیره) عن ابی الدرداء وابی هریرة قالا قال رسول الله صلی الله علیه وسلم تنظر النفساء اربعین یوماً الا ان تری الطهر قبل ذلک فان بلغت اربعین یوماً ولم تری الطهر فلتغتسل وبمنزلة المستحاضة. رواه ابن عدی وابن عسا کر (زجاجة المصا ربه ص ۱۵۴ . ۱۵۵ باب الحیض)

## چالیس دن سے کم مدت میں نفاس کا خون بند ہو جائے:

(سوال ۴۴) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کی عورت کو زچگی ہوئی اور ایک ماہ میں نفاس سے پاک ہو گئی اب یہ عورت نماز پڑھ سکتی ہے یا نہیں؟ اور اپنے خاوند سے ہم صحبت ہو سکتی ہے یا نہیں؟ جواب عنایت فرمائیں!

(الجواب) نفاس کی اقل مدت متعین نہیں ہے ہاں انتہائی مدت چالیس روز ہے۔ "فتاوی عالمگیری" میں ہے۔ اقل النفاس مایو جدو لو ساعة وعلیه الفتویٰ واکثره اربعون کذا فی السراجیة (ص ۳۷ ج ۱ الباب السادس فی الدمآء المختصة بالنسآء الفصل الثانی فی النفاس)

لہذا ایک ماہ کے اندر نفاس سے پاک ہو گئی ہے تو غسل کر کے نماز ادا کرے روزہ کا زمانہ ہو تو روزہ بھی رکھے اور زچگی کا یہ پہلا موقع ہو تو صحبت بھی درست ہے اور اگر پہلے کی عادت ایک ماہ سے زیادہ کی تھی اور اس وقت عادت سے پہلے خون موقوف ہو گیا ہے تو صحبت کی اجازت نہ ہو گی ولو انقطع دمها دون عادتها یکره قربانها حتی یمضی عادتها وعلیها ان تصلی وتصوم للاحتیاط هکذا فی التبیین. (فتاوی عالمگیری ص ۳۹ ج ۱ الفصل الرابع فی احکام الحیض والنفاس والاستحاضة) فقط واللہ اعلم بالصواب.

## حیض کا خون بند ہو جانے کے بعد پھر نظر آوے :

(سوال ۴۵) ماہواری ہر تین روز میں بند ہو جاتی ہے۔ پاک ہونے اور ۳/۴/۵ وقت کی نماز پڑھنے کے بعد پھر ذرا خون نظر آتا ہے۔ اور کبھی تو نظر نہیں آتا۔ اب وہ نماز جو پڑھی ہے اس کی قضاء پڑھنی ہوگی؟ یا غسل دیر سے کرتی ہیں تو نمازیں جاتی ہیں اس کی قضاء پڑھنی ہوگی؟

(الجواب) جب کہ ہمیشہ کی عادت تین دن کی ہے۔ تین روز میں خون بند ہو جاتا ہے۔ تو خون بند ہوتے ہی غسل کر کے نماز کا وقت ہو تو نماز پڑھنا ضروری ہے۔(۱) نہ پڑھی گئی تو قضاء لازم ہے مگر احتیاط اسی میں ہے کہ جب تک خون آنے کا احتمال ہے شوہر سے نہ ملے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## زچگی کے بعد کب غسل کیا جائے اور اس غسل میں پہلے پیٹھی لگانا کیسا ہے :

(سوال ۴۶) زچگی کے ایک مہینہ کے بعد اور پھر چالیس ۴۰ دن کے بعد غسل کرنے کا رواج ہے کیا یہ صحیح ہے؟ اسی طرح پیٹھی لگانا یعنی غسل سے دو روز پہلے صبح و شام پورے بدن پر تین مرتبہ گیہوں کا آٹا اور ہلدی لگانا کیا یہ صحیح ہے؟ نفاس والی عورت کب اور کس طرح غسل کرے اسلامی طریقہ تحریر فرمائیں عین نوازش ہوگی۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) نفاس کا خون بند ہونے پر غسل واجب ہے ویسے حالت نفاس میں ظاہری پاکیزگی اور صحت کے لئے روزانہ بھی غسل کیا جا سکتا ہے منع نہیں ہے۔ لیکن ایک مہینے کے ختم پر غسل کرنے کو مسنون اور حکم شرعی سمجھنا غلط ہے۔ چالیس ۴۰ روز سے پہلے جب بھی خون بند ہو جائے طہارت کی نیت سے غسل کر کے نماز شروع کر دینا ضروری ہے۔ اگر چالیس روز تک خون جاری رہا جو اس کی انتہائی مدت ہے تو چالیس روز پورے ہوتے ہی غسل کر کے نماز شروع کر دے۔(۲) اس غسل کا کوئی جداگانہ طریقہ نہیں ہے پیٹھی لگا کر غسل کرنے کو مسنون اور ضروری سمجھنا غلط اور بے اصل ہے۔ بدن کی صفائی کے لئے مٹی یا صابون وغیرہ کسی بھی پاک چیز کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## حیض کی اقل مدت تین دن ہیں اس سے کم جو خون آئے وہ استحاضہ ہے:

(سوال ۴۷) ایک عورت کو ہر تین ماہ پر خون آتا ہے پہلے پانچ دن کی عادت تھی لیکن اب ایک رات خون آ کر موقوف ہو جاتا ہے۔ بہشتی زیور میں مسئلہ ہے کہ تین دن اور تین رات سے کم جو خون آوے تو وہ حیض نہیں ہے بیماری کا خون ہے عورت مذکورہ کو جو خون آتا ہے اس کو کیا کہا جائے۔ حیض یا استحاضہ؟ عورت کی عمر ۳۵ سال ہے۔ نماز، تلاوت کے لئے کیا کیا جائے بینوا توجروا۔

(الجواب) تین دن اور تین رات سے کم خون آیا تو وہ حیض نہیں ہے ہدایہ میں ہے اقل الحیض ثلاثة ایام و ما نقص من ذلک فھو استحاضة (جلد اول ص ۴۵ باب الحیض والا ستحاضة) فقط واللہ اعلم بالصواب.

---

(۱) وان انقطع لدون اقله تتوضأ وتصلی فی آخر الوقت وان لأ قله فان لدون عادتها لم یحل وتغتسل وتصلی وتصوم احتیاطا وان لعادتها. درمختار علی ھامش شامی باب الحیض.

(۲) قوله ولا حد لا قله وذکر شیخ الا سلام فی مبسوطه اتفق اصحابنا علی ان أقل النفاس ما یوجد فانها کما ولدت اذا رأت الدم ساعة ثم انقطع الدم عنها فانها تصوم وتصلی وکان مارأت نفا سا لا خلاف فی هذا بین اصحابنا واکثره اربعون یوما فکان اکثر مدة النفاس اربعین یوما. بحرالرائق باب الحیض ج ۱ ص ۲۱۹ ۲۲۰.



## چند دن نفاس کا خون آیا پھر بند ہو گیا پھر تھوڑے دن آ کر بند ہو گیا تو کتنے ایام نفاس کے شمار ہوں گے:

(سوال ۴۸) ایک عورت کو نفاس اس طرح آتا ہے کہ چار روز آیا پھر بند ہو گیا پھر چار دن آیا پھر بند ہو گیا اسی طرح معاملہ رہتا ہے حتیٰ کہ چالیس ۴۰ روز ختم ہو جاتے ہیں تو جن دنوں میں خون نہیں آیا وہ دن طہارت کے شمار ہوں گے یا نفاس کے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) صورت مسئولہ میں پورے چالیس ۴۰ روز نفاس کے شمار ہوں گے۔ درمیان کا زمانہ طہارت میں شمار نہ ہوگا۔ جب کہ چالیس روز کی عادت ہو چکی ہے۔(۱) فقط واللہ اعلم.

## دم نفاس دس ۱۰ بیس ۲۰ روز کے بعد بند ہو جائے تو کیا حکم ہے

(سوال ۴۹) ایک عورت کو بچہ پیدا ہونے کے بعد دس ۱۰ یا بیس ۲۰ روز خون نفاس آیا اور پھر بند ہو گیا۔ تو کیا وہ عورت غسل کر کے اپنے شوہر سے ہمبستر ہو سکتی ہے؟

(الجواب) زیادہ سے زیادہ نفاس کی مدت چالیس روز ہیں اگر اس سے پہلے خون بند ہو جائے اور یہ پہلا بچہ ہے یا اس سے پہلے بچے ہوئے ہیں اور ابھی جتنے دن خون آیا ہے اس سے زیادہ خون نہیں آیا تھا تو اس صورت میں غسل کر کے نماز پڑھنا شروع کر دے اور ہمبستری بھی درست ہے۔(۲) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## نفاس والی عورت کی عادت مختلف ہو تو اس کا کیا حکم ہے

(سوال ۵۰) کسی عورت کو پہلی بار پینتیس ۳۵ دن دوسری بار بتیس ۳۲ دن اور تیسری بار تیس ۳۰ دن نفاس کا خون جاری رہا تو تیسری بار وہ عورت کب سے پاک ہے اور شوہر اس سے صحبت کب سے کر سکتا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اس صورت میں تیس ۳۰ دن کے بعد غسل کر کے نماز پڑھے رمضان ہو تو روزہ رکھے۔ لیکن صحبت مکروہ ہے ہاں بتیس ۳۲ دن کے بعد (جو اس کی عادت تھی) صحبت درست ہے۔ عالمگیری میں ہے۔ ولو انقطع دما دون عادتها یکره قربانها حتیٰ یمضی عادتها وعلیها ان تصلی وتصوم للاحتیاط هکذا فی التبیین (ج ۱ ص ۳۹ الفصل الرابع فی احکام الحیض والنفاس و الا ستحاضة. فقط واللہ اعلم بالصواب.

---

(۱) لأن من اصله ان الدم اذا کان فی اربعین فالطهر المتخلل فیه لا یفصل طال الطهر أو قصر حتی لو رأت ساعة دما واربعین الا ساعتین طهرا ثم ساعة دما کان الا ربعون کله نفاساً بحر الرائق تحت قوله ولا حد لا قله باب الحیض ص ۲۱۹

(۲) ولا حد لا قله ای النفاس وذکر شیخ الاسلام فی مبسوطه اتفق اصحابنا علی ان اقل النفاس ما یوجد فانها کما ولدت اذا رأت الدم ساعة ثم انقطع الدم عنها فانها تصوم وتصلی وکان مارأت نفاساً لا خلاف فی هذا بین اصحابنا بحرالرائق باب الحیض ج ۱ ص ۲۱۹

# حائضہ مستحاضہ جنب نفاسہ کے احکام

## حائضہ سے صحبت کرنے کا کیا حکم ہے

(سوال ۵۱) ایک حدیث نظر سے گذری جس میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ حائضہ سے صحبت کرے تو نصف دینار خیرات کرے (مشکوٰۃ) اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حالت حیض میں صحبت کرنی ہو تو نصف دینار خیرات کر کے کرے لہذا اس کی وضاحت فرما کر ممنون کریں۔

(الجواب) آپ نے حدیث کا جو مطلب سمجھا کہ حالت حیض میں نصف دینار خیرات کر کے صحبت کر سکتے ہیں یہ بالکل غلط ہے، نصف دینار خیرات کرنا بطور فیس کے نہیں بلکہ بطور جرمانہ اور سزا کے ہے اور غضب خداوندی سے بچنے کے لئے ہے، کتب فقہ میں ہے کہ کوئی رمضان المبارک میں حالت صوم میں صحبت کرے تو کفارہ لازم ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ روزہ کی حالت میں صحبت کرنی ہو تو کفارہ دے کر کر سکتے ہیں، سب کو معلوم ہے کہ حالت حیض میں صحبت حرام ہے، گندی اور پلیدی ہے اور سخت گناہ کا کام ہے اس کی حرمت قرآن سے ثابت ہے، خدائے پاک فرماتے ہیں۔ یسئلونک عن المحیض قل ھو اذیً فاعتزلوا النسآء فی المحیض ولا تقربوھن حتیٰ یطھرن (یعنی) اے نبی ﷺ یہ لوگ آپ سے حیض کا حکم پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ گندی چیز ہے اور تم حالت حیض میں عورتوں سے دور رہو اور جب تک وہ پاک نہ ہو جائیں، ان سے صحبت نہ کرو (سورہ بقرہ) حدیث میں سخت ممانعت وارد ہے۔ مشکوٰۃ شریف میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو کوئی حائضہ کے پاس یا عورت کے دبر میں یا کاہن کے پاس آوے تو وہ دین محمد ﷺ کا منکر ہے (باب الحیض الفصل الثانی عن ابی ہریرۃ ص ۵۶)

کتب فقہ میں صریح حرمت وارد ہے "مالا بدمنہ" کے الفاظ پڑھئے "وجماع در حیض ونفاس حرام است (یعنی) حالت حیض ونفاس میں جماع (صحبت) حرام ہے (ص ۱۷) اتنا ہی نہیں بلکہ ناف سے گھٹنے تک اس کے جسم کو دیکھنا اور ہاتھ لگانا بھی درست نہیں ہے، اور فقہاء نے یہ بھی تصریح کی ہے کہ" حلال سمجھ کر صحبت کرنا کفر ہے (فتح القدیر ج ا ص ۱۵) (۱) اگر کسی بدنصیب سے یہ گناہ کبیرہ سرزد ہو جائے تو بارگاہ خداوندی میں بقلب صمیم اور عجز وانکسار سے توبہ واستغفار واجب ہے، مزید براں حسب حیثیت صدقہ وخیرات کرے کہ قانون شکنی اور گناہ کبیرہ کے ارتکاب سے غضب الٰہی جوش میں آجاتا ہے وہ صدقہ سے ٹل جاتا ہے، ایک حدیث میں ہے عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا کان دما احمر فدینار وان کان دما اصفر فنصف دینار (ترجمہ) جب دم سرخ (یعنی ابتداء میں) یہ گندہ کام ہو جائے تو ایک دینار صدقہ کرے اور زرد خون میں ہو جائے تو نصف دینار دے (ترمذی شریف ج ا ص ۲۰ باب ماجآء فی الکفارۃ فی ذلک)۔ نوٹ:۔ ایک دینار ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

---

(۱) (قولہ ولا یأتیھا زوجھا ولو اتاھا مستحلاً کفر او عالما بالحرمۃ اتی کبیرۃ ووجبت التوبۃ ویتصدق بدینار او بنصفہ استحبابا الخ باب الحیض والاستحاضۃ)



## عورت حالت حیض میں وظائف واوراد پڑھ سکتی ہے

(سوال ۵۲) عورت کے لئے حالت حیض میں نماز وتلاوت کی گنجائش نہیں مگر دیگر وظائف پڑھ سکتی ہیں یا نہیں؟

(الجواب) حالت حیض میں علاوہ نماز وتلاوت کے اور ذکر واذکار اور درود وظائف جاری رکھ سکتی ہے یہ جائز ہے منع نہیں بلکہ اس کے لئے مستحب ہے کہ ہر نماز کے وقت وضو کر کے مصلے پر بیٹھ کر نماز پڑھنے کی مقدار سبحانک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم پڑھے تو اس کے نامۂ اعمال میں ہزار رکعات لکھی جاتی ہیں اور ستر ہزار گناہ معاف ہوتے ہیں اور درجات بڑھ جاتے ہیں اور استغفار کے ہر لفظ پر ایک نور ملتا ہے اور جسم کے ہر رگ کے عوض حج وعمرہ لکھے جاتے ہیں۔ (مجالس الابرار عربی ص ۵۶۷)(۱)

## غیر مقلدین کے نزدیک ناپاک آدمی بغیر غسل کے قرآن شریف پکڑ سکتا ہے:

(سوال ۵۳) کیا غیر مقلدوں کے نزدیک ناپاک آدمی کے لئے بغیر غسل کے قرآن مجید کا اٹھانا اور ہاتھ لگانا جائز ہے؟

(الجواب) ہاں ان کے مذہبی پیشوا مولانا نواب صدیق حسن خاں صاحب اور مولانا نور الحسن خاں صاحب کی کتاب عرف الجادی میں ہے اگرچہ محدث راس مصحف جائز باشد (ص ۱۵) (دلیل الطالب علی ارجح المطالب ص ۲۵۲)

## لڑکی حافظ ہوتے ہوئے بالغ ہو جائے آموختہ یاد رہے اس کی کوئی صورت ہے؟:

(سوال ۵۴) ایک لڑکی قرآن کریم کا حفظ کر رہی ہے وہ بالغہ ہو گئی اور اس کے ایام شروع ہو گئے۔ اب اس کی وجہ سے ہر مہینے آٹھ دن کا ناغہ ہوتا ہے بقیہ دنوں میں وہ قرآن پڑھ سکتی ہے مگر پریشانی یہ ہے کہ حفظ پورا کرنے کے لئے بہت وقت لگے گا۔ اور جب بیچ میں اتنے دن چھوٹ جاتے ہیں تو یاد کیا ہوا بھول جاتی ہے اور پھر دوبارہ یاد رکھنا پڑتا ہے تو ایسی کوئی صورت ہے کہ وہ اپنے حیض کے ایام میں تلاوت کر سکے تاکہ کم از کم پڑھا ہوا یاد رہے۔ جواب عنایت فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) ایام کے زمانہ میں مذکورہ عذر کی وجہ سے قرآن شریف کے تلاوت کی اجازت نہیں ہو سکتی، یاد کیا ہوا بھول نہ جائے۔ اس کے دو طریقے ہو سکتے ہیں۔

(۱) کپڑے وغیرہ سے قرآن شریف کھول کر بیٹھے اور قلم وغیرہ کسی چیز سے ورق پلٹائے۔ اور قرآن میں

---

(۱) اعمال نامہ میں ستر ہزار رکعات لکھنے الخ کی جو بات مفتی صاحب نے مجالس الابرار کے حوالے سے لکھی ہے یہ مجھے نہیں مل رہا تسبیح وتہلیل کے مستحب ہونے کا مسئلہ تو مولانا محمد یوسف بنوری نے معارف السنن میں عمدۃ القاری کے حوالے سے اس پر نقل کیا ہے وکذلک مذھب الجمھور العلماء من السلف والخلف انہ لیس علی الحائض وضوء ولا تسبیح ولا ذکر فی اوقات الصلاۃ ولا فی غیرھا وممن قال بھذا الاوزاعی والثوری وابو حنیفہ واصحابہ والشافعی کما فی شرح المھذب (۲: ۳۵۳) غیر ان الحنفیۃ قالوا باستحباب الوضوء لوقت کل صلاۃ والقعود علی مصلاھا مسبحۃ ومھللۃ وصحح فی الظھیریۃ انھا تجلس مقدار اداء فرض الصلاۃ کیلا تنسی العادۃ کما فی البحر الرائق (۱: ۱۹۳) وان کان لا اصل لہ علی ھذا الوجہ المخصوص قالہ فی شرح المھذب (۲: ۳۵۳) قال الراقم وفیما قالوا نظر آخر وھو ان الحدیث انس اذا حاضت لم تصل ولم تصم یدل علی انہ لیس للمراۃ امر تکا فیئی ھذا النقص فلو کان ھناک شیئی یجبر الوھن لما لطف ذلک التعبیر وانظر عمدۃ (۲: ۱۳۲) معارف السنن باب ماجاء فی الحائض انھا لا تقضی الصلاۃ ج ا ص ۴۴۱)

دیکھ کر دل دل میں پڑھے۔زبان نہ ہلائے۔[1]

(۲) کوئی تلاوت کر رہا ہو تو اس کے پاس بیٹھ جائے اور سنتی رہے۔ سننے سے بھی یاد ہو جاتا ہے یہ دونوں طریقے جائز ہیں۔اور انشاء اللہ یاد کیا ہوا محفوظ رکھنے کے لئے کافی ہوں گے۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔۱۹ شوال المکرم ۱۴۰۱ھ۔

## جنابت کی حالت میں سونا:

(سوال ۵۵) ایک مسئلہ دریافت کرنا ہے ایک شخص کے لڑکے لڑکیاں سیانے ہو گئے ہیں اور اس کا مکان بہت چھوٹا ہے تمام بچے اسی مکان میں رہتے ہیں کبھی وہ اور اس کی اہلیہ مباشرت کرتے ہیں۔مگر مکان کے تنگ اور بچوں کے بیدار ہو جانے کی وجہ سے شرم و حیاء لاحق ہونے کی بنا پر وہ رات کو غسل نہیں کرتے صرف تیمم پر اکتفاء کرتے ہیں اور صبح کو پہلی فرصت میں غسل کرتے ہیں تو یہ فعل شرعاً کیسا ہے؟ یہ بھی خیال رہے کہ اگر اس طرح نہ کیا جائے تو صحبت اور مباشرت کی کوئی سبیل نہیں امید کہ جواب عنایت فرمائیں گے۔بینوا توجروا۔

(الجواب) رات کو جماع کے بعد ظاہری نجاست دھو کر وضو کر کے سو جائے۔[2] مگر نماز فجر سے پہلے غسل کر کے نماز ادا کرنا ضروری ہے۔نماز قضا کرنا جائز نہیں۔ایسی حیا و شرم جائز نہیں جس کی وجہ سے فرض نماز قضا ہو جائے رات کو کسی وقت بھی غسل کر لیا جائے یا پھر دن کو جس وقت بچے نہ ہوں صحبت کا وقت نکال لیا جائے۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔یکم محرم الحرام ۱۳۹۷ھ۔

(۱) ولا یکرہ النظر الیہ ای القرآن لجنب وحائض ونفساء لأن الجنابة لاتحل العین درمختار علی هامش شامی ج ۱ ص ۱۷۴

(۲) عن عائشة عن النبی صلی الله علیه وسلم انه کان یتوضأ قبل ان ینام وعن ابن عمر انه سئل النبی صلی الله علیه وسلم اینام أحدنا وهو جنب قال نعم اذا توضأ ترمذی باب فی الجنب ینام قبل ان یغتسل ج ۱ ص ۳۲



# ما یتعلق بالنجاسة واحکامها

(سوال) جنبی آدمی اپنے ہاتھ سے کوئی چیز جیب میں رکھے تو اس کو دھونا ضروری ہے؟

(الجواب) حالت جنابت میں ہاتھ سے جیب میں رکھی ہوئی چیز کو دھونا ضروری نہیں۔[1]

(سوال) عورت ریشمی کرتہ۔ازار،اوڑھنی،سربند وغیرہ ریشمی کپڑے پہن کر نماز پڑھے تو کیا حکم ہے؟

(جواب) جائز ہے منع نہیں۔[2]

## غیر مسلم کے گھر میں گوبر سے لیپی ہوئی جگہ پر نماز پڑھنا:

(سوال ۵۶) میری ملازمت سرکاری ہے۔گاؤں گاؤں گھومنا پڑتا ہے۔بعض جگہوں پر مسجد یا مسلمانوں کے گھر گوبر سے لیپے ہوئے ہوتے ہیں تو ایسی جگہ پر مصلی بچھا کر نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

(الجواب) گوبر سے لیپی ہوئی خشک جگہ پر پاک کپڑا بچھا کر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔جائز ہے،نماز صحیح ہو جائے گی۔ وکذا الثواب اذا فرش علی النجاسة الیابسة فان کان رقیقاً یشف ما تحته او توجد منه رائحة النجاسة علی تقدیر ان رائحة لا تجوز الصلوة علیه وان کان غلیظاً بحیث لا یکون کذلک جازت(شامی ج ۱ ص ۵۱۶ باب ما یفسد الصلاة وما یکره فیها تحت قوله مبسوط علی نجس الخ)فقط والله اعلم بالصواب.

## شطرنجی کا ایک کونہ ناپاک ہے:

(سوال ۵۷) مکان کے دیوان خانے میں فرش (شطرنجی) بچھا رہتا ہے۔اس کے ایک کونے پر بچے نے پیشاب کیا ہو تو دوسرے کونے پر کپڑا بچھا کر نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

(الجواب) صورت مسئولہ میں فرش کے دوسرے پاک کونے پر کپڑا بچھائے یا نہ بچھائے،نماز بلا حرج کے ادا ہو جائے گی(قوله ومکانه) فلا تمنع النجاسة فی طرف البساط ولو صغیراً فی الاصح (شامی ج ۱ ص ۳۷۴ باب شروط الصلاة)فقط والله اعلم بالصواب۔

## مرغی ذبح کر کے بال چمڑا نکالنے کے لئے گرم پانی میں ڈالنا کیسا ہے

(سوال ۵۸) ایک مسلم نے مرغی ذبح کی پھر اس میں سے خراب اشیاء نکال کر اس کو کھولتے ہوئے گرم پانی میں ڈال کر اس کے بال و پر صاف کئے تو یہ مرغی کھانا حلال ہے یا حرام؟

(۱) عن أبی هریرة قال لقینی رسول الله صلی الله علیه وسلم وانا جنب فاخذ بیدی فمشیت معه حتی قعد فانسللت فاتیت الرحل فاغتسلت ثم جئت وهو قاعد فقال این کنت یا ابا هریرة فقلت له فقال سبحان الله ان المؤمن لا ینجس. مشکوة باب مخالطة الجنب وما یباح له ص ۴۹.

(۲) حرم للرجل لا للمرأة لبس الحریر الا قدر اربع اصابع یعنی یحرم علی الرجل لا علی المرأة لبس الحریر بحر الرائق کتاب الکراهیة فصل فی اللبس ج ۸ ص ۱۸۹.

نوٹ: ذبح کرنے کے بعد چمڑا اتارنے میں دیر ہوتی ہے اور گرم پانی میں ڈالنے سے فوراً نکالتے ہیں۔

(الجواب) ہاں! مرغی ذبح کر کے نجاست دور کر کے گرم پانی میں ڈالی جائے تو کھانے میں کوئی حرج نہیں۔ البتہ نجاست اور غلاظت دور کئے بغیر کھولتے ہوئے گرم پانی میں کچھ وقت تک ڈالے رکھنے سے مرغی ناپاک ہو جاتی ہے۔ مفتی بہ قول کے مطابق دھونے سے بھی پاک نہ ہوگی۔ طحطاوی میں ہے۔ وکذا دجاجة ملقاة حالة غلي للنتف قبل شقها (قوله كذا دجاجة الخ) قال في الفتح ولو القيت دجاجة حال الغليان في الماء قبل ان يشق بطنها لنتف او كرش قبل الغسل لا يطهر ابداً الخ (طحطاوی ج ۱ ص ۲۴۹ باب الانجاس)

## نجس چیز میں جوش دی ہوئی چیز:

(سوال ۵۹) ہلدی کے ٹکڑے گائے بیل کے پیشاب میں یا گوبر میں ڈال کر جوش دے کر مٹی سے صاف کر کے دھوپ میں سکھائے جائیں تو پاک ہیں یا ناپاک؟

(الجواب) گوبر وغیرہ نجس چیز میں جوش دیئے ہوئے ہلدی کے ٹکڑے دھونے اور دھوپ میں رکھنے سے پاک نہ ہوں گے۔ حنطة طبخت في خمر لا تطهر ابداً به يفتى (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۳۰۹ باب الانجاس)

## کاغذ پر بول و براز کرنا کیسا ہے؟:

(سوال ۶۰) بمبئی میں عام رواج ہے کہ والدہ چھوٹے بچوں کو کاغذ بچھا کر پیشاب پاخانہ کے لئے بٹھاتی ہیں تو اس پر پیشاب، پاخانہ کرانا جائز ہے یا نہیں؟ سادہ کاغذ پر بول و براز کرانا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) مذکور رواج غلط ہے، اس کا ترک ضروری ہے کاغذ لکھا ہوا ہو یا کورا بہر صورت اس پر پیشاب وغیرہ ممنوع ہے۔ کہ کاغذ حصول علم کا ذریعہ ہے اس بناء پر قابل احترام ہے۔ وكذا ورق الكتابة لصقالته وتقومه وله احترام ايضاً لكونه آلة لكتابة العلم ولذا علله في التتارخانية بان تعظيمه من ادب الدين الخ.

ترجمہ: یعنی جو حال درخت کے پتوں کا ہے وہی حال کاغذ کا ہے۔ یعنی کاغذ بھی پتوں کی طرح چکنا ہے۔ (نجاست دور نہ کرے گا بلکہ اور بھی پھیلا دے گا) اور قیمتی بھی ہے اور شریعت میں اس کی حرمت بھی ہے اس لئے کہ وہ علم کا آلہ ہے۔ (شامی ج ۱ ص ۳۱۵ فصل في الاستنجاء) فقط واللہ اعلم بالصواب.

## گوبر سکھا کر جلایا جائے اور وہ راکھ بن جائے تو وہ راکھ پاک ہے یا ناپاک:

(سوال ۶۱) ہمارے یہاں گوبر کو سکھا کر جلاتے ہیں جب وہ جل کر راکھ بن جائے تو وہ پاک ہے یا ناپاک؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) گوبر جب جل کر راکھ ہو جائے تو اس کی حقیقت، ماہیت نام اور صفت وغیرہ سب بدل جاتا ہے۔ لہذا راکھ پاک سمجھی جائے گی۔ لا يكون نجساً رماد قذر (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۳۰۱ باب الانجاس) فقط واللہ اعلم بالصواب.



## گوبر کو مٹی کے گارے میں ضرورۃً ملانا جائز ہے یا نہیں

(سوال ۶۲) دیہات میں عام طور پر غریب لوگ رہتے ہیں۔ مکان کا فرش کچا ہوتا ہے۔ پتھر بچھانے کی استطاعت نہیں ہوتی اس لئے مٹی کے گارے میں گوبر ملا کر لیپتے ہیں گوبر نہ ملایا جائے تو فرش پھٹ جاتا ہے۔ اس لئے گوبر ملایا جا سکتا ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) ایسی صورت میں گوبر ملایا جا سکتا ہے کہ مجبوری ہے وفي البحر نقلاً عن التجنيس اذا ترح الماء النجس من البئر يكره ان يبل به الطين ويطين المسجد او ارضه بخلاف السرقين اذا جعل في الطين لان في ذلك ضرورة لانه لا يتهيأ الا بذلك انتهى (فتاوی خیریہ ج ۱ ص ۳ کتاب الطهارة) فقط واللہ اعلم بالصواب.

## صابون میں خنزیر کی چربی ہو تو وہ صابون پاک ہے یا ناپاک

(سوال ۶۳) خنزیر کی چربی صابون میں پڑی ہو تو اس کا استعمال جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) خنزیر کی چربی صابون میں پڑنے کے بعد اس کی ذات اور حقیقت بدل جاتی ہے۔ نیز اس میں عموم بلوی بھی ہے اس لئے جائز الاستعمال ہے۔

ويطهر زيت نجس بجعله (صابوناً) به يفتى للبلوى الخ (درمختار وعبارة المجتبى جعل الدهن النجس في صابون يفتى بطهارته لانه تغير و التغير يطهر عند محمد رحمه الله ويفتى به للبلوى اه (الى قوله) ثم رأيت في شرح المنية ما يؤيد الاول حيث قال وعليه يتفرع ما لو وقع انسان او كلب في قدر الصابون فصار صابوناً يكون طاهراً لتبدل الحقيقة اه ثم اعلم ان العلة عند محمد رحمه الله هي التغير و انقلاب الحقيقة وانه يفتى به للبلوى كما علم مما مر (درمختار وشامی ج ۱ ص ۲۹۱ باب الانجاس)

(لا) يكون نجساً (رماد قذر) (ولا ملح كان حماراً) او خنزيراً ولا قذر وقع في بئر فصار حمأة: لانقلاب العين به يفتى (درمختار مع شامی ج ۱ ص ۳۰۱ کتاب الطهارة باب الانجاس) فقط واللہ اعلم بالصواب

## مقتدی کی قے سے امام کے کپڑے خراب ہو جائیں تو کیا حکم ہے:

(سوال ۶۴) کل مغرب کے نماز میں مقتدیوں میں سے ایک مقتدی کو جو بالکل امام کے پیچھے شریک جماعت تھا منہ بھر کر بہت تیزی سے قے ہوئی جس کی وجہ سے حالت نماز ہی میں امام صاحب کا کرتا، پیر، مصلی وغیرہ قے میں ملوث ہو گیا۔ کپڑے پر لگی ہوئی قے مقدار درہم سے زیادہ ہے۔ صورت مسئولہ میں نماز ہو گئی یا اعادہ کی ضرورت ہے؟ بینوا توجروا ۲۹ ٦/٩٦ ھ

(الجواب) قے جو منہ بھر کر ہو وہ نجاست غلیظہ ہے۔ مراقی الفلاح میں ہے (والقئ ملأ الفم ونجاستها غليظة

بالا تفاق اھ ص ۸۹ باب الا نجاس والطهارة عنها) بقدر درہم معاف ہے درہم سے زیادہ ہوتو نماز نہ ہوگی۔ نجاست دور کر کے دوبارہ نماز پڑھنی ہوگی۔جسم دار نجاست میں وزن کا اعتبار ہے۔اور پتلی ہوتو مساحت (پھیلاؤ) کا اعتبار ہوگا۔یعنی بقدر کف دست (ہتھیلی) معاف ہے اس سے زیادہ معاف نہیں۔ہدایہ میں ہے۔وقدر الدرهم وما دونه من النجس المغلظ .الی قوله. جازت الصلوة معه وان ذاد لم تجز.(ج ا ص ۵۸ باب الا نجاس)

مالابد منہ میں ہے۔مسئلہ نجاست غلیظ مقدار درہم یعنی مساحت عرض کف در رقیق ومقدار چہار نیم ماشہ در غلیظ عفو است۔لیکن آب را فاسد کند (ص ۱۹ فصل در نجاسات) اور مقدار کف دست کی پہچان یہ ہے ہاتھ میں پانی لیا جائے پھر ہاتھ کو پھیلا دیا جائے ہتھیلی کی جتنی جگہ میں پانی بچ جائے وہ جگہ مقدار کف دست ہے۔(قوله وهو داخل مفاصل اصابع اليد) قال مثلاً مسكين وطريق معرفته ان تغرف الماء باليد ثم تبسط فما بقى من الماء فهو مقدار الكف (شامی ج ا ص ۲۹۳ باب الا نجاس) فقط والله اعلم بالصواب.

## جوکاغذ استنجاء کے لئے تیار کیا جاتا ہے اس سے استنجاء کرنا جائز ہے یا نہیں:

(سوال ۶۵) کاغذ سے استنجاء کرنا جائز ہے یا نہیں؟ ہمارے ملک میں استنجاء کے لئے خاص ایک قسم کا کاغذ تیار کیا جاتا ہے اس کا استعمال درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔کنیڈا

(الجواب) کاغذ سے استنجاء جائز نہیں اور جو کاغذ خاص استنجاء کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔اس کے استعمال کی بھی عام اجازت نہیں۔ہاں بوقت مجبوری مثلاً ہوائی جہاز میں پانی نہ ملتا ہو اور وہاں انسان اس سے استنجاء کرنے پر مجبور ہوجاتا ہو تو ایسے وقت استعمال کرنے کی گنجائش ہے۔مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو فتاویٰ رحیمیہ ج ۳ ص ۱۳ اردو۔(۱)

فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## رقیق نجاست غلیظہ کی مقدار عفو اور معافی کا مطلب:

(سوال ۶۶) آپ کی تصنیف فتاویٰ رحیمیہ جلد چہارم ص ۲۶۳، ص ۲۶۴ پر مذی کا مسئلہ ہے،(۲) اس کے جواب میں آپ نے تحریر فرمایا ہے کہ اگر مذی کم مقدار ہوتو دھونا واجب نہیں بہتر ہے،اور اگر زیادہ مقدار ہو تو دھونا ضروری ہوجاتا ہے تو میری سمجھ میں یہ نہیں آیا کہ زیادہ مقدار اور کم مقدار کا کیسے اندازہ لگایا جائے کہ یہ کم مقدار ہے اور یہ زیادہ مقدار ہے اس کی صورت تحریر فرما کر بندہ کو ممنون فرمائیں۔بینوا توجروا۔

(الجواب) مذی ایسی نجاست غلیظہ ہے جو بہنے والی ہے اور وہ نجاست غلیظہ جو بہنے والی ہو وہ مساحت کف یعنی ہتھیلی کے گڑھے کے برابر (ایک روپیہ کے سکہ کے برابر) معاف ہے،لہٰذا مذی مساحت کف کے بقدر یا اس سے کم ہوتو اسے کم مقدار کہا جائے گا اور اگر مساحت کف سے زیادہ ہوتو اسے کثیر مقدار کہا جائے گا،اس لئے کہ اگر مذی کپڑے پر

---

(۱) جدید ترتیب میں اسی باب میں،کاغذ پر بول و براز کرنا کیسا ہے،کے عنوان سے دیکھیں ص۔۔۔ از مرتب) رہا اس کاغذ کا مسئلہ جو استنجاء کرنے کے تیار کئے جاتے ہیں اس پر استنجاء بلا کسی کراہت کے ہر جگہ کر سکتے ہیں کیونکہ وہ لکھائی کے لئے نہیں اور نہ ہی اس پر لکھائی ہوسکتی ہے عرف عام میں اسے ٹشو پیپر کہتے ہیں ,واذا كانت العلة فى الابيض كونه آلة للكتابة كما ذكرناه يوخذ منها عدم الكراهة فيما لا يصلح لها اذا كان قالعاً للنجاسة غير متقوم كما قدمناه من جوازه بالحرق البوالى .شامی فصل فى الاستنجاء ج ا ص ۳۴۰

(۲) جدید ترتیب میں نواقض الوضوء کے باب میں خروج مذی ناقض وضو ہے کے عنوان سے دیکھے۔ص ۳۳ صحیح



لگی ہو اور پھیلاؤ میں مساحت کف سے کم ہے اور کسی وجہ سے اس کے ساتھ نماز پڑھ لی تو نماز ہوجائے گی،اعادہ (دہرانے) کی ضرورت نہیں۔مراقی الفلاح میں ہے وعفى قدر الدرهم وزنا فى المتجسدة وهو عشرون قيراطاومساحة فى المائعة وهو قدر مقعر الكف فذا ک عفو من النجاسة المغلظة (مراقى الفلاح مع طحطاوى باب الانجاس والطهارة عنها ص ۸۴)

اور معافی کا مطلب یہ ہے کہ اس کے ساتھ نماز پڑھ لی اور بعد میں اس قلیل نجاست کا علم ہوا تو نماز کے اعادہ کی ضرورت نہیں یا جماعت کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہے اور نماز کے دوران اس نجاست کا علم ہوا اور نماز توڑنے میں جماعت فوت ہونے کا خوف ہوتو نماز نہ توڑے،اور اگر جماعت فوت ہونے کا خوف نہ ہو یا تنہا نماز پڑھ رہا ہو اور قضاء ہونے کا اندیشہ نہ ہو تو افضل یہ ہے کہ نماز توڑ دے اور نجاست زائل کر کے نماز پڑھے،قضاء ہونے کا اندیشہ ہو تو نماز نہ توڑے،معافی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ دھونے کو ضروری نہ سمجھے بلکہ اولین فرصت میں اسے دھولینا چاہئے۔

طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے (قوله وعفى قدر الدرهم) اى عفا الشارع عن ذلک والمراد عفا عن الفساد به والا فكراهة التحريم باقية اجماعاً ان بلغت الدرهم وتنزيهاً ان لم تبلغ وفرعوا على ذلک ما لو علم قليل نجاسة عليه وهو فى الصلاة ففى الدرهم يجب قطع الصلوة وغسلها ولو خاف فوت الجماعة وفى الثانى يكون ذلک افضل مالم يخف فوت الجماعة بان لا يدرک جماعة اخرى والا مضى على صلوته لان الجماعة اقوى كما يمضى فى المسئلتين اذا خاف فوت الوقت لان التفويت حرام ولا مهرب من الكراهة الى الحرام افاده الحلبى وغيره (طحطاوى على مراقى الفلاح ص ۸۴ حواله بالا) فقط والله اعلم بالصواب.

## چھوٹے بچے کی قے کا حکم:

(سوال ۶۷) چھوٹے شیر خوار بچے کی قے پاک ہے یا ناپاک؟ اگر ناپاک ہے تو غلیظ ہے یا خفیفہ؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) چھوٹا شیر خوار بچہ یا بڑا آدمی اگر منہ بھر قے کرے تو وہ ناپاک ہے اور نجاست غلیظہ ہے کپڑے پر یا بدن پر لگ جائے تو دھونا ضروری ہے،البتہ اگر منہ بھر نہ ہو تھوڑی سی قے ہوئی جس سے وضو نہیں ٹوٹتا تو وہ ناپاک نہیں۔

مراقی الفلاح میں ہے۔(مما ينقض الوضوء بخروجه من بدن الانسان) كالدم السائل والمنى والمذى والودى والاستحاضة والقئ ملء الفم ونجاستها غليظة بالاتفاق لعدم معارض دليل نجاستها عنده (مراقى الفلاح ص ۸۳ باب الانجاس) واما مالا ينقض كالقئ الذى لم يملأ الفم وما يسل من نحو الدم فطاهر على الصحيح (طحطاوى على مراقى الفلاح ص ۸۳)

بہشتی زیور میں ہے۔مسئلہ۔چھوٹا بچہ جو دودھ ڈالتا ہے اس کا بھی یہی حکم ہے کہ اگر منہ بھر نہ ہو تو نجس نہیں ہے اور جب منہ بھر ہو تو نجس ہے اگر بے دھوئے نماز پڑھے گی تو نماز نہ ہوگی،حاشیہ میں ہے وينقضه قئ ملأفاه من مرة او طعام او ماء اذا وصل الى معدته وان لم يستقر وهو نجس ومغلظ ولو من صبى ساعة ارضاعه وهو الصحيح .درمختار ج ا ص ۱۴۳ (بہشتی زیور ص ۱۵ حصہ اول وضو توڑنے والی

چیزوں کا بیان) فقط واللہ اعلم بالصواب.

## دودھ پینے والے بچوں کے پیشاب کا حکم اور پیشاب سے نہ بچنے پر وعید:

(سوال ۶۸) ہمارے یہاں عورتوں میں مشہور ہے کہ چھوٹا بچہ جو صرف دودھ پیتا ہو غذا کھانا شروع نہ کی ہو وہ بچہ چاہے لڑکی ہو یا لڑکا اس کا پیشاب ناپاک نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ چھوٹے بچے اگر کپڑوں پر پیشاب کر دیتے ہیں تو بچہ کی ماں بہن وغیرہ اس کے دھونے کو ضروری نہیں سمجھتیں کیا یہ صحیح ہے، آپ مدلل اور مفصل وضاحت فرمائیں تاکہ یہاں لوگوں کو بتلا دیا جائے، بینوا توجروا۔

(الجواب) یہ خیال بالکل غلط ہے ایسے شیر خوار بچہ (لڑکا ہو یا لڑکی) کا پیشاب ناپاک ہے، اور فقہاء نے اس کو نجاست غلیظہ میں شمار کیا ہے، لہذا اگر بچہ کپڑے پر پیشاب کر دے تو اس کا دھونا ضروری ہے اگر بدن پر لگ گیا ہو تو بدن پاک کرنا بھی ضروری ہے اگر کپڑا اور بدن پاک کئے بغیر نماز پڑھی جائے گی تو نماز صحیح نہ ہوگی لوٹانا ضروری ہوگا۔ درمختار میں ہے وعفی الشارع (وعرض مقعر الكف في رقيق من المغلظة (و بول غير ما كول ولو من صغير لم يطعم) (قوله لم يطعم) بفتح الياء اى لم يأ كل فلا بدمن غسله (درمختار و شامی ص ۲۹۳، ص ۲۹۴ ج ۱ باب الانجاس) یعنی وہ نجاست غلیظہ جو بہنے والی ہو پھیلاؤ میں ہتھیلی کی مقدار (روپے کی مقدار) معاف ہے جیسے اور غیر ماکول اللحم حیوان کا پیشاب اگر چہ ایسے چھوٹے بچے کا پیشاب ہو جس نے کھانا شروع نہ کیا ہو (درمختار و شامی)

مراقی الفلاح میں ہے (فالغليظة) (وبول مالا يو كل) لحمه كالآدمى ولو رضيعاً (قوله ولو رضيعاً) لم يطعم سواء كان ذكرا اوانثى مراقى الفلاح على هامش طحطاوى باب الا نجاس والطهارة عنها ص ۸۲. یعنی نجاست غلیظہ جیسے شراب اور ان جانوروں کا پیشاب جن کا گوشت نہیں کھایا جاتا جیسے آدمی کا پیشاب اگر چہ چھوٹے دودھ پیتے بچہ کا پیشاب ہو جو کھاتا نہیں ہے چاہے وہ لڑکا ہو یا لڑکی (مراقی الفلاح مع طحطاوی ص ۸۳ باب الانجاس والطہارۃ عنہا)

عالمگیری میں ہے وكذلك (من النجاسة المغلظة) بول الصغير والصغيرة اكلا اولا كذا في الاختيار شرح المختار یعنی چھوٹے لڑکے اور لڑکی کا پیشاب، اس نے کھانا شروع کیا ہو یا نہ کیا ہو نجاست غلیظہ ہے (عالمگیری ص ۲۸ ج ۱، الباب السابع فی النجاسات واحکامہا الفصل الثانی)

ہدایہ اولین میں ہے وقدر الدرهم وما دونه من النجس المغلظ كا لدم والبول والخمر، حاشیہ میں ہے (قوله والبول ولو من صغير لم يا كل، ملتقى الا بحر) یعنی نجاست غلیظ (جو بہنے والی ہو پھیلاؤ میں) ایک درہم کی مقدار یا اس سے کم ہو تو معاف ہے جیسے خون پیشاب اور شراب، حاشیہ میں بحوالہ ملتقی الابحر ہے، پیشاب چاہے ایسے چھوٹے بچہ کا ہو جو کھاتا نہ ہو (هدايه اولين باب النجاسة وتطهيرها ج ۱ ص ۵۸ حاشيه نمبر ۱۳)

مجمع الانہر میں ہے (والبول من حيوان لا يو كل) اوانسان (ولو من صغير لم يا كل) (قوله



والبول ولو من صغير لم يا كل) لا طلاق قوله صلى الله عليه وسلم استنزهوا عن البول، الحديث، یعنی غیر ماکول اللحم حیوان یا انسان کا پیشاب (نجاست غلیظہ ہے اور دھونا ضروری ہے) چاہے ایسے بچہ کا ہو جو کھاتا نہ ہو اس لئے کہ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد استنزهوا عن البول (پیشاب سے بچو) مطلق ہے (ہر ایک کے پیشاب کو شامل ہے۔) (مجمع الانهر شرح ملتقى الا بحر. ج ۱ ص ۶۲ باب الا نجاس)

بہشتی زیور میں ہے:۔ مسئلہ: چھوٹے دودھ پیتے بچہ کا پیشاب، پاخانہ بھی نجاست غلیظہ ہے۔ (بہشتی زیور ص احصہ دوم)

پیشاب سے بچنے کا بہت اہتمام کرنا چاہئے احادیث میں اس کی بہت تاکید آئی ہے اور فرمایا گیا ہے کہ قبر کا عام عذاب پیشاب سے نہ بچنے کی وجہ سے ہوتا ہے، ایک حدیث میں ہے عن ابن عباس رضى الله عنهما قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم عامة عذاب القبر فى البول فاستنزهوا من البول، رواه البزار والطبرانى فى الكبير حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا قبر کا عام عذاب پیشاب کی وجہ سے ہوتا ہے لہذا پیشاب سے بچو (مجمع الزوائد ج ۱ ص ۸۳ باب الا ستبراء من البول والا حترازمنه لما فيه من العذاب)

حدیث میں ہے عن معاذ بن جبل عن النبى صلى الله عليه وسلم انه كان يستنزه من البول ويا مرا صحابه بذلك قال معاذ ان عامة عذاب القبر من البول. رواه الطبرانى فى الكبير حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ پیشاب سے بچتے تھے اور اپنے اصحاب کو بھی اس کا حکم فرماتے تھے حضرت معاذؓ نے فرمایا کہ قبر کا عام عذاب پیشاب ہی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ (مجمع الزوائد ج ۱ ص ۸۵)

حدیث میں ہے: عن ابى امامة عن النبى صلى الله عليه وسلم قال اتقوا البول فانه اول مايحاسب به العبد فى القبر رواه الطبرانى فى الكبير حضرت ابوامامہؓ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا، پیشاب سے بچو، قبر میں سب سے پہلے بندہ سے پیشاب کے متعلق حساب ہوگا۔ (مجمع الزوائد ص ۸۵ ج ۱)

حدیث میں ہے عن ميمونة بنت سعد رضى الله عنها انها قالت يا رسول الله افتنا عن عذاب القبر قال من اثر البول، رواه الطبرانى فى الكبير حضرت میمونہ بنت سعد رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ ہمیں یہ بتلائیے کہ قبر کا عذاب کس چیز سے ہوگا؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا پیشاب کے اثر (چھینٹوں) سے (مجمع الزوائد ص ۸۵ ج ۱)

ترمذی شریف میں ہے عن ابن عباس رضى الله عنه ان النبى صلى الله عليه وسلم مر على قبرين فقال انهما يعذبان وما يعذبان فى كبير اما هذا فكان لا يستتر من بوله واما هذا فكان يمشى بالنميمة. حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ دو قبروں کے پاس سے گذرے آپ نے فرمایا کہ ان دونوں قبر والوں کو عذاب ہو رہا ہے اور ان کو بہت بڑی چیز کے بارے میں عذاب نہیں ہو رہا ہے، ان میں سے ایک پیشاب سے نہیں بچتا تھا اور دوسرا چغل خوری کرتا تھا (ترمذی شریف ج ۱ ص ۱۱ باب التشديد

فی البول ) (مشکوۃ شریف ص ۴۲ باب آداب الخلاء)

قولہ وما یعذبان فی کبیر : ان کو بڑی چیز کے بارے میں عذاب نہیں ہو رہا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ دونوں چیزیں ایسی نہیں ہیں کہ ان سے بچنا بہت مشکل ہو آسانی بچ سکتے تھے، اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ چغل خوری اور پیشاب سے بچنے کی دین میں اہمیت نہیں ہے اور یہ بڑا گناہ نہیں ہے، التعلیق الصبیح میں ہے قولہ وما یعذبان فی کبیر ای امر شاق علیہما قال اللہ تعالی وانہا لکبیرۃ الا علی الخاشعین ای شاقۃ والمعنی انہما یعذبان فیما لم یکبر علیہما ترکہ ولا یجوز ان یحمل علی ان الامر فی النمیمۃ وترک التنزہ عن البول لیس بکبیر فی حق الدین کذا فی شرح المصابیح للتور بشتی (التعلیق الصبیح ص ۱۹۲، ص ۱۹۳ ج ۱) (مرقاۃ ص ۳۴۹ ج ۱ ملتانی)

پیشاب اور چغل خوری کی وجہ سے قبر میں عذاب ہوتا ہے اس میں کیا مناسبت ہے؟ اس کے متعلق التعلیق الصبیح میں بحوالہ فتح الباری شرح صحیح بخاری بڑی عمدہ بات لکھی ہے (لطیفۃ) ابدی بعضہم للجمع بین ہاتین الخصلتین مناسبۃ وہی ان البرزخ مقدمۃ للاخرۃ واول ما یقضی بہ یوم القیامۃ من حقوق اللہ تعالی الصلوۃ ومن حقوق العباد الدماء ومفتاح الصلوۃ التطہیر من الحدث والخبث ومفتاح الدماء الغیبۃ والسعی بین الناس بالنمیمۃ بنشر الفتن التی یسفک بسببہا الدماء کذا فی فتح الباری فی باب النمیمۃ من الکبائر من ابواب الادب۔

مذکورہ عبارت کا خلاصہ اور مطلب یہ ہے کہ عالم برزخ عالم آخرت کا مقدمہ ہے، (آخرت کی پہلی منزل ہے) اور قیامت کے دن حقوق اللہ میں سب سے پہلے نماز کا اور حقوق العباد میں خون (ناحق کسی کے خون بہانے) کا حساب اور فیصلہ ہوگا، اور نماز کی کنجی ناپاکی سے (نجاست حقیقی ہو یا نجاست حکمی) پاکی حاصل کرنا ہے (پاکی کے بغیر نماز نہیں ہوتی ہے تو تطہیر نماز کا مقدمہ ہے) اور ناحق قتل بہانے کا (عمومی) سبب غیبت اور لوگوں کے درمیان چغل خوری کرنا ہے (تو غیبت اور چغل خوری ناحق خون بہانے کا مقدمہ ہے) اس مناسبت سے قبر (عالم برزخ) میں ان دونوں چیزوں سے نہ بچنے پر عذاب ہوتا ہے (التعلیق الصبیح شرح مشکوۃ المصابیح ص ۱۹۳ ج ۱)

مجمع الزوائد کی ایک اور حدیث ملاحظہ ہو عن شفی بن ماتع الاصباحی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال اربعۃ یوذون اہل النار علی ما بہم من الاذی یسعون بین الحمیم والجحیم یدعون بالویل والثبور یقول اہل النار بعضہم لبعض ما بال ہو لاء قد آذونا علی ما بنا من الاذی قال فرجل مغلق علیہ تابوت من جمر ورجل یجر امعاءہ ورجل یسیل فوہ قیحاً ودماً ورجل یاکل لحمۃ قال فیقال لصاحب التابوت ما بال الابعد قد آذانا علی ما بنا من الاذی قال فیقول ان الابعد مات وفی عنقہ اموال الناس ما یجد لہا قضا او وفاء ثم قال للذی یجر امعاءہ ما بال الابعد قد آذانا علی ما بنا من الاذی فقال ان الابعد کان لا یبالی این اصابہ البول منہ لا یغسلہ ثم قال یسیل فوہ قیحا ودماً ما بال الابعد قد آذانا علی ما بنا من الاذی فیقول ان الابعد کان یاکل لحم الناس رواہ الطبرانی۔

اس حدیث کا خلاصہ یہ ہے۔ حضور اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ جہنم میں چار قسم کے لوگ ہوں گے



دوسرے جہنمی ان سے پریشان ہوں گے اور ایک دوسرے سے کہتے ہوں گے کہ ہم خود تکلیف میں مبتلا ہیں انہوں نے اپنی ہائے پکار سے ہماری تکلیف میں اضافہ کر رکھا ہے، ان میں سے ایک شخص انگاروں کے تابوت میں بند ہوگا، اور ایک شخص اپنی آنتیں کھینچتے ہوئے چلتا ہوگا اور ایک شخص کے منہ سے خون اور پیپ بہہ رہا ہوگا، اور ایک شخص اپنا گوشت کھا رہا ہوگا، جو شخص انگاروں کے تابوت میں بند ہوگا اس کے اس عذاب کی وجہ یہ ہے کہ اس کے ذمہ لوگوں کے مال تھے (اور اسی حالت میں اس کا انتقال ہو گیا) اور اپنے پیچھے کچھ نہیں چھوڑا کہ جس سے لوگوں کا مال ادا کر دیا جاتا، اور جو شخص اپنی آنتیں کھینچ رہا ہوگا اس کی وجہ یہ ہوگی کہ اس کو پیشاب لگ جاتا تو اس کی پرواہ نہ کرتا اور نہ اسے دھوتا، اور جس کے منہ سے خون اور پیپ بہہ رہا ہوگا اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ لوگوں کا گوشت کھاتا تھا۔ (باب الاستنزاہ من البول والاحتراز منہ لمافیہ من العذاب مجمع الزوائد ص ۸۴ ج ۱ ص ۸۵)

ان تمام احادیث کو مدنظر رکھا جائے اور پاکی کا پورا اہتمام کیا جائے پیشاب لگ جانے کو ہلکا سمجھنا اور اس کو دھونے کا اہتمام نہ کرنا بہت سخت گناہ ہے، استنجا بھی اس طرح کیا جائے کہ پیشاب کے چھینٹیں نہ اڑیں اور قطرے بدن اور کپڑے پر نہ لگیں، قطرے بند ہونے کی جو تدبیریں ہیں مثلاً چلنا، کھنکھارنا، کلوخ (ڈھیلا) استعمال کرنا، تجربہ سے جو مفید معلوم ہوا سے اختیار کرے تاکہ دل بالکل مطمئن ہو جائے، غرض کہ اس سلسلہ میں بڑے اہتمام اور توجہ و فکر کی ضرورت ہے۔ اسے ہلکا ہرگز نہ سمجھا جائے، فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## گوبر اور پاخانہ کا گیس پاک ہے یا ناپاک؟ اور اس پر کھانا پکانا کیسا ہے :

(سوال ۶۹) گوبر یا پاخانہ کے گیس پر کھانا پکانا کیسا ہے؟ اس گیس کو استعمال کرنا درست ہے یا نہیں؟ اور یہ گیس پاک ہے یا ناپاک؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) گیس بن جانے میں ماہیت بدل جاتی ہے اور جب کہ اوپلے (چھانے) سے گوبر کی صورت میں جلا کر کھانا پکایا جاتا ہے تو اس میں (گیس میں) نادرست ہونے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟ اور فقہاء کا انسانی پیٹ سے نکلنے والی ہوا (گیس) کو پاک کہنا اس گیس کے پاک ہونے کی واضح دلیل ہے، مراقی الفلاح میں ہے وانما قیدناہ من نجس) لان الریح طاہر علی الصحیح والاستجاء منہ بدعۃ (مراقی الفلاح مع طحطاوی ص ۲۵ فصل فی الاستجاء) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## مرغی ذبح کر کے کتنی دیر تک کھولتے ہوئے پانی میں ڈالے رکھنے سے ناپاک ہوتی ہے:

(سوال ۷۰) محترم و مکرم حضرت مفتی صاحب مدظلہم بعد سلام مسنون! فتاویٰ رحیمیہ اردو جلد چہارم ص ۵۲ میں آپ نے تحریر فرمایا ہے (۱) "مرغی ذبح کر کے نجاست اور غلاظت دور کئے بغیر کھولتے ہوئے گرم پانی میں کچھ وقت تک ڈالے رکھنے سے مرغی ناپاک ہو جاتی ہے، مفتی بہ قول کے مطابق دھونے سے بھی پاک نہ ہوگی، کچھ وقت سے کتنا مراد ہے؟ اس کی وضاحت فرمائیں بینوا توجروا۔

(الجواب) مرغی ذبح کر کے اس کی نجاست اور غلاظت دور کئے بغیر کھولتے ہوئے گرم پانی میں اتنی دیر ڈالے کہ گوشت گرم پانی کو جذب کر لے اور پانی کی گرمی کا اثر گوشت کے اندرونی حصہ تک پہنچ جائے (کہ نجاست کا

اثر گوشت میں آجائے) تو وہ مرغی بالکل ناپاک ہو جائے گی اور اس کے پاک ہونے کی کوئی صورت نہ ہوگی اس کا کھانا بھی جائز نہ ہوگا، اور اگر پانی میں ڈال کر فوراً نکال لی اور پانی کی حرارت کا اثر صرف چمڑے تک پہنچا (اور اس کا اثر صرف یہ ہوا کہ مسامات کھل گئے اور پر آسانی سے نکل گئے) یا کھولتا ہوا پانی نہ ہو تو اس صورت میں تین مرتبہ دھولینے سے مرغی پاک ہو جائے گی۔

مراقی الفلاح میں ہے وعلی ھذا الدجاج المغلی قبل اخراج امعا ئھا واما وضعھا بقدر انحلال المسام لنتف ریشھا فتطھر بالغسل ۔طحطاوی میں ہے:۔(قولہ وعلی ھذا الدجاج الخ) یعنی لو القیت دجاجة حال غلیان الماء قبل ان یشق بطنھا لتنتف او کرش قبل ان یغسل ان وصل الماء الی حد الغلیان ومکثت بعد ذلک زمانا لا یقع فی مثلہ التشرب والدخول فی باطن اللحم لا تطھر ابداً الا عندابی یوسف کما مرفی اللحم وان لم یصل الماء الی حد الغلیان او لم تترک فیہ الا مقدار ما تصل الحرارة الی سطح الجلد لا نحلال مسام السطح عن الریش والصوف تطھر بالغسل ثلاثا کما حققہ الکمال اھ (مراقی الفلاح وطحطاوی ص ۸۶ باب الا نجاس والطھارة عنھا)

عمدة الفقہ میں ہے، مرغی یا کوئی اور پرند پیٹ چاک کر کے اس کے الائش نکالنے سے پہلے پانی میں جوش دی جائے تو وہ کسی طرح پاک نہیں ہو سکتی (یہ امام ابوحنیفہ کا مذہب ہے) حاشیہ میں ہے (۱) اسی پر فتویٰ ہے، احتیاطاً آلائش نکال کر اور خون دھو کر جوش دیا جائے (عمدة الفقہ ج ۱ ص ۱۸۲ باب نجاستوں اور ان کے احکام کا بیان) احتیاط اس میں ہے کہ آلائش نکالنے اور خون دھونے کے بعد گرم پانی میں ڈالا جائے اس صورت میں کچھ شک وشبہ نہ ہوگا اور باقی صورتیں شبہ سے خالی نہیں، یہ تعین کرنا مشکل ہوگا کہ پانی کا اثر کہاں تک پہنچا۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

(۱) جدید ترتیب کے مطابق اسی باب میں "مرغی ذبح کر کے بال پر (؟) نکالنے کے لئے گرم پانی میں ڈالنا کیسا ہے؟" کے عنوان سے دیکھے۔



# باب المسح علی الخفین

## نائلون کے موزوں پر مسح جائز ہے یا نہیں؟:

(سوال ۷۱) ہمارے یہاں عرب ممالک سے آئے ہوئے یونیورسٹی اور کالج کے طلباء نائلون کے موزوں پر مسح کرتے ہیں میں نے ان سے کہا کہ نائلون کے موزوں پر مسح درست نہیں تو وہ لوگ اس کو نہیں مانتے اور کہتے ہیں کہ ہمارے جوتے پاک ہیں ہم قالین پر چلتے ہیں پھر وضو کرتے وقت بار بار کیوں موزے اتاریں میں نے ان کو سمجھایا مگر تسلیم ہی نہیں کرتے۔ تو کیا نائلون کے موزوں پر مسح کرنا درست ہے؟ بینوا توجروا (از کنیڈا)

(الجواب) حدیث میں ہے (۱) عن المغیرة بن شعبة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسح علی الخفین فقلت یا رسول اللہ انسیت قال بل انت نسیت بھذا امرنی ربی عزوجل (ابو داؤد شریف ج ۱ ص ۲۲ باب المسح علی الخفین)

(۲) عن المغیرة بن شعبہ رضی اللہ عنہ قال رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یمسح علی الخفین علیٰ ظاھر ھما ۔ (ترمذی شریف ج ۲ ص ۱۵ باب فی المسح علی الخفین ظاھر ھما)

(۳) عن ابن عباس رضی اللہ عنھما قال اشھد ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مسح علی الخفین ۔ (رواہ البزار)۔ (زجاجة المصابیح ج ۱ ص ۱۴۲ باب المسح علی الخفین)

مذکورہ احادیث میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے خفین پر مسح کیا اور خفین کا اطلاق محدثین اور فقہاء کے یہاں چمڑے کے موزوں پر ہوتا ہے۔ کما لا یخفی علیٰ من ینظر کلام الفقھاء والمحدثین ۔ لہذا اگر چمڑے کے موزے ہوں تو ان پر بلا کسی اختلاف کے مسح کرنا جائز ہے اور اگر چمڑے کے موزے نہیں ہیں بلکہ سوت یا اون کے ہیں تو فقہاء کرام نے ایسے موزوں پر جواز مسح کے لئے یہ شرطیں تحریر فرمائی ہیں کہ وہ ایسے دبیز، موٹے اور مضبوط ہوں کہ صرف ان کو پہن کر تین میل چلنا ممکن ہو۔ دوسرے یہ کہ پنڈلی پر بغیر باندھے (کپڑے کے موٹا ہونے کی وجہ سے) قائم رہ سکیں۔ تیسرے یہ کہ اس میں پانی نہ چھنے اور جذب ہو کر پاؤں تک نہ پہنچے، سوت (کوٹن) یا اون کے ایسے موزے ہوں تو ان پر مسح کرنا جائز ہے۔ اس لئے کہ ایسے موزے چرمی (چمڑے) کے موزے کے حکم میں آجاتے ہیں۔ نائلون کے موزے اولاً تو دبیز نہیں ہوتے بلکہ بالکل رقیق اور پتلے ہوتے ہیں ان کو پہن کر تین میل چلنا مشکل ہے پھٹ جانے کا اندیشہ ہے اور اگر نہ بھی پھٹیں تب بھی اس میں یہ کمی ہے کہ اگر ان پر پانی ڈالا جائے تو پانی جذب ہو کر پاؤں تک پہنچ جاتا ہے اس لئے ایسے نائلون کے باریک موزوں پر مسح کرنا کسی کے نزدیک جائز نہیں۔ فتاویٰ قاضی خاں میں ہے وان کانا رقیقین غیر منعلین لا یجوز المسح علیھما (قاضی خان ج ۱ ص ۲۵ فصل فی المسح علی الخفین)

شرح نقایہ میں ہے۔ واجمعوا علی انہ لو کان منعلاً او مبطناً یجوز المسح علیہ ولو کان من الکرباس لایجوز المسح علیہ وان کان من الشعر فالصحیح ان کان صلباً مستمسکا یمشی

معہ فرسخاً او فراسخ یجوز (شرح نقایہ ج ۱ ص ۲۹ فصل فی المسح علی الخفین والجبیرۃ وغیرھما)

صرف موزوں اور جوتوں کا پاک ہونا مسح کے جواز کی دلیل نہیں بن سکتی۔ موزوں کا پاک ہونا تو ہر حال میں ضروری ہے جس طرح کپڑوں کا پاک ہونا ضروری ہے......... مگر مسح کے جواز کے لئے پاک ہونے کے ساتھ ایسے موزے ہونا ضروری ہیں جن پر شرعاً مسح جائز ہے اور وہ یا تو چمڑے کے موزے ہیں یا ایسے اونی سوتی موزے ہیں۔ جن میں مندرجہ بالا شرطیں پائی جاویں اور نائلون کے موزوں میں چونکہ وہ شرطیں نہیں پائی جاتیں اس لئے ان پر مسح جائز نہیں۔ اگر مسح کیا جائے گا تو مسح معتبر نہ ہوگا۔ فقط واللہ اعلم ۹ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ۔



# باب التیمم

## ٹھنڈے پانی سے غسل کی طاقت نہ ہو تو تیمم کر کے نماز ادا کرے

(سوال ۷۲) سردی شدید ہے گرم پانی کے بغیر غسل نہیں کر سکتا۔ طاقت سے باہر ہے اور بیمار ہو جانے کا قوی اندیشہ ہے اور گرم پانی کا انتظام نہیں ہو سکتا تو تیمم کر کے نماز ادا کرے یا دھوپ نکلنے پر غسل کر کے قضا پڑھے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اس صورت میں تیمم کر کے نماز ادا کرے قضا نہ ہونے دے لیکن جب عذر جاتا رہے تو غسل کر لیوے۔ اعادۂ نماز کی حاجت نہیں۔ ومن الاعذار (برد یخاف منہ) بغلبۃ الظن (التلف) لبعض الاعضاء (او المرض)..... الی قولہ واذا عدم الماء المسخن او ما یسخن بہ فی المصر فھی کالبریۃ وما جعل علیکم فی الدین من حرج. (مراقی الفلاح مع طحطاوی ص ۶۶ باب التیمم) فقط (واللہ اعلم بالصواب.)

## بہشتی ثمر وزیور کے باب تیمم کے ایک مسئلہ پر ایک عالم کا اشکال اور اس کا جواب:

(سوال ۷۳) مسئلہ نمبر ۱۔ اگر پانی ایک میل شرعی سے دور نہیں لیکن وقت بہت تنگ ہے۔ اگر پانی لینے جاوے تو وقت جاتا رہے گا تو بھی تیمم درست نہیں۔ پانی لاوے اور قضا پڑھے۔ اس کے بعد ایک مسئلہ چھوڑ کر ہے۔ مسئلہ نمبر ۲ اگر آگے چل کر پانی ملنے کی امید ہے تو بہتر ہے کہ اول وقت نماز نہ پڑھے بلکہ پانی کا انتظار کرے۔ لیکن اتنی دیر نہ لگادے کہ وقت مکروہ ہو جاوے اور اگر پانی کا انتظار نہ کیا اول ہی وقت نماز پڑھ لی تب بھی درست ہے۔ دونوں میں کچھ تضاد سا معلوم ہوتا ہے۔ پہلے مسئلہ میں قضا کرنے کا حکم اور دوسرے میں ادا مع تیمم۔ سمجھ میں بات نہیں آئی براہ کرم تشریح فرما دیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) دونوں مسئلوں میں تضاد نہیں ہے۔ پہلی صورت میں شرعی میل کے اندر پانی ہونا یقینی ہے تو تیمم کے جواز کی شرط مفقود ہے اس لئے اس صورت میں تیمم جائز نہیں صاحب ہدایہ نے تحریر فرمایا ہے۔ والمعتبر المسافۃ دون خوف الفوت یعنی تیمم کے جواز کے لئے معتبر یہ ہے کہ پانی ایک میل سے دور ہو نماز کے قضا ہونے کا خوف یہ علت نہیں (ص ۳۲ ہدایہ باب التیمم)

اور دوسری صورت میں صرف امید ہے۔ فافترقا۔ درمختار میں ہے (ویجب) ای یفترض (طلبہ) ولو برسولہ..... الیٰ قولہ ...... (ان ظن) ظنا قویاً (قربہ) دون میل بامارۃ او اخبار عدل (والا) یغلب علیٰ ظنہ قربہ (لا) یجب بل یندب ان رجا والالا (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۲۲۷، ص ۲۲۸ باب التیمم) غایۃ الاوطار ترجمۂ درمختار میں ہے۔ اور واجب ہے یعنی فرض ہے تلاش کرنا پانی کا اگرچہ اپنا آدمی بھیج کر تلاش کرے۔ الیٰ قولہ۔ اگر گمان قوی ہو پانی کے پاس ہونے کا ایک میل سے کم کسی علامت سے یا ایک متقی آدمی کے خبر دینے سے اور اگر پانی کے پاس ہونے کا اس کو ظن غالب نہ ہو یعنی شک ہو یا غیر قوی ظن ہو تو تلاش واجب نہیں بلکہ مستحب ہے اگر امید ہو نزدیکی کی۔ اور اگر امید نہ ہو تو تلاش مستحب بھی نہیں۔ اس عبارت سے واضح ہو جاتا ہے کہ بہشتی ثمر کے مسئلے صحیح ہیں۔ مزید وضاحت کے لئے ہدایہ کی عبارت ملاحظہ ہو کذا (ای لا یتیمم) اذا خاف فوت

الوقت لو توضالم يتيمم ويتوضا ويقضى مافاته لا ن الفوت الى خلف وهو القضاء (ج ا ص ۳۸) ويستحب لعادم الماء وهو يرجوه ان يؤخر الصلوة الى اخر الوقت فان وجد الماء يتوضاء والا يتيمم الخ باب التيمم (ج ا ص ۳۶) فقط والله اعلم بالصواب.

## دوسرا شخص تیمم کرائے تو درست ہے یا نہیں؟ اور نیت کون کرے

(سوال ۷۴) شدید بیماری یا ایک ہاتھ یا دو ہاتھ شل ہوجانے کی وجہ سے خود تیمم نہ کرسکتا ہو تو دوسرا شخص تیمم کرادے تو درست ہے یا نہیں؟ اور نیت کون کرے؟ بینوا توجروا

(الجواب) مذکورہ لاچاری اور مجبوری کی صورت میں دوسرا شخص تیمم کرادے تو تیمم ہوجائے گا مگر نیت معذور کو کرنا ہوگی تیمم کرانے والے کی نیت کا اعتبار نہ ہوگا۔(۱) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

(۱) مریض یممه غيره فالنية على المريض دون الميم كذا فى القنية فتاوى عالمگيرى الباب الرابع فى التيمم ج ا ص ۲۶



21

# احکام المعذورین

## معذور شخص بلا وضو نماز پڑھنا چاہے

(سوال ۷۵) ایک شخص بڑی تکلیف میں ہے، استنجاء کرنے میں بھی بڑی تکلیف ہے، بڑھاپا ہے اور اونٹ پر سے گر جانے کی وجہ سے زخم آگئے ہیں، طہارت کے لئے پورا پورا اطمینان نہیں ہوتا، استنجے میں رانوں پر پانی گرتا ہے، اوپر سے وضو بھی نہیں ہوسکتا، کوئی وضو میں اعانت کرے تو تو ہی وضو ہوسکتا ہے، پانچوں وقت کسی کا حاضر رہنا بھی مشکل ہے، اس لئے کہ حالت غریبی کی ہے لہذا وضو میں بڑی تکلیف ہوتی ہے تو مذکورہ شخص نماز پڑھے یا نہیں؟ اور وضو کر کے ہی پڑھے یا تیمم سے پڑھ سکتا ہے۔

(الجواب) صورت مسئولہ میں نماز ضرور پڑھے، نماز ساقط نہیں ہوتی، وضو کرانے والا موجود نہ ہو تو تیمم سے نماز پڑھے۔(۱) اور اگر وضو کرنا ممکن ہو یا وضو کرانے والا موجود ہو تو وضو سے نماز پڑھے، فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## اگر صاحب عذر کسی تدبیر اور علاج سے اس عذر کا انقطاع کردے تو وہ معذور رہے گا یا نہیں

(سوال ۷۶) جس عورت کو پیشاب یا خون استحاضہ کے قطرات کا نزول رہتا ہو وہ کسی تدبیر سے خارج نہ ہونے دے۔ اور وضو کر کے نماز پڑھتی رہے تو اس کا وضو اور نماز درست ہوگی؟ اور یہ تدبیر حیض میں بھی کارگر ہوسکتی ہے۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) وضو اور نماز صحیح ہوجائے گی۔ لیکن یہ تدبیر حیض میں کامیاب نہ ہوگی اور نماز پڑھنا درست نہ ہوگا۔ فتاوی خیریہ میں ہے۔ سئل فى الحمصة اللتى توضع على الكى ثم تربط بما يمنع السيلان هل يكون صاحبها صاحب عذرام لا ؟ (اجاب) لايكون صاحب عذر كما هو صريح كلام الخلاصة وغيره وصاحب الجرح لومنع الجرح من السيلان يخرج من ان يكون صاحب الجرح السائل فا فادان كل صاحب عذر اذا منع نزوله' بدواء او غيره خرج عن كونه صاحب عذر بخلاف الحائض (فتاوى خيريه ج ا ص ۵ كتاب الطهارة ومطالبة، مطلب فى الحمصة على الكى الخ) خلاصہ یہ کہ اگر کوئی صاحب عذر کسی تدبیر اور علاج سے اس عذر کا انقطاع کردے تو وہ شخص معذور نہ رہے گا۔ (فقط واللہ اعلم بالصواب)

## معذور کا شرعی حکم:

(سوال ۷۷) ایک شخص اپنی زوجہ کو نماز پڑھنے کے لئے کہتا ہے لیکن اس کی عورت نماز نہیں پڑھتی۔ کہتی ہے کہ مجھ کو ہر وقت پیشاب کے قطرے نکلتے ہیں اس لئے اس خوف سے کہ کہیں ثواب کے بجائے عذاب کا سبب نہ بن جائے۔ میں اس حالت میں نماز نہیں پڑھوں گی، وہ شخص فکرمند ہے آپ سے دریافت کرتا ہے کہ اس عورت کے لئے شرعاً کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

(۱) وشرطه ستة فقعد الماء قال فى الشامية تحت قوله وفقد الماء اى ولو حكماً يشمل نحو المرض فافهم شامى باب التيمم ج ا ص ۲۳۰

(الجواب) جب عورت کو ہر وقت پیشاب ٹپکتا ہے تو شرعاً یہ معذور ہے اس کو نماز معاف نہیں۔ بلکہ ہر نماز کے وقت جدید وضو کر کے اور کپڑے بدل کر فرض، واجب، سنت نفل نماز جتنی چاہے پڑھے۔ چاہے بحالت نماز پیشاب کا قطرہ ٹپک جائے۔ اور کپڑے پر بھی لگ جاوے معذور ہونے کی وجہ سے شرعاً معاف ہے۔ لہذا نماز نہ پڑھنے کا بہانا غلط ہے نماز معاف نہیں۔ وتتوضأ المستحاضة ومن به عذر كسلسل بول او استطلاق بطن لوقت كل فرض ويصلون به ما شاء وامن الفرائض والنوافل (نور الا يضاح مع شرحه مراقى الفلاح ص ۲۹ باب الحيض والنفاس والا ستحاضة) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## انسان کب معذور بنتا ہے اور کس وقت معذور نہیں رہتا اور اس کے شرعی احکام کیا ہیں

(سوال ۷۸) ایک شخص ہے اس کو پیشاب کے قطرے آتے رہتے ہیں۔ علاج بھی بہت کرایا مگر بے سود، اس کی وجہ سے وہ بہت پریشان رہتا ہے استنجاء میں بھی بہت وقت لگ جاتا ہے اس کے باوجود بھی شک وشبہ رہتا ہے۔ نماز کی حالت میں بھی قطرہ ٹپک جانے کا وسوسہ پیدا ہوتا ہے۔ یہ شخص معذور ہوگا یا نہیں؟ اور اس کے لئے شریعت میں طہارت کے سلسلہ میں کچھ رخصت ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا (از بمبئی)

(الجواب) مسئلہ یہ ہے کہ کسی کو پیشاب کا قطرہ کم وبیش آتا رہتا ہے مگر نماز کا پورا وقت گھیرتا نہیں ہے اتنا وقت مل جاتا ہے کہ طہارت کی حالت میں نماز ادا کر سکے تو وہ معذور نہیں ہے۔ اس کو چاہئے کہ قطرہ رک جانے کا انتظار کرے پھر وضو کر کے نماز پڑھ لے اگر نماز پڑھتے ہوئے قطرہ آنے کا شبہ ہو جائے تو نماز توڑ کر وہ جگہ دیکھ لے اگر واقعی قطرہ ہے تو شرم گاہ پانی سے دھوئے اور وضو کر کے کپڑا بدل کر نماز پڑھے۔ اگر قطرہ آیا نہ ہوا ایسا ہی شبہ ہوا ہو تو آئندہ اس قسم کے شبہ کی پرواہ نہ کرے بلکہ وضو کرنے کے بعد میانی پر قدرے پانی چھڑک دے۔ شبہات سے بچنے کی یہ بھی ایک تدبیر اور علاج ہے۔ اور اگر قطرہ آتا رہتا ہے اور اتنا وقت بھی نہ ملے کہ طہارت کے ساتھ اس وقت کی نماز ادا کر سکے تو وہ معذور ہے۔ ولا يصير معذوراً حتى يستوعبه العذر وقتاً كاملاً ليس فيه انقطاع بقدر الوضوء والصلوة وهذا شرط ثبوته (نور الا يضاح ص ۵۳ باب الحيض والنفاس والاستحاضة) ایسا معذور ہر نماز کے وقت وضو کر کے پاک کپڑا پہن کر فرض، واجب، سنت، نفل جو چاہے پڑھ سکتا ہے۔ جب تک اس نماز کا وقت باقی رہے گا۔ قطرہ آنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔ (ہاں قطرہ کے علاوہ دوسرے نواقض سے وضو ٹوٹ جائے گا) وتتوضأ المستحاضة ومن به عذر كسلسل بول واستطلاق بطن لوقت كل فرض ويصلون به ما شاء وامن الفرائض والنوافل (نور الا يضاح ايضاً) ایک وقت پورا ایسا گذر جانے کے بعد کہ طہارت سے نماز ادا کرنے کا موقع نہ ملے اور معذور ہونے کا حکم لگ جائے اس کے بعد دوسرے نمازوں کے اوقات میں پورا وقت قطرہ جاری رہنا شرط نہیں۔ کبھی کبھی قطرہ آ جانا بھی معذور بنے رہنے کے لئے کافی ہے۔ ہاں اگر نماز کا ایک وقت کامل (پورا) ایسا گذر جائے کہ اس میں ایک دفعہ بھی قطرہ نہ آوے تو اب وہ معذور نہ رہے گا۔ وشرط دوام العذر وجوده فى كل وقت بعد ذالک ولو مرة وشرط انقطاعه وخروج صاحبه عن كونه معذوراً خلو وقت كامل عنه (نور الا يضاح ص ۵۴ ايضاً) فقط واللہ اعلم بالصواب ۲۰ محرم الحرام ۱۳۹۹ھ۔



## معذور شرعی کسے کہتے ہیں

(سوال ۷۹) در باب نماز شرعی معذور کسے کہتے ہیں؟

(الجواب) نکسیر کا جاری رہنا، قطرہ کا آنا، خروج ریح، دست کا ہونا، عورت کو دم استحاضہ کا آنا، ناسور (یعنی وہ زخم جو ہمیشہ رستا رہتا ہے اور اچھا نہیں ہوتا) وغیرہ کا مریض نماز کے پورے وقت میں وضو کر کے نماز نہ پڑھ سکے تو عذر کے ختم ہونے تک معذور شمار ہوگا، اس کا حکم یہ ہے کہ ہر نماز کے وقت وضو کر لیا کرے جب تک وہ وقت رہے گا اس وضو سے جتنی نمازیں چاہے پڑھ سکتا ہے، البتہ جس بیماری میں مبتلا ہے اس کے سوا اگر کوئی اور بات ایسی پائی جاوے جس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے تو وضو جاتا رہے گا ایسے ہی جب نماز کا وقت جاتا رہے تو بھی وضو ٹوٹ جاتا ہے جیسے عصر کی نماز کے وقت کیا ہوا وضو غروب آفتاب سے جاتا رہے گا، ومن به عذر كسلسل بول او استطلاق بطن وانفلات ريح ورعاف دائم وجرح لا يرقا فهذ ايتوضؤن لوقت كل فرض ويصلون به اى بوضوء هم فى الوقت ماشاؤامن الفرائض والنوافل ويبطل وضوء المعذورين اذا لم يطراء ناقض غير العذر (فان طرأ ولو كان نظير عذره نقضه) بخروج الوقت كطلوع الشمس فى الفجر فقط (مراقى الفلاح على هامش الطحطاوى ملخصاً ايضاً ص ۸۰) اس بیماری کے سبب کپڑا ناپاک ہوا ہو تو اگر ایسا ہو کہ نماز ختم کرنے سے پہلے ناپاکی لگنے کا گمان نہیں ہے تو اس کا دھوڈالنا واجب ہے، اگر ناپاکی لگنے کا گمان ہے تو دھونا واجب نہیں۔ فى البدائع يجب غسل الزائد عن الدرهم ان كان مفيد ابان لا يصيبه مرة بعد اخرى حتى لو لم يغسل وصلى لا يجزيه وان لم يكن مفيداً لا يجب مادام العذر قائما وهو اختيار مشايخنا اه (طحطاوى ص ۸۱ ايضاً) فقط والله اعلم بالصواب۔

## پیشاب کے بعد قطرہ آنے کا یقین ہو تو ڈھیلہ سے استنجاء ضروری ہے:

(سوال ۸۰) پیشاب کے بعد استنجاء کے لئے ڈھیلہ نہ لیا جائے تو کپڑے پاک رہیں گے یا ناپاک؟ اسی طرح اس کی نماز اور وضو درست ہوگا یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) پیشاب کا قطرہ آنے کا یقین ہونے کے باوجود ڈھیلہ نہ لیوے تو ایسی صورت میں نماز پڑھنے کی اجازت نہیں۔(۱) ڈھیلے وغیرہ سے استنجاء کر کے اطمینان حاصل ہو جانے کے بعد وضو کر کے نماز پڑھے فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## بحالت عذر سیدھے ہاتھ سے استنجاء کرنا بلا کراہت جائز ہے:

(سوال ۸۱) ایک عورت کا بایاں ہاتھ پنجہ ہی سے ٹوٹ گیا ہے پٹا بندھا ہوا ہے۔ اس وجہ سے استنجا پاک کرنے کے وقت بائیں ہاتھ سے پانی ڈالا نہیں جا سکتا اس صورت میں شوہر یا بیٹی پانی ڈالے اور مریضہ اپنے سیدھے ہاتھ سے استنجا پاک کرے یا شوہر اور بیٹی اپنے ہاتھ سے دھووے دونوں صورتوں میں سے کون سی صورت اختیار کی جائے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) بہتر ہے کہ عورت اپنے سیدھے ہاتھ سے استنجاء پاک کرے۔ شوہر یا بیٹی کے ہاتھ سے نہ دھلوائے۔ فان كان بيده اليسرى عذر يمنع من الا ستنجاء بها جاز الا ستنجاء باليمنى من غير كراهة (فتاوى خيريه ص: ۵ كتاب الطهارة و مطالبه مطلب فى كيفية الا ستجمار والتجمير) فقط والله اعلم بالصواب۔

---

(۱) ولذا قال الشرنبلالى يلزم الرجل الاستبراء حتى يزول اثر البول ويطمئن قلبه وقال عبرت باللزوم لكونه اقوى من الواجب لأن هذا يفوت الجواز لفوته فلا يصح له الشروع فى الوضو حتى يطمئن بزوال الترشح شامى فصل فى الاستنجاء مطلب فى الفرق بين الاستبراء و الاستنقاء والاستنجاء ج ۱ ص ۳۴۴

# کتاب الصلوٰۃ

## "بے نمازی بہت بڑا گنہگار ہے":

(سوال ۸۲) اسلام میں نماز کے لئے کیا حکم ہے؟ آج پچھتر فیصدی مسلمان نماز نہیں پڑھتے، بے پروائی برتتے ہیں، ایسے مسلمانوں کے لئے شریعت میں کیا حکم ہے؟

(الجواب) نماز اسلام کا عظیم الشان رکن اور عبادتوں میں مہتم بالشان عبادت ہے جو ایمان کے بعد تمام فرائض پر مقدم ہے، اسلام کا شعار ہے اور ایمان کی علامتوں میں سے عظیم الشان علامت ہے۔ بندے اور اس کے مالک کے درمیان واسطہ اور وسیلہ ہے جو بندے کو جہنم کے طبقہ اسفل السافلین میں جانے سے روکتا ہے (حجۃ اللہ البالغہ)

نماز ایسی دائمی اور قائمی عبادت ہے کہ اس سے کسی بھی رسول کی شریعت خالی نہیں رہی ولم تخل عنها شريعة مرسل (درمختار مع شامی ج ۱ ص ۳۲۵ کتاب الصلاۃ)

قرآن شریف اور حدیث شریف میں جگہ جگہ نماز کی سخت تاکید اور نہ پڑھنے پر سخت وعیدیں آئی ہیں قرآن مجید میں ہے۔ حافظوا على الصلوات والصلوة الوسطىٰ وقوموا لله قانتين پوری حفاظت کرو تمام نمازوں کی خصوصاً بیچ کی نماز کی اور کھڑے ہو خدا کے سامنے ادب سے (سورہ بقرہ) دوسری جگہ ارشاد ہے واقيموا الصلوة ولا تكونوا من المشركين (نماز پڑھتے رہو اور مشرکین میں سے نہ بنو (سورہ روم) قرآن مجید میں خبر دی گئی ہے کہ جنتی دوزخیوں سے سوال کریں گے ما سلككم فی سقر؟ (کون سی چیز تمہیں دوزخ میں لے آئی؟) یعنی تم کیوں دوزخی بنے؟ قالوا (دوزخی جواب دیں گے) لم نک من المصلين (ہم نمازیوں میں سے نہ تھے) یعنی نماز نہ پڑھتے تھے (سورۃ المدثر)

رسول خدا ﷺ کا فرمان ہے کہ بين الرجل وبين الشرک والكفر ترک الصلوة (آدمی اور کفر وشرک میں فرق۔ نماز چھوڑنا ہے یعنی نماز کا ترک کرنا آدمی کو کفر وشرک سے ملا دیتا ہے۔ فرق باقی نہیں رکھتا۔
(مسلم شریف مشکوٰۃ کتاب الصلاۃ الفصل الاول)

ایک حدیث میں ہے کہ لكل شئى علم وعلم الايمان الصلوة (منیۃ المصلی ص ۳ کتاب الصلوۃ) ہر چیز کی ایک علامت ہے (جس سے وہ پہچانی جاتی ہے) اور ایمان کی علامت نماز (پڑھنا ہے)

ایک اور حدیث میں ہے لا تتركوا الصلوة متعمدا فمن تركها فقد خرج من الملة (خبردار! کبھی بھی جان بوجھ کر نماز نہ چھوڑنا کیونکہ جس نے جان بوجھ کر نماز چھوڑی وہ ملت (دین) سے نکل گیا (طبرانی)

ایک حدیث میں ہے ان اول مايحاسب به العبد يوم القيامة من عمله صلوته (ترجمہ) قیامت کے روز بندے کے اعمال میں سب سے پہلے جس کا حساب لیا جائے گا وہ نماز ہے اگر نماز ٹھیک نکلی تو کامیاب ہوگا ورنہ نامراد ہوگا (ترمذی شریف)

دوسری حدیث میں ہے الصلوة عماد الدين فمن اقامها فقد اقام الدين ومن تركها فقد هدم



الدين (نماز دین کا ستون ہے جس نے اسے قائم رکھا اس نے دین کو قائم رکھا اور جس نے اسے ڈھا دیا اس نے اپنے دین کو ڈھا دیا (مجالس الابرار ص ۳۰۲)

ایک اور حدیث میں ہے جو نمازی نہیں ہے اس کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں (بزاز وحاکم) آنحضرت ﷺ نے ایک شخص کو بے قاعدہ نماز پڑھتے دیکھا تو فرمایا اگر یہ شخص اسی حالت پر مر جاتا تو ملت محمد (ﷺ) پر نہ مرتا۔ وقد روى انه عليه الصلوة والسلام رأى رجلاً يصلى وهو لا يتم ركوعه وينقر فى سجوده فقال لو مات هذا على حالته هذا مات على غير ملة محمد صلى الله عليه وسلم (مجالس الابرار ص ۳۰۴)

نیز آنحضرت ﷺ کا فرمان ہے من حافظ عليها كانت له نوراً و برهانا ونجاة يوم القيامة ومن لم يحافظ عليها لم تكن له نوراً و لا برهانا ولا نجاةً وكان يوم القيامة مع قارون و فرعون و هامان وابى بن خلف رواه احمد والدارمى والبيهقى (مشکوٰۃ ص ۵۸،۵۹ کتاب الصلاۃ) جو شخص نماز کو اچھی طرح پوری پابندی سے ادا کرے گا تو نماز اس کے لئے قیامت کے روز نور اور (حساب کے وقت) حجت اور ذریعہ نجات بنے گی اور جو شخص نماز کی پابندی نہیں کرے گا تو اس کے پاس نہ نور ہوگا اور نہ اس کے پاس کوئی حجت ہوگی اور قیامت کے روز اس کا حشر قارون، فرعون، ہامان، اور ابی بن خلف (رئیس المنافقین) کے ساتھ ہوگا (مشکوٰۃ)

آیات قرآنی اور احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ نماز نہ پڑھنا مشرکانہ فعل اور کفار کا شعار ہے۔ چنانچہ صحابۂ کرام اور ائمہ مجتہدین کی ایک جماعت کا قول یہ ہے کہ جان بوجھ کر ایک نماز کا بالقصد چھوڑ دینا کفر ہے اس جماعت میں سیدنا حضرت عمرؓ حضرت ابن مسعودؓ حضرت ابن عباسؓ حضرت معاذ بن جبلؓ حضرت جابر بن عبداللہؓ حضرت ابو درداؓ حضرت ابو ہریرہؓ حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ جیسے صحابہ کرام اور امام احمد بن حنبل، اسحاق بن راھویہ، عبداللہ بن مبارک، امام نخعی، حکم بن عتبہ، ابو ایوب سختیانی، ابو داؤد طیالسی، ابوبکر بن شیب رحمہم اللہ تعالیٰ جیسے ائمہ مجتہدین کو شمار کر دیا گیا ہے ان کے علاوہ حضرت حماد بن زیدؒ، مکحولؒ، امام شافعیؒ امام مالکؒ کے نزدیک ایک نماز کا تارک واجب القتل اور امام ابو حنیفہؒ اگرچہ قتل کا فتویٰ نہیں دیتے ہلکی سے ہلکی سزا تجویز کرتے ہیں مگر وہ سزا بھی یہ ہے کہ زدوکوب کیا جائے پھر جیل خانہ میں ڈال دیا جائے۔ یہاں تک کہ توبہ کرے یا اسی حالت میں مر جائے (تفسیر مظہری، مجالس الابرار وغیرہ)

حضرات صحابہ اور ائمہ مجتہدین (رضوان اللہ علیہم اجمعین) جس طرح ترک صلوٰۃ کو ایسا گناہ عظیم فرماتے ہیں جس کی سزا قتل تک ہے ان کے نزدیک وقت پر نماز پڑھ لینا بھی اتنا ہی ضروری ہے بالقصد قضا کر دینے کی بھی ان کے نزدیک کوئی گنجائش نہیں ہے۔ انتہا یہ کہ فقہ احناف میں یہ مسئلہ لکھا ہے کہ اگر عورت کے بچہ ہو رہا ہو تو اگر بچہ کا سر باہر آ گیا ہے، اور ادھر نماز کا وقت ختم ہو رہا ہے تو اس حالت میں بھی عورت پر لازم ہے کہ نماز پڑھے، وضو نہ کر سکتی ہو تو تیمم کرے، رکوع سجدہ ادا کر سکتی ہو تو اونچی جگہ پر بیٹھ جائے یا ہنڈیا جیسی کوئی چیز نیچے رکھ لے جس میں بچہ کا سر محفوظ ہو جائے اور بیٹھے بیٹھے اشارہ سے نماز پڑھ لے، قضا نہ کرے۔ چنانچہ نفع المفتی میں ہے: الاستفسار امرأة خرج رأس ولدها وخافت فوت الوقت ولا تقدر على ان تصلى قائما او قاعداً كيف

تصلی۔"الاستبشار" تصلی قاعدۃ ان قدرت علی ذلک وجعلت رأس ولدھا فی خرقۃ او حفر فان لم یستطع تومی ایماء ولا یباح لھا التاخیر (نفع المفتی ص ۹ وغیرہ)

اسی طرح اگر دریا میں مثلاً جہاز ٹوٹ گیا یا کسی طرح دریا میں گر گیا اور یہ ایک تختہ پر پڑ گیا جس سے جان بچی ہوئی ہے، اٹھ بیٹھ نہیں سکتا اور نماز کا وقت ختم ہو رہا ہے تو ویسے ہی پڑے پڑے ہاتھ پاؤں پانی میں ڈال کر وضو کرے اور نماز اشارہ سے پڑھ لے مگر ترک نہ کرے (جامع الرموز وغیرہ) وکذا من وقع فی البحر علی لوح وخاف خروج وقت الصلوۃ یدخل اعضا الوضوء فی الماء بنیۃ الوضوء ثم یصلی بالایماء ولا یترک الصلوۃ.

اسی طرح اگر معاذ اللہ کسی کے دونوں ہاتھ شل ہو جائیں اور اس کے ساتھ کوئی ایسا شخص موجود نہیں جو اس کو وضو یا تیمم کرائے تو جس طرح ممکن ہو اپنا منہ اور ہاتھ تیمم کی نیت سے دیوار پر ملے اور نماز پڑھے نماز کا ترک کرنا یا وقت سے مؤخر کرنا جائز نہیں ہے وکذا من ثلث یداہ ولم یکن معہ احد یو ضیہ او یتممہ یمسح وجھہ وذراعیہ علی الحائط بنیۃ التیمم ویصلی ولا یجوز لہ ترک الصلوۃ ولا تاخیرھا عن وقتھا (مجالس الابرار ص ۳۰۲) افسوس۔ اچھے خاصے تندرست مسلمان اذان سنتے ہیں اور بے پرواہ مسجد کے سامنے سے گذر جاتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ یہ ظلم۔ سراسر ظلم اور کفر و نفاق ہے کہ مؤذن کی ندا سنے اور اسے قبول نہ کرے (یعنی نماز کے لئے حاضر نہ ہوں) (احمد، طبرانی وغیرہ)

حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ فرماتے ہیں اذا توانیتم فی الصلوۃ تقطعت صلاتکم بالحق عزوجل (الفتح الربانی) جب نماز میں سست بن جاؤ گے تو حق تعالیٰ سے جو تمہارا رشتہ ہے وہ بھی ٹوٹ جائے گا۔

بے شک نماز نہ پڑھنا بے حد سنگین گناہ ہے زواجر کی میں ہے کہ بنی اسرائیل کی ایک عورت حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کرنے لگی یا نبی اللہ، مجھ سے کبیرہ گناہ ہو گیا میں نے توبہ کی ہے آپ میرے لئے دعا فرمایئے کہ میری مغفرت ہو جائے۔ آپ نے فرمایا کون سا گناہ ہو گیا؟ عورت نے کہا زنا ہو گیا اور اس سے حمل رہ گیا اور بچہ پیدا ہوا اسے مار ڈالا۔ یہ سن کر حضرت موسیٰ بہت غضبناک ہوئے اور فرمایا کہ یہاں سے نکل جا تیری نحوست کی وجہ سے آسمان سے آگ نازل ہو کر کہیں ہمیں جلا کر خاک نہ کر دے، عورت مایوس ہو کر وہاں سے چلی گئی۔ حضرت جبرائیل تشریف فرما ہوئے اور فرمایا کہ موسیٰ رب العالمین سوال کرتے ہیں کہ تمہارے نزدیک اس بدکار عورت سے بڑھ کر کوئی برا اور اس بڑے گناہ سے بڑھ کر کوئی برا کام نہیں؟ فرمایا کہ اس سے بڑھ کر برا اور کون سا کام ہوگا؟ ارشاد ہوا کہ جو شخص جان بوجھ کر نماز ترک کر دے وہ اس سے بھی زیادہ منحوس اور گنہگار ہے (زواجر کی ج ا ص ۱۰۸)

بے نمازی بھائی اور بہن غور کریں کہ وہ کتنے بڑے منحوس اور گنہگار یا رحمت خداوندی سے دور اور عند اللہ مبغوض ہیں۔ مسلمانوں پر فرض ہے کہ پاک باز نمازی بنیں اور گھر والوں کو بھی سمجھا بجھا کر، ترغیب و ترہیب سے جس طرح بھی ہو نمازی اور دیندار بنانے کی کوشش کریں اور بے نمازی ہونے کی نحوست سے بچیں اور بچائیں۔



فرمان خداوندی ہے یا ایھا الذین امنوا قوا انفسکم واھلیکم نارا "اے ایمان والو! خود کو اور اپنے گھر والوں کو (جہنم کی آگ سے بچاؤ) (سورۂ تحریم) حق تعالیٰ ہم تمام کو تاحیات پابند نماز بنائے رکھے اور ہماری نمازیں قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

## فتاوی رحیمیہ اردو ص ۶۸ ج ۴ کے مسئلہ پر ایک مشہور مدرسہ کے شیخ الحدیث و مفتی صاحب کا اشکال اور اس کا جواب۔ اشکال اول:

(سوال ۸۳) فتاوی رحیمیہ جلد چہارم ص ۶۸ پر مسئلہ ہے" انتہا یہ کہ فقہ احناف میں یہ مسئلہ لکھا ہے کہ اگر عورت کے بچہ ہو رہا ہو تو اگر بچہ کا سر باہر آ گیا ہے ادھر نماز کا وقت ختم ہو رہا ہے تو اس حالت میں بھی عورت پر لازم ہے کہ نماز پڑھے۔ وضو نہ کر سکتی ہو تو تیمم کر کے رکوع نہ کر سکتی ہو تو بچہ کی حفاظت کرتے ہوئے بیٹھے بیٹھے اشارہ سے نماز پڑھ لے قضا نہ کرے الخ۔

یہ پورا مسئلہ پڑھا لیکن اس پر اشکال یہ ہے کہ بچہ کے سر کے ساتھ خون (دم نفاس) بھی ہوگا۔ پھر ایسی ناپاک حالت میں نماز پڑھنا کیسے درست ہو سکتا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) وباللہ التوفیق: یہ دم نفاس نہیں ہے دم نفاس کا حکم تب لگتا ہے کہ بچہ نصف یا نصف سے زائد نکل آیا ہو اس سے پہلے جو خون ہوگا وہ دم استحاضہ ہے۔ ادھر نماز کا وقت ختم ہو رہا ہے ایسی حالت میں نماز پڑھنے کا حکم ہے۔ قضا کرنے کی اجازت نہیں ہے عورت معذور کے حکم میں ہے تو اس خون کے ہوتے ہوئے اگر بچہ کے ضائع ہونے کا اندیشہ نہ ہو تو نماز پڑھنا ضروری ہے۔ والنفاس ھو الدم الخارج عقب الولادۃ او خروج اکثر الولد (مراقی الفلاح مع طحطاوی ص ۸۰ باب الحیض والنفاس والاستحاضۃ) عالمگیری میں ہے۔ لو خرج اکثر الولد تکون نفسا والا لا ص ۳۷ ج ۱ فقط واللہ اعلم بالصواب.

## اشکال دوم:

(سوال ۸۴) یہ تو ٹھیک ہے کہ ابھی نفاس کا حکم نہیں لگا یا دم استحاضہ ہے مگر اشکال یہ ہے کہ یہ عورت معذور کے حکم میں کیسے ہو گئی؟ معذوری کا حکم تو اس وقت لگتا ہے کہ نماز کا پورا ایک وقت اس طرح گذر جائے کہ خون بہتا رہے اور اتنا بھی وقت نہ ملے کہ نماز بطہارت پڑھ سکے اور یہاں یہ بات نہیں۔ یہ ظاہر ہے کہ نماز کے ابتدائی وقت میں معذور نہیں تھی (بلکہ ابتدائی وقت میں پاک تھی) عذر بعد میں پیش آیا ہے عذر سے پورا وقت گھرا نہیں ہے تو ایسی حالت میں پاک ہوئے بغیر نماز کیسے پڑھ سکتی ہے؟ یہ معذور نہیں ہے۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) وباللہ التوفیق۔ موجودہ حالت میں عورت اپنے کو معذور ہی تصور کرے۔ اور نماز پڑھے قضا کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ یہ مسئلہ دوسرا ہے کہ بعد کے وقت میں خون جاری نہ رہا تو معذور نہ ہوگی اور نماز کا اعادہ کرے گی۔ چنانچہ شامی میں ہے ولو عرض بعد دخول وقت فرض انتظر الی آخرہ فان لم ینقطع یتوضا ویصلی ثم ان انقطع فی اثناء الوقت الثانی یعید تلک الصلوۃ وان استوعب الوقت

الشانی لا یعید لثبوت العذر حینئذ من وقت العروض اھ معذور کے احکام بیان کررہے ہیں۔فرماتے ہیں کہ اگر عذر فرض نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد پیش آیا تو آخری وقت تک انتظار کرے پھر اگر عذر منقطع نہ ہوا تو وضو کر کے نماز پڑھ لے۔اس کے بعد اگر دوسرے وقت میں منقطع ہوگیا تو اس نماز کا اعادہ کرے اور اگر عذر پورے دوسرے وقت میں باقی رہے تو اس نماز کا اعادہ نہ کرے کہ اس وقت وہ عذر متحقق ہوگیا (شامی ج ۱ ص ۲۸۱ مطلب فی احکام المعذور) حاملہ کی صورت بھی ایسی ہی ہے لہذا استحاضہ مانع عن الصلوٰۃ نہ ہوگا۔دم استحاضہ مستحاضہ کے حق میں گویا پاک ہے اس کے ہوتے ہوئے نماز پڑھ سکتی ہے یہ نہیں کہ حقیقۃً پاک ہے۔یا معاف ہے فقط واللہ اعلم بالصواب۔

نوٹ:۔اس کے بعد حضرت مفتی صاحب کو الحمد للہ تشفی ہوگئی اور کوئی اشکال نہیں فرمایا۔

## مریض کو آپریشن کے بعد طہارت میں شبہ رہتا ہے تو نماز پڑھے یا نہ پڑھے:

(سوال ۸۵) زید کا پیشاب بند ہوگیا۔ڈاکٹر نے ناف کے اوپر سے آپریشن کر کے ربڑ کی نلی رکھ دی اس نلی سے پیشاب ہوتا ہے وہ نلی ہمیشہ پیٹ پر رہتی ہے اور اس میں پیشاب بھرا رہتا ہے۔نلی کے منہ کو تاگے سے بند کر دیا جاتا ہے۔جب پیشاب کرانا ہوتا ہے تو اس کے منہ کو کھول کر کرالیا جاتا ہے۔پھر تاگے سے بند کر دیا جاتا ہے تو ایسی حالت میں یہ شخص نماز پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اس حالت میں بھی نماز معاف نہیں۔پڑھنا ضروری ہے شبہ رہتا ہے تو بعد میں دھرالی جائے۔بیٹھ کر نہ پڑھ سکتا ہو تو لیٹے لیٹے اشارے سے پڑھے مگر چھوڑے نہیں۔(۱) فقط و اللہ اعلم بالصواب.

## ہوائی جہاز میں نماز پڑھنا:

(سوال ۸۶) ہوائی جہاز پر نماز پڑھنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) فتاویٰ رحیمیہ میں ہے"ہوائی جہاز میں نماز کا وقت آجائے تو نماز قضا نہ کرے پڑھ لیوے اور بعد میں اعادہ کر لیوے (ص ۲۹. ج ۵) اعادہ بہتر ہے ضروری نہیں ہے،البتہ وہ لوگ جو ہوائی جہاز میں بکثرت سفر کرتے ہیں یا اس میں ملازمت کرتے ہیں بوجہ حرج عظیم ان کے لئے اعادہ کا حکم نہیں ہے،فقط واللہ اعلم۔

## جہالت کی وجہ سے نمازی نے وضو ٹوٹ جانے کے بعد نماز جاری رکھی تو کیا حکم ہے؟:

(سوال ۸۷) دوران نماز ایک شخص کا وضو ٹوٹ گیا اسے اتنا تو معلوم تھا کہ خروج ریح سے وضو ٹوٹ جاتا ہے مگر نماز میں خروج ریح ہو جانے پر نماز توڑ کر وضو کر کے نماز پڑھنا چاہئے اسے اس بات کا علم نہ تھا بلکہ اس کا خیال یہ رہا کہ نماز جیسی اہم عبادت کو توڑنا نہ چاہئے اس لئے اسی حالت میں نماز پوری کی اور بعد میں وضو کر کے دوبارہ نماز پڑھی،دریافت طلب امر یہ ہے کہ موجودہ صورت میں اس شخص کے ایمان و نکاح میں خلل آئے گا؟ بینوا توجروا۔

(۱) مریض تحتہ ثیاب نجس و کلما بسط شیئاً تنجس من ساعتہ صلی علی حالہ وکذا لولم تنجس الا انہ یلحقہ مشقۃ بتحریکہ درمختار علی ھامش شامی آخر صلاۃ المریض ج ۲ ص ۱۰۳



(الجواب) بحالت نماز وضو ٹوٹ جانے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے،ایسی حالت میں نماز جاری رکھنا سخت گناہ ہے،جہالت کی وجہ سے ایسا ہوا ہے اس لئے اور احکام (تجدید نکاح،تجدید ایمان) جاری نہ ہوں گے،توبہ و استغفار بکثرت کرتا رہے،فقط۔

## قبر والے صحن کی چھت (سلیپ) پر نماز پڑھنا:

(سوال ۸۸) ہماری مسجد میں جماعت خانہ سے متصل صحن ہے،صحن میں ایک کنارے پر دو مزار (قبریں) ہیں،پورے صحن پر چھت (سلیپ) بنایا گیا ہے،اس چھت کے نیچے یہ دو قبریں بھی آجاتی ہیں،سوال یہ ہے کہ اس چھت پر جس وقت نمازی زیادہ ہوں تو نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(جواب) صورت مسؤلہ میں چھت پر نماز پڑھ سکتے،فقط واللہ اعلم بالصواب۔

# اوقات الصلوۃ

## موسم گرما میں ظہر کو دیر سے پڑھنا:

(سوال ۸۹) تھوڑی مدت سے بعض جگہوں پر نماز ظہر موسم گرما میں گرمی کے بہانے ہمیشہ کے وقت سے آدھ پون گھنٹہ دیر سے پڑھنے کا رواج ہو گیا ہے؟ پہلے گرمی ہو یا سردی، ظہر کا وقت ایک ہی رہتا تھا کیا اس وقت گرمی نہ پڑتی تھی یا اس وقت لوگوں کو گرمی محسوس نہ ہوتی تھی؟ آج کل تو مسجدوں میں برقی پنکھے بھی لگا دیئے گئے ہیں پھر بھی گرمی کا عذر پیش کر کے نماز ظہر دیر سے پڑھی جاتی ہے، تعجب تو یہ ہے کہ جمعہ میں گرمی کا عذر نہیں رہتا، نماز جمعہ اپنے وقت پر ہی پڑھی جاتی ہے اس کی کیا وجہ؟ بالتفصیل جواب عنایت کریں۔

(الجواب) ہمارے حنفی مذہب میں ظہر کی نماز موسم گرما میں ذرا تاخیر سے پڑھنا مستحب ہے در مختار میں ہے والمستحب تاخیر ظہر الصیف بحیث یمشی فی الظل (یعنی) موسم گرما میں ظہر کو تاخیر سے پڑھنا مستحب ہے، اس طرح کہ دیواروں کے سائے میں چل سکیں۔''

شامی وغیرہ میں تاخیر کی حد ایک مثل ہے، یعنی ایک مثل سایہ ہونے سے پہلے نماز ظہر پڑھ لے، اس سے زیادہ تاخیر نہ کی جائے (قولہ بحیث یمشی فی الظل) عبارۃ البحر والنھر وغیرھما وحدہ' ان یصلی قبل المثل وھی اولی (شامی ج ۱ ص ۳۴۰ کتاب الصلاۃ)

اس کی دلیل حضرت ابو ہریرہؓ کی مشہور روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اذا اشتد الحر فابر دوا بالصلوٰۃ فان شدۃ الحرمن فیح جھنم (بخاری شریف پ ۳ ج ۱ ص ۷۶ باب الا براد بالظھر فی شدۃ الحر) (ترجمہ) ''جب گرمی سخت ہو تو نماز کو ٹھنڈے وقت میں پڑھو بے شک گرمی کی شدت جہنم کی جھوکا کے اثر سے ہے۔''

(۲) حضرت ابو سعید روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ابردوا بالظھر فان شدۃ الحرمن فیح جھنم (ترجمہ) ظہر کو ٹھنڈے وقت میں پڑھو بے شک گرمی کی شدت جہنم کی جھوکار کے اثر سے ہے (بخاری شریف پ ۳ ج ۱ ص ۷۷ ایضاً)

(۳) حضرت ابوذر غفاری فرماتے ہیں کہ ''ہم آنحضرت ﷺ کے ساتھ سفر میں تھے، موذن نے ظہر کی اذان دینی چاہی تو آپ ﷺ نے فرمایا ابرد۔ وقت ٹھنڈا ہونے دو۔ تھوڑی دیر بعد پھر اذان دینی چاہی، آپ ﷺ نے پھر یہی فرمایا۔ ابرد۔ وقت ٹھنڈا ہونے دو یہاں تک ہم نے دیکھا کہ ٹیلوں کا سایہ پڑنے لگا ہے (جو لامحالہ ایک مثل ہو چکنے یا تقریباً ایک مثل پر پڑتا ہے) اس کے بعد آپ ﷺ نے اس کی یہ حکمت ارشاد فرمائی (ان شدۃ الحرمن فیح جھنم فاذا اشتد الحر فابر دوا بالصلوۃ) بخاری شریف ص ۷۷ ایضاً (ترجمہ) گرمی کی شدت جہنم کی جھوکار کا اثر ہوتا ہے۔ پس جب گرمی سخت ہو تو ٹھنڈ پڑے نماز پڑھو۔

حضرت ابوذرؓ کی روایت کے بموجب، اگرچہ یہ واقعہ سفر کا ہے مگر آنحضرت ﷺ نے تاخیر ظہر کی جو حکمت



بیان فرمائی ہے وہ سفر اور قیام دونوں صورتوں میں یکساں پائی جاتی ہے۔ ان احادیث سے معلوم ہوا کہ موسم گرما میں نماز ظہر میں تاخیر افضل ہے روایتوں میں یہ بھی ہے کہ حضرات صحابہؓ دیواروں کے سایوں میں چل کر نماز ظہر کے لئے جاتے تھے (اس زمانے میں دیواریں چھوٹی تھیں)

رہا نماز جمعہ کا مسئلہ تو بعض فقہاء ظہر پر قیاس کرتے ہوئے نماز جمعہ کو بھی گرمی میں تاخیر سے پڑھنے کے قائل ہیں، مگر حدیث میں لفظ ''ظہر'' ہے لفظ ''جمعہ'' نہیں ہے اور آنحضرت ﷺ اور آپ کے مقدس صحابہؓ کا عمل بھی اس کی تائید میں نہیں ہے۔ نیز نماز جمعہ بڑے مجمع سے پڑھی جاتی ہے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کا عام طریقہ تھا کہ وہ جمعہ کے لئے سویرے سے چلے جاتے تھے اب بھی ایسا ہوتا ہے کہ لوگ صبح سے تیاری کر کے بہت جلد مسجد میں آ کر بیٹھ جاتے ہیں، خطبوں اور نماز میں وقت بھی زیادہ لگتا ہے، اس لئے تاخیر میں بڑا حرج ہے، لہٰذا عام فقہاء ظہر کی طرح جمعہ کی تاخیر کے قائل نہیں ہیں وجمعۃ کظھر اصلاً واستحباباً فی الزمانین (درمختار) (قولہ واستحباباً فی الزمانین) ای الشتاء والصیف ح لکن جزم فی الا شباہ من فن الا حکام انہ لا یسن لھا الا براد فی جامع الفتاوی لقاری الھدایۃ قیل انہ مشروع لا نھا تو ادی فی وقت الظھر وتقوم مقامہ وقال الجمھور لیس بمشروع لا نھا تقام بجمع عظیم فتا خیرھا مفض الی الحرج ولا کذلک الظھر وموافقۃ الخلف لا صلہ من کل وجہ لیس بشرط اھ (شامی کتاب الصلاۃ ج ۱ ص ۳۴۰، ۳۴۱)

اصل یہی ہے کہ نماز میں تعجیل کرے۔ فرمان خداوندی ہے فاستبقوا الخیرات (نیکی کے کاموں میں جلدی کرو) مگر جہاں پر شارع علیہ السلام نے تاخیر کا حکم دیا ہو وہاں پر تاخیر کرے (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج ۱ ص ۳۹۸ کتاب الصلاۃ باب المواقیت) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## ''رمضان المبارک میں نماز فجر ہمیشہ سے جلد پڑھنا''

(سوال ۹۰) رمضان میں رات کو لوگوں کی نیند پوری نہیں ہوتی، جس کی وجہ سے سحری کے بعد فجر تک بیدار رہنا ان پر شاق گذرتا ہے، بعض تو گھر میں نماز پڑھ کر سو جاتے ہیں، اور بعض نماز کے وقت بیدار ہو جانے کے ارادے سے نماز پڑھے بغیر سو جاتے ہیں، بروقت آنکھ نہ کھلنے کی صورت میں ثواب جماعت سے محروم رہتے ہیں اور بعضوں کی تو نماز بھی قضا ہو جاتی ہے اگر صبح صادق کے بعد جلد جماعت کر لی جائے تو سب جماعت میں شریک ہو سکتے ہیں، ایسا کرنے میں کوئی حرج ہے؟

(الجواب) رمضان میں مذکورہ علت کی وجہ سے نماز فجر ہمیشہ کے وقت سے جلد پڑھ لی جائے تو کوئی حرج نہیں بلکہ اولیٰ ہے، سب لوگ شرکت فرمائیں گے اور جماعت بڑی ہوگی۔ اس کی تائید مندرجہ ذیل حدیث سے بھی ہوتی ہے۔

حضرت زید بن ثابت فرمایا کہ ہم نے رسول خدا ﷺ کے ساتھ سحری کھائی پھر صبح کی نماز کے لئے کھڑے ہو گئے، راوی نے دریافت کیا سحری اور نماز میں کتنا فاصلہ تھا؟ فرمایا کہ جتنی دیر میں پچاس آیتیں پڑھ سکیں، عن زید بن ثابت قال تسحر نا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم قمنا الی الصلوۃ قال قلت کم کان

قدر ذلک قال قدر خمسین آیة (ترمذی شریف ج ۱ ص ۸۸ ابواب الصوم باب ماجاء فی تاخیر السحور)

پچاس آیات تو ایک اندازہ ہے، سحری کا وقت ختم ہوجانے کے بعد یعنی صبح صادق بعد پندرہ بیس منٹ ٹھہر کر نماز پڑھی جائے تو بہتر ہے، اتنا فاصلہ استنجا وغیرہ سے فراغت کے لئے کافی ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## جہاں وقت عشاء نہ ملے تو نماز عشاء ادا کرے یا نہیں:

(سوال ۹۱) لندن میں بائیسویں مئی سے اکیسویں جولائی تک (ان دو ماہ کی) رات صرف ساڑھے چار گھنٹے کی ہے۔ ان ایام میں غروب شفق نہیں ہوتا اب اس حال میں نماز عشاء کے متعلق کیا حکم ہے؟ کہ عشاء کا وقت غروب شفق کے بعد ہے۔ لہذا مذکورۂ ذیل باتوں کی تفصیل فرمائیں: (۱) جہاں وقت عشاء نہ ہو وہاں نماز عشاء فرض ہے (۲) اگر وہ فرض ہوتی ہو تو کب پڑھی جائے (۳) کیا طلوع آفتاب کے بعد قضا کرے اگر قضا ہو تو اس کا وقت مقرر کرکے یا اذان و جماعت پڑھے یا بغیر جماعت منفرداً منفرداً۔

(الجواب) ایسی جگہ جہاں غروب شفق سے پہلے یا غروب کے بعد فوراً فجر طلوع ہوتا ہے اور وقت عشاء نہ رہے تو وہاں کے باشندوں پر نماز عشاء فرض ہے یا نہیں؟ اس بارے میں اختلاف ہے۔ بعض فقہا کہتے ہیں کہ ان پر عشاء فرض نہیں اس دلیل سے کہ جب نماز عشاء کی فرضیت کا سبب موجود نہیں تو ان پر عشاء بھی فرض نہیں اس موسم میں وہ لوگ چار نماز کے مکلف ہیں جیسا کہ مقطوع الید آدمی پر وضو میں تین ہی فرض ہیں مگر بعض دوسرے فقہاء کہتے ہیں کہ وہاں کے لوگوں پر نماز عشاء فرض ہے قول راجح اور واجب العمل یہی ہے۔ استدلالاً دلیل یہ ہے کہ خدا پاک نے سب جگہ کے لوگوں پر پنجگانہ نماز فرض کی ہے آپ ﷺ کی شریعت عام ہے کوئی اس سے مستثنیٰ نہیں۔ اعضاء وضو کے نہ ہونے اور سبب صلاۃ میں فرق ہے غور کرنے سے پتہ چلتا ہے فرضیت صلوٰۃ نفس الامر میں سبب خفی سے ثابت ہے وقت تو اس کے لئے ظاہری سبب اور سبب خفی کے لئے بطور علامت ہے اس کو اصل اور حقیقی ماننا صحیح نہیں۔ لہذا ظاہری سبب نہ ہونے کی وجہ سے حقیقی اور اصلی سبب جو نفس الامری ہے وہ معدوم نہ ہوگا جس کے وجوب پر دوسرے دلائل بھی ہیں۔ حدیث معراج میں ہے کہ اولاً پچاس نمازیں فرض تھیں پھر کمی کرتے کرتے پانچ نمازیں رہیں جس میں کوئی تصریح نہیں کہ یہ حکم فلاں ملک کے لئے ہے اور فلاں ملک کے لئے نہیں اور خدا تعالیٰ کو کائنات عالم کی جمیع اشیاء کا علم ہے۔ لہذا اس حکم سے کوئی جگہ مستثنیٰ نہیں۔ دجال والی حدیث میں ہے کہ ایک دن سال کے برابر ایک دن مہینہ کے برابر ایک دن ہفتہ کے برابر بڑا ہوگا۔ صحابۂ کرام نے دریافت کیا کہ آیا ان ایام میں بھی پانچ نمازیں کافی ہوں گی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا نہیں پانچ نمازیں کفایت نہیں کریں گی۔ ان ایام میں برس مہینے اور ہفتوں کی نمازیں اندازہ کرکے پڑھنی ہوں گی۔ یعنی چوبیس گھنٹہ میں پانچ نمازیں قدرے فاصلہ سے پڑھنی ہوں گی اس سے وضاحت ہوئی کہ ظاہری سبب قابل تسلیم نہیں حقیقی سبب قابل اعتبار ہے (فتح القدیر ج ۱ ص ۱۹۷-۱۹۸ کتاب الصلاۃ باب المواقیت (فصل)) (رسائل الارکان ص ۵۷-۵۸)

دارالعلوم کے سابق مفتی اعظم حضرت مولانا عزیز الرحمن صاحب فرماتے ہیں کہ بعض فقہاء کا تو یہی



مذہب ہے کہ وہاں عشاء کی نماز فرض نہیں چونکہ وہاں عشاء کا وقت نہیں ہوتا۔ جیسا کہ فتاویٰ محمدیہ میں مولوی سید احمد حسین صاحب نے لکھا ہے مگر محققین فقہا جیسے ابن ہمام وغیرہ فرماتے ہیں کہ اگرچہ عشاء کا وقت وہاں نہیں آتا لیکن عشاء کی نماز وہاں بھی فرض ہے اور دلیل ان کی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام بندوں پر پانچ وقت کی نماز فرض فرمائی ہے ان کو ہر جگہ اور ہر وقت پڑھنا چاہئے جیسا کہ حدیث دجال میں وارد ہے کہ ایک دن سال برابر کا ہوگا صحابہ کرام نے عرض کیا کہ نمازوں کی نسبت کیا حکم ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس دن میں سال بھر کی نمازیں پانچوں وقت کا اندازہ کرکے پڑھو یعنی ہر ایک چوبیس گھنٹے میں پانچ نمازیں ادا کرو (فتاویٰ دارالعلوم مکمل ومدلل ج ۲ ص ۶۱) (۲) جب عشاء کا وقت ملتا تھا اور نماز عشاء پڑھی جاتی تھی۔ مغرب بعد اتنے فاصلہ پر عشاء پڑھی جائے یا گردونواح جہاں عشاء کا وقت ہوتا ہے اور نماز عشاء اس کے وقت پر ادا ہوتی ہے تو اس حساب سے پڑھی جائے ایک صورت یہ بھی ہے کہ صبح صادق کے بعد عشاء اور وتر ادا کی جائے پھر فجر کے وقت میں فجر پڑھی جائے۔ درمختار میں ہے جس کو عشاء کا وقت نہ ملے وہ بھی عشاء اور وتر کا مکلف ہے یعنی عشاء اور وتر کی ادائیگی اس پر ضروری ہے وہ ان دونوں نمازوں کا اندازہ کر کے پڑھے یعنی جس موسم میں عشاء کا وقت ہوتا تھا اس وقت مغرب کے بعد جتنے فاصلہ سے عشاء کی نماز پڑھی جاتی تھی اتنے فاصلہ پر عشاء کی نماز ادا کی جائے یا اطراف کے شہروں اور ممالک میں جس وقت عشاء پڑھی جاتی ہے اس کے مطابق عمل کیا جائے اور عشاء اور وتر میں قضا کی نیت نہ کرے قضا نماز وہ ہے جس کا وقت ملے اور فوت ہوجائے، یہاں تو عشاء کا وقت ہی نہیں تو پھر قضاء کا مسئلہ کہاں رہا (درمختار کتاب الصلاۃ فی فاقد وقت العشاء کاھل بلغار مع الشامی ج ۱ ص ۳۳۵-۳۳۶) (۳) طلوع آفتاب کے بعد بھی پڑھ سکتے ہیں مگر نماز فجر و عشاء میں ترتیب مشکل ہے، لہذا صبح صادق کے بعد نماز فجر سے قبل عشاء کے فرض، اذان۔ تکبیر اور جماعت کے ساتھ پڑھے۔ (جوہرہ ج ۱ ص ۴۴ کتاب الصلاۃ) وتر باجماعت صرف رمضان ہی میں ادا کئے جاتے ہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

## ظہر اور عصر کا وقت:

(سوال ۹۲) مسجد میں دو ٹائم ٹیبل ہیں۔ ایک میں جماعت عصر کا وقت چار بج کر تیس منٹ کا ہے اور دوسرے میں چار بج کر ۲۵ منٹ کا۔ اب اذان کب دی جائے اس کا پتہ نہیں چلتا۔ یہاں پر چار بج کر تیس منٹ پر جماعت ہوتی ہے اور اذان چار بج کر پندرہ یا بیس منٹ پر ہوتی ہے تو صحیح وقت کیا ہے؟ تحریر فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) جس ٹائم ٹیبل (تقویم) میں چار بج کر تیس منٹ کا وقت بتلایا ہے وہ مفتی بہ قول کے مطابق ہے احناف کا مسلک یہی ہے اور اسی پر فتویٰ ہے کہ سایہ اصلی (یعنی وہ سایہ جو ٹھیک استواء کے وقت ہوتا ہے) اس کے علاوہ جب ہر چیز کا سایہ دو چند (دو مثل) ہوجائے اس کے بعد عصر کا وقت شروع ہوتا ہے اور اس سے پہلے یعنی دو مثل ہونے تک ظہر کا وقت رہتا ہے۔ مالابدمنہ میں ہے۔ وروایت مفتی بہ از امام اعظم آن ست کہ وقت ظہر باقی ماند تا آنکہ سایہ چیز دوچند ے آن شود سوائے سایۂ اصلی وبعد گذشتن وقت ظہر بردو قول وقت عصر است (ص ۲۵ کتاب الصلاۃ)

مفتی اعظم حضرت مولانا محمد کفایت اللہ صاحب نے تعلیم الاسلام میں تحریر فرمایا ہے جب ہر چیز کا سایہ

اصلی سایہ کے علاوہ دو مثل ہو جائے تو ظہر کا وقت ختم ہو کر عصر کا وقت شروع ہوتا ہے۔ (تعلیم الاسلام ج ۲ ص ۴۵) ماہ دسمبر میں سایہ اصلی ایک مثل کے قریب ہوتا ہے لہذا علاوہ اس کے دو مثل سایہ ہونے کے بعد عصر کی اذان ہونی چاہئے اور فی الحال چار بج کر تیس منٹ کا وقت ہے اور اسی میں احتیاط ہے راندیر میں اسی پر عمل ہے، راندیر میں ماہ دسمبر میں اذان چار بج کر تیس منٹ پر اور چار بج کر ۴۵ منٹ پر جماعت ہوتی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## مثلین سے پہلے عصر کی نماز پڑھی جاتی ہے:

(سوال ۹۳) محلہ کا امام عصر کی نماز مثلین سے پہلے، اسی طرح عشاء کی نماز شفق ابیض کے غائب ہونے سے پہلے پڑھتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہئے۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) دوسری مسجد میں جہاں صحیح وقت پر نماز پڑھی جاتی ہو جا کر پڑھنی چاہئے۔ اگر یہ ممکن نہ ہو یا دشوار ہو تو امام کے ساتھ پڑھ لیں اور وقت آنے پر منفرداً اعادہ کر لیں۔ ثم رائت فی آخر شرح المنیۃ ناقلاً عن بعض الفتاویٰ انہ لوکان امام محلۃ یصلی العشاء قبل غیاب الشفق الابیض فالافضل ان یصلیھا وحدہ بعد البیاض .اہ (ص ۳۷۲ ج ۱) (اعلاء السنن ص ۷ ج ۲) کتاب الصلاۃ باب المواقیت) والاولی ماقلنا انہ یصلی مع الامام ثم یعیدھا ولا تکرہ اعادۃ العصر فی ھذہ الصورۃ لان الاولی لم تصح عند الامام فیکون الفرض ھی الثانیۃ لم ارہ صریحاً ولکنہ مقتضی القواعد. فقط و اللہ اعلم بالصواب. (اعلاء السنن ج ۴ ص ۲۷۶ باب مایفعل المأموم اذا أخر الامام الصلاۃ)

## وقت عصر کی تفصیل:

(سوال ۹۴) ہماری مسجد میں دو ٹائم ٹیبل ہیں ایک میں نماز عصر کا وقت چار بج کر تیس (۴-۳۰) منٹ ہے اور دوسرے میں چار بج کر پچیس (۴-۲۵) منٹ ہے۔ تو اذان کب دی جائے یہاں پر چار بج کر تیس (۴-۳۰) منٹ پر جماعت ہوتی ہے۔ اور اذان چار بج کر پندرہ یا بیس منٹ کو ہوتی ہے تو صحیح وقت کیا ہے؟

(الجواب) جس ٹائم ٹیبل میں چار بج کر تیس (۴-۳۰) منٹ کا وقت ہے۔ وہ مفتی بہ قول کی مطابق ہے۔ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مفتی بہ قول یہ ہے کہ ظہر کا وقت ہر چیز کا سایہ علاوہ سایہ اصلی کے دو مثل ہونے تک رہتا ہے۔ دو مثل ہونے کے بعد عصر کا وقت شروع ہوتا ہے، "مالا بدمنہ" میں ہے۔ درروایت مفتی بہ از امام اعظم آنست کہ وقت ظہر باقی ماندہ تا کہ سایہ اصلی ہر چیز دو چندے آں شود سوائے سایہ اصلی و بعد گذشتن وقت ظہر بر دو قول وقت عصر است (ص ۲۵)

مفتی اعظم مولانا کفایت اللہ ؒ نے بھی تعلیم الاسلام میں اسی طرح تحریر فرمایا ہے۔

جب ہر چیز کا سایہ سایہ اصلی کے علاوہ دو مثل ہو جائے تو ظہر کا وقت ختم ہو کر عصر کا وقت شروع ہوتا ہے۔ (تعلیم الاسلام ص ۴۵ ج ۲)



## وقت عشاء کی تفصیل:

(سوال ۹۵) اس موسم (ماہ جون) میں غروب آفتاب سات بج کر انیس (۷-۱۹) منٹ پر ہے۔ اور شفق کا فاصلہ ایک گھنٹہ چونتیس (۱-۳۴) منٹ کا ہے تو عشاء کی اذان کب دی جائے؟ ہمارے امام صاحب آٹھ بج کر پینتالیس (۸-۴۵) منٹ کو اذان پڑھواتے ہیں اور جماعت نو بجے۔ تو کیا اذان وقت پر ہوتی ہے؟ ہم یہ کہتے ہیں کہ نماز وقت پر ہوتی ہے۔ اور اذان قبل از وقت۔ اذان آٹھ بج کر ترپن (۸-۵۳) منٹ کے بعد ہونی چاہئے تو کیا ہمارا کہنا غلط ہے؟

(الجواب) آپ کی بات صحیح ہے۔ عشاء کا وقت غروب شفق کے بعد سے شروع ہوتا ہے۔ "شفق" سے کون سی شفق مراد ہے۔ احمر یا ابیض، اس میں اختلاف ہے۔ لغت عربی میں سرخی اور (سرخی کے بعد کی) سفیدی دونوں کو شفق کہتے ہیں۔ علامہ ابن الرشید تحریر فرماتے ہیں۔ وسبب اختلافھم فی ھذہ المسئلۃ اشتراک اسم الشفق فی لسان العرب بانہ کما ان الفجر بلسانھم فجران کذا لک الشفق شفقان احمر وابیض الخ. (بدایۃ المجتھد ص ۹۲ ج ۱)

امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ وقت عشاء کے بارے میں شفق سے وہ سفیدی مراد لیتے ہیں۔ جو سرخی کے غائب ہونے کے بعد تھوڑی دیر رہتی ہے اور یہی راجح اور قابل عمل ہے۔ "کتاب الاختیار" میں ہے الشفق البیاض الذی بعد الحمرۃ ترجمہ:۔ شفق وہ سفیدی ہے جو سرخی کے بعد رہتی ہے (ص ۳۹ ج ۱ کتاب الصلاۃ) حدیث شریف میں ہے کہ حضرت انسؓ نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا کہ میں عشاء کب پڑھوں؟ تو آپ (ﷺ) نے ارشاد فرمایا۔ حین اسود الافق۔ ترجمہ:۔ جب افق یعنی آسمان کا کنارہ تاریک ہو جائے۔ اور مرفوع روایت میں ہے کہ یصلی العشاء حین یسود الافق۔ یعنی آنحضرت ﷺ عشاء اس وقت ادا فرماتے تھے جب افق پر تاریکی چھا جاتی تھی۔ (ابوداؤد ص ۶۳ ج ۱) (زجاجۃ المصابیح ص ۱۶۸ ج ۱ باب المواقیت)

اسی لئے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے شفق سے شفق ابیض مراد لی ہے۔ افق پر تاریکی سفیدی کے بعد چھاتی ہے نہ کہ سرخی کے بعد لہذا عشاء کی اذان بھی سفیدی (شفق) غائب ہونے کے بعد پڑھنی چاہئے۔ آپ کے امام صاحب کو اس سے اطمینان نہ ہو تو تعلیم الاسلام میں مولانا کفایت اللہؒ کا فتویٰ ملاحظہ فرمالیں۔ تعلیم الاسلام یہ ہے۔

(سوال) نماز عشاء کا وقت کیا ہے؟

(الجواب) سفید شفق جاتے رہنے کے بعد عشاء کا وقت شروع ہوتا ہے۔ (حصہ سوم)

## عشاء کا وقت غروب آفتاب کے بعد کب شروع ہوتا ہے:

(سوال ۹۶) غروب آفتاب کے بعد کب تک شفق ابیض باقی رہتی ہے۔ اور کب سے عشاء کا وقت شروع ہوتا ہے؟

(الجواب) یہ فاصلہ ہمیشہ یکساں نہیں رہتا، ماہ بماہ یا کچھ کچھ دنوں میں گھٹتا بڑھتا رہتا ہے لیکن یہ فاصلہ ایک گھنٹے اڑتیس (۱-۳۸) منٹ سے زیادہ نہیں ہوتا اور ایک گھنٹہ اکیس (۱-۲۱) منٹ سے کم نہیں ہوتا۔ ماہ جون میں یہ

فاصلہ ایک گھنٹہ اڑتیس (۳۸۔۱) منٹ کا ہوتا ہے اور ستمبر میں سب سے کم۔ یعنی ایک گھنٹہ اکیس (۲۱۔۱) منٹ کا ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ یہ نقشہ پیش کیا جاتا ہے جس کے مطابق عشاء کی نماز میں تغیر وتبدیل کریں۔ (محمد کفایت اللہ دہلی)

## نقشہ

| مہینے مع تاریخ | گھنٹہ | منٹ | مہینے مع تاریخ | گھنٹہ | منٹ |
|---|---|---|---|---|---|
| کیم جنوری | ۱ | ۲۷ | کیم جولائی | ۱ | ۳۴ |
| کیم فروری | ۱ | ۲۴ | کیم اگست | ۱ | ۳۰ |
| کیم مارچ | ۱ | ۲۲ | کیم ستمبر | ۱ | ۲۵ |
| کیم اپریل | ۱ | ۲۳ | اکیسویں ستمبر | ۱ | ۲۱ |
| کیم مئی | ۱ | ۲۷ | کیم اکتوبر | ۱ | ۲۲ |
| کیم جون | ۱ | ۳۴ | کیم نومبر | ۱ | ۲۳ |
| تیئسویں جون | ۱ | ۳۸ | کیم دسمبر | ۱ | ۲۷ |
| پچیسویں جون | ۱ | ۳۷ | اکتیسویں دسمبر | ۱ | ۲۸ |

نوٹ۔ جس ماہ کی جس تاریخ میں غروب آفتاب اور غروب شفق میں جس قدر فاصلہ رہتا ہے تقریباً اتنا ہی فاصلہ صبح صادق اور طلوع آفتاب میں بھی ہوتا ہے۔

"شامی" میں ہے (فائدہ) ذکر العلامۃ المرحوم الشیخ خلیل الکاملی فی حاشیۃ علی رسالۃ الاسطر لاب لشیخ مشائخنا العلامۃ المحقق علی افندی الداغستانی ان التفاوت بین الفجرین و کذا بین الشفقین الا حمر والا بیض انماھم بثلث درج (ص ۳۳۲ ج ۱ کتاب الصلاۃ) دوسری جگہ ہے (تنبیہ) قد مناقریباً ان التفاوت بین الشفقین بثلاث درج کما بین الفجرین فلیحفظ (شامی ص ۳۳۵ ج ۱ ایضاً) فقط واللہ اعلم بالصواب.

## نماز فجر کی جماعت اسفار میں افضل ہے:

(سوال ۹۷) فجر کی نماز میں لوگ کم آتے ہیں اور جس مسجد میں صبح صادق کے تھوڑی دیر بعد جماعت کا وقت مقرر ہے وہاں تو لوگ جماعت چھوڑ کر تنہا تنہا نماز پڑھتے ہیں اور جماعت کے ثواب سے محروم رہتے ہیں۔ اگر ملازم تجارت پیشہ لوگوں کا لحاظ کرتے ہوئے اخیری وقت جماعت کی جائے تو بہتر ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) صبح کی نماز غلس (اندھیرے) اور اسفار (اجالے) میں پڑھنا حدیث سے ثابت ہے۔ اسلام کے ابتدائی دور میں صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین جو نئے نئے مسلمان ہوئے تھے ان میں عبادت کا ذوق وشوق بے پناہ



تھا۔ آنحضرت ﷺ کی معیت میں اکثر مسجد میں شب باشی کرتے، عبادات سیکھتے۔ نوافل اور تہجد میں مشغول رہتے ان حضرات کے لئے غلس میں نماز پڑھنا آسان تھا (جیسا کہ ہمارے لئے رمضان المبارک میں نماز فجر جلد ادا کر لینے میں سہولت ہوتی ہے) کسی کی جماعت فوت ہونے کا اندیشہ نہ تھا، پھر جب مسلمانوں کی کثرت ہوئی اور ان کے لئے صبح کی نماز تاخیر اور اسفار میں پڑھنے میں سہولت ہونے لگی اور اس وقت لوگوں کا جماعت میں شریک ہونا آسان ہونے لگا تو ان کی جماعت فوت نہ ہو جائے اس بنا پر حضور اکرم ﷺ اور صحابہ اسفار میں نماز پڑھنے لگے اور ساتھ ساتھ حضور اکرم ﷺ نے اس کی فضیلت بھی بیان فرمائی ہے۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے۔ اصبحوا بالصبح فانہ اعظم الا جر. یعنی نماز فجر خوب اجالے میں پڑھو اس میں بہت زیادہ اجر ہے (ابو داؤد شریف ج ۱ ص ۶۷ باب المواقیت باب وقت الصبح) نیز حدیث میں ہے اسفروا بالفجر فانہ اعظم للاجر ترجمہ: نماز اجالے میں پڑھو اس میں بڑا اجر وثواب ہے۔ (ترمذی شریف ج ص ۴۰ باب ماجاء فی الاسفار بالفجر) دیگر کتب احادیث میں بھی قریب قریب یہی الفاظ مبارکہ ہیں۔ جیسے مسلم شریف ج ا ص ۲۲۳) نسائی شریف ج ا ص ۵۰ (ابن ماجہ ج ا ص ۴۹) (مجمع الزوائد ج ا ص ۱۳۲) (مصنف ابن ابی شیبہ ج ا ص ۳۲۱) (طحاوی شریف ج ا ص ۱۰۶) وغیرہ میں ملاحظہ ہو۔

اس لئے فقہاء رحمہم اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ صبح کی نماز اجالے میں ادا کی جائے۔ یعنی طلوع آفتاب سے اس قدر پہلے شروع کی جائے کہ سنت کے مطابق (کم از کم چالیس پچاس آیات) پڑھ کر نماز پوری کر سکیں اور اگر نماز میں فساد آ جائے تو مسنون قرائت کے ساتھ نماز کا اعادہ کر سکیں۔ (اس کے لئے پچیس ۲۵ تیس ۳۰ منٹ کافی ہیں) یعنی طلوع آفتاب سے پچیس ۲۵ سے تیس ۳۰ منٹ پہلے جماعت کا وقت مقرر کرنا مستحب ہے۔ یہ اس لئے کہ صبح کا وقت سونے اور غفلت کا ہے۔ غلس میں جماعت کرنے سے اکثر لوگوں کی جماعت فوت ہوگی۔ اس لئے تاخیر افضل ہے مگر اس قدر تاخیر نہ ہو کہ سلام پھیرنے کے بعد اعادہ کا وقت نہ رہے۔ "مالابدمنہ" میں ہے۔ دور روشنی روز خواندن صبح مجدیکہ بہ قراءت مسنونہ نماز ادا کندو اگر فساد ظاہر شود باز بہ قراءت مسنونہ ادا کند مستحب است۔ یعنی۔ صبح کی نماز اتنے اجالے میں پڑھنا مستحب ہے کہ مسنون قرائت سے ادا کرنے کے بعد اتنا وقت رہے کہ نماز فاسد ہو جائے۔ تو دوبارہ مسنون قرأت کے ساتھ ادا کر سکے (مالابدمنہ ص ۲۵) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## تہجد کا وقت:

(سوال ۹۸) تہجد کا وقت کب سے شروع ہوتا ہے؟

(الجواب) مختار مذہب یہ ہے کہ تہجد کا وقت نصف شب کے بعد شروع ہوتا ہے خواہ اس سے پہلے سویا ہو یا نہ سویا ہو (سونا شرط نہیں) ہاں سونے کے بعد اٹھ کر پڑھنا بہتر ہے۔ فتاوی عزیزی میں ہے "اول وقت آں بعد از نصف شب است۔ سواء سبقہ النوم ام لا (ص ۵ کتاب الصلاۃ) فقط (و اللہ اعلم بالصواب)

## چاشت کی نماز کا وقت اور اس کی رکعتیں:

(سوال ۹۹) چاشت کی نماز کا وقت کیا ہے۔ اور اس کی کتنی رکعتیں ہیں؟

(الجواب) چاشت کی نماز کا وقت آفتاب طلوع ہونے سے زوال تک ہے لیکن افضل اور مختار یہ ہے کہ ایک چوتھائی دن گذرنے کے بعد پڑھے مثلاً آج کل ۳۵-۶ پر طلوع آفتاب اور ۵۲-۶ پر غروب آفتاب ہے تو ۴۰-۹ سے زوال تک چاشت کی نماز پڑھ سکتے ہیں اس کی چار رکعتیں ہیں۔ دو رکعت بھی پڑھ سکتا ہے اور زیادہ پڑھنا چاہے تو بارہ رکعت بھی پڑھ سکتا ہے۔ درمختار میں ہے۔ وندب اربع فصاعداً فی الضحیٰ من بعد الطلوع الی الزوال ووقتها المختار بعد ربع النهار وفی المنیه اقلها رکعته واکثر ها اثنا عشر ووسطها ثمان وهوافضلها کما فی الذخائر لثبوته بفعله الخ (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۶۳۹ مطلب سنة الضحی) فقط واللہ اعلم بالصواب۔ ۲ جمادی الثانی ۱۴۰۲ھ مطابق ۲۸ مارچ ۱۹۸۲ء۔

## اشراق کی نماز کا وقت:

(سوال ۱۰۰) اشراق کی نماز کا وقت کیا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اشراق کی نماز کا وقت طلوع آفتاب کے بعد تقریباً بارہ پندرہ پر شروع ہوجاتا ہے۔ اولها (عند طلوع الشمس الی آن ترتفع الشمس وتبیض قدر رمح او معین (طحطاوی علی الفلاح ص ۱۰۶ فصل فی الاوقات المکروهة) فقط واللہ اعلم بالصواب۔ ۳ جمادی الثانی ۱۴۰۲ھ۔

## مجبوراً عصر کی نماز جماعت کے ساتھ ایک مثل پر پڑھنا صحیح ہے یا نہیں؟:

(سوال ۱۰۱) محترم المقام حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم۔ بعد سلام مسنون۔ امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوگا۔ مندرجہ ذیل سوال کا جواب عنایت فرما کر ممنون فرمائیں۔

ہم لوگ سعودیہ عربیہ کے مقام جدہ میں بغرض ملازمت مقیم ہیں۔ ایک کمپنی میں کام کرتے ہیں۔ جس میں بہت سے لوگ ہندوستانی حنفی ہیں اور بہت سے لوگ یمنی بھی ہیں۔ کمپنی میں ایک مسجد بھی بنائی گئی ہے۔ اس مسجد میں یمنی حضرات بضد ہوکر عصر کی نماز ایک مثل پر جماعت کرکے پڑھتے ہیں ہم نے ان کو بہت سمجھایا کہ ہمارے اعتبار سے عصر کا وقت نہیں ہوتا مگر وہ لوگ نہیں مانتے اور ایک مثل پر ہی جماعت کرکے نماز پڑھتے ہیں ایسی حالت میں اگر حنفی ان کے ساتھ جماعت میں شریک ہوجائیں اور نماز پڑھ لیں تو کیا حکم ہے؟ نماز ادا ہوجائے گی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) عصر کا وقت ایک مثل سایہ سے شروع ہوتا ہے یا دو مثل سے اس میں اختلاف ہے۔ احتیاط کا تقاضہ یہ ہے کہ ظہر کی نماز ایک مثل کے اندر پڑھ لی جائے اور عصر کی نماز دو مثل ہونے کے بعد ادا کی جائے۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ عن عبد الله بن رافع مولی ام سلمة زوج النبی صلی الله علیه وسلم انه سئل ابا هریرة عن وقت الصلوة فقال ابو هریرة انا اخبرک صل الظهر اذا کان ظلک مثلک والعصر اذا کان ظلک مثلیک۔ یعنی عبداللہ بن رافع مولیٰ ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت ابوہریرہؓ سے نماز کے اوقات کی بابت سوال کیا تو حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ میں تم کو بتلاتا ہوں ظہر کی نماز اس وقت پڑھو جب تمہارا سایہ تمہارے برابر ہو اور عصر کی نماز ایسے وقت ادا کرو جب تمہارا سایہ تم سے دوچند ہو (موطا امام مالک ص ۳ وقوت الصلوٰۃ)



اگر عصر کی نماز دو مثل سے پہلے پڑھ لی جائے (جیسا کہ آپ کے یہاں ہوتا ہے) تو نماز مشتبہ ہوگی، دو مثل کے بعد پڑھنے میں شبہ نہ رہے گا بلکہ بالاتفاق ادا ہوجائے گی عبادت احتیاط لازم ہے۔ یہ حضرات دو مثل سے پہلے ہی پڑھنے پر بضد ہوں تو دوسری مسجد میں جہاں احتیاط پر عمل ہوتا ہو چلے جائیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو یا دشوارتر ہو تو مجبوراً جماعت کے ساتھ نماز ادا کرلیں اور دو مثل سایہ کے بعد تنہا تنہا اعادہ کرلیا کریں۔ والاولی ما قلنا انه یصلی مع الامام ثم یعید ها ولا تکره اعادة العصر فی هذه الصورة لان الاولیٰ لم تصح عند الامام فیکون الفرض هی الثانیة لم اره صریحا ولکنه مقتضی القواعد (اعلاء السنن ج ۲ ص ۶۷۳ باب مایفعل المأموم اذا أخر الامام الصلاة) فقط و الله اعلم بالصواب۔

## مجبوری کے وقت ایک مثل سایہ کے بعد عصر کی نماز پڑھنا:

(سوال ۱۰۲) بس کا وقت ایسا ہے کہ اگر مذہب حنفی کے موافق عصر کی نماز پڑھی جائے تو بس چھوٹ جاتی ہے اور اگر یہ پڑھی جائے تو درمیان میں اتنا وقت نہیں ملتا کہ نماز پڑھی جاسکے ایسی پریشانی کے وقت امام شافعی رحمہ اللہ کے مسلک کے مطابق ایک مثل سایہ ہوجانے کے بعد عصر کی نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) بس سے سفر کرنے میں مذکورہ پریشانی ہو تو ریل سے سفر کیا جائے اور اگر ریل سے بھی سفر کرنے میں یہ پریشانی اور الجھن پیش آتی ہو تو مجبوری کی وجہ سے ایک مثل سایہ کے بعد نماز پڑھ سکتا ہے اور یہ صاحبین رحمہما اللہ کا قول بھی ہے حوالہ بالا۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## نماز فجر میں اسفار:

(سوال ۱۰۳) فجر کی نماز کے لئے افضل وقت کون سا ہے، اسفار میں اولیٰ ہے یا غلس میں ہمارے یہاں صبح کی نماز خوب روشن ہونے پر ہوتی ہے، یعنی طلوع آفتاب سے پچیس تیس منٹ قبل نماز شروع ہوتی ہے، مگر ایک صاحب کا کہنا ہے کہ نماز فجر اسفار میں پڑھنا حدیث سے ثابت نہیں تو کیا نماز فجر اسفار میں خلاف سنت ہے، حدیث کی روشنی میں جواب دے کر ممنون فرماویں۔؟

(الجواب) صبح صادق ہوتے ہی فجر کا وقت شروع ہوکر طلوع آفتاب سے کچھ پہلے تک رہتا ہے، اس عرصہ میں کسی بھی وقت نماز پڑھنا درست ہے مگر اسفار یعنی خوب اجالا ہونے کے بعد نماز پڑھنا افضل و مستحب ہے، اس میں بڑا ثواب ہے اور یہ بہت سی احادیث سے ثابت ہے، حدیث سے عدم ثبوت کا قائل حدیث سے ناواقف ہے۔

حدیث جبرائیل میں ہے کہ بار دیگر جبرائیل علیہ السلام نے فجر کی نماز اسفار میں پڑھائی وصلی بی الفجر فاسفر (مشکوۃ ص ۵۹ باب المواقیت الفصل الاول عن بریدة)

احادیث سے فجر کی نماز غلس و اسفار میں پڑھنے کا ثبوت بھی ملتا ہے، چنانچہ ابتدائی دور نبوت میں نماز فجر کچھ اندھیرے میں پڑھی جاتی تھی کیونکہ وہ زمانہ شدت عمل کا تھا، صحابہ کرام میں حدیث الاسلام ہونے کی وجہ سے حاضر باشی و شب بیداری کا جذبہ تھا، رات کا اکثر حصہ مسجد میں گزرتا ان کے لئے غلس میں نماز پڑھنا ہی سہل تھا جیسا کہ ماہ مبارک میں بعد تہجد و سحری صبح صادق ہوتے ہی نماز فجر پڑھنا آسان ہوا کرتا ہے، زیادہ تر خواتین بھی فجر کی نماز

میں آتی تھیں، ان کے حق میں پردہ کا لحاظ بھی اسی کا مقتضی تھا کہ نماز فجر غلس میں پڑھ لی جائے، پھر جب اشاعت اسلام عام ہوئی، مسلمانوں کی تعداد بڑھنے لگی عام لوگوں کے لئے سہولت اسی میں تھی کہ نماز اسفار میں پڑھی جائے تاکہ جماعت کے ثواب سے کوئی محروم نہ رہے، اسی لئے حضور ﷺ نے ہدایت فرمائی۔

اصبحوا بالصبح فانه اعظم للاجر ترجمہ۔ نماز فجر اسفار میں پڑھو اس میں تمہارے لئے بڑا ثواب ہے۔ (ابوداؤد باب وقت الصبح عن رافع بن خدیج ج ا ص ۶۱، نسائی ج ا ص ۹۴، ابن ماجہ ص ۴۹، طحاوی شریف ج ا ص ۱۰۶)

ترمذی شریف کے الفاظ یہ ہیں۔ اسفروا بالفجر فانه اعظم للاجر ترجمہ۔ نماز فجر خوب روشنی کی بعد پڑھو اس میں اجر عظیم ہے (ترمذی باب ماجآء فی الاسفار بالفجر ج ا ص ۲۲، مسند امام اعظم ج ا ص ۳۰۴) مجمع الزوائد ج ا ص ۳۱۵، مصنف ابن ابی شیبہ ج ا ص ۳۲۱۔ امام ترمذیؒ یہ حدیث نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں "حدیث رافع بن خدیج حدیث حسن صحیح ، رافع بن خدیجؓ کی یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

مسلم شریف میں "فنور بالصبح" کے الفاظ ہیں (مسلم باب اوقات الصلوات الخمس ج ا ص ۲۲۳ اور حدیث شریف میں ہے عن عبد الله قال مارأيت النبی صلی الله علیه وسلم صلی صلوة لغير ميقاتها الا صلوتين جمع بين المغرب والعشاء وصلى الفجر قبل ميقاتها (بخاری باب متى يصلى الفجر مجمع ج ا ص ۲۲۸ پ ۷، مسلم ج ا ص ۴۱۷) ترجمہ: حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دو نماز کے علاوہ ہر نماز کو اس کے مقررہ وقت پر پڑھتے دیکھا ہے وہ دو نماز یہ ہیں (۱) مزدلفہ میں مغرب اور عشاء میں جمع بین الصلوتین کیا (۲) اور نماز فجر عام معمول کے خلاف غلس میں پڑھی۔

مذکورہ تمام احادیث اسفار میں نماز پڑھنے میں مؤید ہیں ان کے علاوہ اور بھی بہت سی ایسی احادیث ہیں جن سے نماز فجر اسفار میں پڑھنے کی افضلیت ثابت ہوتی ہے۔ اسی لئے فقہائے احناف فرماتے ہیں ویستحب الاسفار بالفجر لقوله عليه السلام اسفروا بالفجر فانه اعظم للاجر. (هدايه فصل فی الاوقات المستحبة ج ا ص ۶۶)

لہذا آپ حضرات کا اسفار میں نماز پڑھنا حدیث وسنت کے موافق ہے، حدیث کے خلاف یا بدعت نہیں۔

نیز فقہاء تحریر فرماتے ہیں کہ صبح کی نماز اجالے میں پڑھے یعنی طلوع آفتاب سے اتنا پہلے شروع کرے کہ مسنون قرأت (جس کی مقدار کم از کم ۴۰ سے ۴۵ آیات ہیں) پڑھ سکے اور اگر خدانخواستہ کسی وجہ سے نماز فاسد ہو تو دوبارہ قرأت مسنونہ سمیت لوٹا سکے، اس لحاظ سے ۲۵ سے ۳۰ منٹ کافی ہیں۔

پس طلوع آفتاب سے ۲۵ سے ۳۰ منٹ قبل جماعت کا قیام مستحب ہے چونکہ صبح کا وقت نیند اور غفلت کا وقت ہے نماز جلدی پڑھنے میں بہت سے لوگوں کی جماعت فوت ہونے کا اندیشہ ہے لہذا تاخیر ہی اولیٰ ہے مگر اس قدر تاخیر بھی نہ کرے کہ سلام پھیرنے کے بعد نماز دوبارہ پڑھنے کا وقت نہ رہے، مالا بدمنہ میں ہے "و در روشنی روز خواندن صبح بہ حدیکہ بقرأت مسنون نماز ادا کند و اگر فساد ظاہر شود باز بقرائت مسنون ادا کند مستحب است (مالا بدمنہ ص ۲۵) ترجمہ۔ نماز فجر اس قدر اجالا ہونے کے بعد پڑھنا مستحب ہے کہ نماز قرأۃ مسنونہ سے پڑھنے کے بعد اتنا وقت رہے کہ اگر کسی وجہ سے نماز فاسد ہوجائے تو مسنون قرأۃ کے ساتھ دوہرا سکے۔

لہذا آپ حضرات کا عمل حدیث وسنت کے مطابق ہے بدعت اور خلاف سنت نہیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔



# اوقات ممنوعہ ومکروہ

## عصر کے بعد تحیۃ الوضو یا کوئی نماز:

(سوال ۱۰۴) عصر اور مغرب کے درمیان تحیۃ الوضو پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

(الجواب) نہیں پڑھ سکتے۔ عصر اور مغرب کے درمیان نفل نماز پڑھنا مکروہ اور منع ہے۔(۱)

(سوال ۱۰۵) عصر اور مغرب کے درمیان کون سی نماز پڑھنا درست ہے؟

(الجواب) آفتاب کے زرد ہونے سے پہلے یعنی آفتاب کی تیزی باقی رہے وہاں تک فرض وواجب کی قضا پڑھ سکتے ہیں (لیکن تنہائی میں پڑھے لوگوں کے سامنے نہ پڑھے) نماز جنازہ اور سجدۂ تلاوت بھی جائز ہے۔ آفتاب کی تیزی ختم ہونے کے بعد یعنی آفتاب زرد ہونے کے بعد اجازت نہیں۔ ہاں اگر اس وقت جنازہ آیا یا سجدۂ تلاوت واجب ہوا تو کراہت کے ساتھ جائز ہے اگر اس دن عصر کی نماز نہ پڑھی ہو تو ایسی حالت میں بھی پڑھنا چاہئے (اگرچہ اتنی تاخیر سے پڑھنا مکروہ تحریمی ہے) قضا نہ ہونے دے کیونکہ قضا کا گناہ بہت بڑا ہے۔(۲)

فقط و الله اعلم بالصواب۔

## صبح صادق اور طلوع آفتاب کے درمیان نفل نماز:

(سوال ۱۰۶) صبح صادق سے طلوع تک نفل پڑھنا صحیح ہے یا نہیں؟

(الجواب) نہیں پڑھ سکتے اس وقت نفل نماز مکروہ اور منع ہے۔ طلوع کے بعد جب تک آفتاب ایک نیزہ بلند ہو کر تیزی نہ پکڑے اس وقت تک کسی نماز کی اجازت نہیں۔(۳)

## فجر کی نماز فوت ہوجائے تو پہلے فرض پڑھے یا سنت:

(سوال ۱۰۷) فجر کی جماعت فوت ہوئی تو پہلے سنت پڑھ کر فرض پڑھے یا فقط فرض پڑھے اور سنت طلوع کے بعد پڑھے؟ اگر طلوع کے بعد فرض کی قضا کرے تو سنت پڑھے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اگر وقت میں گنجائش نہیں ہے تو سنتیں نہ پڑھے صرف فرض پڑھ لے۔ سنتوں کی قضا نہیں ہوتی۔ اگر چاہے تو بطور نفل طلوع آفتاب کے بعد جب اشراق کا وقت ہوجائے دو رکعت پڑھ لے۔ اگر فجر کی نماز قضا ہوگئی

(۱) وكره نفل قصداً ولو تحية مسجد بعد صلاة فجر و صلاة عصر ولو المجموع بعرفة. درمختار على هامش شامی ج ا ص ۳۷۵

(۲) وكره تحريماً صلاة مطلقاً ولو قضاء او واجبة او نفلاً او على جنازة وسجدة تلاوة وسهو مع الشروق والستواء وغروب الا عصر يومه وينعقد نفل بشروع فيها وسجدة تلاوت وصلاة جنازة تليت الآية فی كامل و حضرت الجنازة لو جوبه كاملا فلا يتأدى ناقصا. در مختار على هامش شامی ج ا ص ۳۷۰ ۳۷۴

(۳) تسعة اوقات يكره فيها النوافل وما فی معناها لا الفرائض ومنها ما بعد صلاة الفجر قبل طلوع الشمس. فتاوى عالمگیری الفصل الثالث فی بيان الاوقات التی لا تجوز فيها الصلاة ج ا ص ۵۳.

اور اسی روز زوال سے پہلے قضا کرے تو پہلے سنت پڑھے پھر فرض۔ زوال کے بعد قضا کرے تو فقط فرض پڑھے۔(۱)

فقط و الله اعلم بالصواب.

## صبح صادق کے بعد نوافل پڑھنا:

(سوال ۱۰۸) ہماری مسجد کے بعض مصلی فجر کے فرض اور سنت سے پہلے دو رکعت تحیۃ المسجد اور تحیۃ الوضو، پڑھتے ہیں تو ان کا یہ فعل از روئے شرع کیسا ہے؟ ان کو روکنے پر بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ ہم اپنی قضا پڑھتے ہیں۔ تو کیا قضا نماز پڑھنے کی اجازت ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) مذہب حنفی میں صبح صادق کے بعد طلوع آفتاب تک فجر کی فرض وسنت کے علاوہ تحیۃ المسجد، تحیۃ الوضو، وغیرہ نوافل پڑھنا جائز نہیں ہے۔ قضا نماز پڑھنا جائز ہے لیکن لوگوں سے چھپ کر پڑھی جائے۔ لوگوں کے سامنے پڑھنا ممنوع ہے۔ لہذا ان حضرات کو اگر اس وقت قضا نماز پڑھنا ہی ہے تو گھر میں پڑھیں مسجد میں لوگوں کے سامنے نہ پڑھیں، درمختار میں ہے (وکذا الحکم من کراھۃ نفل وواجب لعینہ (بعد طلوع فجر سوی سنتہ لشغل الوقت بہ تقدیراً الخ (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۳۴۹ کتاب الصلاۃ) فقط و الله اعلم بالصواب.

## زوال سے کتنی دیر پہلے نماز موقوف کرنا چاہئے:

(سوال ۱۰۹) ہمارے گاؤں کے قریب ایک گاؤں ہے وہاں مسجد میں بورڈ پر لکھا ہوا رہتا ہے کہ نصف النہار سے زوال تک یعنی زوال سے قبل چالیس ۴۰ منٹ تک کوئی نماز نہیں پڑھ سکتے، یہ چالیس منٹ والی بات کہاں تک صحیح ہے؟ اسی طرح جمعہ کے دن بھی نصف النہار سے زوال تک کوئی نماز نہیں پڑھ سکتے، آپ اس کی وضاحت فرمادیں کہ کتنے منٹ تک نماز پڑھنا درست نہیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) قلم یا لکڑی کھڑی کر کے زوال کا وقت دیکھا جا سکتا ہے۔ زوال کے وقت سے آٹھ دس منٹ پہلے سے نماز موقوف کردے اور آٹھ دس بعد تک موقوف رکھے بادلوں کے زمانہ میں زوال کا وقت معلوم کرنا دشوار ہے اس لئے تقویم کے حساب سے دس بارہ منٹ پہلے سے نماز پڑھنے سے رک جائے اور دس بارہ منٹ بعد تک رکا رہے اس میں احتیاط ہے اور یہ جو قول ہے کہ نصف نہار شرعی سے زوال تک نماز نہ پڑھی جائے۔ یہ مزید احتیاط پر مبنی ہے۔ شامی میں ہے۔ وفی شرح النقایہ للبرجندی قد وقع فی عبارات الفقھاء ان الوقت المکروہ ھو عند انتصاف النھار الی ان تزول الشمس ولا یخفی ان زوال الشمس انما ھو عقیب انتصاف النھار بلا فصل وفی ھذا القدر من الزمان لا یمکن اداء صلاۃ فیہ فلعل المراد انہ لا تجوز الصلوۃ بحیث یقع جزء منھا فی ھذا الزمان. او المراد بالنھار ھو النھار الشرعی وھو من اول طلوع الصبح الی غروب الشمس وعلی ھذا یکون نصف النھار قبل الزوال

(۱) والسنۃ اذا فاتت عن وقتھا لم یقضیھا الا رکعتی الفجر اذا فاتتامع الفرض یقضیھما بعد طلوع الشمس الی وقت الزوال ثم یسقط ھکذا فی محیط السرخسی وھو الصحیح ھکذا فی البحر الرائق فتاوی عالمگیری الباب التاسع فی النوافل ج ۱ ص ۱۱۲



بزمان یعتد بہ ۱ ھ (شامی ج ۱ ص ۳۴۴، ص ۳۴۵ کتاب الصلوۃ تحت قولہ واستواء)

والثانی (عند استوائھا) فی بطن السماء (الی ان تزول) ای تمیل الی جھۃ المغرب (مراقی الفلاح) (قولہ والثانی عند استوائھا) وعلامتہ ان یمتنع الظل عن القصر ولا یاخذ فی الطول واذا صادف انہ شرع فی ذلک الوقت بفرض قضاء او قبلہ وقارن ھذا الجزء اللطیف شیئاً من الصلوۃ قبل القعود قدر التشھد فسدت، (طحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۱۰۷ فصل فی الاوقات المکروھۃ) فقط والله اعلم بالصواب. ۵ ذی قعدہ ۱۴۰۱ھ.

## فجر کی نماز سے پہلے اور خطبہ کے وقت تحیۃ المسجد پڑھنا کیسا ہے:

(سوال ۱۱۰) فجر کی سنت مؤکدہ اور جمعہ سے قبل کی سنت گھر پر ادا کر کے مسجد جائے تو مسجد پہنچ کر تحیۃ المسجد ادا کرنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) صبح صادق کے بعد صرف فجر کی دو سنت مؤکدہ پڑھ سکتے ہیں فجر کی نماز سے قبل اور نماز کے بعد نفل نماز مکروہ ہے۔ مراقی الفلاح میں ہے (ویکرہ التنفل بعد طلوع الفجر باکثر من سنتہ) قبل اداء الفرض لقولہ صلی الله علیہ وسلم لیبلغ شاھد کم غائبکم الا، لا صلوۃ بعد الصبح الا رکعتین ولیکون جمیع الوقت مشغولا بالفرض حکما ولذا تخفف قراءۃ سنۃ الفجر ویکرہ التنفل (بعد صلاتہ) ای فرض الصبح (مراقی الفلاح مع طحطاوی ص ۱۰۱ فصل فی الاوقات المکروھۃ) لہذا اگر فجر کی دو سنت گھر پر ادا کر لی ہوں تو اب مسجد پہنچ کر مستقلاً تحیۃ المسجد نہ پڑھی جائے فرض نماز ادا کرنا اس کے قائم مقام ہو جاتا ہے مراقی الفلاح میں ہے (سن تحیۃ المسجد رکعتین یصلیھا فی غیر وقت مکروہ بینھما (مراقی الفلاح) طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے (قولہ فلذا خیرہ القدوری) ای لا ختلاف الآثار خیرہ القدوری وکذا خیرہ محمد بن الحسن بین ان یصلی رکعتین او اربعاً کما فی الفتح (طحطاوی علی مراقی الفلاح فصل فی تحیۃ المسجد وصلاۃ الضحی واحیاء اللیالی ص ۲۱۳) فقط والله اعلم.

## (۱) فجر کی نماز کے بعد فجر کی سنت پڑھنا
## (۲) فجر سے پہلے اور فجر کے بعد نیز عصر کے بعد قضا اور نوافل پڑھنا:

(سوال ۱۱۱) ایک شخص صبح کی نماز کے لئے مسجد گیا، جماعت کھڑی ہوئی تھی وضو کر کے فارغ ہوا تو امام صاحب قعدہ میں تھے وہ شخص جماعت میں شریک ہو گیا، فجر کی سنت پڑھنے کا موقع نہ ملا تو جماعت کے بعد وہ فجر کی سنت پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ اگر فجر کے بعد نہ پڑھ سکتا ہو تو طلوع آفتاب کے بعد پڑھنا کیسا ہے؟ اسی طرح فجر وعصر کے بعد نوافل اور قضا نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ حوالہ اور عبارت نقل فرما کر جواب عنایت فرمائیں تو بہت بہتر ہوگا۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) فجر کی سنت فجر کی نماز کے بعد پڑھنا سخت مکروہ ہے مراقی الفلاح میں ہے ویکرہ التنفل (بعد صلوتہ)

ای فرض الصبح (و) یکرہ التنفل (بعد صلاۃ) فرض (العصر) وان لم تتغیر الشمس لقولہ علیہ السلام لاصلوۃ بعد صلوۃ العصر حتی تغرب الشمس ولا صلوۃ بعد صلوۃ الفجر حتی تطلع الشمس رواہ الشیخان طحطاوی میں ہے (قولہ بعد صلوتہ) ای فرض الصبح ولو سنۃ سواء ترکھا بعذر او بدونہ (طحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۱۰۱ فصل فی الاوقات المکروھۃ)

اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ صبح کی نماز کے بعد نفل نماز مکروہ ہے اگرچہ فجر کی سنت ہو اور عصر کی نماز کے بعد بھی نفل نماز مکروہ ہے اگرچہ آفتاب میں تغیر پیدا نہ ہوا ہو حدیث میں ہے حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا عصر کی نماز کے بعد آفتاب غروب ہونے تک کوئی نماز نہیں ہے اور فجر کی نماز کے بعد آفتاب طلوع ہونے تک کوئی نماز نہیں، بخاری ومسلم نے اس کو روایت کیا ہے (مراقی الفلاح وطحطاوی)

طلوع آفتاب کے بعد سے زوال تک فجر کی سنت قضا کر لینا امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک پسندیدہ اور بہتر ہے، اور اگر فجر کی سنت وفرض دونوں قضا ہو گئیں اور اسی روز زوال سے پہلے قضا کرے تو فرض اور سنت دونوں کی قضا کرے، زوال کے بعد قضا کرے تو اصح قول کے مطابق صرف فرض کی قضا کرے، درمختار میں ہے (ولا یقضیھا الا بطریق التبعیۃ لقضاء فرضھا قبل الزوال لا بعدہ) فی الاصح لورود الخبر بقضائھا فی الوقت المھمل بخلاف القیاس فغیرہ علیہ لایقاس ۔ شامی میں ہے (قولہ ولا یقضیھا الا بطریق التبعیۃ الخ) ای لا یقضی سنۃ الفجر الا اذا فاتت مع الفجر فیقضیھا تبعا لقضائہ لو قبل الزوال واما اذا فاتت وحدھا فلا تقضی قبل طلوع الشمس بالاجماع لکراھۃ النفل بعد الصبح، واما بعد طلوع الشمس فکذلک عندھما وقال محمد رحمہ اللہ احب الی ان یقضیھا الی الزوال کما فی الدرر قیل ھذا قریب من الاتفاق لان قولہ احب الی دلیل علی انہ لو لم یفعل لا لوم علیہ وقالا لا یقضی وان قضی فلا باس بہ کذا فی الخبازیہ (قولہ لورود الخبر) وھو ماروی انہ صلی اللہ علیہ وسلم قضاھا مع الفرض غداۃ لیلۃ التعریس بعد ارتفاع الشمس کما رواہ مسلم فی حدیث طویل (شامی ص ۲۴۶ ج ۱ باب ادراک الفریضۃ)(طحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۲۴۶ باب ادراک الفریضۃ)

ترمذی شریف میں ایک روایت ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے "ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما دخل علیھا بعد العصر الا صلی رکعتین" یعنی حضور اقدس ﷺ کا ہمیشہ کا معمول یہ تھا کہ عصر کے بعد جب مکان میں تشریف لاتے تو دو رکعت نماز پڑھتے (ترمذی شریف ص ۲۶ ج ۱ باب ماجاء فی الصلوۃ بعد العصر) ممکن ہے اس روایت سے کسی کو یہ اشکال ہو کہ اس روایت سے عصر کے بعد نفل پڑھنے کا جواز ثابت ہوتا ہے حالانکہ آپ مکروہ کہتے ہیں، جواب یہ ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت پر ان احادیث کو ترجیح دی جائے گی جن میں نہی وارد ہے کیونکہ وہ قولی احادیث ہیں اور یہ فعلی حدیث ہے اور قولی احادیث کو فعلی احادیث پر ترجیح ہوتی ہے ۔ ایک جواب حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ نے دیا ہے ۔

فالاولیٰ ان یقال انہ صلی اللہ علیہ وسلم کان من خصوصیاتہ الصلوۃ بعد العصر ولا تجوز لغیرہ من الناس والبداھۃ تدل علی انھا من خصوصیاتہ صلی اللہ علیہ وسلم لانھا لو لم



تکن من خصوصیاتہ لما زجر عمر رضی اللہ عنہ الناس علی الصلوۃ بعد العصر وقد نقل عنہ انہ کان یضرب بالدرۃ علی الصلوۃ بعد العصر یعنی بہتر یہ ہے کہ یہ کہا جائے کہ عصر کے بعد نماز پڑھنا آپ ﷺ کی خصوصیات میں سے ہے دوسرے لوگوں کے لئے (یعنی امت کے لئے) جائز نہیں ہے اور بداہۃ بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ اگر یہ آپ ﷺ کی خصوصیت نہ ہوتی تو حضرت عمرؓ عصر کے بعد نماز پڑھنے والوں کو ہرگز نہ ڈانٹتے، حضرت عمرؓ سے یہاں تک مروی ہے کہ عصر کے بعد نماز پڑھنے والے کو درہ سے مارتے تھے (التقریر للترمذی ص ۹ مطبوعہ کتب خانہ رشیدیہ دہلی یہ رسالہ ترمذی شریف کے ساتھ طبع ہوا ہے)

قضاء نماز فرائض کے معنی میں ہے لہذا فجر کی نماز سے پہلے اور نماز کے بعد اور اسی طرح عصر کی نماز کے بعد قضا پڑھنا جائز ہے مگر لوگوں کے دیکھتے ہوئے نہ پڑھے، اپنے گناہ پر لوگوں کو گواہ بناتا ہے یا ان کو بدگمانی یا غلط فہمی میں مبتلا کرتا ہے ۔

کبیری شرح منیہ میں ہے (واما الوقتان) الآخران من الخمسۃ (فانہ یکرہ فیھا التطوع) فقط (ولا یکرہ فیھما الفرض) ای اللازم عملا ۔ الی قولہ ۔ یعنی الفوائت وصلوۃ الجنازۃ وسجدۃ التلاوۃ ...... (ھما) ای الوقتان المذکوران (ما بعد طلوع الفجر الی ان ترتفع الشمس) فانہ یکرہ فی ھذا الوقت النوافل کلھا (الا سنۃ الفجر) لما روی مسلم عن حفصۃ قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا طلع الفجر لا یصلی الا رکعتین خفیفتین وفی ابی داؤد والترمذی واللفظ لہ عن ابن عمر رضی اللہ عنہ علیہ السلام لا صلوۃ بعد الفجر الا سجدتین (ومابعد صلوۃ العصر الی غروب الشمس الخ) (کبیری شرح منیۃ ص ۲۳۸، ص ۲۳۹ الشرط الخامس)

الاختیار لتعلیل المختار میں ہے ویجوز ان یصلی فی ھذین الوقتین الفوائت ویسجد للتلاوۃ ولا یصلی رکعتی الطواف، لان النھی لمعنی فی غیرہ وھو شغل جمیع الوقت بالفرض، اذ ثواب الفرض اعظم فلا یظھر النھی فی حق فرض مثلہ وظھر فی رکعتی الطواف لانہ دونہ (الاختیار لتعلیل المختار اوقات ص ۴۱ ج ۱) (ھدایہ اولین ص ۷۰) (درمختار مع رد المحتار ص ۳۴۹ ج ۱) فقط واللہ اعلم بالصواب.

## طلوع وغروب آفتاب کے وقت قرآن مجید کی تلاوت کا حکم:

(سوال ۱۱۲) ہمارے امام صاحب فرماتے ہیں کہ جس طرح طلوع وغروب آفتاب کے وقت نماز ممنوع ہے اسی طرح قرآن مجید پڑھنا بھی منع ہے، کیا یہ درست ہے؟

(الجواب) حامداً ومصلیاً ومسلما! طلوع وغروب اور استواء کے وقت قرآن شریف پڑھنا مکروہ اور ممنوع نہیں ہے بلا کراہت جائز ہے البتہ ان اوقات مکروہہ میں قرآن شریف پڑھنے کے بجائے درود شریف، تسبیح وغیرہ ذکر اللہ میں مشغول رہنا افضل اور اولیٰ ہے: الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیھا افضل من قراۃ القرآن وکانہ لانھا من ارکان الصلوۃ فالاولی ترک ما کان رکنا لھا (درمختار) (قولہ فالاولی) ای فالافضل لیوافق کلام البغیۃ فان مفادہ انہ لا کراھۃ اصلا لان ترک الفاضل لا کراھۃ فیہ (شامی ۳۴۷/۱ کتاب الصلاۃ) فقط واللہ اعلم بالصواب.

# کتاب الاذان والاقامۃ

## مؤذن کیسا ہونا چاہئے :

(سوال ۱۱۳) جاہل، داڑھی منڈے اور فاسق کو مؤذن بنانے میں کوئی حرج ہے؟

(الجواب) ''فتاوی عالمگیری'' میں ہے۔ وینبغی ان یکون المؤذن رجلا عاقلا صالحاً تقیاً عالماً بالسنۃ مؤذن عاقل (سمجھدار) نیک، پرہیزگار اور عالم بالسنہ ہونا چاہئے) آگے چل کر فرماتے ہیں:۔ ویکرہ اذان الفاسق (فاسق کی اذان مکروہ ہے) (ج ا ص ۵۳ الباب الثانی فی الاذان الفصل الاول فی صفۃ المؤذن)

لہذا جاہل۔ داڑھی منڈے۔ اور فاسق فاجر کو موذن نہ بنایا جائے۔ اذان پر نماز روزے کا دارومدار ہوتا ہے لہذا موذن ایسا ہونا چاہئے جو اوقات سے واقف ہو۔ عموماً اذان کے لئے اونچی جگہ جانا پڑتا ہے جہاں سے پردہ نشین خواتین پر نظر ڈالی جاسکتی ہے۔ لہذا ضروری ہے کہ مؤذن محتاط متدین اور پرہیزگار ہو۔ آنحضرت کا ارشاد ہے۔ لیؤذن لکم خیارکم (اذان وہ دیں جو اچھے اور نیک مانے جاتے ہیں (ابوداؤد شریف ج اص ۹۴ باب من احق بالامامۃ عن ابن عباس)۔

(سوال ۱۱۴) (۱) مسجد کا مؤذن کیسا ہونا چاہئے؟

(سوال ۱۱۵) (۲) ایک مسجد میں ایک مؤذن بڑی مدت سے ہے مگر اس کی بعض عادتیں خلاف شریعت ہیں، وہ جوا باز ہے، شراب بناتا ہے، سینما (گاہے گاہے) دیکھتا ہے، تو ایسے شخص کو مؤذن بنایا جائے یا نہیں؟ اس کے متعلق شرعی حکم کیا ہے؟

(سوال ۱۱۶) (۳) نمبر دو میں بتلائی ہوئی چیزوں سے مسجد کے متولی واقف ہوں، پھر بھی اس مؤذن کی عادات کو مدنظر رکھ کر اس کو معزول نہ کریں تو اس کے متعلق شرعی حکم کیا ہے؟

(الجواب) (۱) مسجد کا موذن پڑھا لکھا اور نماز اور اذان سے متعلق مسائل اور اوقات کا عالم اور دیندار، متقی اور بلند آواز والا (جہیر الصوت) ہونا چاہئے۔[1]

(۲) مذکورہ بالا عادات سے متصف مؤذن فاسق ہے اور فاسق کو مؤذن بنانا ممنوع ہے ویکرہ اذان الفاسق (فاسق کی اذان مکروہ ہے) (فتاوی عالمگیری ج اص ۵۳ الباب الثانی الفصل الاول فی صفۃ المؤذن)

(۳) مذکورہ مؤذن اگر صدق دل سے توبہ کر کے خراب عادتیں ترک کر دینے کا نمازیوں کو یقین دلادے تو فبہا ورنہ اسے معزول کر دینا ضروری ہے ورنہ متولی گنہگار ہوں گے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

(۱) یستحب ان یکون المؤذن صالحا ای متقیاً امین فی الدین عالماً بالسنۃ فی الاذان وعالماً بدخول اوقات الصلاۃ لتصحیح العادۃ باب الاذان مراقی الفلاح علی ھامش طحطاوی ص ۱۰۶)



## اذان کا جواب حاضرین مسجد پر واجب نہیں اس کی کیا وجہ

(سوال ۱۱۷) اذان اور اقامت کا جواب دینا سامع پر واجب ہے مگر جو شخص حاضر مسجد ہے اس پر اذان کا جواب دینا واجب نہیں ہے اس کی کیا وجہ ہے؟

(الجواب) اذان واقامت کا جواب مستحب ہے، بعض علماء جواب اذان کو واجب کہتے ہیں مگر زیادہ معتمد یہی ہے کہ اجابت فعلی (اذان سن کر مسجد کی طرف جانا) واجب ہے اور اجابت قولی (اذان سن کر منہ سے اس کا جواب دینا) مستحب ہے حاضرین مسجد کے لئے ایک ہی صورت ہے کہ منہ سے جواب دیں اور یہ مستحب ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

(سوال ۱۱۸) گھر میں تنہا نماز پڑھے تو اقامت کہے یا نہیں؟

(الجواب) مکان میں منفرد کے لئے محلہ کی اقامت کافی ہے تاہم کہہ لے تو بہتر ہے۔[1] ہاں عورتوں کے لئے اقامت مکروہ ہے۔ نور الایضاح میں ہے وکرہ للنساء یعنی اور عورتوں کے لئے اذان واقامت مکروہ ہے (ص ۶۱ باب الاذان) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## کیا دوسرا شخص اقامت (تکبیر) کہہ سکتا ہے:

میں نے ایک استفتاء اور اس کا جواب دیکھا جو حسب ذیل ہے۔ مہربانی فرما کر آپ اس بارے میں فیصلہ فرمائیے:۔

(سوال ۱۱۹) صرف مغرب کی اذان اور اقامت کون کہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جو اذان کہے وہی اقامت کہے۔ گذارش یہ ہے کہ مغرب کی اذان مؤذن صاحب اوپر اذان کی جگہ پر پڑھتے ہیں پھر ابھی وہ چھت سے صحن میں نہیں آتے کہ دوسرے صاحب تکبیر پڑھ دیتے ہیں اس طرح روزانہ ہوتا ہے یہ شرعاً درست ہے یا نہیں؟ مذکورہ بالا فتوی کی رو سے مغرب کی تکبیر وہی کہے جس نے اذان پڑھی ہو۔ بنا بریں احقر نے مؤذن صاحب سے مؤدبانہ گزارش کی کہ آپ خود چھت سے صحن میں آکر تکبیر پڑھیں تو بہت اچھا ہے مگر وہ نہیں مانتے اور ضد ہٹ دھرمی کرتے ہیں اور کہتے ہیں آپ اس مسجد میں نہ آیئے میں نے کہا کیوں؟ تو کہتے ہیں کہ میرے باپ کی مسجد ہے۔ اس طرح کہنا کیسا ہے، مؤذن صاحب کبھی اقامت نہیں کہتے ان کو یہ بھی کہا گیا ہے کہ دوسرے کو اذان کہنے دو تب وہ انکار کرتے ہیں۔ یہ مؤذن صاحب لاؤڈ اسپیکر پر زور سے اذان پڑھتے ہیں اور حرف مدہ ہو یا غیر مدہ آٹھ دس منٹ تک زور سے کھینچتے رہتے ہیں یہ آواز یہاں کی دوسری مساجد کی نماز ختم ہونے تک سنائی دیتی ہے جس بنا پر اماموں کی قرأت بھی سنائی نہیں دیتی اس طرح کھینچ کر اذان پڑھنا کیسا ہے؟

(الجواب) بے شک افضل یہی ہے کہ جو اذان کہے وہی اقامت کہے، اقامت کا حق مؤذن کو ہے البتہ مؤذن کی غیر حاضری میں یا اس کی اجازت سے کوئی دوسرا اقامت کہے تو بدون حرج اور بلا کراہت جائز ہے اس میں

(۱) ولا یکرہ ترکھما لمن یصلی فی المصر اذا وجد فی المحلۃ ولا فرق بین الواحد والجماعۃ فتاوی عالمگیری الباب الثانی الفصل الاول فی صفۃ المؤذن

مغرب کی کوئی خصوصیت نہیں۔ حدیث شریف میں ہے آنحضرت ﷺ نے قبیلۂ صداء کے ایک صاحب کو جن کا نام زیاد بن حارث تھا صبح کے وقت اذان پڑھنے کا حکم دیا۔ حضرت زیاد نے اذان پڑھی۔ جب تکبیر کا وقت ہوا تو حضرت بلالؓ نے تکبیر پڑھنے کا ارادہ کیا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ صدائی نے — (حضرت زیاد نے) اذان پڑھی تھی جو اذان پڑھیں وہی تکبیر پڑہیں۔ ترمذی شریف ص ۲۸ ج ۱ باب ماجآء ان من اذن فھو یقیم اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اذان پڑھنے والے ہی کو تکبیر پڑھنے کا حق ہے۔ لیکن یہ حق لازمی ہے یا استحبابی اور اختیاری اس کی تشریح دوسری حدیثوں سے ہوتی ہے۔ مثلاً ایک روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ کے حکم سے حضرت بلالؓ نے اذان پڑھی اور حضرت عبداللہ بن زیدؓ نے تکبیر پڑھی۔ شرح معنی الآثار ج ۱ ص ۸۵ باب الرجلین یؤذن احدھما ویقیم الآخر.

دوسری روایت میں ہے کہ بارہا ایسا ہوا ہے کہ حضرت عبداللہ بن ام مکتومؓ نے اذان پڑھی اور حضرت بلالؓ نے تکبیر کہی یا حضرت بلالؓ نے اذان پڑھی اور حضرت عبداللہ بن ام مکتومؓ نے تکبیر پڑھی۔ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج ۱ ص ۴۱۹ باب الاذان۔ اسی بناء پر حنفی علماء و فقہاء رحمہم اللہ کا اجماع ہے کہ مؤذن دوسرے کی اقامت کہنے سے ناراض نہ ہو تو بلا کراہت جائز ہے۔ فتاوٰی عالمگیری میں ہے افضل یہی ہے کہ جو اذان کہے وہی اقامت بھی کہے اگر کسی نے اذان دی اور دوسرے نے اقامت کہی اگر مؤذن حاضر نہ ہو تو بلا کراہت جائز ہے اگر حاضر ہو اور دوسرے کے اقامت سے ناراض ہوتا ہو تو مکروہ ہے اگر راضی ہو تو ہمارے نزدیک مکروہ نہیں (فتاوی عالمگیری ج ۱ ص ۵۴ الباب الثانی فی الاذان الفصل الاول فی صفتہ واحوال المؤذن) ہاں بلا عذر اس کو معمول بنالینا درست نہیں ہے۔ مغرب کا وقت تنگ ہوتا ہے مغرب کی اذان اور تکبیر میں صرف اتنا وقفہ ہونا چاہئے۔ جتنی دیر میں تین چھوٹی آیتیں یا ایک بڑی آیت پڑھی جاتی ہے (نور الایضاح وغیرہ) باقی اس معاملہ میں جس کے متعلق آپ نے استفتا کیا ہے معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ مؤذن صاحب لوجہ اللہ اذان پڑھتے ہیں۔ تنخواہ نہیں لیتے۔ خوش الحان اور بلند آواز ہونے کے ساتھ اذان نہایت درست پڑھتے ہیں مگر جسم بھاری ہے اور پاؤں میں عذر ہے جس کی وجہ سے چھت سے اتر کر جلد نہیں پہنچ سکتے اس لئے انہوں نے مغرب میں دوسرے کو اقامت کہنے کی اجازت دی ہے تاکہ تکبیر میں دیر نہ ہو۔ اگر یہ حقیقت ہے تو جھگڑنا غلط ہے۔ مؤذن پر لازم قرار دینا کہ وہی تکبیر بھی پڑھے یہ ایک قسم کی تعدی ہے ان کا عذر ماننا چاہئے عذر نہ ہو تب بھی اس سے اذان واقامت اور نماز میں کسی قسم کی کراہت نہیں آتی، پھر جھگڑنے اور تشدد کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ آپ مسئلہ بتانے کے ذمہ دار ہیں جبراً منوانا اور عامل بنانا آپ کے ذمہ نہیں، بالخصوص فتنہ کا اندیشہ ہو تو سکوت بہتر ہے۔ مؤذن صاحب نے اگر یہ کہا ہے کہ مسجد میں مت آؤ میرے باپ کی مسجد ہے تو بے شک یہ خطا وار ہیں ان کو معذرت پیش کرنی چاہئے اور بارگاہ خداوندی میں توبہ کرنی چاہئے لیکن مؤذن صاحب نے آپ کے بارے میں لکھا ہے کہ لاؤڈ اسپیکر پر اذان دی جاتی ہے اس کی ناراضگی میں اول فول بکتے ہیں اور طوفان وفتنہ برپا کرتے ہیں اور غضبناک ہوکر مجھے کہتے ہیں کہ اذان کہہ کر تکبیر بھی پڑھو تو اذان دو میں نے کہا کہ میں اقامت نہیں کہوں گا تو مجھے کہا کہ کیا تیرے باپ کی مسجد ہے؟ یوں سوال کیا۔ میں نے بھی غصہ سے جواب دیا کہ ہاں میرے باپ کی مسجد ہے بس اس قدر گفتگو ہوئی ہے۔ اگر یہ بات صحیح ہے تو آپ بھی خطاوار ہیں آپ کو بھی معافی مانگنی چاہئے اور توبہ کرنی



چاہئے۔ حدیث شریف میں ہے کہ دو گالی گلوچ کرنے والوں میں وبال اور ذمہ داری اس پر ہے جس نے پہل کی جب تک دوسرا شخص اس سے بڑھ نہ جائے (ترمذی شریف ج ۲ ص ۱۹ ابواب البر والصلۃ باب ماجآء فی الشتم) دوسری حدیث میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ والدین کو گالی دینا گناہ کبیرہ ہے، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نے عرض کیا یا رسول اللہ کوئی اپنے ماں باپ کو بھی گالی دے سکتا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا "آدمی کسی کے والدین کو گالی دے گا تو (جواب میں) وہ اس کے والدین کو گالی دے گا اس طرح اس نے اپنے والدین کو گالی دی، کیونکہ یہ اپنے والدین کے سب وشتم کا سبب بنا (ترمذی شریف ج ۲ ص ۱۲ ابواب البر والصلۃ باب ماجآء فی عقوق الوالدین) اسی طرح مذکورہ صورت میں بدکلامی اور گستاخی کا سبب آپ ہی ہیں لہذا آپ کو معافی مانگنی چاہئے اور توبہ کرنی چاہئے زمانہ بڑا نازک ہے معمولی باتوں میں لڑائی جھگڑا اچھا نہیں۔ خدا پاک آپ لوگوں میں اتفاق اور اخلاص پیدا فرمائے اور ایک دوسرے کو پست وذلیل کرنے کی نازیبا حرکت سے باز آنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ لاؤڈ اسپیکر کی اذان سے اور مساجد میں نمازیوں کو حرج ہوتا ہو تو ان کے متولی اور امام بیٹھ کر تصفیہ اور فیصلہ کر سکتے ہیں۔ فتویٰ بازی سے معاملہ طول پکڑے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

## مغرب کی اذان واقامت میں وقفہ ہے یا نہیں :

(سوال ۱۲۰) مؤذن مغرب کی اذان چھت پر کہہ کر فوراً اتر آتا ہے اور تکبیر شروع کرتا ہے اس میں کوئی حرج ہے؟ اذان واقامت میں وقفہ کرنے کا حکم ہے یا نہیں؟

(الجواب) مغرب کی اذان ختم کر کے چھوٹی تین آیتیں پڑھیں۔ اتنی دیر بیٹھے (جیسا کہ دو خطبوں کے بیچ میں بیٹھتے ہیں) یا اس قدر کھڑا رہ کر اقامت کہے۔ چھت سے اترنے میں اتنا وقت ہو جاتا ہے۔ لہذا کوئی حرج نہیں۔ تاہم وقفہ کر کے اقامت کہے تو بہتر ہے۔ وفی المغرب بسکتة قدر قراءة ثلث آیات قصار او ثلث خطوة. یعنی مغرب میں اذان واقامت میں اس قدر وقفہ کرے کہ چھوٹی تین آیتیں پڑھ سکے یا تین قدم چل سکے۔ (نور الایضاح ص ۶۲ کتاب الصلاۃ باب الاذان) واللہ اعلم بالصواب۔

## اقامت کے وقت ہاتھ باندھنا ثابت نہیں ہے:

(سوال ۱۲۱) کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں۔ جب مؤذن تکبیر کہتا ہے تو بعض نمازی ہاتھ باندھ کر کھڑے رہتے ہیں اور اس کو اچھا سمجھتے ہیں اور اسی حالت میں تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے ہاتھ باندھتے ہیں تو اس طرح جماعت کی صف میں کھڑا رہنا سنت ہے یا مستحب؟ اگر یہ سنت یا مستحب نہ ہو تو اس پر عمل نہ کرنے والے کو بے وقوف، جاہل وغیرہ کہنا کیسا ہے؟ اور مستحب ومستحسن طریقہ کیا ہے؟

(الجواب) نماز شروع ہونے سے قبل قیام کی حالت میں جب صف لگائی جا رہی ہو۔ اور قدم درست اور برابر کئے جا رہے ہوں اس وقت ہاتھ باندھنا نہ مسنون ہے نہ مستحب۔ لہذا اس وقت ہاتھ باندھنے کو مسنون سمجھنا اور نہ باندھنے والے کو بے وقوف جاہل کہنا غلط ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## وقت سے پہلے اذان اور بعد وقت نماز کا حکم:

(سوال ۱۲۲) وقت سے پہلے اذان دی جائے اور وقت آنے کے بعد نماز پڑھی جائے تو اذان اور نماز کا کیا حکم ہے؟

(الجواب) نماز اپنے وقت میں پڑھی ہو تو وہ ادا ہوگئی۔ اعادہ کی ضرورت نہیں۔ فرق صرف یہ ہوا کہ نماز بلا اذان پڑھی گئی۔ مگر اس سے نماز کے صحیح ہونے میں فرق نہیں آتا۔ البتہ اذان نماز کے وقت سے پہلے کہنا درست نہیں، وقت آنے کے بعد اعادہ ضروری ہے۔ اذان سنت مؤکدہ اور دین کا شعار ہے۔ اس کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔ ''فتح الباری'' میں ہے۔ ان الاذان شعار الاسلام وانہ لا یجوز ترکہ. یعنی:۔ بے شک اذان اسلامی شعار ہے۔ اس کو چھوڑنا جائز نہیں (ص ۶۱ ج ۲) ''فتح القدیر'' میں ہے۔ لان الاذان من اعلام الدین یعنی:۔ اذان دین کی علامت ہے۔ (ص ۹۳ ج ۲ باب الاذان تحت قولہ الاذان سنۃ) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## داڑھی منڈا اذان واقامت کہے تو کیا حکم ہے :

(سوال ۱۲۳) داڑھی منڈا اذان واقامت کہہ سکتا ہے یا نہیں؟

(الجواب) داڑھی منڈا فاسق معلن ہے۔ (جس کا فسق ظاہر ہے۔ ''مالا بدمنہ'' میں ہے۔ ''تراشیدن ریش پیش از قبضہ حرام است یعنی:۔ اس سے پہلے کہ داڑھی ایک مٹھ کی مقدار ہو داڑھی تراشنا حرام ہے۔ (ص ۱۳۰) فاسق کی اذان واقامت دیندار آدمی کی موجودگی میں مکروہ ہے۔ نور الایضاح میں ہے۔ ویکرہ اقامۃ الفاسق واذانہ یعنی فاسق کی اذان واقامت مکروہ ہے (ص ۶۲ کتاب الصلاۃ باب الاذان) لہذا داڑھی منڈے کو اذان واقامت کا عہدہ دینا جائز نہیں مکروہ تحریمی ہے۔ ''جوہرہ نیرہ'' میں ہے۔ ویکرہ ان یکون المؤذن فاسقاً. یعنی فاسق کو مؤذن بنانا مکروہ ہے۔ (ج ۱ ص ۴۴ باب الاذان) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## ایک مؤذن دو مسجد میں اذان دے سکتا ہے :

(سوال ۱۲۴) ہمارے یہاں دو مسجدیں۔ دونوں کے لئے علیحدہ مؤذن ہیں۔ مگر کبھی ایک مسجد کا مؤذن پندرہ دن کی چھٹی پر ہو تو دوسرا مؤذن اپنی مسجد میں اذان پڑھ کر دوسری مسجد میں اذان دیتا ہے۔ بعض اعتراض کرتے ہیں تو کیا ان کا اعتراض درست ہے؟

(الجواب) ہاں! ایک مؤذن دو مسجد میں اذان پڑھے یہ مکروہ ہے۔ لہذا دوسرے آدمی کا انتظام کیا جائے۔ ویکرہ ان یؤذن فی مسجدین لانہ یکون داعیاً الی مالا یفعل (غنیۃ المستملی ص ۳۶۱ ج ۱ باب الاذان) فقط و اللہ اعلم بالصواب.

## مسجد کی مرمت کے وقت اذان کہاں سے دی جائے:

(سوال ۱۲۵) ہمارے محلہ میں ایک مسجد ہے اس کے جماعت خانہ کی چھت توڑ دی ہے اس مسجد میں اذان ونماز



نہیں پڑھی جاتی۔ یہ مسجد بڑے بڑے سیلاب کے وقت بھی بند نہ ہوتی تھی صرف چھت توڑنے پر امام صاحب اذان واقامت کے لئے منع کرتے ہیں۔ مسجد کے قریب میں نماز پڑھ سکیں اتنی جگہ ہے۔ مورخہ ۷ اپریل ۱۹۷۱ء کو نماز عشاء کے بعد امام صاحب نے اعلان کیا تھا۔ کہ آئندہ کل سے نہ جمعہ اور نہ دوسری نمازیں یہاں ہوں گی۔ اور مسجد میں بورڈ بھی لگا دیا ہے۔ تو آپ اس بارے میں وضاحت فرمائیں۔

(الجواب) صورت مسئولہ میں مسجد کے قریب ایسی جگہ ہے کہ وہاں نماز پڑھی جاسکتی ہے۔ تو اس جگہ جماعت سے نماز پڑھی جائے اور اذان بھی اپنے وقت پر دی جائے۔ تاکہ معذور جو مسجد میں نہیں آسکتے۔ (مثلاً مریض اور عورتیں) وہ گھروں میں اذان سن کر نماز ادا کریں۔ اور جو معذور نہیں وہ نماز باجماعت ادا کریں۔ ہاں! نماز جمعہ کے لئے جگہ ناکافی ہو تو دوسری مسجد میں ادا کی جائے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## گھر میں منفرد اقامت کہے یا نہیں :

(سوال ۱۲۶) گھر میں تنہا نماز پڑھنے والا اقامت کہے یا نہیں؟

(الجواب) مکان میں تنہا نماز پڑھنے والے کے لئے محلہ کی مسجد کی اقامت کافی ہے۔ لیکن کہنا بہتر ہے۔ مگر عورتوں کے لئے اقامت مکروہ ہے۔'' نور الایضاح'' میں ہے۔'' وکرہ للنساء۔'' ترجمہ۔ اور عورتوں کے لئے اقامت مکروہ ہے۔ باب الاذان (ص ۶۱) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## اعادۂ نماز کے لئے اقامت کہی جائے یا نہیں :

(سوال ۱۲۷) نماز عشاء میں امام کے سلام پھیرنے کے بعد معلوم ہوا کہ تین رکعت ہوئی ہیں۔ چار رکعت نہیں ہوئی۔ تو اب اقامت کہہ کر جماعت شروع کرے یا بلا اقامت؟

(الجواب) صورت مسئولہ میں بلا تاخیر نماز شروع کرے تو اقامت کے اعادہ کی ضرورت نہیں، پہلی اقامت کافی ہے۔ اور اگر تاخیر ہوگئی ہے تو اقامت دوبارہ کہے۔ شامی میں ہے۔ لان تکرارھا غیر مشروع اذا لم یقطعھا قاطع من کلام کثیر او عمل کثیر .(ص ۳۷۲ ج ۱ کتاب الصلاۃ باب الاذان) و اللہ اعلم بالصواب.

## اذان کے وقت وضو کرنا کیسا ہے :

(سوال ۱۲۸) اذان ہو رہی ہو اس وقت وضوء کرنا کیسا ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ خاموش بیٹھ جاؤ اذان ہو جائے پھر وضوء کرو۔ اسی طرح قرآن پاک کی تلاوت کر رہا ہو اور اذان کی آواز سنائی دے تو کیا ایسی صورت میں تلاوت بند کر کے اذان سننا ضروری ہے یا تلاوت جاری رکھی جائے۔

(۲) امام کے ساتھ نماز پڑھتے وقت مقتدی سے کوئی غلطی ہو جائے تو کیا امام کے سلام پھیرتے وقت مقتدی کے لئے سجدہ سہو کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

(الجواب) وقت میں گنجائش ہو تو اذان کا جواب دے پھر وضوء کرنے میں مشغول ہو اگر وقت میں گنجائش نہ ہو تو

اذان کی حالت میں وضوء کرنے میں مضائقہ نہیں ہے۔ مکان میں تلاوت کرتا ہو تو مستحب یہ ہے کہ اذان سنتے ہی تلاوت موقوف کرے مسجد میں تلاوت کرنے والے کو اختیار ہے بند کرے یا پڑھتا رہے۔[1]

(۲) اس صورت میں مقتدی سجدۂ سہو نہ کرے۔[2] ہاں! امام کے سلام کے بعد مسبوق مقتدی (باقی رہی ہوئی نماز کو پوری کرنے میں) کوئی ایسی غلطی کرے جو موجب سجدۂ سہو ہو تو سجدۂ سہو لازم ہوگا۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## گھر میں نماز پڑھے تو اقامت کہے یا نہیں :

(سوال ۱۲۹) گھر میں نماز پڑھے تو اقامت کہے یا نہیں؟

(الجواب) گھر میں نماز پڑھنے والے کے لئے مسجد کی اذان و اقامت کافی ہے تاہم اقامت کہنا اچھا ہے۔ قال (فان صلی رجل فی بیته فاکتفی باذان الناس واقامتهم اجزاه) لماروی ان ابن مسعود رضی الله عنه صلی بعلقمة والاسود فی بیت فقیل له ألا تؤذن فقال اذان الحی یکفینا بخلاف المسافر فانه یکره له ترکهما وان کان وحده لان المکان الذی هو فیه لم یؤذن فیه لتلک الصلوٰة فاما هذا الموضع الذی فیه المقیم وقد اذن واقیم فیه لهذه الصلوٰة فله ان یترکها قال (وان اذن و اقام فهو حسن) لان المنفرد مندوب الی ان یؤدی الصلوٰة علی هیئة الصلوٰة بالجماعة و لهذا کان الافضل ان یجهر بالقراءة فی صلوٰة الجهر وکذلک ان اقام ولم یؤذن فهو حسن لان الاذان لاعلام الناس حتی یجتمعوا وذلک غیر موجود ههنا والاقامة لاقامة الصلوٰة وهو یقیمها. (مبسوط سرخسی ص ۱۳۳ ج ۱) فقط و الله تعالی اعلم بالصواب باب الاذان.

## مؤذن کیسا ہونا چاہئے:

(سوال ۱۳۰) مؤذن کیسا ہونا چاہئے۔ ایسا شخص جو پابند شرع نہ ہو۔ صحیح تلفظ نہ کرسکتا ہو۔ اس کو مؤذن رکھ سکتے ہیں بینوا توجروا۔

(الجواب) مؤذن دیندار اور صالح ہونا چاہئے جو شخص پابند شرع نہ ہو۔ فاسق ہو اس کو مؤذن بنانا درست نہیں ہے خدا کے گھر کا مؤذن دیندار تعلیم یافتہ احکام دینیہ، خصوصاً اذان و نماز کے مسائل، سنن، اوقات نماز صبح کاذب و صبح صادق، زوال، سایۂ اصلی، ایک مثل، دو مثل، شفق ابیض وغیرہ کا جاننے والا، بلند آواز، خوش الحان۔ اذان کے کلمات صحیح ادا کرنے والا ہونا چاہئے، حدیث شریف میں ہے۔ "لیؤذن لکم خیارکم" یعنی تم میں جو صالح ہو وہ اذان کہے۔ (ابوداؤد شریف ج ۱ ص ۹۲ باب من احق بالامامۃ، عن ابن عباس) اور فتاویٰ عالمگیری میں ہے -وینبغی ان یکون المؤذن رجلاً عاقلاً صالحاً تقیاً عالماً بالسنة، یعنی مؤذن عاقل سمجھدار نیک، متقی

(۱) ولا ینبغی ان یتکلم السامع فی خلال الاذان والاقامة ولا یشتغل بقراءة القرآن ولا بشیء من الاعمال سوی الاجابة ولو کان فی القراءة ینبغی ان یقطع ویشتغل بالاستماع والاجابة کذا فی البدائع. عالمگیری الفصل الثانی فی کلمات الاذان والاقامة وکیفیتهما ج ۱ ص ۵۷

(۲) سهو المؤتم لا یوجب السجدة فتاوی عالمگیری الباب الثانی عشر فی سجده السهو ج ۲ ص ۱۲۸



اور طریقۂ سنت سے واقف ہونا چاہئے ج ۱ ص ۵۳ الباب الثانی فی الاذان الفصل الاول فی صفته واحوال المؤذن۔ اور کبیری میں ہے وافاد هذا ان الاولیٰ ان یتولی العلماء الاذان لانه من باب الجماعة والدعاء الیها فلا یفوض الی غیرهم علی مامر و فی الخلاصة عن واقعات الاوز جندی المؤذن اه الم یکن عالما بالاوقات لا یستحق ثواب المؤذنین انتهیٰ (۳۹۲ باب الاذان) (نور الایضاح ص ۴۵ ایضاً) فی زمانناموذنوں میں یہ اوصاف مفقود ہیں، ارزاں اور کم سے کم تنخواہ والا مؤذن تلاش کیا جاتا ہے۔ خواہ اذان صحیح نہ پڑھ سکتا ہو۔ اذان کے کلمات کہیں۔ دراز کہیں مختصر کر کے اذان کی روح ہی کو فنا کر دیتا ہو جس کی وجہ سے اعادہ ضروری ہو جاتا ہے مثلاً اشہد کو اشد، حیّ علی الصلوٰۃ کو حی للصلوٰۃ۔ حی علی الفلاح کو حی للفلاح اللہ کی جگہ آللہ، اکبر کی جگہ آکبر اور آکبار اور اسی طرح حی میں بڑی ح کی جگہ چھوٹی ہ پڑھا جاتا ہے اس طرح کی اور بھی بہت سی غلطیاں کی جاتی ہیں، امام وغیرہ جاننے والے حضرات بھی اصلاح نہیں کرتے، اماموں پر اس کی بڑی ذمہ داری ہے۔ اذان صرف اعلان ہی کا نام نہیں ہے بلکہ اذان عبادت بھی ہے۔ مہتم بالشان اسلامی شعار بھی ہے اس کو اسی کے شایان شان طریقہ سے ادا کیا جائے کہ اسلامی شان معلوم ہو اور سامعین کے قلوب متأثر اور متوجہ ہوں اور اس کی برکتیں ظاہر ہوں" ان الاذان شعار الاسلام" (فتح الباری ج ۱ ص ۶۱ کتاب الاذان) اور فتح القدیر میں ہے (لان الاذان عن اعلام الدین باب الاذان تحت قوله الاذان سنة ج ۲ ص ۹۳) اذان دین کی علامتوں میں سے ہے۔ حق تعالیٰ متولیوں کو توفیق دے کہ اس کی اہمیت کو سمجھیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## کھڑے کھڑے اقامت کا انتظار کرنا:

(سوال ۱۳۱) مصلی حضرات مسجد میں آ کر بیٹھ نہیں جاتے کھڑے کھڑے اقامت کا انتظار کرتے ہیں اور باتوں میں لگ جاتے ہیں اس کا کیا حکم ہے۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) مسجد دربار الٰہی ہے دنیوی بادشاہوں کے دربار و باری الٰہی کے سامنے کچھ حقیقت نہیں رکھتے۔ خدا کے مقرب بندے مسجد میں قدم رکھنے سے گھبراتے اور کانپتے تھے۔ لیکن اب حالت یہ ہوگئی ہے کہ مسجد کو بازار کی طرح سمجھتے ہیں۔ کھڑے کھڑے اقامت کا انتظار کرتے ہیں باتوں میں مشغول رہتے ہیں، ثواب اور ملائکہ کی دعاؤں کے بجائے گناہ اور بددعا لے کر جاتے ہیں۔ حدیث میں ہے کہ فرشتے لوگوں کو مسجد میں باتیں کرتے ہوئے دیکھ کر کہتے ہیں اسکت یاولی اللہ (اے خدا کے ولی خاموش رہ) اگر سلسلہ کلام جاری رہتا ہے تو کہتے ہیں۔ اسکت یا بغیض اللہ (اے خدا کے دشمن خاموش ہوجا) اس کے بعد بھی سلسلہ کلام بند نہ ہو تو کہتے ہیں اسکت لعنة الله علیک (تجھ پر خدا کی لعنت خاموش ہوجا) (کتاب المدخل ص ۵۵ ج ۲)

فتاویٰ عالمگیری میں ہے۔ اذا دخل الرجل عند الاقامة یکره له الانتظار قائما ولکن یقعد ثم یقوم اذا بلغ المؤذن قوله حی علی الفلاح یعنی اقامت کے وقت کوئی شخص مسجد میں آئے تو کھڑے کھڑے اقامت یا امام کا انتظار کرنا مکروہ ہے۔ اگر امام محراب کے پاس ہو تو حی علی الفلاح کے وقت کھڑا ہونا مستحب ہے اور اگر

امام محراب سے دور ہو اور صفوں کے پیچھے سے مصلی پر جاتا ہو تو جس صف کے قریب امام پہنچے وہ صف کھڑی ہو جائے، اگر امام آگے کی جانب سے داخل ہو تو اسے دیکھ کر کھڑے ہو جائیں امام کو پیچھے چھوڑ کر کھڑے ہو جانا غلط طریقہ ہے (ج ا ص ۳۵۔ الباب الثانی فی الاذان الفصل الثانی فی کلمات الاذان و الا قامۃ و کیفیتھما) (شامی ج ا ص ۴۴۷)

خلاصہ یہ کہ جب مسجد میں آوے تو اگر مکروہ وقت نہ ہو تو تحیۃ المسجد، تحیۃ الوضوء پڑھے سنتوں کا وقت ہو تو سنتیں پڑھ کر جماعت کے انتظار میں بیٹھا رہے اور ذکر اللہ میں مشغول رہے۔ جس سے نماز میں خشوع وخضوع بھی نصیب ہوگا، ورنہ دنیوی خیالات میں بھٹکتا رہے گا جیسے ایک شاعر نے کہا ہے۔

ہاتھ باندھے کھڑے ہیں صف پر
سب اپنے اپنے خیال میں ہیں
امام مسجد سے کوئی پوچھے؟
نماز کس کو پڑھا رہا ہے

فقط واللہ اعلم بالصواب.

## اثناء تلاوت اذان شروع ہو جائے تو کیا حکم ہے :

(سوال ۱۳۲) قرآن کریم کی تلاوت کر رہا ہو اور اس اثناء میں اذان شروع ہو جائی تو تلاوت کرتا رہے یا اذان کا جواب دے۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) مسجد میں ہو تو تلاوت جاری رکھنے کی اجازت ہے۔ مکان میں ہو تو تلاوت موقوف کر کے اذان کا جواب دینا چاہئے، البتہ دوسرے محلہ کی مسجد کی اذان ہو تو مکان میں بھی تلاوت جاری رکھنے میں مضائقہ نہیں ہے۔ (واذا سمع المسنون منہ) ای الاذان وھو مالا لحن فیہ ولا تلحین (امسک) حتی عن التلاوۃ لیجیب المؤذن ولو فی المسجد وھؤلاء فضل وفی الفوائد یمضی علیٰ قراءتہ ان کان فی المسجد وان کان فی بیتہ فکذلک ان لم یکن اذان مسجدہ (قولہ ان لم یکن اذان مسجدہ) ای فتندب اجابتہ (طحطاوی علی مراقی الفلاح) ص ۱۱۶ باب الاذان، ص ۱۱۷، ذکر وتسبیح ہر حال میں بند کر کے اذان کا جواب دیا جائے، مسجد میں ہو یا گھر میں، فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## متعدد مساجد میں اذان ہو۔ تو کس کا جواب دیا جائے:

(سوال ۱۳۳) اپنے راندیر میں متعدد مساجد ہیں، یکے بعد دیگرے اذان ہوتی ہے تو کس مسجد کی اذان کا جواب دینا ضروری ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) پہلی اذان کا جواب دینا ضروری ہے۔ باقی اذانوں کا جواب دینا افضل ہے۔ محلہ کی مسجد کی اذان ہو یا غیر محلہ کی۔ واذا تعدد الاذان یجیب الاول. (مراقی الفلاح ص ۳۹ باب الاذان) مطلقاً سواء کان اذان مسجدہ ام لا لانہ حیث سمع الاذان فدبت لہ الاجابۃ ثم لا یتکرر علیہ فی



الاصح ذکرہ الشھاب فی شرح الشفاء (طحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۱۱۷ باب الاذان) فقط و اللہ اعلم بالصواب.

## اقامت سے پہلے درود شریف پڑھنا:

(سوال ۱۳۴) اقامت سے پہلے درود شریف پڑھنا حدیث سے ثابت ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) اقامت سے پہلے درود شریف سرًا پڑھنے کی اجازت ہے۔ شامی میں مستحب لکھا ہے۔ البتہ جہراً پڑھنے کا التزام مکروہ ہوگا۔ وعن المکروھات الصلوۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ابتداء الا قامۃ لانہ بدعۃ (طحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۱۱۵ باب الاذان) ونص العلماء علی استحبابھا (ای استحباب الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم) فی مواضع یوم الجمعۃ ولیلتھا ...... الیٰ قولہ. وعند الا قامۃ (شامی ص ۴۸۳ ج ا ص ۴۸۴) فقط و اللہ اعلم بالصواب.

## درمیانی صف میں اقامت کہے تو اس کا کیا حکم ہے:

(سوال ۱۳۵) نمازی زیادہ ہوں تو اقامت کہاں کہے۔ صف اول میں یا درمیانی صف میں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) نمازی کم ہوں اور صف اول میں تکبیر کہنے سے سب کو آواز پہنچتی ہو تو تکبیر (اقامت) صف اول میں کہنا بہتر ہے۔ ہاں اگر سب کو آواز نہ پہنچے اور درمیان کی کسی صف میں تکبیر کہی جائے کہ جس کی وجہ سے آگے پیچھے سب نمازی سن سکیں تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## عندالاقامت امام کو آگاہ کرنے کے لئے مؤذن کھنکھارے تو کیسا ہے

(سوال ۱۱۵۵) امام صاحب، صف اول میں بیٹھے ہیں جماعت کھڑی ہونے کے وقت مؤذن صاحب کھنکھارتے ہیں اس وقت امام صاحب مصلی پر جاتے ہیں اس کے بعد مؤذن اقامت کہتے ہیں تو یہ طریقہ کیسا ہے۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) جب امام صاحب صف اول میں بیٹھے ہوں تو کھنکھارنا فضول اور لغو ہے ہاں حجرہ میں ہوں تو جماعت کا وقت ہونے کی اطلاع دہی کے لئے کھنکھارے تو کوئی حرج نہیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## ٹیپ ریکارڈ سے دی ہوئی اذان صحیح ہے یا نہیں:

(سوال ۱۳۶) ٹیپ ریکارڈ میں اذان ٹیپ کر لی جائے اور ہر نماز کے وقت اس کو چالو کر دیں تو اس طرح ٹیپ میں دی ہوئی اذان صحیح ہے یا نہیں؟ اور اسی ٹیپ پر دی ہوئی اذان پر نماز پڑھی جائے تو وہ نماز صحیح ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) ٹیپ ریکارڈ سے اذان دی جائے گی تو وہ اذان معتبر نہیں ہوگی۔[1] پھر سے اذان دینا ضروری ہے اگر صحیح طریقہ سے دوبارہ اذان نہ دی گئی تو وہ نماز بغیر اذان کے پڑھی ہوئی شمار ہوگی۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

(۱) وجہ یہ ہے کہ اذان دینے والے کے لئے اہلیت شرط ہے وہ اوقات سے واقف ہو متورع ہو دین دار ہو یہ چیزیں ٹیپ ریکارڈ میں نہیں پائی جاتی۔

## اقامت میں شہادتین وحیعلتین کے کلمات ایک ایک مرتبہ ثابت ہیں یا دودومرتبہ:

(سوال ۱۳۷) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ یہاں ''دوبئ'' میں بہت سے ہندوستانی و پاکستانی باشندے بسلسلۂ ملازمت مقیم ہیں۔ نماز کی ادائیگی کے لئے ایک عبادت خانہ بنا رکھا ہے۔ اقامت اسی طرح کہتے ہیں جس طرح ہمارے ہندوستان میں...... شہادتین اور حیعلتین دودومرتبہ کہتے ہیں۔ اس پر بعض عرب حضرات نکیر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ان کلمات کو ایک ایک مرتبہ کہنا چاہئے، آپ اس کا جواب مع دلائل وحوالجات تحریر فرمائیں تاکہ ہم ان کو دکھا سکیں۔ بینوا توجروا۔ سید زبیر دوبئ۔

(الجواب) حامداً ومصلیاً ومسلماً:۔ اس میں اہل علم حضرات کا اختلاف ہے کہ اقامت میں شہادتین اور حیعلتین کے کلمات ایک ایک مرتبہ کہے جائیں یا دودومرتبہ، امام ابوحنیفہؒ امام سفیان ثوریؒ، ابن مبارکؒ اور اہل کوفہ کے نزدیک دودومرتبہ کہنا مسنون ہے اور یہ حدیث سے ثابت ہے بلا دلیل نہیں ہے۔ ہم مختصراً چند روایات ذکر کرتے ہیں۔ جس کو مفصل دیکھنا ہو کتب احادیث میں ملاحظہ کرلے۔

امام ابوحنیفہؒ وغیرہ محدثین رحمہم اللہ کی اذان واقامت کے سلسلہ میں سب سے قوی اور اصل دلیل حضرت عبداللہ بن زید بن عبدربہؓ کا وہ خواب والا قصہ ہے کہ جس سے اذان ثابت ہوئی ہے۔ انہوں نے خواب میں ایک فرشتہ کو اذان دیتے ہوئے دیکھا اور صبح حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر بیان کیا آپ نے ان کا خواب سن کر حضرت بلالؓ کو اس خواب کے موافق اذان دینے کا حکم فرمایا اور اس اعتبار سے یہ وحی حکمی ہے، خواب والی حدیث یہ ہے۔

مصنف ابن ابی شیبہ (یہ حدیث کی مشہور کتاب ہے۔ اس کے مصنف کا نام ابوبکر عبداللہ ہے۔ ان کی جلالت شان کے لئے یہ کافی ہے کہ آپ امام بخاری، امام مسلم، ابوداؤدؒ امام ابن ماجہ رحمہم اللہ کے اساتذہ میں سے ہیں، ۲۳۵ھ میں وفات پائی رحمہ اللہ) نے عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ سے صحیح سند کے ساتھ روایت کی ہے۔ قال حدثنا اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان عبد اللہ بن زید الا نصاری رضی اللہ عنہ جاء الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال. یارسول اللہ رأیت فی المنام کان رجلا قام وعلیہ بردان اخضران علی جذمة حائط فاذن مثنیٰ واقام مثنیٰ قعد قعدةً قال فسمع ذلک بلال فقام فاذن مثنیٰ وقام مثنیٰ وقعد قعدة" ...... الخ. یعنی عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ فرماتے ہیں کہ ہم سے حضور اکرم ﷺ کے اصحاب نے بیان کیا کہ حضرت عبداللہ بن زید انصاریؓ حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں تشریف لائے اور عرض کیا یارسول اللہ (ﷺ) میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک شخص دیوار پر کھڑا ہوا ہے اور دو سبز چادروں میں ہے اس شخص نے اذان کے کلمات کو دودوبار ادا کیا، اور اقامت کے الفاظ بھی دودوبار کہے اور اس کے بعد بیٹھ گیا، اس شخص کی اذان اور اقامت کو بلالؓ سن کر کھڑے ہوئے اور انہوں نے بھی اذان اور اقامت کے الفاظ بھی کہے اور بیٹھ گئے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱ ص ۳۰۲ باقی)

اس حدیث کی سند کے متعلق علامہ محدث شیخ ابن دقیق العید نے ''امام'' میں فرمایا ہے وھذا رجالہ رجال



الصحیح وھو متصل علی مذھب الجماعة فی عدالة الصحابة وان جھالة اسماء ھم لا تضر. یعنی اس حدیث کے رجال بالکل صحیح ہیں اور یہ حدیث محدثین کے مذہب کی بنا پر صحابہ کے عادل ہونے کی وجہ سے متصل السند ہے۔ اور مروی عنہم صحابہ کے ناموں کا معلوم نہ ہونا مضر نہیں (آثار السنن ج ۱ ص ۵۲ باب الاذان للعلامہ نیمویؒ)

وقال العلامہ ابن الترکمانی فی "الجوھر النقی" قال ابن حزم ھذا اسناد فی غایة الصحة. یعنی علامہ ابن ترکمانی نے ''جوہر نقی'' میں فرمایا ہے کہ ابن حزم فرماتے ہیں کہ مذکورہ حدیث کی سند بالکل صحیح ہے (آثار السنن ج ۱ ص ۵۲ ایضاً)

اسی طرح اس حدیث کو بیہقی نے ''خلافیات'' میں ابوعمیس سے روایت کی ہے۔ عن ابی العمیس قال سمعت عبد اللہ بن محمد بن عبد اللہ بن زید الا نصاری یحدث عن ابیہ عن جدہ انہ اری الاذان مثنیٰ مثنی والا قامة مثنیٰ مثنیٰ وقال الحافظ فی الدرایة اسنادہ صحیح. یعنی ابوعمیس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہؒ سے سنا انہوں نے اپنے والد محمد سے اور انہوں نے اپنے والد عبداللہ بن زید انصاریؓ سے روایت کی ہے کہ ان کو خواب میں اذان اور اقامت دودومرتبہ کہتے ہوئے دکھائی گئی ہے، حافظ نے درایہ میں فرمایا کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔ (آثار السنن ص ۵۲ جلد اول باب الاذان)

وروی الطحاوی عن عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ قال اخبرنی اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم ...... الخ. یعنی امام طحاویؒ نے عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ سے روایت کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ مجھ کو حضور اکرم ﷺ کے اصحاب نے بیان کیا کہ عبداللہ بن زیدؓ نے خواب میں اذان دیکھی پھر حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں آئے اور اپنا خواب بیان کیا حضور اکرم ﷺ نے فرمایا (تم نے خواب میں اذان کے جو کلمات سنے ہیں وہ بلال کو سکھادو، چنانچہ حضرت بلالؓ نے (اذان سیکھ کر) اذان دی، اور اذان کے کلمات دودومرتبہ کہے اور اقامت کے کلمات بھی دودومرتبہ کہے امام طحاویؒ فرماتے ہیں واسنادہ صحیح یعنی اس حدیث کی سند صحیح ہے (طحاوی شریف ج ۱ ص ۸۰ کتاب الصلوٰۃ باب الاذان کیف ھو) اور پھر فرماتے ہیں ففی ھذا الأثر ان بلالاً رضی اللہ عنہ اذن بتعلیم عبداللہ بن زید بامر النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایاہ بذلک فاقام مثنیٰ مثنیٰ. یعنی اس اثر میں صراحۃً یہ بات ہے کہ حضرت بلالؓ نے حضور اکرم ﷺ کے حکم پر حضرت عبداللہ بن زید انصاریؓ سے اذان واقامت سیکھی، پھر حضرت بلالؓ نے اذان واقامت میں شہادتین وحیعلتین کے کلمات دودومرتبہ کہے (طحاوی شریف ج ۱ ص ۸۰ ایضاً)

### دوسری دلیل!

قال عبد الرزاق سمعت الثوری واذن لنا بمنیٰ فقال ...... الخ یعنی عبدالرزاق فرماتے ہیں میں نے منیٰ میں امام ثوریؒ کی اذان سنی، انہوں نے اذان اس طرح دی اللہ اکبر. اللہ اکبر، اشھد ان لا الٰہ الا اللہ دومرتبہ اشھد ان محمد ارسول اللہ، دومرتبہ پھر آخر تک اسی طرح اذان واقامت دی جس طرح اوپر عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ کی حدیث میں ذکر ہوا (مصنف عبدالرزاق ج ۱ ص ۴۶۲ باب الاذان ایضاً)

## تیسری دلیل:

اخبرنا عبدالرزاق قال اخبرنا معمر عن حماد عن ابراهیم عن الاسود یزید ان بلالاً کان یثنی الاذان ویثنی الاقامة وانه کان یبدأبالتکبیر ویختم بالتکبیر، ہم سے عبدالرزاق نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں ہم کو معمر نے بیان کیا کہ حضرت بلالؓ اذان اور اقامۃ کے الفاظ دودومرتبہ کہا کرتے تھے اور اذان واقامت کی ابتدا بھی تکبیر سے کرتے اور اختتام بھی تکبیر سے کرتے۔ (مصنف عبدالرزاق ص۴۶۲ ج۱)

## چوتھی دلیل:

اخبرنا عبدالرزاق عن الثوری ابی معشر عن ابراهیم عن الأسود عن بلال قال کان اذانه واقامته مرتین۔ اسود حضرت بلالؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ان کی اذان اور اقامت کے کلمات دودو تھے۔ (مصنف عبدالرزاق ج۱ص۴۶۳ باب الاذان)

## پانچویں دلیل:

روی الترمذی عن عبد الله بن زید قال کان اذان رسول الله صلی الله علیه وسلم شفعاً شفعاً فی الاذان والاقامة.

ترمذی نے حضرت عبداللہ بن زیدؓ سے روایت کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ کی اذان و اقامت کے الفاظ دودو تھے۔ (ترمذی شریف ص۲۷ ج۱ باب ماجآء فی ان الاقامۃ مثنیٰ مثنیٰ)

## چھٹی دلیل:

عن الاسود بن یزید عن بلال انه کان یثنی الاذان ویثنی الاقامة. اسود بلالؓ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ یعنی حضرت بلالؓ اذان اور اقامت کے الفاظ دودومرتبہ کہتے تھے (طحاوی شریف ج۱ص۸۱ کتاب الصلوٰۃ باب الاذان کیف ھو)

## ساتویں دلیل:

عن عبدالعزیز بن رفیع قال سمعت ابا محذورة رضی الله عنه یوذن مثنیٰ مثنیٰ ویقیم مثنیٰ مثنیٰ.

عبدالعزیز بن رفیع سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے ابومحذورہؓ کو اذان دیتے ہوئے سنا ہے۔ وہ اذان کے الفاظ دودومرتبہ کہتے تھے اور اقامت کے الفاظ بھی دودومرتبہ کہتے تھے (طحاوی شریف ص۸۱ ج۱ ایضاً)

## آٹھویں دلیل:

عن مکحول ان ابن محیریز حدثه' ابو محذورة ان النبی صلی الله علیه وسلم علمه' الاذان تسع عشرة کلمةً واقامة سبع عشرة کلمةً.

مکحول سے روایت ہے کہ ابن محیریزؒ نے ان کو حدیث بیان کی کہ انہوں نے ابومحذورہ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے اقامت کے سترہ ۱۷ کلمات سکھائے ہیں (اور سترہ ۱۷ کلمات اسی وقت ہوں گے جب شہادتین اور حیعلتین کے کلمات دودومرتبہ کہے جائیں۔ (طحاوی شریف ج۱ص۸۱ ایضاً)



## نویں دلیل:

عن ابراهیم قال کان ثوبان یؤذن مثنی ویقیم مثنیٰ ابراہیمؒ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ثوبانؓ اذان کے کلمے دو۲ دو۲ مرتبہ کہتے تھے اور اقامت کے کلمات بھی دودو بار ادا کرتے تھے۔ (طحاوی شریف ج۱ص۸۱ ایضاً)

خلاصۂ کلام یہ کہ ان احادیث وآثار کے پیش نظر حنفیہ کے نزدیک اقامت میں شہادتین وحیعلتین کے کلمات دو۲ دو۲ مرتبہ کہنا مسنون ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔ ۱۲۔ جمادی الثانی ۱۳۹۹ھ۔

## فجر کی اذان میں الصلوٰۃ خیر من النوم چھوٹ گیا:

(سوال ۱۳۸) اگر مؤذن فجر کی اذان میں " الصلوٰۃ خیر من النوم" کہنا بھول جائے تو اذان صحیح ہوجائے گی یا دوبارہ دینا ضروری ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اگر اذان کے درمیان ہی یاد آجائے تو جو کلمہ چھوٹ گیا ہے وہاں سے آخر تک کے کلمات کہہ کر اذان پوری کرے۔ اور اگر اذان پوری کرنے کے بعد یاد آئے تو غلطی درست کرکے آخر تک کلمات کا اعادہ کرے اگر کافی وقت گذر جائے تو دوبارہ اذان دینا ضروری نہیں۔ عالمگیری میں ہے۔ ویرتب بین کلمات الاذان والاقامة کما شرع کذا فی محیط السرخی، واذا قدم فی اذانه اوفی اقامته بعض الکلمات علی بعض نحوان یقول اشهدان محمداً رسول الله قبل قوله اشهد ان لا اله الا الله فالافضل فی هذا ان ما سبق علیٰ اوانه لا یعتد به حتیٰ یعیده فی اوانه وموضعه وان مضی علیٰ ذلک جازت صلوتهم کذا فی المحیط (عالمگیری ج۱ ص ۳۴ (الفصل الثانی الباب الثانی فی الاذان الفصل الثانی فی کلمات الاذان والاقامة وکیفیتهما) فقط و الله تعالیٰ اعلم بالصواب.

## امام صاحب اذان دیتے ہوں تو اقامت کون کہے؟ کوئی دوسرا شخص اقامت کہے تو ان کی اجازت ضروری ہے یا نہیں

(سوال ۱۳۹) کیا فرماتے ہیں۔ علمائے دین ذیل کے مسئلہ میں ہمارے محلّہ کی ایک مسجد میں مؤذن متعین نہیں ہے۔ اس وجہ سے اکثر امام صاحب ہی اذان دیتے ہیں۔ تکبیر کہنے کے لئے امام صاحب جس کو اجازت دیدے وہی تکبیر کہے یا ان کی اجازت کے بغیر کوئی بھی شخص تکبیر کہہ سکتا ہے۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) افضل یہی ہے کہ جو اذان کہے وہی اقامت (تکبیر) کہے اقامت کا حق مؤذن کو ہے البتہ مؤذن کی

غیر حاضری میں یا اس کی اجازت سے کوئی دوسرا اقامت کہے تو بلا کراہت جائز ہے۔ والا فضل ان یکون المؤذن ھو المقیم کذا فی الکافی وان اذن رجل واقام اخر ان غاب الاول جاز من غیر کراھۃ وان کان حاضراً ویلحقہ' الوحشۃ باقامۃ غیرہ یکرہ وان رضی بہ لا یکرہ .(فتاویٰ عالمگیری ج ا ص ٣٣ الباب الثانی فی الاذان الفصل الثانی فی کلمات الاذان والاقامۃ وکیفیتھما)

آپ کے یہاں مؤذن متعین نہیں ہے امام صاحب ہی اذان بھی دیتے ہیں تو وہ جماعت کے وقت تکبیر کہہ کر مصلی پر پہنچ جائیں۔ والاحسن ان یکون المؤذن اماماً فی الصلوۃ کذا فی المعراج الدرایۃ . (عالمگیری ج ا ص ٣٣ ایضاً) یا ان کی اجازت سے کوئی دوسرا شخص تکبیر کہے۔ ان کی اجازت کے بغیر اگر دوسرا شخص اقامت کہے اور وہ اس کی اقامت سے ناراض ہوتے ہوں تو مکروہ ہے۔ (عالمگیری ا ج ص ٣٣ ایضاً) (مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو) (فتاویٰ رحیمیہ ج ا ص ٢٠١۔٢٠٢ (جدید ترتیب میں اسی باب میں، کیا دوسرا شخص اقامت (تکبیر) کہہ سکتا ہے کے عنوان سے دیکھئے ص٩١ از مرتب) فقط واللہ اعلم بالصواب۔ ١٥ محرم الحرام ١٤٠١ھ۔

## اقامت کے وقت مقتدی کب کھڑے ہوں :

(سوال ١٤٠) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسئلہ میں۔ جب جماعت کھڑی ہوتی ہے اور مکبر تکبیر کہنے لگتا ہے اس وقت مقتدیوں کو صفیں درست کرنے کے لئے کب کھڑا ہونا چاہئے؟ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ ابتداء اقامت ہی سے کھڑے ہو کر صف درست کرنا چاہئے اور کچھ لوگوں کا کہنا یہ ہے کہ حی علی الفلاح کے وقت کھڑا ہونا چاہئے اور وہ لوگ اس پر بہت مصر ہیں۔ بلکہ بعض جگہ تو شروع سے کھڑے ہونے والوں پر لعن وطعن بھی کرتے ہیں آپ وضاحت فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) جب امام مصلی پر یا محراب کے قریب ہو اور مقتدی پہلے سے صف بندی کر کے بیٹھے ہوں ادھر ادھر منتشر نہ ہوں تو حی علی الفلاح کے وقت امام اور مقتدیوں کا کھڑا ہونا مستحب اور آداب میں سے ہے واجب اور تاکیدی سنت نہیں ہے۔ درمختار میں ہے۔ ولھا آداب نماز کے کچھ آداب ہیں اور آگے آداب کا حکم بیان فرماتے ہیں۔ ترکہ' لا یوجب اساءۃ ولا عتاباً کترک سنۃ الزوائد لکن فعلہ افضل. یعنی اس کا ترک نہ موجب کراہت ہے اور نہ عتاب کا باعث (یعنی اس کے چھوڑنے سے نہ گناہ ہوتا ہے اور نہ ملامت ہوتی ہے) جیسے سنن زوائد کو ترک کرنا ہاں اس کا کرنا ایک افضل فعل ہے (درمختار مع الشامی ج ا ص ٤٤٦ آداب الصلاۃ) لہذا اقامت شروع ہوتے ہی کھڑا ہو جانا جب کہ امام سامنے موجود ہو مکروہ نہیں ہے۔ البتہ امام سامنے موجود نہ ہو تو پہلے سے کھڑا ہونا مکروہ ہے بیٹھے ہوئے امام کا انتظار کریں۔ امام کو آگے سے آتا ہوا دیکھیں۔ تو امام کو دیکھتے ہی کھڑے ہو جائیں۔ اور اگر امام پیچھے سے داخل ہو تو جس صف کے پاس سے امام گذرے وہ صف کھڑی ہو جائے حدیث میں ہے۔ فلا تقوموا حتیٰ ترونی قد خرجت الیکم (جب تک مجھے نکل کر اپنی طرف آتا ہوا نہ دیکھو کھڑے مت ہوا کرو) اور ایک حدیث میں ہے۔ کان بلال یؤذن اذا دحضت الشمس فلا یقیم حتی یخرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاذا خرج الامام اقام الصلوۃ حین یراہ. یعنی



حضرت بلالؓ ظہر کی اذان اس وقت دیتے تھے جب زوال ہو جاتا۔ پھر اقامت اس وقت تک نہ کہتے تھے جب تک نبی کریم ﷺ مکان سے باہر نہ آ جاتے۔ جب باہر تشریف لاتے تو اقامت کہتے تھے (مسلم شریف ص ٢٢٠ ج ا ص ٢٢١ باب متیٰ یقوم الناس فی الصلوۃ)

ان دونوں حدیثوں سے ثابت ہوا کہ اقامت اور مقتدیوں کے کھڑے ہونے کا مدار امام پر ہے۔ اسی بنا پر فقہائے کرام نے تصریح کی ہے۔ لان القیام لاجل الصلوۃ ولا یمکن اداءھا بدون الامام فلم یکن القیام مفیداً ثم ان دخل الامام من قدام الصفوف فکما راوہ قاموا لانہ کما دخل المسجد قام مقام الامامۃ وان دخل من وراء الصفوف فالصحیح انہ کلما جاوز صفا قام ذلک الصف لانہ صار بحال لو اقتدی بہ جاز فصار فی حقھم کانہ اخذ مکانہ یعنی اس لئے کہ قیام نماز ادا کرنے کے لئے ہے اور نماز ادا کرنا بدون امام کے ممکن نہیں لہذا قیام (بغیر امام کے) مفید نہ ہوگا۔ پھر اگر امام صفوں کے سامنے سے مسجد میں داخل ہو تو امام کو دیکھتے ہی سب کھڑے ہو جائیں کیونکہ امام مسجد میں داخل ہوتے ہی (گویا) امامت کی جگہ کھڑا ہو گیا۔ اور اگر امام صفوں کے پیچھے سے داخل ہو تو صحیح قول کی مطابق امام جس صف سے آگے بڑھتا جائے اس صف کے لوگ کھڑے ہوتے جائیں کیونکہ امام جس صف سے آگے بڑھ گیا، ان کے حق ایسی حالت پر ہو گیا کہ اگر اس کے پیچھے اقتداء کریں تو کر سکتے ہیں لہذا امام گویا کہ ان کے حق میں اپنی جگہ پر آ گیا۔ (بدائع ج ا ص ٢٠٠ کتاب الصلاۃ فصل واما سننھا)

درمختار میں ہے (والقیام) لامام ومؤتم (حین قیل حی علی الفلاح ان کان الامام بقرب المحراب والا فیقوم کل صف ینتھی الیہ الامام علی الاظھر وان دخل من قدام قاموا حین یقع بصرھم علیہ. الی قولہ (وشروع الامام) فی الصلوۃ مذ قیل قد قامت الصلوۃ ولو اخر حتیٰ اتمھا لا بأس بہ اجماعاً. انہ الاصح (درمختار) شامی میں ہے (قولہ انہ' الاصح) لان فیہ محافظۃ علی فضیلۃ متابعۃ المؤذن واعانۃ لہ' علی الشروع مع الامام (شامی ج ا ص ٤٤٧ آداب الصلاۃ)

یعنی:۔ مستحب ہے کھڑا ہونا امام اور مقتدیوں کا جب کہ حی علی الفلاح کہا جائے اگر امام محراب کے قریب ہو اور اگر امام محراب سے دور ہو اور صفوں کے پیچھے سے امام داخل ہو تو جس صف کے پاس سے امام گذرے وہ صف کھڑی ہو جائے اور اگر آگے سے مسجد میں داخل ہو تو اس کو دیکھتے ہی سب مقتدی کھڑے ہو جائیں اور جب قد قامت الصلوۃ کہا جائے تو مستحب ہے کہ امام نماز شروع کر دے اور اگر امام نماز شروع کرنے میں تاخیر کرے اور اقامت ختم ہونے پر نماز شروع کرے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں بلکہ تاخیر کرنا ہی زیادہ صحیح ہے اس لئے کہ اس صورت میں اقامت کہنے والا بھی امام کے ساتھ نماز شروع کر سکے گا۔ (غایۃ الاوطار ج ا ص ٢٢٠، ٢٢١ آداب الصلاۃ)

غور کیجئے! قد قامت الصلوۃ کے وقت امام اور مقتدیوں کا نماز شروع کر دینا مستحب اور آداب میں سے ہے لیکن اقامت کہنے والا امام کے ساتھ نماز شروع نہ کر سکے گا اس لئے اس کی رعایت کرتے ہوئے اقامت ختم ہونے کے بعد ہی نماز شروع کرنے کو زیادہ صحیح کہا گیا ہے۔ اسی طرح صفوں کو درست کرنے کی تاکید اور سیدھی نہ رکھنے پر جو وعیدیں ہیں ان کے پیش نظر شروع اقامت ہی سے کھڑا ہو جانا افضل بلکہ ضروری ہوگا حی علی الفلاح کے بعد کھڑے ہونے میں صفیں درست اور سیدھی نہیں ہو سکتیں۔ ٹیڑھی رہیں گی، نمازی آگے پیچھے ہوں گے۔ درمیان میں جگہ خالی ر

جائے گی۔اور وعید شدید کے مستحق ہوں گے۔

احادیث میں بہت تاکید کے ساتھ صفوں کی درستگی کا حکم کیا گیا ہے۔ایک حدیث میں ہے صفیں سیدھی رکھو، اپنے مونڈھوں کو برابر کرو اور آپس میں مل کر کھڑے ہوا کرو درمیان میں خلاء (خالی جگہ) نہ چھوڑو، ورنہ شیطان بکری کے بچہ کی طرح تمہارے درمیان جگہ پا کر گھس جائے گا۔(اور پھر دلوں میں وسوسہ ڈالے گا)۔ایک اور حدیث میں ہے۔صفیں سیدھی رکھا کرو۔ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے چہرے بگاڑ دے گا۔اور ایک حدیث میں ہے صفوں میں سیدھے کھڑے رہا کرو، آگے پیچھے نہ ہوا کرو۔ورنہ تمہارے دل بدل جائیں گے۔(اور...... آپس میں پھوٹ پڑ جائے گی اور نااتفاقی پھیل جائے گی (مشکوۃ ص ۹۸، ص ۹۹ باب تصویۃ الصفوف الفصل الثالث عن ابن عمر مسلم شریف) خود حضور اکرم ﷺ صفوں کو درست فرمایا کرتے تھے۔نعمان بن بشیرؓ سے مروی ہے کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسوی صفو فنا اذا قمنا الی الصلوۃ فاذا ستوینا کبر ،یعنی جب ہم نماز کے لئے کھڑے ہوتے تھے تو رسول اکرم ﷺ ہماری صفیں درست فرماتے تھے اور جب ہم سیدھے ہو جاتے تھے تو تکبیر تحریمہ کہتے تھے۔(ابوداؤد، مشکوۃ شریف ص ۹۸ باب تصویۃ الصفوف الفصل الثانی)

خلفائے راشدین کا بھی یہی عمل تھا۔ترمذی شریف میں ہے روی عن عمر انہ کان یو کل رجلاً باقامۃ الصفوف ولا یکبر حتی یخبر ان الصفوف قد استوت وروی عن علی رضی اللہ عنہ وعثمان رضی اللہ عنہ انہما کانا یتعا ھدان ذلک ویقولان استووا۔یعنی حضرت عمرؓ نے صفیں درست کرنے کے لئے ایک شخص کو متعین کر دیا تھا اور جب تک آپ کو صفیں درست ہونے کی خبر نہ دی جاتی تکبیر تحریمہ نہیں کہتے تھے۔امام ترمذیؒ نے اس حدیث کی روایت کر کے فرمایا ہے۔کہ حضرت علیؓ اور حضرت عثمانؓ بھی اس کا اہتمام کرتے تھے اور فرماتے تھے،سیدھے کھڑے رہو(ترمذی شریف ج ۱ ص ۳۱ باب ماجاء فی اقامۃ الصفوف)

الحاصل حی علی الفلاح کے وقت کھڑا ہونا محض آداب میں سے ہے۔ترک کرنے میں کوئی کراہت نہیں۔جب کہ صفوں کو درست رکھنے کی بہت تاکید ہے اور درست نہ رکھنے پر سخت وعیدیں ہیں لہذا کراہت اور ان وعیدوں سے بچنے کے لئے ابتداء اقامت ہی سے کھڑے ہو جانا افضل ہوگا۔اور ابتداء اقامت سے صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کا کھڑا ہو جانا بھی ثابت ہے(پھر کیونکر اس کو مکروہ کہا جا سکتا ہے۔) مصنف عبدالرزاق میں ہے۔

عبدالرزاق عن ابن جریج قال اخبرنی ابن شہاب ان الناس کانوا ساعۃ یقول المؤذن اللہ اکبر ، اللہ اکبر ،یقیم الصلوۃ ،یقوم الناس الی الصلوۃ فلا یاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم مقامہ یعدل الصفوف۔ ابن شہاب سے مروی ہے کہ جس وقت مؤذن اللہ اکبر اللہ اکبر کہتا تھا لوگ نماز کے لئے کھڑے ہو جاتے تھے اور حضور ﷺ کے تشریف لانے تک صفیں درست ہو جاتی تھیں۔(مصنف عبدالرزاق ج ۱ ص ۵۰۷ باب قیام الناس عند الاقامۃ) علامہ ابن حجر فرماتے ہیں فقد ثبت عن الصحابۃ انہم کانوا یقومون اذ شرع المؤذن فی الاقامۃ۔تحقیق کہ صحابہ سے یہ بات ثابت ہے کہ وہ حضرات۔جب مؤذن اقامت شروع کرتا اسی وقت کھڑے ہو جاتے تھے۔(فتح الباری ج ۲ ص ۹۹)

یہ بھی قابل غور ہے کہ یہ طریقہ (حی علی الفلاح پر کھڑا ہونا) زیادہ سے زیادہ آداب میں سے ہے اور آداب کا



حکم یہ ہے کہ اس کا ترک نہ موجب کراہت ہے نہ عتاب کا باعث بلکہ اس کا کرنا ایک افضل فعل ہے۔اور اگر تھوڑی دیر کے لئے اسے سنت بھی مان لیا جائے اور صفوف کی درستگی کو بھی سنت کے درجہ میں رکھا جائے۔تب بھی اس طریقہ کا ترک اولیٰ ہوگا۔چنانچہ مجالس الابرار میں ہے۔ولا وجہ لا شتغال سنۃ فیہ ترک سنۃ اخری ۔یعنی ایسی سنت ادا کرنے کی کوئی وجہ نہیں جس میں دوسری سنت کا ترک ہوتا ہو(مجالس الابرار ص ۲۱۴ مجلس نمبر ۳۲) حالانکہ صفوف کی درستگی زیادہ مؤکد بلکہ واجب ہے اس لئے اس کا لحاظ کرنا اس ادب کے مقابلہ میں زیادہ اہم اور ضروری ہوگا۔نیز فقہ کا قاعدہ بھی ہے مکروہ کا ترک کرنا فعل مسنون پر عمل کرنے سے اہم ہے۔لان ترک المکروہ اھم من فعل المسنون (کبیری ص ۳۵۶) ترک المکروہ اولی بادراک الفضیلۃ ۔فضیلت حاصل کرنے میں اگر کراہت پر عمل کرنا لازم آتا ہو تو اس کا ترک اولیٰ ہے۔دیکھئے! وضو اور غسل میں غرغرہ سنت ہے مگر پانی حلق میں چلے جانے کے خوف سے غرغرہ ممنوع ہے اسی طرح سے وضو میں داڑھی کے بالوں کا خلال سنت ہے مگر حالت احرام میں بال ٹوٹ جانے کے خوف سے خلال مکروہ ہے۔خطبہ کے وقت خطیب کی طرف منہ کر کے بیٹھنا مستحب ہے۔لیکن صفوں کی درستگی کا خیال کرتے ہوئے قبلہ رو بیٹھنا اختیار کیا گیا ہے مجالس ابرار میں ہے ویستحب للقوم ان یستقبلو االامام عند الخطبۃ لکن الرسم الان انہم یستقبلون القبلۃ للحرج فی تسویۃ الصفوف لکثرۃ الزحام ، یعنی لوگوں کے لئے مستحب یہ ہے کہ خطبہ کے وقت خطیب کی طرف چہرہ کر کے بیٹھیں لیکن اس وقت کثرت ازدحام کی وجہ سے صفوں کی درستی میں حرج آتا ہے اس لئے قبلہ رو بیٹھتے ہیں۔(مجالس الابرار ص ۲۹۶ مجلس نمبر ۴۹ صغیری ص ۲۸۱)

ساتھ ساتھ یہ بھی ملحوظ رہے کہ البحر الرائق میں حنفیہ کے مذہب کی تفصیل لکھتے ہوئے حی علی الفلاح کے وقت کھڑے ہونے کی یہ علت بیان فرمائی ہے۔(قولہ والقیام حین قیل حی علی الفلاح) لانہ امر بہ فیستحب المسارعۃ الیہ ۔یعنی حی علی الفلاح پر کھڑا ہونا اس لئے افضل ہے کہ لفظ "حی علی الفلاح" (آؤ کامیابی کی طرف) میں کھڑے ہونے کا امر ہے اس لئے کھڑے ہونے کی طرف مسارعت کرنا چاہئے۔(البحر الرائق ج ۱ ص ۳۰۴ باب صفۃ الصلوۃ)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حی علی الفلاح پر کھڑا ہونا مستحب ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اس امر کے بعد بیٹھے رہنا خلاف ادب ہے نہ یہ کہ اس سے پہلے کھڑا ہونا خلاف ادب ہے۔کیونکہ پہلے کھڑے ہونے میں تو اور بھی زیادہ مسارعت پائی جاتی ہے۔چنانچہ طحطاوی علی الدر المختار میں ہے۔قولہ ، والقیام لامام ومؤتم حین قیل حی علی الفلاح مسارعۃ لامتثال امرہ والظاھر انہ احتراز عن التاخیر لا التقدیم حتی لو قام اول الاقامۃ لاباس بہ وحرر ، یعنی امام اور مقتدیوں کا حی علی الفلاح کے وقت کھڑا ہونا مستحب ہے امتثال امر کی طرف مسارعت کرتے ہوئے۔اور ظاہر یہ ہے کہ اس میں احتراز ہے تاخیر سے نہ کہ تقدیم سے (یعنی مقصود یہ ہے کہ کھڑے ہونے میں حی علی الفلاح کہنے تک تاخیر کر سکتے ہیں۔اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس سے پہلے کھڑے نہیں ہو سکتے اسی لئے علامہ طحطاوی اس کے بعد فرماتے ہیں) یہاں تک کہ اگر شروع اقامت ہی سے کھڑا ہو جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔(طحطاوی علی الدر المختار ج ۱ ص ۲۳۱ آداب الصلوۃ) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## مکان میں نماز پڑھنے والے کے لئے اذان واقامت کا حکم!:

(سوال ۱۴۱) مکان میں نماز پڑھنے والوں کی عادت ہے کہ اذان واقامت کہے بغیر ہی نماز فرض ادا کرتے ہیں۔ تو مسنون کیا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) گھر میں نماز پڑھنے والوں کے لئے اذان واقامت مسنون نہیں ہے مسجد کی اذان واقامت کافی ہے لہذا ترک کرنا مکروہ نہ ہوگا۔ فلا یس بھا اذا ادت فی البیوت لا نہ' لایکرہ ترکھما لمصل فی بیتہ وکذا المصلی فی المسجد بعد صلوٰۃ الجماعۃ (طحطاوی علی الدر المختار ج ۱ ص ۲۸۱ باب الاذان) شامی میں ہے لکن لا یکرہ ترکہ لمصل فی بیتہ فی المصر لان اذان الحی یکفیہ کما سیأتی (شامی ج ۱ ص ۳۵۷) فقط و اللہ اعلم بالصواب.

## اقامت کہنے کا افضل طریقہ کیا ہے:

(سوال ۱۴۲) ہمارے یہاں اقامت کہنے کا کوئی طریقہ نہیں ہے کبھی امام کے پیچھے کھڑے ہوکر کہہ دی تو کبھی دائیں کنارے پر سے اور کبھی بائیں کنارے پر کھڑے ہوکر۔ اور یہ قصداً بلا عذر کرتے ہیں تو اقامت کا صحیح اور مسنون طریقہ کیا ہے تحریر فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) امام کے پیچھے محاذاۃ میں کھڑے ہوکر تکبیر کہنے کا تعامل ہے اس لئے یہی افضل ہوگا۔ البتہ حسب ضرورت وحسب موقع جس طرف اور جس موقع پر مکبر کھڑا ہوکر تکبیر کہے درست ہے، شرعی ضرورت کے بغیر ادھر ادھر کنارے پر کھڑے ہوکر تکبیر کہنے کی عادت خلاف اولیٰ ہوگی۔ مگر تکبیر قابل اعادہ نہ ہوگی۔ فقط واللہ اعلم۔

## اقات کہنے میں مؤذن وغیرہ امام کے تابع ہیں :

(سوال ۱۴۳) ابھی امام فجر کی سنت پڑھ رہے تھے کہ مؤذن نے اقامت شروع کردی تو اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) مؤذن اقامت کہنے کے لئے امام کے حکم یا اشارہ کا تابع ہے لہذا امام حاضر ہو تو جب تک وہ خود آگے نہ بڑھے یا اقامت کہنے کا حکم یا اشارہ یا مستعدی نہ بتلائے اقامت کہنے میں جلدی نہ کرنی چاہئے۔ مقتدیوں کا بھی امام کے آگے بڑھنے سے پہلے کھڑا ہوجانا مکروہ ہے۔ وان لم یکن حاضراً یقوم کل صف بین ینتھی الیہ الا مام فی الاظہر (مراقی الفلاح) واذا اخذ المؤذن فی الا قامۃ ودخل رجل المسجد فانہ یقعد ولا ینتظر قائماً فانہ' مکروہ. (طحطاوی علی مراقی الفلاح ص ۱۶۱ فصل من آداب الصلوٰۃ) حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ مؤذن جب حضور ﷺ کو آتے ہوئے دیکھتا تو اس وقت اقامت شروع کرتا۔ (مستدرک حاکم ج ۱ ص ۲۱۳) فقط واللہ اعلم بالصواب۔



## اذان کے وقت باتیں کرنا:

(سوال ۱۴۴) اکثر لوگوں کی عام عادت ہوچکی ہے کہ اذان کا جواب دینا تو درکنار اس وقت دنیوی باتوں میں مشغول رہتے ہیں، اذان کی کوئی پرواہ نہیں کرتے، اس کے متعلق کوئی شرعی حکم اور وعید ہو تو بیان کیجئے؟

(الجواب) حدیث اور فقہ میں اس کی سخت وعید آئی ہے، اس سے احتراز ضروری ہے، اس کی عادت کرلینا ضعف ایمان کی دلیل ہے، رسم المفتی والسائل میں ہے۔ ویکرہ الکلام والذھاب عند الا ذان کذا فی خزانۃ الروایات ناقلاً عن حاشیۃ السراجیۃ عن فتاویٰ الحجۃ وفیھا عن الفتاویٰ الصوفیۃ اجمعوا علی ان یترک الکلام الدنیوی، وروی عن النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم من تکلم عند الاذان خیف علیہ زوال الا یمان انتھیٰ قلت ھذا الحدیث لم یثبت بسند یحتج بہ. یعنی فقہا کا اس پر اجماع ہے کہ اذان کے وقت دنیوی باتیں چھوڑ دی جائیں۔ حضور اکرم ﷺ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا جو شخص اذان کے وقت بات چیت کرے تو اس کے ایمان کے زوال کا خوف ہے، یہ حدیث اگرچہ ایسی مضبوط نہیں ہے کہ اس سے استدلال کیا جائے (مگر فضائل اعمال میں چل سکتی ہے) (رسم المفتی والسائل ص ۶۶) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## تکبیر کہاں کھڑے ہوکر کہنا افضل ہے :

(سوال ۱۴۵) اقامت کے وقت مکبر کا امام کے پیچھے کھڑا ہونا کیسا ہے؟ بعض اس کو افضل کہتے ہیں، بندہ کو اس کی دلیل مطلوب ہے، براہ کرم تحریر فرما کر ممنون فرمائیں۔

(الجواب) امام کے پیچھے محاذاۃ میں کھڑے ہوکر تکبیر کہنے کا تعامل ہے اس لئے یہی افضل ہوگا جیسے تراویح کی بیس رکعت کے بعد اجتماعی دعا منقول نہیں ہے لیکن امت اور اکابر کا عمل کو بطور دلیل پیش کیا جاتا ہے اور دعا مانگی جاتی ہے، علی ہذا عیدین کی نماز کے بعد صراحۃً دعا کا ثبوت نہیں مگر تعامل ہی کی بنا پر دعا مانگی جاتی ہے، علی ہذا عید الاضحی کی نماز کے بعد تکبیر ثابت نہیں ہے مگر توارث کی بنا پر تکبیر کہنے کی اجازت دی ہے، بعض نے واجب تک کہہ دیا ہے۔ ولا بأس بہ عقب العید لان المسلمین توارثوہ فوجب اتباعھم وعلیہ البلخیون (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۷۸۶) باب العیدین مطلب کلمۃ لاباس قد تستعمل فی المندوب.

البتہ حسب ضرورت اور حسب موقع جس طرف اور جس موقعہ پر مکبر کھڑا ہوکر تکبیر کہے درست ہے، شرعی ضرورت کے بغیر ادھر ادھر کنارے پر کھڑے ہوکر تکبیر کہنے کی عادت خلاف اولیٰ ہے، مگر تکبیر قابل اعادہ نہیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## جس نے نسبندی کرالی ہو اس کو مؤذن رکھنا:

(سوال ۱۴۶) ہماری مسجد کے مؤذن نے عرصہ ہوا اپنی نسبندی (خصی) کروالی تھی، موذن کا کہنا ہے کہ میں نے لاعلمی کی بنا پر اپنی نسبندی کروائی اس صورت میں ایسے مؤذن کا اذان دینا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) خصی ہونا اولاد سے محرومی اور بیزاری اور کفران نعمت ہے یہ فعل نصاً حرام بھی ہے، حدیث میں ہے کہ حضرات صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے معصیت سے بچنے اور دنیاداری سے بے فکر ہو کر خدا کی عبادت میں مشغول رہنے کے مقصد سے خصی ہونے کی خواہش ظاہر کی تو رسول اللہ ﷺ نے اجازت نہیں دی اور قرآن شریف کی آیت تلاوت فرمائی یاَیھا الذین امنوا لا تحرموا طیبات ما احلّ اللہ لکم ولا تعتدوا ان اللہ لا یحب المعتدین اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ نے جو چیزیں تمہارے لئے حلال کی ہیں ان پاکیزہ چیزوں کو حرام مت کرو اور حدود سے آگے مت نکلو، بے شک اللہ تعالیٰ حد سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتے (بخاری شریف ج ۲ ص ۷۵۹ باب مایکرہ من التبتل والخصآء)

اس سے معلوم ہوا کہ خصی ہونا یعنی قطع نسل کا عمل بہ نص قرآنی حرام ہے اور حدود اللہ سے تجاوز ہے لہذا یہ عمل بالاتفاق حرام ہے (عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری)۔

اور فقہاء نے بھی لکھا ہے اما خصاء الادمی فحرام . یعنی انسان کا خصی ہونا حرام ہے (درمختار مع الشامی ج ۵ ص ۳۴۲ کتاب الحظر والاباحۃ) (فتاوی عالمگیری ج ۶ ص ۲۳۷)

صورت مذکورہ میں موذن کی لاعلمی کا عذر مسموع نہ ہونا چاہئے فی زمانا خصی ہونے کی قباحت عام ہو چکی ہے، ہر ایک شخص اس سے واقف ہے لہذا یہ رضا و رغبت خصی ہونا باعث صد نفرین ہے، مبدل فطرت ومغیر خلق اللہ بھی ہے اور عوام وخواص کی نظر میں بھی یہ عمل قابل مذمت ہے، لہذا ایسے مخدوش آدمی کو مؤذن کا عالی منصب عطا کرنا یا اس معزز منصب پر قائم رکھنا خالی از کراہت نہیں، مسجد کی صفائی کی خدمت سپرد کی جا سکتی ہے ہاں کسی وقت مؤذن نہ ہو تو اذان دے سکتا ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## سینما دیکھنے اور قوالی سننے والے کی اذان واقامت:

(سوال ۱۴۷) ایک شخص نمازی ہے مگر سینما بینی میں مبتلا ہے اور قوالی سننے کا بھی شوقین ہے، گاہے گاہے وہ اذان واقامت کہے تو کوئی حرج ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) مصلیوں میں اس سے افضل اور پرہیزگار شخص اذان واقامت کہنے والا کوئی موجود ہے تو وہ اذان واقامت کہے اور اگر اس سے کوئی افضل موجود نہیں تو اس کی اذان واقامت جائز ہے۔ (۱) فقط۔

## بلا اذن مؤذن اقامت:

(سوال ۱۴۸) بدون اذن مؤذن کوئی شخص اقامت کہہ سکتا ہے؟

(الجواب) مؤذن صاحب بروقت موجود نہ ہوں اور ان کے انتظار میں مصلیوں کا حرج ہو تو ان کی اجازت کے بغیر کوئی دوسرا شخص اقامت کہہ سکتا ہے۔ اقام غیر من اذن بغیبته ای المؤذن لا یکرہ مطلقا (شامی ج ۱ ص ۲۶۵ بحوالہ درمختار کتاب باب الاذان) فقط۔

(۱) واذان امرأۃ وخنثی وفاسق ولو عالماً لکنہ اولیٰ باماموا واذان من جاھل تقی قال فی الشامیۃ تحت قولہ من جاھل تقی ای حیث لم یوجد عالم تقی ، درمختار مع الشامی باب الاذان مطلب فی المؤذن اذا کان غیر محتسب فی اذانہ ج ۲ ص ۳۹۲



## فجر کی اذان بعد صبح صادق متصلا:

(سوال ۱۴۹) ہمارے یہاں فجر کی اذان صبح صادق کے پانچ منٹ بعد ہوتی ہے جب کہ بعض لوگ صبح صادق سے دس منٹ بعد بھی اذان دینے میں کراہت سمجھتے ہیں، لہذا صبح صادق کے بعد اذان دینا کیسا ہے، اس کا جواب عنایت فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) جنتری اور گھڑی کے وقت میں فرق ہو سکتا ہے لہذا احتیاط کی جائے دس منٹ نہ سہی تو سات منٹ کے وقفہ سے اذان دینا اچھا ہے۔ شمسی تقویم میں حسب ذیل ہدایت لکھی ہے۔

یاد رہے کہ یہ ٹائم ٹیبل (جنتری) حساب سے تیار شدہ ہے، اس پر ایسا اعتماد کرنا کہ ایک منٹ کا بھی فرق نہ ہو مناسب نہیں، اس کا مدار صرف حساب پر ہونے کی وجہ سے غلطی کا امکان ہے۔ ایسے ہی گھڑی کے وقت میں بسا اوقات تقدیم وتاخیر کے سبب نماز وروزہ کی ادائیگی میں حسب ذیل احتیاط ضروری ہے۔

(۱) صبح صادق کے تحریر کردہ وقت سے دس منٹ قبل ہی سحری کا آخری وقت سمجھا جائے۔

(۲) صبح صادق کے ذکر کردہ وقت سے پانچ (بلکہ دس) منٹ بعد ہی فجر کی اذان دی جائے۔

(۳) طلوع آفتاب کے بتائے ہوئے وقت سے پانچ منٹ قبل ہی فجر کی نماز سے فارغ ہو جائے۔

(۴) عصر کا ابتدائی وقت لکھا ہے اس کے پانچ منٹ بعد اذان دی جائے۔

(۵) غروب کے ذکر کردہ وقت کے پانچ منٹ بعد ہی اذان دی جائے۔

(۶) عشاء کا ابتدائی وقت لکھا ہے اس سے پانچ (بلکہ دس) منٹ بعد اذان کہے۔ (شمسی تقویم)

صبح صادق ہوتے ہی اذان کہنا درست ہے مگر صبح صادق کی پہچان مشکل ہے اور ٹائم ٹیبل (جنتری کے حساب) میں بھی غلطی کا امکان ہے، گھڑیوں کے وقت میں بھی فرق ہوتا ہے لہذا صبح صادق کے لکھے ہوئے وقت سے دس منٹ پہلے سحری کھانا بند کردے اور دس منٹ کے بعد فجر کی اذان کہے، فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## بوقت اقامت امام اور مقتدی کب کھڑے ہوں؟:

(سوال ۱۵۰) کیا فرماتے ہیں علمائے دین مسئلہ ذیل کے بارے میں۔ فرض نماز کے لئے مکبر جب تکبیر کہنا شروع کرے اس وقت صفیں درست کرنے کے لئے مقتدی حضرات کو کب کھڑے ہونا چاہئے؟

بعض حضرات کا کہنا ہے کہ مکبر جب تکبیر کہنا شروع کرے اسی وقت صفیں درست کرنے کے لئے کھڑے ہو جانا چاہئے، جبکہ بعض دیگر حضرات کا کہنا ہے کہ " حی علی الصلوۃ " یا " حی علی الفلاح " کہا جاوے اس وقت کھڑا ہونا چاہئے۔ اس سلسلہ میں شرعی حکم مع حوالہ تحریر فرمادیں۔

(الجواب) حدیث وفقہ حنفی میں نماز کے لئے صفوف کی درستگی کی بے حد تاکید واہمیت وارد ہوئی ہے، اس پر نماز کا کمال موقوف ہے اور حدیث شریف میں ہے کہ امام کو صف کے بیچ میں رکھو۔ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توسطوا الامام (الحدیث) رواہ ابوداؤد (مشکوۃ ص ۹۹ باب تسویۃ الصفوف الفصل الاول)

دونوں طرف (دائیں بائیں) صف کا برابر ہونا ضروری ہے، ایک طرف کم دوسری طرف زیادہ ہونا مکروہ ہے، مصلی حضرات مل مل کر مونڈھا، مونڈھے کے محاذ میں رکھ کر اور ایک کا ٹخنہ دوسرے کے ٹخنہ کے مقابل کر کے کھڑے ہوں، اس طور پر کہ درمیان صف خلا نہ رہے، کیونکہ شیطان خالی جگہ دیکھ کر بکری کے بچہ کے مانند درمیان میں گھس کر مصلیوں کے دلوں میں وساوس ڈالتا ہے۔

صفیں سیدھی نہ کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری صورتیں مسخ کر دے گا اور دلوں میں فساد واختلاف پیدا ہوجائے گا، صفیں برابر نہ کرنے پر اس جیسی بہت سی خرابیاں کتب حدیث وفقہ میں مذکور ہیں۔

نبی کریم ﷺ کا معمول صفوں کی درستگی کے بعد ہی نماز شروع فرمانے کا تھا عن النعمان بن بشیر قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسوی صفوفنا اذا قمنا الی الصلوۃ فاذا استوینا کبر' رواہ ابو داؤد (باب تسویۃ الصفوف الفصل الثانی مشکوۃ ص ۹۸) ایک مرتبہ ایک آدمی کا سینہ صف سے کچھ نکلا ہوا آپ ﷺ نے دیکھ لیا اس پر آپ ﷺ نے فرمایا، اے اللہ کے بندو! اپنی صفیں سیدھی رکھو (یعنی آگے پیچھے نہ رہو) ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان اختلاف ڈال دے گا۔

وفی حدیث عن النعمان بن بشیر خرج یوما فقام حتیٰ کا دیکبر فرای رجلاً بادیاً صدرہ من الصف فقال عباد اللہ لتسون صفوفکم اولیخالفن اللہ بین وجوھکم (مسلم باب تسویۃ الصفوف واقامتھا وفصل الآول الخ ص ۱۸۲ ج ۱) آپ علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا تم لوگ اس طرف صف کیوں نہیں باندھتے جس طرح فرشتے خدا کے حضور میں باندھتے ہیں، حضرات صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ فرشتے اپنے پروردگار کے حضور میں کس طرح صف باندھتے ہیں، فرمایا: اگلی صفوں کو مکمل کرتے ہیں اور صف میں مل کر (سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح) کھڑے ہوتے ہیں قال الا تصفون کما تصف الملائکۃ عند ربھا فقلنا یارسول اللہ وکیف تصف الملائکۃ عند ربھا قال یتمون الصفوف الا ول ویتراصون فی الصف (مسلم ایضاً ص ۱۸۱ ج ۱) نیز فرمایا، صف میں سیدھے کھڑے رہو آگے پیچھے نہ رہو ورنہ اس کا اثر تمہارے دلوں پر پڑے گا استووا ولا تختلفوا فتختلف قلوبکم (باب التسویۃ الصفوف)

اور آپ علیہ الصلوۃ والسلام کا فرمان ہے کہ صفوں کو برابر رکھا کرو کیونکہ صفوں کو برابر رکھنا نماز کی تکمیل میں سے ہے۔ عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سووا صفوفکم فان تسویۃ الصفوف من تمام الصلوۃ (مسلم حوالہ بالا ج ۱ ص ۱۸۲)

نیز فرمایا ہے اپنی صفیں خوب ملی ہوئی رکھو یعنی آپس میں خوب مل کر کھڑے رہو) اور اپنے مونڈھوں کو محاذاۃ میں رکھو، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے میں شیطان کو تمہاری صفوں کی کشادگی میں چھوٹی بھیڑوں کی طرح گھستے دیکھتا ہوں۔

عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رصوا صفو فکم وقاربوا بینھا وحاذوا بالا عناق فوالذی نفسی بیدہ انی لا ری الشیطان ید خل من خلل الصف کانھا الحذف (مشکوۃ باب تسویۃ الصفوف الفصل الثالث ص ۹۸، ابو داؤد ص ۹۷، ج ۱)



صفیں درست کرنے پر جو فضائل اور اس میں کوتاہی کرنے پر جیسی وعیدیں وارد ہوئی ہیں ایسی بوقت "حی 24
علی الفلاح" کھڑے ہونے پر وارد نہیں ہوئی ہیں، پھر درستگی صفوف کی اہمیت نظر انداز کر کے "حی علی الفلاح" کے وقت ہی کھڑے ہونے پر اصرار کیوں کیا جارہا ہے؟ نیز امام اس کا پابند نہیں کہ اقامت سے قبل مصلی پر آکر بیٹھے، آپ ﷺ اور حضرات صحابہ، خلفائے راشدین اور ائمہ کرامؒ کے مبارک دور میں امام کا مصلی پر آکر اقامت سے پہلے بیٹھنے کا اہتمام والتزام نہیں تھا، ملاحظہ ہو۔

(۱) حضرت جابر ابن سمرہؓ کی روایت میں ہے۔ کان بلال یوذن اذا دحضت الشمس فلا یقیم حتی یخرج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاذا خرج اقام الصلوۃ حین یراہ (مسلم ص ۲۲۱ ج ۱ باب متی یقوم الناس للصلوۃ) یعنی حضرت بلالؓ ظہر کی اذان زوال کے بعد دیتے پھر اقامت اس وقت تک نہیں کہتے جب تک آنحضرت ﷺ حجرہ شریف سے باہر نہ نکلتے جب آپ ﷺ باہر تشریف لاتے تب اقامت کہتے تھے۔

(۲) حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ ان الصلوۃ کانت تقام لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیاخذ الناس مصافھم قبل ان یقوم النبی صلی اللہ علیہ وسلم مقامہ (مشکوۃ شریف ص ۲۲۰ ج ۱)[1] یعنی آپ ﷺ کی امامت میں نماز کی اقامت کہی جاتی تھی اور لوگ (یعنی حضرات صحابہؓ) آپ ﷺ کی تشریف آوری مصلی پر ہو اس سے پہلے ہی صف میں اپنی اپنی جگہ لے لیتے۔

(۳) حضرت ابوہریرہؓ سے ایک اور روایت منقول ہے کہ اقیمت الصلوۃ فقمنا فعدلنا الصفوف قبل ان یخرج الینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (مسلم باب متی یقوم الناس للصلوۃ ج ۱ ص ۲۲۰) یعنی ایک مرتبہ نماز قائم کی گئی ہم (صحابہؓ) کھڑے ہوگئے، آپ ﷺ کے ہماری طرف نکلنے سے پہلے ہم نے صفیں درست کرلیں۔

(۴) حضرت ابوقتادہؓ سے مروی ہے کہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اقیمت الصلوۃ فلا تقوموا حتی ترونی (بخاری ج ۱ ص ۸۸، مسلم ج ۱ ص ۲۲۰ باب متی یقوم الناس للصلوۃ، مشکوۃ ص ۶۷) آپ ﷺ نے فرمایا کہ جب نماز کے لئے اقامت کہی جائے تو تم کھڑے نہ ہو جب تک کہ مجھے اپنی طرف آتے دیکھ نہ لو۔

(۵) حضرت ابن شہاب زہریؒ سے مروی ہے کہ ان الناس کانوا ساعۃ یقول المؤذن اللہ اکبر، اللہ اکبر، یقیم الصلوۃ یقوم الناس الی الصلوۃ فلا یاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم مقامہ حتی یعدل الصفوف (مصنف عبدالرزاق ص ۵۰۷ ج ۱ باب قیام الناس عند الا قامہ) یعنی جب مکبر "اللہ اکبر" کہتا اس وقت لوگ نماز کے لئے کھڑے ہوجاتے تھے اور آپ ﷺ کی تشریف آوری تک صفیں درست ہوجاتی تھیں۔

(۶) حضرت عبداللہ ابن اوفیٰ فرماتے ہیں کہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قال بلال قدقامت الصلوۃ نھض فکبر (مجمع الزوائد ۲/۵) باب ما یفعل اذا اقیمت الصلاۃ یعنی جب حضرت بلالؓ "قد قامت الصلوۃ" کہتے اس وقت آپ علیہ الصلوۃ والسلام کھڑے ہوتے تھے۔

(۱) یہ مسلم کا حوالہ ہے کاتب سے غلطی ہوئی ہے، دیکھئے مسلم باب متی یقوم الناس للصلوۃ ج ۱ ص ۲۲۰)

ذکر کردہ احادیث (از اول تا پنجم) سے ثابت ہوتا ہے کہ تعامل صحابہ ابتدائے اقامت میں کھڑے ہو کر صفیں درست کرنے کا تھا اسی لئے حضرات فقہائے کرام ومحدثین عظام نے اس طریقہ کو مسنون کہا اور توارث بھی یہی ہے۔

غالباً حدیث نمبر ٦ کے پیش نظر فقہاء نے تحریر فرمایا ہے کہ "حی علی الصلوۃ" یا "حی علی الفلاح" یا "قد قامت الصلوۃ" کے وقت کھڑا ہونا نماز کے آداب میں سے ہے" ولہا آداب "یعنی نماز کے چند آداب ہیں، مع ان آداب کا حکم شرعی بھی تحریر کردیا ہے۔ ترکہ لا یوجب اساءۃ ولا عتاباً (شامی ١/٤٤٦ آداب الصلاۃ)(مراقی الفلاح مع الطحطاوی ص ١٥١ آداب الصلاۃ) یعنی اس کے ترک کرنے سے نہ تو مکروہ تنزیہی کا ارتکاب ہوتا ہے نہ عتاب کا باعث ہے، محض ایک مستحب چیز ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ جب امام موجود ہو اس وقت ابتدائے اقامت میں کھڑے ہو کر صفیں درست کرنا مکروہ نہیں البتہ جب امام موجود نہ ہو تو کھڑے کھڑے امام کا انتظار مکروہ ہے، والظاهر انه احتراز عن التاخير لا التقديم حتى لو قام اول الاقامة لابأس به (طحطاوی علی الدر المختار ١/٣٣١ ایضاً) واما اذا لم يكن الامام في المسجد فذهب الجمهور الى انهم لا يقومون حتى يروه (فتح الباری ٢/١٠٠)

## (نماز کے آداب ومستحبات کے بارے میں فقہی اصول)

(١) فقہاء نے تصریح کی ہے کہ تارک المستحب لا يلام (مستحب شئی کا ترک کرنے والا قابل ملامت نہیں)

(٢) ان المندوب ربما يقلب مكروها اذا خيف ان يرفع عن رتبته (بے شک مستحب شئی جب اپنی حد سے بڑھا دی جائے یعنی اسے سنت اور لازم سمجھ لیا جائے تو وہ مکروہ بن جاتی ہے)(مجمع البحار ٢/٢٢٢، وفتح الباری شرح بخاری ٢/٢٨١)

(٣) لان ترك المكروه اهم من فعل المسنون (کبیری ص ٣٦٥ فروع) مکروہ کا ترک کرنا مسنون پر عمل کرنے کی بنسبت اہم ہے)

(٤) ترك المكروه اولى من ادراك الفضيلة (حصول فضیلت کے لئے کسی مکروہ شئی کا ارتکاب لازم آتا ہو تو اس کا ترک اولیٰ ہے۔

فقہ کی کتب معتبرہ درمختار شامی وغیرہ میں ہے سجدة الشكر مستحبة به يفتى لكنها تكره بعد الصلوة لان الجهلة يعتقد ونها سنة أو واجبة وكل مباح يؤدى اليه فمكروه (شامی ١/٧٣١ مطلب فی سجدة الشکر) سجدۂ شکر مستحب ہے لیکن نماز کے بعد لوگوں کی موجودگی میں سجدۂ شکر مکروہ ہے کیونکہ ناواقف لوگ اسے مسنون یا واجب اعتقاد کرتے ہیں۔

مطلب یہ ہے کہ جس مباح یا مستحب شئی کو اپنے حدود سے بڑھا دیا جائے (یعنی مستحب کو مسنون اور واجب سمجھ لیا جائے تو) وہ مکروہ بن جاتی ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ مستحب کو مسنون سمجھنا اور اس کے تارک کو قابل ملامت سمجھنا اور برا بھلا کہنا جائز



نہیں بلکہ خود وہ کام قابل ترک ہے۔

مغرب کی اذان کے بعد اقامت سے پہلے دو رکعت پڑھنا مستحب ہے آنحضرت ﷺ نے تیسری بار فرمایا "لمن شاء" (یعنی جس کا جی چاہے پڑھے) اس کی وجہ خود راوی بیان فرماتے ہیں "كراهية ان يتخذها الناس سنة" یعنی آپ ﷺ کو یہ پسند نہ تھا کہ لوگ ان دو رکعتوں کو سنت سمجھ لیں (مشکوۃ ص ١٠٤ باب السنن وفضائلها الفصل الاول عن عبد الله ابن مغفل)

بعض علماء نے اپنے دور میں ایام بیض (ہر ماہ کی تیرہویں چودہویں، پندرہویں تاریخ) کے روزوں کے متعلق مکروہ ہونے کا فتویٰ دیا ہے، کیونکہ ان کے زمانہ میں ایام بیض کے روزے رکھنے کا اس کثرت سے رواج ہو چکا تھا کہ اس بات کا خوف لاحق ہو گیا کہ لوگ واجب اور لازم سمجھنے لگیں گے حالانکہ ایام بیض کے روزے مستحب ہیں ان کی فضیلت بہت سی احادیث میں وارد ہوئی ہے۔

مجالس الابرار میں ہے وکل مباح ادى الى هذا فهو مكروه (مجلس نمبر ٥٠، ص ٢٩٠) ہر وہ مباح جسے سنت کا مرتبہ دیا جائے وہ مکروہ ہے) مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح میں ہے۔ قال الطيبي ان من اصر على امر مندوب وجعله عزماولم يعمل بالرخصة فقد اصاب منه الشيطان من الاضلال فكيف من اصر على بدعة او منكر (جلد اول ص ٢٥٣)(غاية الاوطار ج ١ ص ٢٢٠ و ص ٢٢١) جو کوئی امر مندوب ومستحب پر مصر رہا اسے لابدی اعتقاد کرلیا اور رخصت پر عمل نہ کیا گویا اسے شیطان نے راہ ضلالت پر ڈال دیا، تو اگر کوئی آدمی بدعت یا ناجائز پر مصر رہے اس کے متعلق کیا خیال ہے؟

## امام کے چار حالات اور ہر ایک کا حکم

(١) امام صاحب عین اقامت کے وقت حجرے سے نکلیں تو مقتدیوں کو چاہئے کہ کھڑے ہو جاویں۔

(٢) امام صاحب پشت کی جانب سے آویں تو جس جس صف کے پاس سے امام کا گذر ہو وہ کھڑے ہوتے جاویں والا فيقوم كل صف ينتهي اليه الامام (شامی آداب الصلاۃ ١/٤٤٧)

(٣) امام کو آگے سے مسجد میں داخل ہوتا دیکھیں تو ان پر نظر پڑتے ہی سب کھڑے ہو جاویں وان دخل من قدام قاموا حين يقع بصر هم عليه (ایضاً)

(٤) اگر اتفاق سے امام محراب کے قریب ہو تو "حی علی الفلاح" کے وقت کھڑا ہونا مستحب ہے لازم نہیں اور "قد قامت الصلوٰۃ" کے وقت امام کا نماز شروع کرنا مستحب ہے اور اقامت پوری ہونے کے بعد نماز شروع کی جائے تب بھی کوئی مضائقہ نہیں، بلکہ اجماعاً اولیٰ ہے وشروع الامام في الصلوة مذ قيل قد قامت الصلوة ولو اخر حتى اتمها لاباس به اجماعاً (قوله لا باس به اجماعاً) اى لان الخلاف في الافضلية فنفى البأس اى الشدة ثابت في كلا القولين وان كان الفعل اولى في احدهما (شامی ١/٤٤٧)(طحطاوی على الدر المختار ١/٢٨٩ آداب الصلاة)

حاصل یہ کہ تنویر الابصار اور درمختار میں جہاں آداب کے ذیل میں "والقيام لامام ومؤتم حين قيل

حی علی الفلاح" تحریر کیا ہے وہیں اس کا استحباب بھی تحریر کیا ہے کہ نظرہ الی موضع سجودہ حال قیامہ والی ظہر قدمیہ حال رکوعہ والی ارنبۃ انفہ حال سجودہ والی حجرہ حال قعودہ والی منکبہ الایمن والایسر عن تسلیمۃ الاولی والثانیۃ (شامی ۱/ ۴۴۶ آداب الصلوٰۃ)

مستحب یہ ہے کہ (۱) مصلی قیام کے وقت سجدہ کی جگہ نظر رکھے (۲) رکوع میں ظاہر قدم پر (۳) سجدے میں ناک کے سرے پر (۴) قعدہ میں اپنی گود میں (۵) دائیں طرف سلام کے وقت داہنے کندھے پر اور بائیں طرف سلام کے وقت بائیں کندھے پر نظر رکھے، یہ آداب ازراہ تواضع وانکساری ہیں، جب یہ تمام آداب زیر بحث مسئلہ قیام عند حی علی الفلاح کے مانند آداب و مستحبات میں سے ہیں جن سے خشوع وانکساری حاصل ہوتی ہے پھر اس پر عمل کے لئے کیوں زور نہیں دیا جاتا۔

امام طحطاوی اور کرخی رحمہما اللہ تعالیٰ وغیرہما حضرات نے تصریح کی ہے کہ الظاھر انہ عند وجود مشغل فی ھذاہ المحلات لاینظر الیھا لانہ یضیع الخشوع الذی ھو اعلیٰ من المستحب (طحطاوی علی الدر المختار ج ۱ ص ۲۳۱ ایضاً) یعنی مذکورہ بالا (یعنی نماز میں جہاں نظر رکھنا مستحب ہے ان جگہوں میں سے کسی جگہ میں کوئی ایسا نقش ونگار ہو جسے دیکھ کر نماز میں توجہ تام نہ رہے اور خشوع وخضوع میں خلل واقع ہو تو پھر اس کا استحباب ختم ہو جاتا ہے کیونکہ خشوع وخضوع کی اہمیت بنسبت مستحب کے بہت زیادہ ہے۔

اور منجملہ آداب صلوٰۃ کے یہ بھی ہے کہ جب "قد قامت الصلوٰۃ" کہا جاوے اس وقت امام نماز شروع کر دے اور اقامت کے اختتام پر نماز شروع کرے تب بھی مضائقہ نہیں بلکہ تاخیر ہی زیادہ صحیح ہے، اس لحاظ سے کہ مکبر بھی تکبیر اولیٰ میں امام کے ساتھ شرکت کر سکے گا۔ (قولہ انہ الاصح) لان فیہ محافظۃ علی فضیلۃ متابعۃ المؤذن واعانۃ لہ علی الشروع مع الامام (شامی ۱/ ۴۴۷ ایضاً) (غایۃ الاوطار ۱/ ۲۲۰، ۲۲۱) اس سے اندازہ لگائیے کہ محض مکبر کی رعایت میں "قدقامت الصلوٰۃ" پر نماز شروع نہ کرنے کا حکم ہے اور ایک مستحب کے ترک کو صحیح تر کہا جانے لگا تو پوری جماعت (جس میں بے شمار افراد ہو سکتے ہیں) کی صفوں کی درستگی (جس کی حدیث وفقہ میں بہت تاکید آئی ہے) کے خاطر امام کی موجودگی میں ابتدائے اقامت سے کھڑے ہو جاویں تو کس بنیاد پر اسے مکروہ کہا جا سکتا ہے؟ بلکہ از روئے حدیث وفقہ یہ عمل بہت ہی افضل واعلیٰ ہے اور تعامل صحابہ اس کا مؤید ہے۔ فتح الباری شرح بخاری میں ہے فقد ثبت عن الصحابۃ انھم کانوا یقومون اذا شرع المؤذن فی الاقامۃ (جلد ۲/ ۹۹ باب الجمعۃ) (مصنف عبدالرزاق ۱/ ۵۰۷) یعنی صحابہ کرامؓ اس وقت کھڑے ہو جاتے تھے جب کہ مؤذن (مکبر) اقامت کہنا شروع کر دیتا۔

ایسے ہی بعض جاہل ائمہ نے یہ عادت بنالی ہے کہ بعد خطبۂ جمعہ کی مصلی پر بیٹھ جاتے ہیں اس کے بعد اقامت کہی جاتی ہے، اور "حی علی الفلاح" کے وقت امام اور مقتدی سب کھڑے ہوتے ہیں اس فعل کا حدیث اور فقہ حنفی کی کسی بھی کتاب میں ثبوت نہیں یہ طریقہ بھی خلاف سنت اور واجب الترک ہے بلکہ حکم یہ ہے کہ بعد الخطبہ فوراً اقامت کہی جاوے اور امام کے مصلی پر پہنچنے تک اقامت پوری ہو جاوے، درمختار مع الشامی میں ہے (قولہ اقیمت) بحیث یتصل اول الاقامۃ بآخر الخطبۃ وتنتھی الاقامۃ بقیام الخطیب مقام الصلوٰۃ (جلد اول



ص ۷۷۰ باب الجمعۃ) یعنی خطیب کا خطبہ پورا ہوتے ہی متصلاً اقامت کہی جاوے بایں طور کہ خطیب (امام) کے مصلی پر پہنچنے تک اقامت پوری ہو۔

مجالس الابرار میں ہے واذا فرغ من الخطبۃ وشرع المؤذن فی الاقامۃ ینزل من المنبر ویصلی بالناس رکعتین (مجلس نمبر ۴۹، ص ۳۱۵) اور جب خطیب خطبہ سے فارغ ہو جائے اور مؤذن اقامت شروع کرے تو امام کو چاہئے کہ منبر سے اتر کر لوگوں کو (صلوٰۃ جمعہ کی) دو رکعت پڑھاوے۔

صغیری (شرح منیۃ المصلی) میں ہے۔ واذا فرغ من الخطبۃ اقاموا وصلی بھم الرکعتین علی ما ھو المعروف (ص ۲۸۱) جب خطیب خطبہ سے فارغ ہوں اقامت کہی جائے اور امام لوگوں کو دو رکعت پڑھائے، یہی طریقہ معروف ہے۔ اور کبیری (شرح منیۃ المصلی) میں بھی ہے۔ واذا فرغ من الخطبۃ اقاموا الصلوٰۃ وصلی بالناس رکعتین علی ما ھو المتوارث المعروف ص ۵۲۰ باب الجمعۃ (یعنی) اور جب خطیب خطبہ سے فارغ ہو تو نماز کے لئے اقامت کہی جائے اور (امام) لوگوں کو دو رکعت پڑھاوے یہی متوارث ومعروف ہے۔

(۱) قد قامت الصلوٰۃ کے وقت نماز شروع کرنا مستحب ہے لیکن مکبر کی رعایت کرتے ہوئے اس کو ترک کیا جاتا ہے۔

(۲) وضو وغسل میں غرغرہ سنت ہے مگر پانی حلق میں اتر جانے کے خوف سے روزہ دار کے لئے غرغرہ ممنوع ہے ومن فروع ذلک المبالغۃ فی المضمضۃ والاستنشاق مسنونۃ وتکرہ للصائم (الاشباہ والنظائر ص ۱۱۵)

(۳) اسی طرح ڈاڑھی کے بالوں کا خلال سنت ہے مگر حالت احرام میں بال ٹوٹ جانے کے خوف سے خلال مکروہ ہے، وتخلیل الشعر سنۃ فی الطھارۃ یکرہ للمحرم (ایضاً)

ملاحظہ ہو مذکورہ تمام جگہوں میں کسی عارض کی وجہ سے مستحب کو چھوڑ دیا جاتا ہے بالکل اسی طرح "حی علی الفلاح" کے وقت کھڑے ہونے کے ادب کو صفوں کی درستی کا لحاظ کرتے ہوئے ترک کرنا اولیٰ کہا جائے گا، جیسا کہ خطبہ کے وقت خطیب کی طرف منہ کر کے بیٹھنا مستحب ہے، لیکن صفوں کی درستی کا خیال کرتے ہوئے قبلہ رو بیٹھنے کو اختیار کیا گیا ہے۔

مجالس الابرار میں ہے: ویستحب للقوم ان یستقبلوا الامام عند الخطبۃ لکن الرسم الان انھم یستقبلون القبلۃ للحرج فی تسویۃ الصفوف لکثرۃ الزحام (مجلس نمبر ۴۹، ص ۳۱۵) یعنی قوم (حاضرین) کے لئے مستحب ہے کہ خطبہ کے وقت خطیب کی طرف منہ کر کے بیٹھیں لیکن اس وقت طریقہ یہ ہے کہ قبلہ رو بیٹھتے ہیں کہ مجمع بڑا ہونے کی وجہ سے صفوں کی درستگی میں حرج ہوتا ہے۔

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ صفوں کی درستگی کے تاکیدی حکم کا لحاظ کرتے ہوئے امام اور مقتدیوں کا اقامت شروع ہوتے ہی کھڑے ہو جانا مکروہ نہیں البتہ امام جس وقت سامنے موجود نہ ہو اس وقت مقتدیوں کے لئے حکم ہے کہ کھڑے نہ ہوں بلکہ بیٹھے رہیں، نیز ایسے وقت کھڑے ہونا مکروہ ہے (شامی وغیرہ)

علاوہ ازیں مستحب شئی کو حد سے بڑھا دینا اور اسے ضروری سمجھنا، اقامت کے شروع میں کھڑے ہونے والے کو ملامت کرنا، اس کو بدعقیدہ گرداننا، بیٹھنے پر جبر کرنا، مسجد سے باہر نکال دینا یہ سب کیسے جائز ہو سکتا ہے۔ فاللہ المشتکی۔ فقط واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ رحیمیہ میں منقول ایک عبارت کی تحقیق:

(سوال ۱۵۱) محدومنا المکرم حضرت مفتی سید عبدالرحیم صاحب لاجپوری، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ خدا کرے مزاج گرامی بعافیت ہو۔

حضرت والا کی کتاب "فتاویٰ رحیمیہ" سے خوب خوب فائدہ اٹھاتا ہوں، تفصیلی جواب لکھنے میں حضرت کی کتاب سے کافی مدد ملتی ہے، میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ حضرت کے سایہ کو تادیر قائم فرمائے پوری امت مسلمہ کی طرف سے بہترین بدلہ عطا فرمائے اور خاتمہ بالخیر نصیب فرمائے آمین۔

ایک اہم بات عرض ہے کہ فتاویٰ رحیمیہ ص ۳۲۰ ج ۴ نیز ص ۲۱۰ ج ۸ (جدید ترتیب کے مطابق اس بارے میں اقامت کے لئے مقتدی کب کھڑے ہوں کے عنوان سے دیکھئے صفحہ ۱۰۴۔ از مرتب) پر فتح الباری ج ۲ ص ۹۹ کے حوالہ سے ایک عبارت لکھی ہے "فقد ثبت عن الصحابة انهم كانوا يقومون اذا شرع المؤذن فى الاقامة" یہ عبارت فتح الباری میں کافی تلاش کی گئی لیکن نہیں مل رہی ہے، آپ سے عرض ہے کہ آپ رہنمائی فرماویں اور باب کے حوالہ کے ساتھ یہ عبارت تحریر فرماویں اور جس صفحہ پر یہ عبارت ہو مع باب اس کا حوالہ تحریر فرماویں، دعاؤں میں یاد رکھیں فقط والسلام۔

(الجواب) حامداً ومصلیاً ومسلماً۔ محترم ومکرم مولانا مفتی صاحب دام مجدہ السامی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، مزاج گرامی۔

عرض اینکہ آپ کا خط موصول ہوا، فتاویٰ رحیمیہ میں فتح الباری کے حوالہ سے جو عبارت لکھی گئی ہے سو اتفاق سے تلاش کے باوجود فتح الباری میں وہ عبارت نہیں ملی، جس کا بے حد قلق ہے مگر اس عبارت کا مفہوم بالکل صحیح ہے اور جو بات لکھی گئی ہے وہ غلط نہیں ہے۔ جواب مرتب کرنے کے وقت مختلف کتابیں سامنے ہوتی ہیں، حوالہ نقل کرنے میں ممکن ہے ناقل سے خلط ملط اور تسامح ہو گیا ہوگا۔

عبارت کا مفہوم الحمد للہ بالکل صحیح ہے اور یہ مفہوم مصنف عبدالرزاق کی روایت سے صراحۃً ثابت ہوتا ہے، مصنف عبدالرزاق کی روایت خود صاحب فتح الباری علامہ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے بھی نقل فرمائی ہے، مصنف عبدالرزاق کے اس صفحہ کی زیروکس کاپی ارسال خدمت ہے۔ روایت ملاحظہ ہو (یہ روایت فتاویٰ رحیمیہ ۴/ ۱۰۶ میں بھی ہے۔)

۱۹۴۲ عبدالرزاق عن ابن جريج قال : اخبر نى ابن شهاب ان الناس كانوا ساعة يقول المؤذن الله اكبر، الله اكبر، يقيم الصلوة يقوم الناس الى الصلوة، فلا يأتى النبى صلى الله عليه وسلم مقامه حتى يعدل الصفوف. (مصنف عبدالرزاق باب قيام الناس عند الاقامة ص ۵۰۷ ج ا فتح البارى ص ۱۰۰ ج ۲)

ترجمہ۔ ابن شہاب سے مروی ہے کہ جس وقت مؤذن اللہ اکبر کہتا تھا لوگ (صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین) نماز کے لئے کھڑے ہو جاتے تھے اور حضور ﷺ کے تشریف لانے تک صفیں درست ہو جاتی تھیں۔



اس روایت میں غور کیجئے! فتاویٰ رحیمیہ میں پیش کردہ عبارت کا مفہوم اس روایت سے صراحۃً ثابت ہوتا ہے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ عبارت کا مفہوم بالکل صحیح ہے ہاں حوالہ نقل کرنے میں تسامح ہوا ہے۔

اور یہ بات دیگر علمائے کرام نے بھی تحریر فرمائی ہے۔

(۱) حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کا ایک رسالہ ہے جس کا نام ہے "اقامت کے وقت مقتدی کب کھڑے ہوں" یہ رسالہ جواہر الفقہ مطبوعہ عارف کمپنی دیوبند میں ص ۳۰۹ تا ص ۳۲۲ جلد اول میں چھپا ہوا ہے، پورا رسالہ قابل مطالعہ ہے، اس میں ایک جگہ حضرت مفتی صاحب نے تحریر فرمایا ہے۔

"ان سب روایات حدیث کے مجموعہ سے ایک بات قدر مشترک کے طور پر ثابت ہوئی کہ جب آنحضرت ﷺ پہلے سے مسجد میں تشریف فرمانہ ہوتے بلکہ گھر ہی سے تشریف لاتے تھے تو آپ کو دیکھتے ہی حضرت بلال رضی اللہ عنہ اقامت شروع کرتے اور سب صحابہ کرام شروع اقامت سے کھڑے ہو کر تعدیل صفوف کرتے تھے، آپ نے اس کو کبھی منع نہیں فرمایا الخ (جواہر الفقہ ۱/ ۳۱۵)

(۲) عمدۃ الفقہ میں ہے۔ "اسی طرح صفیں سیدھی کرنے کے لئے پہلے سے کھڑا ہو جانا زیادہ مناسب ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین سے بھی اسی طرح منقول ہے۔" (عمدۃ الفقہ ۲/ ۱۰۲، از مولانا سید زوار حسین صاحب، مطبوعہ کراچی)

(۳) احسن الفتاویٰ میں ہے

"جملہ احادیث کا خلاصہ یہ ہوا کہ قیام امام سے قبل قیام ناس مکروہ تنزیہی ہے، بہتر یہ ہے کہ قیام امام کے بعد قیام کیا جائے اور قیام امام کا اعلام ابتدائے اقامت (لفظ اللہ اکبر) سے ہوتا ہے اس لئے مقتدی اللہ اکبر کا لفظ سنتے ہی قیام کریں، اسی پر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا تعامل تھا الخ۔

(احسن الفتاویٰ ص ۲۵۰ باب الاذان والاقامۃ، کامل مبوب مع حوادث الفتاویٰ، ناشر قرآن محل، کراچی، بہت تفصیلی جواب ہے، پورا جواب قابل مطالعہ ہے۔ واللہ اعلم۔

# باب الامامۃ والجماعۃ

## کیا ”جمع بین الصلوتین بلاعذر جائز ہے:

(سوال ۱۵۲) فروری ۱۹۶۰ء میں شائع شدہ (گجراتی) ماہنامے کے ص ۱۲ پر حسب ذیل عبارت ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک ساتھ ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نمازیں پڑھی جاسکتی ہیں، لہذا تفصیل سے جواب دیں، مذکورہ شمارہ کی عبارت یہ ہے ”ایک مرتبہ ابن عباسؓ نے عصر کے بعد ہمارے سامنے تقریر کی، یہاں تک کرتے رہے کہ آفتاب غروب ہوگیا اور ستارے نکل آئے لوگوں نے الصلوۃ الصلوۃ کی آواز بلند کرنا شروع کیا، ایک تیمی نے مسلسل الصلوۃ کہنا شروع کیا، ابن عباسؓ غضبناک ہوکر بول اٹھے تو مجھے سنت کی تعلیم دیتا ہے، میں نے آنحضرت ﷺ کو دیکھا ہے کہ آپ ﷺ ظہر، عصر اور مغرب وعشاء کی نمازیں ایک ساتھ پڑھتے تھے، عبداللہ بن شقیق کے دل میں یہ بات کھٹکتی رہی انہوں نے حضرت ابوہریرہؓ سے پوچھا تو ابوہریرہؓ نے فرمایا کہ ہاں صحیح ہے“ اس سے عوام میں عملی اور اعتقادی خرابی پیدا ہونے کا احتمال ہے!

(الجواب) مغرب کی نماز جلد پڑھنا مسنون ہے اور بغیر عذر شرعی کے تاخیر کرنا ممنوع ومکروہ ہے، حضرت سلمہؓ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ آنحضرت ﷺ کے ساتھ مغرب کی نماز اس وقت پڑھ لیتے تھے جب آفتاب غروب ہوجاتا تھا۔ عن سلمة رضی اللہ عنہ قال کنا نصلی مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم المغرب اذا تورات بالحجاب (بخاری شریف پ ۳ ج ۱ ص ۷۹ باب وقت المغرب)

اور آنحضرت ﷺ کا فرمان ہے کہ مغرب کی نماز اس وقت پڑھو جب کہ روزہ دار کو افطار حلال ہوجائے اور ستارے نکلنے سے پہلے پڑھو“ وعنہ (ابی ایوب رضی اللہ عنہ) قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوا المغرب حین افطر الصائم مبادرة طلوع النجم رواہ ابن ابی شیبة (زجاجة المصابیح ج ۱ ص ۱۷۴ باب تاخیر الصلوة وتعجیلها)

نیز آنحضرت ﷺ نے فرمایا میری امت ہمیشہ بھلائی پر رہے گی یا فرمایا کہ فطرت (طریقہ اسلام) پر رہے گی جب تک نماز مغرب میں ستاروں کے پھیل جانے تک تاخیر نہیں کرے گی۔ عن مرثد بن عبد اللہ قال لما قدم علینا ابو ایوب غازیاً وعقبة بن عامر یومئذ علی مصر فاخر المغرب فقام الیه ابو ایوب فقال له ماهذه الصلوة یاعقبة قال شغلنا قال اما سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول لا تزال امتی بخیر او قال علی الفطر ما لم یؤخروا المغرب الی ان تشتبک النجوم (ابو داؤد شریف ج ۱ ص ۶۶) (مشکوۃ ص ۶۱) (زجاجة المصابیح ج ۱ ص ۱۷۳ ایضاً)

اور یہ بھی صحیح نہیں ہے کہ آنحضرت ﷺ ظہر، عصر، مغرب، اور عشاء کی نمازیں ایک ساتھ پڑھتے تھے، حضرت ابن عباسؓ کی روایت جو سوال میں نقل کی گئی ہے اگر اس کی کوئی تاویل اور توجیہ نہ کی جائے تو قرآن پاک کی آیات اور احادیث صحیحہ کے خلاف ہے اور عجیب بات یہ ہے کہ خود حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک روایت کے خلاف ہے۔ ترمذی شریف میں ہے۔ عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال من جمع بین الصلوتین من غیر عذر فقداتی بابا من ابواب الکبائر (ترجمہ) حضرت ابن عباس روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص بلا کسی عذر کے جمع بین الصلوتین کرے تو اس نے کبائر میں سے ایک کبیرہ کا ارتکاب کیا۔ (ترمذی شریف ج ۱ ص ۲۶ باب ماجاء فی الجمع بین الصلوتین)



پس اگر سوال میں نقل کردہ قصہ سند کے لحاظ سے صحیح مان لیا جائے تو بالاجماع متروک العمل ہے۔ قرآن پاک کی آیتیں اور احادیث ملاحظہ فرمائیے۔

(۱) ارشاد باری تعالیٰ ہے ان الصلوة کانت علی المؤمنین کتابا موقوتا (سورۂ نساء ۱۶) ہندوستان کے مشہور عالم اور مترجمین قرآن شریف کے امام حضرت شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا ترجمہ کیا ہے۔ یہ نماز ہے مسلمانوں پر وقت باندھا حکم یعنی ایسا فرض ہے جس کے اوقات محدود ہیں ان اوقات سے اسے نکال دینا درست نہیں۔

(۲) دوسرے مواقع پر ارشاد ہے حافظوا علی الصلوات والصلوة الوسطی. تمام نمازوں کی پوری محافظت کرو، ان کو ان کے اوقات میں ادا کرو (جلالین شریف) خصوصا درمیانی نماز (عصر کی نماز) سورۂ بقرہ ع ۳۲۔

جلیل القدر صحابی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد نہایت صحیح سندوں سے ثابت ہے کہ جب بھی آنحضرت ﷺ نے نماز پڑھی اپنے وقت ہی میں پڑھی صرف دو نمازیں جو عرفات اور مزدلفہ میں (زمانہ حج میں) پڑھی جاتی ہیں وہ اس سے مستثنیٰ ہیں کہ عرفات میں ظہر اور عصر اور مزدلفہ میں مغرب اور عشاء ساتھ ساتھ پڑھی جاتی ہیں۔ عن عبد اللہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یصلی الصلوة لوقتها الا بجمع وعرفات (نسائی شریف ج ۱ ص ۱۷۱ کتاب الحج باب الجمع بین الظهر والعصر بعرفة) وفی الصحیحین عن ابن مسعود والذی لا اله غیره ماصلی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم صلوة قط الا لوقتها الا صلوتین جمع بین الظهر والعصر بعرفة وبین المغرب والعشاء بجمع (ج ۱ ص ۳۵۵ کتاب الصلاة قبیل باب الاذان) (شرح نقایه ج ۱ ص ۵۴۔۵۳)

ایک واقعہ غزوۂ خندق کا ہے کہ دشمن چڑھ آئے، حفاظت کے لئے خندق کھودی گئی تھی تیروں کی بارش برس رہی تھی جس کی وجہ سے حضور ﷺ ظہر، عصر، مغرب وعشاء کی نماز بروقت نہ پڑھ سکے، جس کا اتنا صدمہ ہوا کہ خلاف عادت آپ ﷺ نے دشمنوں کے حق میں بددعا کی کہ خدا پاک ان کی قبروں اور گھروں کو آگ سے بھردے۔ (بخاری شریف ج ۱ ص ۸۳ باب من صلی بالناس جماعة بعد ذهاب الوقت)

عن علی ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قال یوم الخندق حبسونا عن الصلوة الوسطی صلوة العصر ملأ اللہ بیوتهم وقبورهم ناراً متفق علیه (مشکوۃ ص ۶۳ باب تعجیل الصلوة) عن عبد اللہ بن مسعود قال کنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فحبسنا عن صلوة الظهر والعصر والمغرب والعشاء فاشتد ذلک علی فقلت فی نفسی نحن مع رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وفی سبیل اللہ فامر رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم بالاقامة فصلی بنا الظهر الخ (نسائی

شریف ج ۱ ص ۵۵ باب الاذان الاکتفاء بالا قامۃ لکل صلوۃ)

آنحضرت ﷺ کو جنگ احد میں کتنی ایذائیں پہنچیں مگر بد دعا نہ کی لیکن غزوۂ خندق کے موقع پر نمازیں وقت پر ادا نہ کر سکے۔ حافظوا علی الصلوات پر عمل نہ ہو سکا اللہ کے فرائض کی ادائیگی میں تاخیر ہوئی یہ ناقابل برداشت تکلیف تھی جس کی وجہ سے بد دعا کی تو پھر یہ قول کہ آنحضرت ﷺ ظہر، عصر، مغرب، عشاء کی نمازیں بلا عذر کے ایک ساتھ پڑھتے تھے یہ کیونکر قابل تسلیم ہو سکتا ہے؟

رحمۃ للعالمین ﷺ کا ارشاد ہے تلک صلوۃ المنافق یجلس یرقب الشمس حتی اذا اصفر وکانت بین قرنی الشیطان قام فنقرار بعاً لا یذکر اللہ فیہا الا قلیلا (مشکوۃ ص ۶۰) (ترجمہ) یہ منافق کی نماز ہے کہ بیٹھا رہے آفتاب کا انتظار کرتا رہے جب آفتاب زرد پڑ جائے اور شیطان کے دو سینگوں کے بیچ میں پہنچ جائے (غروب ہونے لگے) تو چار ٹھونگیں مار لے۔ نہ یاد کرے خدا کو مگر تھوڑا سا (برائے نام کچھ خدا کو یاد کر لے)

نیز آنحضرت ﷺ نے فرمایا میرے بعد تم پر ایسے سردار بنیں گے کہ نمازوں میں تاخیر کریں گے تمہیں اپنی نمازوں کا ثواب ملتا ہے مگر ان سرداروں کے حق میں یہ وبال ہوں گی۔ عن قبیصۃ بن وقاص قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکون علیکم امراء من بعدی یؤخرون الصلوۃ فہی لکم وہی علیہم فصلوا معہم ماصلوا القبلۃ رواہ ابو داؤد (مشکوۃ ص ۶۲ باب تعجیل الصلوۃ الفصل الثالث)

غور فرمایئے وقت مسنون سے ہٹی ہوئی نماز کو آنحضرت ﷺ منافق کی نماز فرما رہے ہیں تاخیر کرنے والے امراء اور سرداروں کو وبال کی خبر دے رہے ہیں تو ان کا کیا حکم ہوگا جو پورا وقت ختم کر کے قضا کر دیں۔ اس کے علاوہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت پہلے گذر چکی ہے جس میں بلا عذر جمع بین الصلوٰتین کو کبیرہ کا ایک باب فرمایا گیا ہے ایسے ہی سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کا ایک فرمان حضرت امام محمدؒ نے موطا میں نقل کیا ہے۔ انہ کتب فی الافاق ینہا ہم ان یجمعوا بین الصلوتین ویخبر ہم ان الجمع بین الصلوتین فی وقت واحد کبیرۃ من الکبائر (جمع بین الصلاتین فی السفر والمطر ص ۱۰۳) (ترجمہ) حضرت عمر بن الخطابؓ نے تمام اطراف میں (صوبوں میں) فرمان بھیج کر جمع بین الصلوتین سے ممانعت کر دی تھی اس فرمان میں یہ بھی خبر دے دی تھی کہ ایک وقت میں دو نمازوں کا جمع کرنا کبائر میں سے ایک کبیرہ ہے۔

اس فرمان میں اگرچہ آنحضرت ﷺ کا ذکر مبارک نہیں ہے مگر خبر دینے کا مطلب یہی ہے کہ حضرت عمر فاروقؓ نے لسان نبوت سے یہ سنا تھا اس کی خبر دی تھی۔ بہر حال جمع تاخیر یعنی یہ صورت کہ بلا کسی عذر کے ظہر کی نماز نہ ادا کریں اور عصر کے وقت ظہر کی قضا اور عصر کی ادا پڑھیں بلا عذر یہ ناجائز ہے ایسے ہی حج کے موقعہ پر یوم عرفہ (۹ ذی الحجہ) کے علاوہ باقی تمام سال میں عصر کی نماز کو مقدم کر کے ظہر کے وقت میں پڑھنا یہ بھی ناجائز ہے۔ اس کو جمع تقدیم کہتے ہیں البتہ ایک اور شکل ہے جس کو جمع صوری یا جمع فعلی کہا جاتا ہے اور جن احادیث اور روایات میں جمع کا تذکرہ آیا ہے اس سے یہی جمع مراد ہے یعنی ظہر کو موخر کر کے آخر وقت میں پڑھیں اور فوراً ہی عصر کا وقت ہو جائے تو عصر کی نماز پڑھ لیں۔ مثلاً سفر میں یہ مشکل ہے کہ ظہر کی نماز مستحب وقت پر پڑھیں تو شریعت نے یہ سہولت دی ہے کہ سفر جاری رکھیں اور ظہر کا وقت ختم ہونے لگے تو منزل کر کے ظہر کی نماز پڑھ لیں۔ پھر عصر کا وقت ہو جائے تو فوراً ہی عصر بھی پڑھ



لیں، ایسے ہی مغرب کو آخر وقت میں اور عشاء کو اول وقت میں پڑھ لیں۔ (اس کے علاوہ دوسری نمازوں کو مثلاً عصر کو مغرب کے ساتھ اور عشاء کو فجر کے ساتھ اور فجر کو ظہر کے ساتھ جمع کر کے پڑھنے کی اجازت نہیں ہے) الغرض حنفی مذہب میں فقط حج کے موسم میں بعض شرائط کے ساتھ عرفات میں ظہر و عصر اور مزدلفہ میں مغرب و عشاء جمع کر کے (ایک ساتھ) پڑھنے کا (بطور جمع حقیقی) حکم ہے۔ اس کے علاوہ دو فرض نمازوں کو ایک ہی وقت میں بطور جمع حقیقی یا بطور جمع تقدیم پڑھنا جائز نہیں ہے "درمختار" میں ہے۔ ولا جمع بین فرضین فی وقت بعذر سفر ومطر (سفر اور بارش کے عذر کی وجہ سے (بھی) دو فرض نمازوں کو ایک وقت میں جمع کرنا جائز نہیں ہے) (درمختار مع شامی ج ۱ ص ۳۵۲ کتاب الصلاۃ قبیل باب الاذان)

جمع صوری (جو مسلک احناف ہے) اس کی تائید متعدد احادیث سے ہوتی ہے۔ مثلاً حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو اہلیہ محترمہ صفیہ کے شدت مرض کی اطلاع دی گئی وہ روانہ ہوئے مغرب کا وقت ہوا، ان کے فرزند رشید سالم رضی اللہ عنہ نے کہا الصلوۃ۔ نماز پڑھ لیجئے۔ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا چلتے رہو۔ حضرت سالم کہتے ہیں کہ تھوڑی دیر بعد پھر میں نے کہا نماز پڑھ لیجئے۔ پھر یہی جواب دیا یہاں تک کہ ہم نے دو تین میل طے کر لئے تب حضرت ابن عمر نے منزل کی۔ مغرب کی نماز پڑھی۔ پھر فرمایا میں نے آنحضرت ﷺ کو ایسا ہی دیکھا ہے۔ جب سفر میں جلدی ہوتی تھی تو آپ اندھیرا ہو جانے پر مغرب کی تین رکعتیں پڑھتے تھے، پھر کچھ دیر توقف فرماتے تھے، پھر عشاء کی دو رکعتیں پڑھتے تھے۔ بخاری شریف باب یصلی المغرب ثلثا فی السفر ص ۱۴۸ وبمثلہ عن نافع ابو داؤد شریف ص ۱۷۷ و ص ۱۷۸ ونسائی شریف ج ۱ ص ۱۵۲۔

ایسے ہی حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ وہ جب سفر میں دو نمازیں ایک ساتھ پڑھنا چاہتے تو ظہر کو اخیر وقت تک مؤخر کرتے اور عصر کو اول وقت میں پڑھ لیتے اور مغرب کو اخیر وقت تک مؤخر کر کے پڑھتے اور عشاء اول وقت میں ادا فرماتے اور فرماتے کہ آنحضرت ﷺ سفر میں اسی طرح جمع بین الصلوتین کیا کرتے تھے۔ وعن انس انہ کان اذا اراد ان یجمع بین الصلوتین فی السفر اخر الظہر الی اخر وقتہا وصلاہا وصلی العصر فی اول وقتہا ویصلی المغرب فی اخر وقتہا ویصلی العشاء فی اول وقتہا یقول ہکذا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجمع بین الصلوتین فی السفر (مجمع الزوائد ج ۱ ص ۲۰۶ باب الجمع بین الصلاتین فی السفر)

سیدنا حضرت علیؓ سے بھی یہی روایت ہے کہ سفر میں غروب آفتاب کے بعد بھی چلتے رہتے یہاں تک کہ اندھیرا چھانے لگتا تب سواری سے اترتے اور مغرب پڑھتے پھر کھانا منگواتے کھانا کھاتے (اتنی دیر میں لامحالہ عشاء کا وقت ہو جاتا) پھر عشاء پڑھتے اور سفر شروع کرتے۔ اور فرماتے آنحضرت ﷺ بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ فقال ابن المثنی قال اخبرنی عبد اللہ بن محمد بن عمر بن علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب عن ابیہ عن جدہ ان علیا کان اذا سافر صار بعد ما تغرب الشمس حتی تکاد ان تظلم ثم ینزل فیصلی المغرب ثم یدعو بعشائہ فیتعشی ثم یصلی العشاء ثم یرتحل ویقول ہکذا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصنع (ابو داؤد ج ۱ ص ۱۸۱ باب متی یتم المسافر)

حضرت معاذ بن جبلؓ فرماتے ہیں کہ غزوہ تبوک کے سفر میں ہم آنحضرت ﷺ کے ساتھ روانہ ہوئے تو آنحضرت ﷺ ظہر اور عصر کی نمازوں کو اس طرح جمع کیا کرتے تھے کہ ظہر کو ظہر کے آخر وقت میں پڑھتے اور عصر کو عصر کے اول وقت میں اور سفر شروع کردیتے پھر مغرب کو مغرب کے آخر وقت میں ایسے وقت پڑھتے کہ شفق غائب نہ ہوا ہوتا۔ یعنی غروب آفتاب کے بعد مغرب کی جانب جو روشنی باقی رہتی ہے ابھی وہ ختم نہ ہوئی ہوتی تو مغرب کی نماز پڑھتے اور جیسے ہی وہ روشنی غائب ہوجاتی تو عشاء کی اول وقت میں عشاء پڑھ لیتے۔ وعن معاذ بن جبل قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فى غزوه تبوک فجعل يجمع بين الظهر والعصر يصلى الظهر فى اخر وقتها ويصلى العصر فى اول وقتها ثم يسير ويصلى المغرب فى اخر وقتها مالم يغب الشفق ويصلى العشاء فى اول وقتها حين يغيب الشفق الخ (مجمع الزوائد ج ۱ ص ۲۰۶ باب الجمع بين الصلاتين فى السفر)

یہی مطلب ہے حضرت ابن عباسؓ کی روایت کا جو نسائی شریف میں ہے کہ میں نے آنحضرت ﷺ کے ساتھ مدینہ طیبہ میں آٹھ رکعت ایک ساتھ (ظہر، عصر) اور سات رکعات ایک ساتھ (مغرب عشاء) اس طرح پڑھی کہ ظہر کو تاخیر سے اور عصر کو تعجیل سے نیز مغرب کو تاخیر سے اور عشاء کو تعجیل سے پڑھا۔ عن بن عباس قال صليت مع النبى صلى الله عليه وسلم بالمدينة ثمانياً جميعاً وسبعاً جميعاً آخر الظهر وعجل العصر وآخر المغرب وعجل العشاء (نسائی شریف ج ۱ ص ۵۳ باب الوقت الذى يجمع فيه المقيم)

ان تمام روایات سے صراحۃً ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت ﷺ اور صحابہؓ جمع حقیقی یا جمع تقدیم نہیں بلکہ جمع صوری کیا کرتے تھے۔ پھر جو روایتیں اس کے خلاف معلوم ہوں ان کی یہی تاویل کرنی ضروری ہے تاکہ قرآن پاک کی آیات اور احادیث صحیحہ سے مطابقت ہوجائے اور اختلاف کی شکل باقی نہ رہے علامہ قاضی شوکانی تحریر فرماتے ہیں۔ فوجب المصير الى ذلک (جمع صوری کی طرف رجوع واجب ہے کہ دلیل سے یہی ثابت ہوتا ہے) (نیل الاوطار ج ۳ ص ۹۳)

## امامت کے لئے احق کون

(سوال ۱۵۳) امامت کے لئے احق کون ہے؟ سید جاہل اور بے عمل ہو اور غیر سید عالم دین اور باعمل ہو تو ان دونوں میں امامت کا کون زیادہ حق دار ہے؟

(الجواب) امام عاقل، بالغ، صحیح العقیدہ، نماز سے متعلق احکام و مسائل سے واقف صحیح طریقہ سے پڑھنے والا، دیندار ہونا چاہئے، حدیث شریف میں ہے کہ اگر تمہیں یہ پسند ہے کہ تمہاری نماز درجۂ مقبولیت کو پہنچے تو تم میں جو بہتر اور نیک ہو وہ تمہاری امامت کرے کہ وہ تمہارے اور تمہارے پروردگار کے مابین قاصد ہے۔ ان سر کم ان تقبل صلوتكم فليؤمكم علمائكم فانهم وفد كم فيما بينكم وبين ربكم رواه الطبرانى وفى رواية الحاكم فليؤمكم خيار كم وسكت عنه (شرح نقایہ ج ۱ ص ۸۶ کتاب الصلوٰۃ فصل اول باب الامامۃ) دوسری حدیث میں ہے کہ تم میں جو سب سے بہتر ہو اس کو اپنا امام بناؤ کیونکہ وہ تمہارے



پروردگار کے درمیان ایلچی ہے۔ (حوالہ مذکورہ)

فقہ کی مشہور کتاب نور الایضاح میں ہے۔ فالا علم احق بالأمامة ثم الا قرأ ثم الا ورع ثم الا سن ثم الاحسن خلقاً ثم الاحسن وجهاً ثم الا شرف نسباً ثم الاحسن صوتاً ثم الانظف ثوباً (ص ۸۲، ۸۳ باب الامامة فصل فى الاحق بالامامة) (امامت کا زیادہ حق دار وہ ہے جو دین کی امور زیادہ جاننے والا (خصوصاً نماز سے متعلق مسائل سے سب سے زیادہ واقف) ہو، پھر وہ جو تجوید سے پڑھنے میں زیادہ ماہر ہو، پھر جو زیادہ متقی اور پرہیزگار ہو، پھر وہ جو عمر میں بڑا ہو، پھر وہ جو اچھے اخلاق والا ہو، پھر وہ جو خوبصورت باوجاہت ہو پھر وہ جو نسباً زیادہ شریف ہو پھر وہ جس کی آواز اچھی ہو، پھر وہ جو زیادہ پاکیزہ کپڑے پہنتا ہو")۔

الغرض جو شخص اس ترتیب کے بموجب ان اوصاف میں بڑھا ہوا ہوگا وہ دوسرے کے مقابلہ میں امامت کا زیادہ حق دار ہوگا اعلیٰ اور مستحق کو چھوڑ کر ادنیٰ کو امام بنانا غلط ہے۔ حدیث میں ہے اذا أم الرجل القوم وفيهم من هو خير منه لم يزالوا فى سفال (فتاوی ابن تیمیہ ج ۱ ص ۱۰۸) جب قوم کی امامت ایسا شخص کرے کہ اس کے پیچھے بہتر شخص موجود ہے تو وہ قوم ہمیشہ پستی میں رہے گی (کہ قابل قدر کی قدر نہیں کررہی)۔

دوسری ایک حدیث میں ہے کہ جو شخص کسی جماعت میں کسی کام کی ذمہ داری کسی شخص کے سپرد کردے اور اس جماعت میں ایسا شخص موجود ہو جو اس سے زیادہ اللہ کی رضامندی حاصل کرنے والا اور اللہ کے احکام کی زیادہ تعمیل کرنے والا ہے تو اس نے (اس غلط انتخاب سے) اللہ سے خیانت کی رسول خدا ﷺ سے خیانت کی نیز تمام مسلمانوں سے خیانت کی من قلدر جلا على عصابة وهو يجد فى تلک العصابة من هو ارضى لله فقد خان الله وخان رسوله وخان المؤمنين (فتاوی ابن تیمیہ ج ۱ ص ۱۰۸) جو سید مسائل نماز سے واقف نہ ہو قرآن شریف بھی صحیح نہ پڑھتا ہو۔ وہ عالم قاری دیندار غیر سید کے مقابلہ میں امامت کا حق دار نہیں ہے۔ سید السادات آقاء دوجہان ﷺ کا ارشاد ہے۔ من بطأ به عمله لم يسرع به نسبه (ابوداؤد شریف ج ۲ ص ۱۵۷) جس کا عمل اس کو پیچھے ڈال دے اس کا نسب اس کو آگے نہیں بڑھا سکتا۔ ہاں علم و عمل کے ساتھ شرافت نسبی بھی ہو تو نور علیٰ نور۔ سونے پر سہاگہ۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## چند روز بعد فرض لوٹانے پڑے تو جماعت سے پڑھے یا بغیر جماعت کے؟ اور کیا جماعت کا ثواب ملے گا

(سوال ۱۵۴) بعض آدمیوں نے نماز فجر ایک امام کے پیچھے ادا کی اس کے بعد نماز ظہر میں یا دوسرے دن کسی نماز کے وقت اس امام نے اعلان کیا کہ جس نے بھی میرے پیچھے فلاں دن کی فجر کی نماز پڑھی ہو وہ اپنی نماز قضا کرلے، اس لئے کہ شرعی عذر کی وجہ سے اس نماز میں پاکی کی حالت میں نہیں تھا، تو اس فجر کی قضا جماعت سے ادا کی جائے یا الگ الگ پڑھ لی جائے؟ اور اگر الگ الگ پڑھی گئی تو جس جماعت سے اولاً پڑھی تھی اور نماز نہ ہوئی تھی اس جماعت کا اجر ملے گا یا نہیں؟

(الجواب) اگر اس وقت امام کو یاد آجاتا تو عذر دور کرنے کے بعد اسی جگہ اذان و اقامت کے بغیر جماعت سے

نماز ادا کرلی جاتی، بخاری شریف میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نماز کے لئے تکبیر کہی گئی صفیں ٹھیک کرلی گئیں۔ آنحضرت ﷺ (حجرۂ مبارکہ سے) باہر تشریف لائے۔ جب آپ مصلے پر تشریف فرما ہوئے تو یاد آیا کہ آپ کو جنابت ہوگئی تھی۔ ہم سے فرمایا۔ اپنی جگہ پر قائم رہو (ابوداؤد شریف کی روایت کے الفاظ ہیں کہ شروع کردینے کے بعد یاد آیا) پھر آپ واپس تشریف لے گئے۔ غسل کیا۔ پھر ابھی سر مبارک سے پانی ٹپک رہا تھا کہ تشریف لاکر تکبیر تحریمہ کہی اور ہم نے آپ کے ساتھ نماز پڑھی۔ عن ابی ھریرۃ قال اقیمت الصلوۃ وعدلت الصفوف قیاماً فخرج الینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما قام ومصلاہ ذکر انہ جنب فقال لنا مکانکم ثم رجع فاغتسل ثم خرج الینا ورأسہ یقطر فکبر فصلینا معہ (بخاری شریف پ ۲ ج ۱ ص ۴۱ باب اذا ذکر فی المسجد أنہ جنب خرج کما ھو ولا یتیمم) (وفی روایۃ ابی داؤد قال فکبر ثم او ماء الی القوم ان اجلسوا فذھب فاغتسل (ابوداؤد ج ۱ ص ۳۵ باب فی الجنب یصلی بالقوم وھو ناس)

لیکن نماز کا وقت ختم ہوجانے اور نمازیوں کے منتشر ہوجانے کے بعد یاد آئے تو تمام نمازیوں کو جمع کرکے جماعت سے نماز قضا کرنے کا اہتمام ضروری نہیں ہے، جس کو جب یاد آئے اور خبر ہو اسی وقت (اگر وقت مکروہ نہ ہو) نماز قضاء کرلے، ایسا ایک واقعہ حضرت علیؓ کے زمانے میں وقوع پذیر ہوا تھا "مراقی الفلاح" میں ہے۔ وعلی رضی اللہ عنہ صلی بالناس ثم تبین لہ انہ کان محدثا فاعاد وامرھم ان یعیدوا (ص ۵۷) حضرت علیؓ نے لوگوں کو نماز پڑھائی پھر آپ کو معلوم ہوا کہ آپ محدث تھے (وضو نہیں تھا) تو آپ نے نماز دہرائی اور لوگوں کو حکم دیا کہ نماز دہرالیں (ص ۵۷ کتاب الطہارۃ)

فتاویٰ عالمگیری میں ہے ایک جماعت نے اپنے وقت پر مسجد میں نماز جماعت سے پڑھی پھر وقت ہی میں معلوم ہوگیا کہ نماز فاسد ہوئی ہے تو اسی وقت اسی مسجد میں جماعت سے نماز پڑھ لیں۔ اذان اور اقامت نہ لوٹائیں اور اگر وقت کے بعد پڑھیں تو اس مسجد میں نہیں کسی دوسری جگہ بغیر اذان اور تکبیر کے پڑھیں۔ قوم ذکروا افساد صلوۃ صلوھا فی المسجد فی الوقت قضوھا بجماعۃ فیہ ولا یعیدون الاذان ولا الاقامۃ وان قضوھا بعد الوقت قضوھا فی غیر ذلک المسجد بلا اذان واقامۃ (فتاویٰ عالمگیری ج ۱ ص ۵۵ الباب الثانی فی الاذان الفصل الاول فی صفتہ واحوال المؤذن)

صورت مسئولہ میں از روئے حدیث نمازی جماعت کے ثواب سے محروم نہیں رہیں گے۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص اچھی طرح وضو کرکے مسجد میں گیا مگر جماعت نہیں ملی تو خداء پاک اسے جماعت سے نماز پڑھنے والے کے برابر ثواب عنایت فرمائیں گے اور جماعت والوں کے ثواب میں کوئی کمی (کٹوتی) نہیں ہوگی۔ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من توضأ فاحسن وضوءہ ثم راح فوجد الناس قد صلوا اعطاہ اللہ مثل اجر من صلاھا وحضرھا لاینقص ذلک من اجورھم شیئاً رواہ ابوداؤد والنسائی (مشکوۃ شریف ص ۱۰۲ باب ماعلی الماموم من المتابعۃ و حکم المسبوق)

نورالایضاح میں ہے۔ اذا انقطع عن الجماعۃ لعذر من اعذارھا المبیحۃ للتخلف یحصل



لہ ثوابھا (ص ۸۲ باب الامامۃ) عذر کی وجہ سے جماعت میں شریک نہ ہوسکا تو اس کو جماعت کا ثواب ملے گا۔

## امام کے لئے امامت کی نیت کرنا ضروری ہے یا نہیں؟:

(سوال ۱۵۵) امام کے لئے امامت کی یعنی اپنے امام ہونے کی نیت کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

(الجواب) امام کے لئے امامت کی نیت کرنا ضروری نہیں ہے، ہاں! مقتدی کے لئے ضروری ہے کہ امام کی اقتداء کی نیت کرے (قولہ وینوی المقتدی) اما الامام فلا یحتاج الی نیۃ الامام (شامی ج ۱ ص ۳۹۰ صفۃ الصلاۃ)

## حنفی امام شافعی مقتدیوں کی کس طرح امامت کرے:

(سوال ۱۵۶) میں حنفی المذہب ہوں، شافعی المذہب کے مکتب میں پڑھاتا ہوں کبھی کبھی جہری نماز پڑھاتا ہوں تو اگر میں شافعی المذہب مقتدیوں کا لحاظ کرکے سورۂ فاتحہ کے بعد اتنی دیر خاموش رہوں جتنی دیر میں وہ لوگ جلدی سے سورہ فاتحہ پڑھ لیں، پھر دوسری سورت شروع کروں تو اس میں کوئی حرج ہے؟

(الجواب) حنفی امام کے لئے اس طرح (سورۂ فاتحہ کے بعد سورت ملانے میں) تاخیر جائز نہیں ہے، ممنوع ہے، نماز ناقص اور واجب الاعادہ ہوگی یعنی دوبارہ پڑھنی پڑے گی، سجدۂ سہو بھی کافی نہ ہوگا اس لئے کہ صورت مسئولہ میں قصداً تاخیر کی گئی ہے، یہ سہو نہیں ہے کیونکہ جان بوجھ کر کیا ہے۔[1] فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## امام کس طرح نیت کرے:

(سوال ۱۵۷) امام صاحب جب نماز کے لئے کھڑے ہوں تو کس طرح نیت کریں؟

(الجواب) اس طرح نیت کریں (۱) میں خالص خدا کے لئے نماز پڑھتا ہوں (۲) فرض نماز پڑھتا ہوں (واجب وغیرہ ہو تو اس کا خیال کرے (۳) جس وقت کی نماز ہو (ظہر یا عصر) اس کا تصور کرے۔ وکفی مطلق نیۃ الصلوۃ لنفل وسنۃ وتراویح ولا بد من التعیین عند النیۃ الفرض ولو قضاءً وواجب دون عدد رکعاتہ وینوی المقتدی المتابعۃ (تنویر الابصار)

امام کو امامت کی نیت کرنا ضروری نہیں ہے۔ چنانچہ تنہا نماز پڑھنے والے کے پیچھے کوئی نیت باندھ لے تو اس کی امامت اور اس کی اقتداء صحیح ہے لیکن جب کوئی شخص پیچھے نیت باندھ رہا ہے تو اس کو امامت کی نیت کرلینی چاہئے تاکہ امامت کا ثواب مل جائے۔ ہاں! مقتدی کے لئے اقتدا کی نیت کرنا ضروری ہے۔ والامام ینوی صلوتہ فقط ولا یشترط لصحۃ الاقتداء نیۃ امامۃ المقتدی بل لنیل الثواب عند اقتداء احد بہ لا قبلہ (درمختار مع شامی ج ۱ ص ۳۹۴ باب شروط الصلاۃ) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

(۱) فلا سجود فی العمد قبل الاربع ترک قعدۃ الاولی وصلاتہ فیہ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وتفکرہ عمداً حتی شغلہ عن رکن، درمختار علی ھامش شامی سجود السھو ج ۲ ص ۸۰

## حنفی مقتدی عید کی نماز شافعی کے پیچھے کیونکر پڑھے:

(سوال ۱۵۸) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ حنفی مقتدی شافعی امام کے پیچھے عید کی نماز پڑھتا ہے، امام اپنے مذہب کے مطابق رکعت اولی میں سات اور رکعت ثانیہ میں پانچ تکبیریں پڑھتا ہے، حالانکہ حنفی مذہب میں دونوں رکعتوں کی مل کر کل چھ تکبیریں ہیں تو ایسی صورت میں حنفی مقتدی، شافعی مذہب کے مطابق بارہ تکبیریں کہے یا تین تین تکبیریں پڑھ کر خاموش رہے؟

(الجواب) حنفی مقتدی، شافعی امام کے پیچھے نماز عید ادا کرے تو اسے تکبیرات عید میں شافعی امام کی اقتداء کرنی چاہئے۔ ولوزاد تابعه الی ستة عشر لانه مأثور (درمختار مع شامی ج ۱ ص ۷۸۰ مطلب تحت طاعة الا مام فیما لیس معصیة) فقط و الله اعلم بالصواب.

## ذاتی مخالفت کی بناء پر صالح امام کی علیحدگی:

(سوال ۱۵۹) امام عالم باعمل اور متبع سنت ہے مگر بعض مصلی ذاتی عداوت اور اختلافات کی وجہ سے مخالفت کرتے ہیں اور امام کو معزول کرنے کی کوشش میں ہیں تو متولی کے لئے ان لوگوں کی فریاد پر امام کو معزول کرنا جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) صورت مسئولہ میں جب امام خطا کار نہیں تو مخالفین کی شکایت پر امام کو معزول کرنا جائز نہیں ہے، ذاتی عداوت اور اختلاف کی وجہ سے امام کو الگ کرنے والے خود ظالم و مجرم ہیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## امام ظہر کی سنتیں پڑھے بغیر فرض پڑھا سکتا ہے:

(سوال ۱۶۰) امام صاحب ظہر میں دیر سے آئے، جماعت کا وقت ہوگیا، چار رکعت سنت پڑھ کر نماز پڑھاتے ہیں تو لوگ کڑھن محسوس کرتے ہیں، انتظار نہیں کرنا چاہتے، تو امام صاحب فرض سے پہلے کی سنتیں پڑھے بغیر نماز پڑھائیں تو جائز ہے، یا نماز مکروہ ہوگی؟

(الجواب) صورت مسئولہ میں امام سنتیں پڑھے بغیر فرض نماز پڑھا سکتا ہے، نماز مکروہ نہ ہوگی، فرض کے بعد دو رکعت سنت پڑھ کر فوت شدہ سنتیں پڑھ لی جائیں، حدیث شریف میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ اگر ظہر سے پہلے چار سنتیں نہیں پڑھ سکتے تھے تو بعد میں پڑھ لیا کرتے تھے (اور ظاہر ہے آنحضرت ﷺ ہی امام ہوا کرتے تھے) عن عائشة ان النبی صلی الله علیه وسلم کان اذا لم یصل اربعا قبل الظهر صلاهن بعدها (ترمذی ج ۱ ص ۵۷ باب ماجآء فی الرکعتین قبل الظهر ورکعتین بعد ها) فقط و الله اعلم بالصواب.

## مرد عورت کے ساتھ جماعت کر سکتا ہے یا نہیں:

(سوال ۱۶۱) جماعت فوت ہونے پر مکان پر عورت کی ساتھ جماعت سے نماز پڑھے تو صحیح ہے یا نہیں؟



(الجواب) ہاں عورت کے ساتھ جماعت کر سکتے ہیں مگر عورت مرد کے ساتھ کھڑی نہ رہے پیچھے رہے اگر عورت مرد کے ساتھ کھڑی رہے گی تو دونوں کی نماز نہ ہوگی۔ شامی میں ہے۔ المرأة اذا صلت مع زوجها فی بیتها فی البیت ان کان قدمها بحذاء قدم الزوج لا تجوز بالجماعة (ج ۱ ص ۵۳۵ باب الامامة) فقط و الله اعلم بالصواب.

## نماز باجماعت پڑھنے میں عذر پیش آتا ہے تو کیا حکم ہے:

(سوال ۱۶۲) ایک آدمی وضو کر کے فوراً نماز مکان میں پڑھے تو عذر پیش نہیں ہوتا اور وضو کر کے مسجد جا کر باجماعت نماز پڑھے تو عذر پیش آتا ہے، یعنی وضو ٹوٹ جاتا ہے تو ایسی صورت میں باجماعت نماز پڑھنا ضروری ہے یا گھر میں پڑھے؟

(الجواب) مذکورہ صورت میں نماز گھر میں پڑھے (نفع المفتی والسائل ص ۹۴) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## فتاویٰ رحیمیہ گجراتی کے ایک جواب کے متعلق سوال اور اس کا توضیحی جواب

(سوال ۱۶۳) ذیل کے مسئلہ کا جواب بحوالہ کتب معتدبہ تفصیل بیان فرمائیں۔ فتاویٰ رحیمیہ گجراتی (ج ۱ ص ۸۶ فتویٰ نمبر ۵۶) کے تحت سوال کا جو جواب ہے وہ دوسری کتاب کے جواب سے متعارض ہے اس میں صحیح کون سا اور غلط کون سا؟ دونوں کتابوں کے سوال جواب ذیل میں تحریر ہیں فتاویٰ رحیمیہ کے سوال و جواب!

(سوال ۱۶۴) امام سے سہواً واجب چھوٹ گیا اور سجدہ سہو بھی نہیں کیا۔ جس کی بناء پر نماز کا اعادہ کیا تو جو نمازی پہلی جماعت میں شریک نہ تھا وہ اس جماعت میں شامل ہو جائے تو اس کی نماز ہوگی یا نہیں؟

(الجواب) نماز صحیح نہیں پھر پڑھنی ہوگی کہ امام کی یہ دوسری نماز مستقل نماز نہیں تکمیل صلوۃ کے لئے ہے۔ لہذا مستقل فرض پڑھنے والے) کی اقتداء ایسے امام کے پیچھے صحیح نہیں۔

دوسری کتاب میں ہے کہ۔

(سوال ۱۶۵) امام سے واجب سہواً فوت ہوگیا۔ پھر سجدۂ سہو بھی بھول سے چھوٹ گیا سلام کے بعد نماز کا اعادہ کرتے وقت ایک آدمی جو شریک جماعت نہ تھا وہ شامل ہوگیا تو اس کی فرض نماز ادا ہوگی یا نہیں؟

(الجواب) فقہ کی کتاب درمختار سے معلوم ہوتا ہے کہ آنے والے کی فرض نماز ادا ہوگئی۔ یہ دونوں مسئلے ایک ہی ہیں مگر جواب میں تعارض ہے۔ اب کس پر عمل کیا جائے، رہبری فرمائیں۔

(الجواب) الحمد للہ فتاویٰ رحیمیہ کا جواب صحیح اور مختار قول کے مطابق ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جو نماز پہلے پڑھی تھی وہ بیکار نہیں گئی۔ وہ اس درجہ میں قائم رہی کہ فرض ساقط ہوگیا کیونکہ اس نماز کے سارے ارکان ادا ہو گئے۔ صرف ایک واجب رہ گیا تھا اس کے فوت ہونے سے نماز میں جو کمی رہی ہے اس کی تکمیل کے لئے اعادہ کا حکم ہے یہ اعادہ کردہ نماز بمنزلہ سجدۂ سہو ہے جس طرح سجدۂ سہو سے کمی و نقص دور ہوتا ہے اسی طرح نماز کے اعادہ سے بھی نماز کی تکمیل ہوتی ہے یہ (اعادہ کردہ) نماز اصل اور مستقل فرض نماز نہیں ہے۔ لہذا جو شخص پہلی نماز یعنی جماعت اول میں شامل نہ ہو وہ اگر اس دوسری میں شریک ہوگا تو اس کا فرض رہ جائے گا یعنی اس کی اصل نماز ادا نہ ہوگی۔ و المختار ان

المعادة لترک الواجب نفل جابر والفرض سقط بالا ولیٰ (طحطاوی علیٰ مراقی الفلاح ص ۱۴۴ بـاب الامامة) ہاں البتہ اگر نماز میں کوئی فرض چھوٹ جائے تو نماز فاسد اور باطل ہوتی ہے سجدۂ سہو سے اس کی اصلاح نہیں ہوتی اس کو از سر نو پڑھنا پڑتا ہے اور یہ دوسری نماز بھی فرض اور اصل و مستقل ہی ہوتی ہے، لہذا اس میں وہ بھی شامل ہو سکتا ہے جس نے پہلی نماز نہ پڑھی ہو اور اپنا اصل فرض پڑھ رہا ہو (بـاب صفة الصلاة درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۴۲۶)(فتح القدیر ج ۱ ص ۲۶۲)(الدر المنتقی شرح الملتقیٰ ج ۱ ص ۸۸) و اللہ تعالیٰ اعلم بالصواب.

## امام نے لفظ ''السلام'' کہا اور اس کی اقتدا کی تو وہ صحیح ہے؟:

(سـوال ۱۶۶) امام نے نماز ختم کی پہلا سلام پھیرتے ہوئے ابھی ''السلام'' کا لفظ بولا ''علیکم'' نہیں بولا اور کسی نے اقتداء کی اس کی یہ اقتداء صحیح ہوگی یا نہیں؟

(الجواب) مذکورہ بالا اقتداء معتبر نہیں ہے، دوبارہ تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز شروع کرے، قال فی التجنیس الا مام اذا فرغ من صلـوتـه فـلـمـا قـال الـسـلام جاء رجل واقتدی به قبل ان یقول علیکم لا یصیر داخلافی الصلوٰة لان ھذا سلام( شامی ج ۱ ص ۲۳۶)فقط. و اللہ اعلم بالصواب.

## اسلام میں جماعت کی اہمیت:

(سـوال ۱۶۷) باجماعت نماز کا کیا حکم ہے؟ اکثریت نماز سے غافل ہے۔ جو پڑھتے ہیں وہ جماعت کا اہتمام نہیں کرتے اکثر گھروں میں پڑھ لیتے ہیں، جماعت کی پابندی اور مسجد کی حاضری کو خاص اہمیت نہیں دیتے، اس کے متعلق قرآن وحدیث اور کتب معتبرہ فقہیہ کے حوالوں سے تفصیل کریں۔

(الـجواب شریعت میں باجماعت نماز ادا کرنے کی بڑی فضیلت اور بڑی سخت تاکید آئی ہے۔ ارشاد خداوندی ہے۔ وارکعوا مع الـراکعین . (سورۂ بقرہ پ۱ ع ۵) نماز پڑھنے والوں کے ساتھ نماز پڑھو (یعنی جماعت سے نماز ادا کرو) ای صلوا مع الـمـصـلـین (جلالین پ۷ )(تفسیر کبیر ج ۱ ص ۴۹۴) ای فی جماعتهم (بیضاوی ج ۱ ص ۱۷) وصلوھا مع المصلین لا منفردین (تفسیر کشاف ج ۱ ص ۵۳)(تفسیـر مدارک ج ۱ ص ۱۱۲) ای صلوا
بالجماعة(تفسیر مھا نمی ج ۱ ص ۴۲)

اور فرمان نبوی ﷺ ہے۔ صلوة الجماعة تفضل صلوة الفذ بسبع وعشرین درجة . (ترجمہ) جماعت کی نماز اکیلے کی نماز سے ستائیس درجہ بڑھ جاتی ہے اور افضل ہو جاتی ہے. (صحیح البخاری ج ۱ ص ۸۹ پ ۳ باب فضل صلوة الجماعة)(صحیح المسلم ج ۱ ص ۱۳۱)(جامع ترمذی ج ۱ ص ۳۰) خاتم الانبیاء رحمۃ للعالمین ﷺ کا ارشاد ہے۔ ان صلـوٰة الـرجـل مع الرجل از کی من صلوته وحده وصلـوتـه مع الـرجلین از کی من صلـوتـه مع الـرجل وما کثر فھو احب الی اللہ عزوجل. (ترجمہ) اکیلے نماز پڑھنے سے ایک کے ساتھ مل کر پڑھنا بہتر ہے اور دو کے ساتھ اس سے زیادہ افضل ہے اور جتنی



زیادتی ہوتی رہے وہ اللہ کے یہاں زیادہ محبوب ہے۔ (ابوداؤد شریف باب فضل صلوٰۃ الجماعۃ ج ۱ ص ۸۹)

اور فرمان نبوی ہے۔ من شهد العشاء فی جماعة کان له کقیام نصف لیلة ومن صلی العشاء والفجر فی جماعة کان له کقیام لیلة (ترجمہ) جو شخص عشاء کے وقت جماعت میں حاضر ہوا اس کو آدھی رات عبادت کرنے کا ثواب مل گیا اور جو شخص عشاء اور فجر دونوں نمازوں کی جماعت میں حاضر رہا تو اس کو پوری رات عبادت کرنے کا ثواب مل گیا (ترمذی شریف باب ماجاء فی فضل العشاء والفجر فی الجماعۃ ج ۱ ص ۳۰)

اسی لئے آنحضرت ﷺ نے کبھی بھی جماعت ترک نہیں کی، حالت مرض میں چلنا دوبھر تھا پھر بھی دو آدمیوں کے سہارے (ایسی حالت میں کہ قدم مبارک زمین پر گھسٹ رہے تھے) مسجد میں تشریف لائے اور جماعت سے نماز ادا فرمائی۔

ایک مرتبہ رحمت عالم ﷺ نے یہاں تک فرمادیا کہ میں نے ارادہ کیا کہ میں مؤذن سے کہہ دوں کہ وہ تکبیر کہیں پھر کسی کو کہہ دوں کہ نماز پڑھادیں اور میں خود آگ کا انگارا لوں اور اس کا مکان جلادوں جو اب تک نماز کے لئے گھر سے نہ نکلا ہو۔ لقد ھممت ان امر المؤذن فیقیم ثم امر رجلا یؤم الناس ثم اخذ شعلا من نار فاحرق علی من لا یخرج الی الصلوٰة بعد (بخاری شریف باب وجوب صلوة الجماعة ج ۱ ص ۳۰)(مسلم شریف ج ۱ ص ۲۳۲)(واللفظ للبخاری) آنحضرت ﷺ کا فرمان ہے کہ کسی بستی یا جنگل میں صرف تین آدمی رہتے ہوں اور وہ جماعت سے نماز نہ پڑھتے ہوں تو ان پر شیطان غالب ہو جائے گا لہذا جماعت سے نماز پڑھنا اپنے اوپر لازم کرلو۔ ما من ثلثة فی قریة ولا بدو ولا تقام فیھم الصلوة الا قد استحوذ علیھم الشیطان فعلیک بالجماعة ( ابو داؤد شریف باب التشدید فی ترک الجماعة ج ۱ ص ۸۸) (وفی روایة فعلیکم بالجماعة (نسائی شریف ج ۱ ص ۷۴)

سید الانبیاء علیہم السلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص اذان سنے اور عذر نہ ہونے کے باوجود مسجد میں حاضری نہ دے تو اس کی اکیلے پڑھی ہوئی نماز قبول نہ ہوگی (اگرچہ ضابطہ کی خانہ پری ہو جائے گی جس سے فرض ساقط ہو جائے گا) صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے دریافت کیا۔ عذر کیا؟ فرمایا (جان۔ مال آبرو کا) خوف یا مرض۔ من سمع المنادی فلم یمنعه من اتباعه عذر قالوا وما العذر قال خوف او مرض لم تقبل منه الصلوة التی صلی (ابو داؤد ایضاً ج ۱ ص ۸۸)

ارشاد ہوا! جماعت ترک کرنا چھوڑ دو ورنہ خدائے پاک دلوں پر مہر لگا دے گا اور تم ان میں سے ہو جاؤ گے جن کو اللہ تعالیٰ نے غافل قرار دیا ہے (ابن ماجہ مصری ص ۲۶۰) نیز ارشاد ہوا آدمی کی کان گرم کئے ہوئے رانگ سے بھر جائیں (بہرے ہو جائیں) یہ بہتر ہے اس سے کہ اذان سنے اور اذان کی پکار کو قبول نہ کرے۔ (کتاب الصلوٰۃ ابن القیم)

ایک حدیث میں تین قسم کے آدمیوں پر خدا کی لعنت آئی ہے جن میں سے ایک وہ ہے جو اذان سنے اور مسجد میں حاضر نہ ہو۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں۔ الجفاء کل الجفاء والکفر والنفاق من سمع منادی اللہ تعالیٰ ینادی بالصلوة ویدعو الی الفلاح فلا یجیبه (جامع الصغیر ج ۱ ص ۱۲۱)(مجمع الزوائد

باب اجابة المؤذن وما يقول عند الاذان والاقامة ج ١ ص ١٥٨) (ترجمہ) سراسر ظلم اور کفر و نفاق ہے کہ اللہ کے منادی کو سنے کہ نماز کے لئے پکار رہا ہے۔ فلاح (اور ابدی کامیابی) کے لئے دعوت دے رہا ہے پھر بھی لبیک نہ کہے اور اس کی پکار کا جواب نہ دے۔ بخاری شریف مسلم شریف اور ترمذی شریف کی ایک حدیث پہلے گذر چکی ہے اسی مضمون کی حدیث ابوداؤد شریف میں ہے۔ لقد هممت ان امر فتيتي فيجمعوا الى حزما من حطب ثم اتى قوماً يصلون في بيوتهم ليست بهم علة فاحرقها عليهم بے شک میرا جی چاہتا ہے کہ جوانوں کو حکم دوں کہ لکڑیاں جمع کریں پھر ان کے یہاں پہنچوں جو بلا عذر اپنے گھروں میں نماز پڑھتے ہیں انہیں مع گھروں کے جلا دوں (ابوداؤد باب التشديد في ترک الجماعة ج ١ ص ٨٨) ترمذی۔

تنبیہ:

رحمت عالم ﷺ آگ لگا دینے کی سزا ان کے لئے تجویز فرماتے ہیں جو نماز تو پڑھتے ہیں مگر مسجد میں نہیں آتے گھر میں پڑھتے ہیں۔ اب غور فرمایئے اور سبق لیجئے کہ ان کی سزا کیا ہوگی جو معاذ اللہ نماز ہی نہیں پڑھتے۔

بے نمازی بھائیوں اور بہنو! غور کرو سوچو اور پابند نماز بن کر اپنی نجات کا سامان کرلو، قیامت میں سب سے پہلے نماز کا حساب ہوگا۔

جلیل القدر صحابی حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ ہم نے کسی صحابی کو نماز باجماعت سے غائب نہیں پایا، جماعت سے وہی شخص غیر حاضر رہتا تھا جو کھلا منافق ہوتا تھا بیمار بھی دو آدمیوں کے سہارے جماعت میں شریک ہوتا تھا، آنحضرت ﷺ نے ہمیں ہدایت اور نجات کی جو راہیں بتلائی ہیں ان میں اذان سنکر مسجد میں جماعت سے نماز ادا کرنا بھی ہے اور فرمایا کہ جس مسلمان کو کل (قیامت کے روز) خدا پاک سے ملنا ہو وہ پانچوں نمازیں جماعت سے ادا کرے اس لئے کہ خدا پاک نے تمہارے نبی کو ہدایت کے جو طریقے تعلیم فرمائے ہیں ان میں یہ بھی ہے کہ اگر تم منافق کی طرح اپنے گھروں میں نماز پڑھتے رہے تو یقیناً تم نے اپنے نبی کا طریقہ چھوڑ دیا اور جب تم نے اپنے نبی کا طریقہ چھوڑ دیا تو یقیناً تم گمراہ ہو گئے۔ (مسلم شریف باب فضل صلوۃ الجماعۃ وبیان التشدید الخ ج ١ ص ٢٣٢) (نسائی شریف ج ١ ص ٥٧)

اسی لئے حاکم مکہ حضرت عتاب بن اسیدؓ نے آنحضرت ﷺ کی خبر وفات سن کر اہل مکہ کو جمع کر کے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا "اگر کسی کے متعلق مجھے معلوم ہوا کہ مسجد میں آ کر جماعت سے نماز نہیں پڑھتا تو خدا کی قسم! میں اس کی گردن اڑا دوں گا" (كتاب الصلوة لابن القيم.)

حضرت ابو درداءؓ فرماتے ہیں۔" والله ما اعرف من امر محمد صلى الله عليه وسلم شيئاً الا انهم يصلون جميعاً " خدا کی قسم حضرت محمد ﷺ کی امت کے لئے نماز باجماعت سے زیادہ اہم کوئی چیز مجھے معلوم نہیں (بخاری شریف باب فضل صلوۃ الفجر فی جماعۃ ج ١ ص ٩٠) بے شک نماز باجماعت کی بہت تاکید آئی ہے اور اس میں کئی خوبیاں اور فوائد ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں "اس امت کو قائم کرنے سے اللہ تعالیٰ کا مقصود یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ کا بول بالا ہو اور روئے زمین پر دین اسلام سے اعلیٰ اور کوئی دین نہ پایا جائے اور یہ بات



اسی وقت متصور ہو سکتی ہے کہ اس کا یہ دستور ہو کہ اس عبادت کے لئے جو دین کا سب سے بڑا شعار اور عبادات میں سب سے مشہور عبادت ہے۔ ہر خاص و عام، شہری و دیہاتی اور چھوٹا و بڑا سب مجتمع ہوا کریں، اسی سبب سے عنایت شرعیہ جمعہ اور جماعات کے مقرر کرنے اور ان میں رغبت دلانے اور ان کے ترک سے سخت ممانعت کرنے کی طرف متوجہ ہوئی۔ مراد الله من نصب هذه الامة ان تكون كلمة الله هي العليا وان لايكون في الارض دين اعلى من الاسلام ولا يتصور ذلك الا بان يكون سنتهم ان يجتمع خاصتهم وعامتهم وحاضرهم وبادهم وصغيرهم وكبيرهم لما هو اعظم شعائره واشهر طاعاته فلهذه المعاني انصرفت العناية التشريعية الى شرع الجمعة والجماعات الخ. (حجة الله البالغة ج ١ ص ٨٨)

ایک امریکی ماہر اجتماعیات ونفسیات مسٹر بینی سنس اپنی کتاب "ایموشن آف دی ہیسز سیویلزیشن ٢٧٥" پر رقم طراز ہے کہ "تمام مورخین کہتے ہیں کہ اسلام کو جو حیرت انگیز کامیابی دنیا کو مسخر کرنے میں ہوئی، اس کی وجہ یہ ہے کہ اس نے اپنے دائرے میں زبردست اتفاق واتحاد پیدا کر دیا تھا مگر خود یہ معجزہ کیونکر ممکن ہوا اس کو کوئی حل نہ کر سکا، اس میں ذرا بھی شبہ نہیں کہ اس کا بڑا اور نہایت مؤثر ذریعہ نماز (باجماعت) تھی ہر روز پنجوقتہ نمازیں مسلمان جہاں کہیں بھی ہوں چاہے جنگل و بیابان میں ہوں، محمد (ﷺ) پہلے شخص ہیں جنہوں نے اتفاق پیدا کرنے اور متحد بننے کے لئے باجماعت نماز کی حیرت انگیز طاقت کا احساس کیا اور اس میں ذرہ برابر شبہ نہیں کہ اسلام کی طاقت پنجوقتہ نماز (باجماعت) کی سخت پابندی کا ثمرہ ہے۔"

الحاصل شریعت میں نماز باجماعت بے حد ضروری اور مہتم بالشان مسئلہ ہے، اسلام اور اہل اسلام کی شان و شوکت بڑھانے والی اور انہیں بلند و بالا مقام اور درجہ کمال پر پہنچانے والی چیز ہے، جماعت سے نماز پڑھنا واجب کے حکم میں ہے، اتنا ہی نہیں بلکہ نماز باجماعت عظیم الشان اسلامی شعار اور دین اسلام کی بڑی علامات اور اس کی خصوصیات میں ہے جو کسی بھی دین میں نہ تھی، اسی لئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین جب اذان سنتے تھے تو دوکانیں چھوڑ کر مسجد میں چلے جاتے۔ اس لئے ترک جماعت کی عادت بنا لینے والا سخت گنہگار اور فاسق مردود الشہادت ہے پڑوسی اگر تنبیہ اور اصلاح کی کوشش نہیں کریں گے تو وہ بھی گنہگار ہوں گے۔ ان تاركها من غير عذر يعزر وترد شهادته ويأثم الجيران بالسكوت عنه (كبيرى ص ٤٧٥ فصل في الامامة وفيها مباحث)

اگر کسی جگہ کے مسلمان اپنے اپنے گھروں میں نماز پڑھ لینے پر اکتفا کرتے ہوئے جماعت سے نماز پڑھنا چھوڑ دیں تو ان سے بذریعہ اسلحہ جہاد کرنا واجب ہے۔ حتى لو تركها اهل بلدة يجب قتالهم بالسلاح (مجالس الابرار م ٥٤ ص ٣١٨) (مرقاۃ شرح مشکوۃ ج ٢ ص ٧٣) (کتاب الصلوۃ ابن قیم ص ١٠٥)

پہلے زمانہ کے بزرگ ایک وقت کی جماعت فوت ہو جانے کو اتنی عظیم الشان دینی مصیبت سمجھتے تھے کہ سات دن تک ماتم اور سوگ کرتے تھے اور تکبیر اولیٰ فوت ہوتی تو تین دن تک ماتم کرتے تھے۔ (احیاء العلوم ج ١ ص ١٥٥)

روایت ہے کہ میمون بن مہران مسجد میں آئے تو لوگوں نے کہا کہ جماعت ہو گئی تو آپ نے انا لله وانا اليه راجعون پڑھ کر فرمایا مجھے اس جماعت کی نماز حکومت عراق سے زیادہ محبوب ہے (احیاء العلوم ج ١ ص ١٥٤)

لہذا مسلمانوں پر لازم ہے کہ پانچوں وقت کی نمازیں جماعت سے ہی ادا کریں اور تکبیر اولیٰ کا ثواب ترک

نہ کریں۔ اور صف اول میں امام سے قریب تر ہونے کی کوشش کریں، پہلی صف دوسری سے افضل ہے اور دوسری تیسری سے اسی طرح اخیر تک۔

حدیث شریف میں ہے کہ خداء پاک جب جماعت پر رحمت نازل فرماتے ہیں تو امام سے ابتدا فرماتے ہیں پھر اس پر جو امام کے پیچھے پہلی صفت میں ہو پھر اس کی دائیں طرف پھر بائیں طرف اسی طرح دوسری صفوں پر۔

اور حدیث میں ہے۔"اس کے لئے جو امام کے مقابل (سیدھ میں) پیچھے ہوتا ہے سو۱۰۰ نمازیں لکھی جاتی ہیں اور اس کے لئے جو داہنی طرف ہو پچھتر نمازیں اور اس کے لئے جو بائیں طرف ہو پچاس نمازیں اور اس کے لئے جو اور صفوں میں ہو پچیس نمازیں" (مجالس الابرار م۵۴ ص۳۱۹)

خداء پاک ہر مسلمان کو نماز باجماعت کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین۔ وصلی اللہ علی خاتم النبیین وعلی جمیع الانبیاء والمرسلین والملائکۃ المقربین وعلی سائر عباد اللہ الصالحین وعلینا معھم برحمتک یا ارحم الراحمین

## عالم کی خاطر جماعت میں تاخیر کرنا کیسا ہے:

(سوال ۱۶۸) کسی عالم کی خاطر جماعت کو ہمیشہ کے وقت سے مؤخر کرنا جائز ہے۔

(جواب) عالم اور نیک آدمی کی خاطر کسی وقت کچھ دیر کرنا بلا کراہت جائز ہے۔ فالحاصل ان التاخیر القلیل لاعانۃ اھل الخیر غیر مکروہ (شامی ج ۱ ص ۴۶۲ مطلب فی اطالۃ الرکوع للجائی)

## جماعت ثانیہ کا حکم:

(سوال ۱۶۹) تبلیغی جماعت ایک بستی میں ایسے وقت پہنچی کہ جماعت ہو چکی تھی تو ان کے لئے جماعت ثانیہ کرنا بہتر ہے یا فرادی مع اذان و اقامت یا بلا اذان و اقامت ادا کرنا بہتر ہے؟

(الجواب) اس صورت میں فرادی بلا اذان و اقامت نماز ادا کی جائے کہ مسجد میں جماعت ثانیہ مکروہ ہے۔ قال (واذادخل القوم مسجداً قد صلی فیہ اھلہ کرھت لھم ان یصلوا جماعتہ باذان و اقامۃ ولکنھم یصلون وحداناً بغیر اذان ولا اقامۃ )لحدیث الحسن قال کانت الصحابۃ اذا فاتتھم الجماعۃ فمنھم من اتبع الجماعات ومنھم من صلی فی مسجدہ بغیر اذان ولا اقامۃ الخ (مبسوط للسرخسی ص ۱۳۵ ج ۱ باب الاذان) و اللہ اعلم بالصواب

## گھر میں اپنی عورت کے ساتھ نماز باجماعت کر سکتے ہیں یا نہیں؟

(سوال ۱۷۰) مسجد میں جماعت نہ ملے تو گھر میں عورت کے ساتھ جماعت کر کے نماز پڑھے یا تنہا پڑھے؟

(الجواب) مسجد میں جماعت ہوگئی یا شرعی عذر کی بناء پر مسجد میں نہ جاسکے تو گھر میں بیوی، والدہ، بہن وغیرہا کے ساتھ نماز باجماعت ادا کرنا بہتر ہے۔ ایک عورت ہو تب بھی پیچھے کھڑی رہے۔ مرد کی طرح برابر میں کھڑی ہو جائے گی تو نماز نہ ہوگی۔ مگر یہ بھی یاد رکھئے کہ بلا عذر شرعی گھر میں نماز پڑھنے کی عادت بنانا گناہ ہے۔ عادت



بنانے والا سخت گنہگار ہے۔ اور بروئے حدیث منافق کہلانے کا مستحق ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں۔ ولقد رایتنا ما یتخلف عن الصلوۃ الا منافق قد علم نفاقہ او مریض ان کان المریض لیمشی بین رجلین حتیٰ یاتی الصلوۃ. یعنی:۔ میں نے یہ حالت دیکھی ہے کہ صرف وہی شخص جماعت سے پیچھے رہ جاتا تھا جو ایسا منافق ہوتا تھا جس کا نفاق سب کو معلوم ہوتا تھا۔ یا یہ کہ ایسا بیمار ہو جو دو آدمیوں کے سہارے بھی مسجد میں نہ پہنچ سکے۔ (مشکوۃ شریف باب الجماعۃ ص ۹۶)

پھر آپؐ نے فرمایا۔ ولو انکم صلیتم فی بیوتکم کما یصلی ھذا المتخلف فی بیتہ لترکتم سنۃ نبیکم ولو ترکتم سنۃ نبیکم لضللتم. یعنی:۔ جس طرح یہ پس ماندہ اور پیچھے رہنے والا اپنے گھر میں نماز پڑھ لیتا ہے اگر تم بھی اسی طرح گھروں میں نماز پڑھنے لگو تو بے شک تم اپنے نبی کا طریقہ چھوڑ دو گے اور اگر تم نے اپنے نبی ﷺ کا طریقہ چھوڑ دیا تو بلاشبہ گمراہ ہو گئے۔ (مشکوۃ باب الجماعۃ ص ۹۷)

## مسئلہ میں ایک مفتی صاحب کا اشکال اور اس کا جواب:

(استفتاء ۱۷۱) فتاوی رحیمیہ جلد اول ص ۲۰۵ پر ہے (جدید ترتیب میں اسی باب کے اندر بعنوان امام نے لفظ سلام کہا اور اس کی اقتداء کی تو وہ صحیح ہے۱۲ از مرتب) دوبارہ تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز شروع کرے الخ۔" اس جزئیہ سے یہ معلوم ہوا کہ امام کے ساتھ شرکت صحیح نہیں ہوئی لیکن دوبارہ تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز شروع کرنے کی کیا حاجت ہے؟ نماز کے لئے تکبیر تحریمہ تو کہی جا چکی ہے۔ اور نماز شروع ہو چکی ہے۔ صرف اس قدر بات ہے کہ امام کے ساتھ شرکت نہیں ہوئی۔ اس لئے غور فرمائیں اور ترمیم کی ضرورت ہو تو اصلاح کر دی جائے۔

(الجواب) بعد سلام مسنون توجہ دلانے کا شکریہ! مسئلہ میں اصلاح کی ضرورت نہیں ہے۔ "شامی" میں ہے۔ وافاد انہ کما لا یصح اقتداؤہ لا یصیر شارعاً فی صلاۃ نفسہ ایضاً وھو الا صح (یعنی جب اقتدا صحیح نہیں ہوئی تو اس کی اپنی نماز کا آغاز بھی نہیں ہوا۔ اور یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس نے اپنی نماز شروع کر دی۔) (آداب الصلاۃ ص ۴۴۸ ج ۱) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## جماعت ہونے کی حالت میں فجر کی سنت کا حکم:

(سوال ۱۷۲) نماز فجر کے لئے آدمی مسجد پہنچا مگر جماعت شروع ہو چکی تو سنت پڑھے یا جماعت میں شامل ہو جائے؟

(الجواب) ایک رکعت ملنے کی توقع ہو تو سنت پڑھے پھر جماعت میں شامل ہو۔ بعض نے یہ بھی لکھا ہے کہ قعدہ مل جاتا ہو تب بھی سنت نہ چھوڑے لیکن سنت گھر نزدیک ہو تو گھر آ کر پڑھے۔ یا مسجد سے خارج دروازے پر پڑھے۔ اگر دروازہ پر جگہ نہ ہو تو مسجد کے دوسرے حصہ میں سنت ادا کرے یعنی جماعت خانہ میں جماعت ہو رہی ہو تو صحن میں پڑھے اگر صحن میں جماعت ہو رہی ہو تو جماعت خانہ میں یا حوض پر پڑھے اگر مسجد کا ایک ہی حصہ ہو تو اس حصہ میں ستون وغیرہ کی آڑ میں ادا کرے۔ اگر ستون وغیرہ کی آڑ نہ ہو تو سنت چھوڑ کر جماعت میں شامل ہو جائے۔ اس لئے کہ صف کے ساتھ یا صف کے پیچھے بغیر آڑ کے سنت پڑھنی مکروہ ہے۔ "درمختار" میں ہے۔ بل

يصليها عند باب المسجدان وجد مكاناً والاتركها لان ترك المكروه مقدم على فعل السنة ۔اور" شامی" میں ہے۔ فان لم يكن على باب المسجد موضع للصلوة يصليها (قوله عند باب المسجد) اى خارج المسجد كما صرح به القهستانى وقال فى العناية لانه لو صلاها فى المسجد كان متنفلاً فيه عند اشتغال الا مام بالفريضة وهو مكروه فان لم يكن على باب المسجد موضع للصلوة يصليها فى المسجد خلف سارية من سوارى المسجد. واشدها كراهة ان يصليها مخالطاً للصف مخالفاً للجماعة والذى يلى ذلك خلف الصف من غير حائل الخ (شامى السنن والنوافل ص ۶۷۱ ج ۱)فقط و الله اعلم بالصواب .

## محلہ کی مسجد میں جماعت چھوٹ گئی تو جماعت کے لئے دوسری مسجد میں جانا ضروری ہے یا نہیں؟:

(سوال ۱۷۳) محلہ کی مسجد میں جماعت ہوگئی تو دوسرے محلہ کی مسجد میں جماعت حاصل کرنے کے لئے جانا ضروری ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) مسجد پہنچ کر معلوم ہوا کہ جماعت ہو چکی ہے تو دوسری مسجد میں جماعت کی تلاش میں جانا واجب نہیں ہے۔ جانا چاہے تو جا سکتا ہے منع نہیں ہے۔ واتفقوا على انها ان فاتت فى مسجد فلا يجب طلبها فى مسجد اخر (رسائل الا ركان ص ۵۵ فصل فى المواقيت) فقط و الله اعلم بالصواب .

## نماز تہجد کی جماعت کا حکم:

(سوال ۱۷۴) ماہ رمضان المبارک میں بعض امام حنفی المذہب ہوتے ہوئے تہجد کی نماز بڑی جماعت کے ساتھ اہتمام سے ادا کرتے ہیں اور اس کو بڑی فضیلت سمجھتے ہیں۔ اس کے متعلق شرعی حکم کیا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) و باللہ التوفیق۔ تہجد کی نماز رمضان یا غیر رمضان میں باجماعت پڑھنے کا اہتمام آنحضرت ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام سے منقول نہیں ہے ماہ مبارک میں آنحضرت ﷺ کا معمول اعتکاف کا تھا لیکن آپ ﷺ نے صحابہ کرام کے ساتھ تہجد باجماعت پڑھی ہو یہ ثابت نہیں اس لئے فقہاء کرام لکھتے ہیں۔ کہ تہجد وغیرہ نفل نماز باجماعت پڑھنا مکروہ ہے۔ بلا تداعی ایک دو مقتدیوں کے ساتھ مکروہ نہیں ہے یہ حدیث سے ثابت ہے اس سے زیادہ کا ثبوت وارد نہیں۔ لہذا فقہاء لکھتے ہیں کہ امام کے ساتھ تین مقتدی ہونے میں اختلاف ہے اور چار یا اس سے زیادہ مقتدی ہوں تو بالاجماع مکروہ ہے۔ يكره ذلك على سبيل التداعى بان يقتدى اربعة بواحد (درمختار) (قوله اربعة بواحد) اما اقتداء واحد بواحد او اثنين بواحد فلا يكره وثلاثة بواحد فيه خلاف (السنن والنوافل مطلب فى كراهية الا قتدآء على سبيل التداعى الخ درمختار مع الشامى ص ۶۶۴ ج ۱)

انوار الباری شرح صحیح بخاری میں حضرت علامہ محدث انور شاہ کشمیری قدس سرہٗ کے شاگرد رشید مولانا



سید احمد رضا بجنوری صاحب دامت فیوضہم تحریر فرماتے ہیں۔ فقہاء نے لکھا ہے کہ نوافل کی جماعت مکروہ ہے بجز رمضان کے اور اس سے مراد صرف تراویح ہیں حضرت شاہ صاحبؒ نے فرمایا کہ فقہاء کی اس عبارت سے جس نے مطلق نوافل رمضان سمجھا غلطی کی لہذا تہجد کی جماعت تین سے زیادہ کی رمضان میں مکروہ ہوگی۔ (انوار الباری ج ۱ ص ۱۹۱ حاشیہ) صاحب بدائع الصنائع بھی قیام رمضان سے مراد تراویح لیتے ہیں۔ تہجد مراد نہیں لیتے۔ (بدائع ج ۱ ص ۲۸۰)(۱)

اور شمس الائمہ سرخسی رحمہ اللہ نے تو وضاحت کی ہے۔ ان الجماعة لو كانت مستحبة فى حق النوافل لفعله المجتهدون القائمون بالليل لان كل صلوة جوزت على وجه الا نفراد وبالجماعة كانت الجماعة فيها افضل ولم ينقل اداؤها بالجماعة فى عصره صلى الله عليه وسلم ولا فى زمن الصحابة رضوان الله عليهم اجمعين ولا فى زمن غيرهم من التابعين وفالقول بها مخالف للامة اجمع وهذا باطل . یعنی! اگر نوافل باجماعت مستحب ہوتی تو تمام قائم اللیل تہجد گذار مجتہدین کا اس پر عمل ہوتا کہ وہ نماز جو تنہا اور باجماعت دونوں طریقہ سے ادا کرنا جائز ہے اس کو باجماعت ادا کرنا افضل ہے۔ حالانکہ نوافل (تہجد وغیرہ) باجماعت ادا کرنا نہ تو آنحضرت ﷺ کے مبارک زمانہ میں منقول ہے نہ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے زمانہ میں نہ تابعین وغیرہم کے زمانہ میں۔ لہذا یہ قول (کہ تراویح کی طرح تہجد وغیرہ دوسری نوافل رمضان المبارک میں بلا کراہت جائز ہے (یہ قول) تمام فقہاء کے خلاف ہے اور باطل ہے (مبسوط سرخسی کتاب التراویح فی بحث رکعات التراویح ج ۲ ص ۱۴۴)

نوٹ:۔ مزید تفصیل اور حوالجات کے لئے ملاحظہ ہو۔ فتاویٰ رحیمیہ ج ۱ ص ۱۷۷، ج ۱ ص ۱۷۸، ص ۱۷۹) (جدید ترتیب میں نوافل کے باب میں تہجد باجماعت کا حکم، کے عنوان سے دیکھئے۔ مرتب) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## امام کی ذمہ داریاں کیا ہیں اور اس کی تنخواہ کتنی ہونی چاہئے:

(سوال ۱۷۵) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ اس امام مسجد سے امامت کے علاوہ جھاڑو دلانا، نالیاں صاف کرانا، اذان دینا اور اس کے علاوہ چھوٹے موٹے کام لئے جاتے ہیں اور تنخواہ صرف امامت کی دی جاتی ہے۔ کیا اتنی قلیل تنخواہ کے عوض اتنے سارے کام لینا جائز ہے؟ شرعاً امام کی ذمہ داریاں کیا کیا ہیں؟ اور ائمہ مساجد کی تنخواہ شرعاً کتنی ہونی چاہئے؟ اور جو تنخواہ کا معیار ہے اس سے کم دینے پر متولی اور اہل محلہ گنہگار ہوں گے یا نہیں؟ مفصل جواب عنایت فرمائیں۔ بینوا بالدلیل توجروا عند الکریم (از احمد آباد)

(الجواب) اقول باللہ التوفیق۔ حدیث شریف میں ہے۔ اعطوا الا جير قبل ان يجف عرقه (ابن ماجه مشكوة شريف ص ۲۵۸ باب الاجارة) یعنی مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے دے دو۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا قیامت کے روز جن تین آدمیوں کے خلاف میں مدعی ہوں گا ان میں سے ایک

(۱) ويكره تاخير العشاء الى نصف الليل فكذا تاخيرها (اى التراويح) والصحيح انه لا يكره لانها قيام الليل وقيام الليل فى آخر الليل افضل (فصل فى مقدار التراويح)

"رجل استاجر اجیراً فاستوفی منه ولم یعطه اجره" وہ شخص ہے جو کسی کو مزدور رکھے اور اس سے پورا کام لے لے مگر مزدوری پوری نہ دے (بخاری شریف، بحوالہ مشکوٰۃ شریف ص ۲۵۸ ایضاً)

مزدوری پوری نہ دینے کا مطلب صرف اتنا ہی نہیں کہ اس کی مزدوری مار لے اور پوری نہ دے بلکہ اس سے میں یہ بھی شامل ہے کہ جتنی اجرت اس کام کی ملنی چاہئے اتنی نہ دے اور اس کی مجبوری سے فائدہ اٹھائے کہ کم سے کم اجرت پر کام لے لے۔ فقہاء کرام رحمہم اللہ نے تصریح کی ہے۔ ویعطی بقدر الحاجة والفقه والفضل فان قصر کان الله علیه حسیباً۔ یعنی متولی اور مدرسہ کے مہتمم کو لازم ہے کہ خادمان مساجد و مدارس کو ان کی حاجت کے مطابق اور ان کی علمی قابلیت اور تقویٰ وصلاح کو ملحوظ رکھتے ہوئے وظیفہ و مشاہرہ (تنخواہ) دیتے رہیں۔ باوجود گنجائش کے کم دینا بری بات ہے۔ اور متولی و مہتمم خدا کے جواب دہ ہوں گے...... درمختار میں ہے۔ ویعطی بقدر الحاجة والفقه والفضل فان قصر کان الله علیه حسیباً زیلعی وفی الحاوی المراد بالحافظ فی حدیث لحافظ القرآن مائتا درهم هو المفتی الیوم (درمختار مع الشامی) (قوله ویعطی بقدر الحاجة الذی فی الزیلعی هکذا ویجب علی الامام ان یتقی الله تعالیٰ ویصرف الی کل مستحق قدر حاجته من غیر زیادة فان قصر کان الله علیه حسیباً اه وفی البحر عن القنیة کان ابو بکر رضی الله عنه یستوی فی العطاء من بیت المال وکان عمر رضی الله عنه یعطیهم علی قدر الحاجة والفقه والفضل والاخذ بهذا فی زماننا احسن فتعتبر الامور الثلثة اه ای فله ان یعطی الاحوج اکثر من غیر الاحوج وکذا الافقه والافضل والالا فائدة فی ذکرهما ویؤیده ان عمر رضی الله عنه کان یعطی من کان له زیادة فضیلة من علم او نسب اونحو ذلک اکثر من غیره وفی البحر ایضاً عن المحیط والرأی الی الامام من تفضیل و تسویة من غیر ذلک ان یمیل الی هویٰ وفیه عن القنیة وللامام الخیار فی المنع والاعطاء فی الحکم اه (درمختار والشامی ج ۳ ص ۳۸۹ کتاب الوقف) (شامی ج ۲ ص ۷۸)

صرف امامت کی تنخواہ دے کر امام پر اذان کی بھی ذمہ داری ڈالنا اور ان سے جھاڑو دینے اور نالیاں صاف کرنے وغیرہ امور کی خدمت لینا ظلم شدید اور توہین ہے۔ فرمان نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے اکرموا حملة القران فمن اکرمهم فقد اکرمنی۔ حاملین قرآن (حفاظ و قراء وعلماء کرام) کی تعظیم کرو۔ بے شک جس نے ان کی تکریم کی اس نے میری تکریم کی (الجامع الصغیر للامام الحافظ السیوطیؒ ج ۱ ص ۱۲۵) ایک اور حدیث میں ہے۔ حامل القرآن رایة الاسلام ومن اکرمه فقد اکرم الله ومن اهانه فعلیه لعنة الله، ترجمہ حاملین قرآن اسلام کے علمبردار ہیں اور اسلام کا جھنڈا اٹھانے والے ہیں۔ جس نے ان کی تعظیم کی اس نے اللہ کی تعظیم کی اور جس نے ان کی تذلیل کی اس پر اللہ کی لعنت ہے۔ (الجامع الصغیر للسیوطی ج ۱ ص ۱۴۲) فقط واللہ اعلم بالصواب۔ ۱۲۔ جمادی الاولیٰ ۱۳۹۷ھ۔

## نو وارد عالم وقاری سے معین امام اولیٰ بالامامۃ ہے!:

(سوال ۱۷۶) ہماری مسجد میں امام متعین ہیں لیکن کبھی کبھی ان سے اچھے عالم اور قاری آ جاتے ہیں تو اس وقت



امامت کا احق کون ہے؟ معین امام یا نو وارد عالم وقاری؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) دوسرا شخص امام معین سے علم وقراءۃ میں بڑھ کر ہو تب بھی معین امام ہی افضل اور اولیٰ بالامامۃ ہے۔ چنانچہ درمختار میں ہے۔ واعلم ان صاحب البیت ومثله امام المسجد الراتب اولیٰ بالامامة من غیره مطلقاً الخ. (قوله مطلقاً) ای وان غیره من الحاضرین من هو اعلم واقرأ منه۔ یعنی جان لو کہ گھر کا مالک اور اسی طرح مسجد کا امام معین، امامت کے واسطے بہتر ہے دوسرے لوگوں سے ہر حال میں۔ گو دوسرا شخص اس سے اچھا عالم اور بہتر قاری ہو۔ (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۵۲۲ باب الامامۃ) بذل المجہود شرح ابوداؤد میں ہے۔ ولا یؤم الرجل (بصیغة المجهول) فی بیته ولا سلطانه ای محل ولایته اوفی حل یکون فی حکمه ولذلک کان ابن عمر رضی الله عنه یصلی خلف الحجام وتحریره ان الجماعة شرعت لاجتماع المؤمنین علی الطاعة وتالفهم وتوادهم فاذا ام الرجل الرجل فی سلطانه افضیٰ الی توهین امر السلطنة خلع ربقته الطاعة وکذا اذا امه فی قومه واهله ادی ذلک الی التباعد والتقاطع فلا یتقدم رجل علی ذی السلطنة لا سیما فی الاعیاد والجمعات ولا علی امام الحی ورب البیت الا بالاذان نقله القاری عن الطیبی الخ (بذل المجهود ج ۱ ص ۳۶۶ باب من احق بالامامة) لہذا یہ دستور صحیح نہیں ہے کہ امام کو مجبور کیا جائے کہ نو وارد سے امامت کرائے اور اسی طرح نو وارد عالم اور قاری کو بھی لازم ہے کہ سبقت نہ کرے تاوقتیکہ امام از خود چاہے اور اس سے رضامند ہو۔ اور خود امام بن کر نماز پڑھانے کے بجائے اس کی اقتداء میں نماز پڑھنا افضل سمجھے تو نو وارد سے امامت کرا لینے میں گنجائش ہے فقط واللہ اعلم۔

## مسجد کا امام بدعقیدہ، بدعتی ہو اس لئے صحیح العقیدہ لوگ گھر میں نماز باجماعت ادا کریں تو جائز ہے یا نہیں؟ اور جماعت کا ثواب ملے گا یا نہیں:

(سوال ۱۷۷) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین ذیل کے مسئلہ میں۔

ہمارے یہاں اہل سنت والجماعت کے لوگ بدعتی امام کے پیچھے تقریباً آٹھ مہینے سے نماز نہیں پڑھتے ہیں اور ایک گھر میں اپنی الگ جماعت کرتے ہیں اور نماز جمعہ ایک الگ مکان میں ادا کرتے ہیں، مسجد میں امام کے پیچھے اس لئے نماز نہیں پڑھتے کہ اس امام کے عقائد کفر تک پہنچے ہوئے ہیں اور اس امام کے پیچھے نماز نہ پڑھنے کا فتویٰ بھی ہے جو ہم نے دیوبند اور راندیر سے منگایا تھا اب سوال یہ ہے کہ آگے رمضان المبارک آ رہا ہے۔ اور صحیح العقیدہ مسلمان رمضان المبارک میں تراویح اور پنج وقتہ نماز مسجد میں باجماعت ادا کرنا چاہتے ہیں تو اس بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟ جماعت خانہ چھوڑ کر باہر صحن میں یا حوض پر یا مسجد کی چھت پر دوسری جماعت کر سکتے ہیں یا نہیں؟ نماز جمعہ کے متعلق کیا حکم ہے۔ کیا دوسرا خطبہ اور جماعت الگ کر سکتے ہیں؟ جواب ارسال فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ بہتر جزائے خیر عطا فرمائے۔ فقط والسلام۔

(الجواب) جب کہ امام مذکور کے عقائد کفر کی حد تک پہنچے ہوئے ہیں تو اس کی امامت جائز نہیں اور اس کے پیچھے

نماز صحیح نہ ہوگی۔ اور ایسے بدعقیدہ امام کی اقتداء میں جو جماعت ہوگی اس کا شرعاً کوئی اعتبار نہ ہوگا وہ کالعدم ہے۔ لہذا اس کے بعد اہل حق کا اس مسجد میں جماعت سے نماز ادا کرنا جماعت ثانیہ کے حکم میں نہ ہوگا۔ چھت پر بھی مجبوری کی حالت میں جماعت ہوسکتی ہے۔(۱)

لیکن چونکہ فتنہ وفساد کا ڈر ہے اور ٹکراؤ کا اندیشہ ہے اس لئے اس وقت جہاں نماز پڑھ رہے ہیں رمضان المبارک میں بھی وہیں پڑھیں تو بہتر ہے۔ علیحدگی جب نفسانیت کی وجہ سے نہیں ہے تو انشاء اللہ العزیز پورا ثواب ملے گا۔ آنحضرت ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے ساتھ ایک عرصہ تک گھر میں نماز ادا فرمائی ہے۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسلام لے آئے تو مسلمانوں کو قوت حاصل ہوئی اور پھر علی الاعلان مسجد حرام میں نماز ہونے لگی۔ اسی طرح پروردگار عالم آپ لوگوں کے لئے کوئی ایسی صورت پیدا فرمادے گا انشاء اللہ۔ ناامید نہ ہوئے۔ اللہ سے دعا کیجئے اور صبر واستقلال سے کام کیجئے حق تعالیٰ ضرور مدد فرمائے گا۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## امام ومؤذن کو ہر وقت مسجد میں حاضر رہنے کا پابند بنانا کیسا ہے؟:

(سوال ۱۷۸) امام مؤذن کو مقید کردینا کہ چوبیس ۲۴ گھنٹے آپ کو مسجد میں حاضری دینا ہوگی۔ یہ حکمرانی کس حد تک جائز ہے؟

(الجواب) امام یا مؤذن کا متولی سے معاہدہ ہو تو اس کے مطابق عمل کرنا ہوگا اگر معاہدہ نہیں ہوا ہے تو ایسی پابندی ظلم وزیادتی ہے اور ناجائز ہے۔ فقط واللہ اعلم ۱۶ ذی الحجہ ۱۳۹۹ھ۔

## ایک حنفی امام نے غیر مقلد کے پیچھے عصر کی جماعت میں نفل کی نیت سے شرکت کی پھر اپنی مسجد میں نماز پڑھائی تو کیا حکم ہے؟

(سوال ۱۷۹) ایک حنفی شخص نے غیر مقلدوں کی مسجد میں ایک غیر مقلد کے پیچھے عصر کی نماز میں بقول ان کے نفل کی نیت سے اقتداء کر کے نماز پڑھی پھر دو مثل کے بعد حنفیوں کی مسجد میں انہوں نے عصر کی نماز پڑھائی۔ بعد میں بعض مقتدیوں کو اشتباہ ہوگیا اور کہنے لگے جب انہوں نے عصر کی نماز غیر مقلدوں کی مسجد میں ادا کرلی تھی تو پھر ان کے پیچھے ہماری نماز صحیح نہ ہوگی امام صاحب کہتے ہیں کہ میں نے وہاں نفل کی نیت سے اقتداء کی تھی تو میری عصر کی نماز باقی رہی اور یہاں فرض کی نیت کر کے نماز پڑھائی ہے اس لئے نماز صحیح ہونے میں کوئی شک نہیں۔ بہر حال بعض مقتدیوں کو شک وشبہ ہے جواب مرحمت فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) صورت مسئولہ میں حنفی امام نے نفل کی نیت سے غیر مقلد کی اقتداء کی ہے لہذا ان کی فرض نماز ادا نہ ہوئی بنا بریں وہ عصر کی نماز پڑھا سکتے ہیں مگر ان کے اس فعل سے لوگ شک وشبہ میں پڑجائیں گے اور بدگمانی پیدا ہوگی اس لئے ایسے موقعہ پر مناسب یہ تھا کہ کسی اور کو امام بنادیتے اور خود مقتدی بن کر نماز پڑھتے جس بنا پر لوگ

(۱) او مبتدع ای صاحب بدعة وهی اعتقاد خلاف المعروف عن الرسول لا بمعانده لایکفر بها وان کفر فلا یصح الاقتداء به اصلا فلیحفظ. درمختار علی هامش شامی باب الامامة ج ۱ ص ۵۶۰ ۵۶۱



بدگمانی سے محفوظ رہتے، حاصل یہ کہ اگر حنفی امام نے غیر مقلد کے پیچھے نفل نماز کی نیت سے شرکت کی ہو تو ان کی اقتداء میں جن لوگوں نے عصر کی نماز ادا کی ہے ان کی نماز صحیح ہوجائے گی اور اگر انہوں نے فرض نماز کی نیت سے اقتداء کی ہو تو ان کی اقتداء میں جو نماز پڑھی گئی ہے وہ مشتبہ ہوگی اور اس کا اعادہ کرلینا ضروری ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

## امام رکوع وسجدے میں کتنی بار تسبیح پڑھے:

(سوال ۱۸۰) امام کو رکوع اور سجدے میں کتنی بار تسبیح پڑھنا چاہئے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) مستحب یہ ہے کہ امام پانچ بار تسبیح پڑھے اگر تین بار کہے تو اس طرح کہے کہ مقتدیوں کو تین بار تسبیح کہنے کا موقعہ میسر آئے۔ ونقل فی الحلیه عن عبد اللہ بن المبارک واسحاق وابراهیم والثوری انه یستحب لأمام ان یسبح خمس تسبیحات لیدرک من خلفه الثلاث اه (شامی ج ۱ ص ۴۶۲ مطلب فی اطالة الرکوع للجائی) فقط و اللہ اعلم بالصواب. ۳ ذی قعده ۱۴۰۱.

## اگر امام کو حدث لاحق ہوجائے تو خلیفہ کس طرح بنائے؟:

(سوال ۱۸۱) اگر امام صاحب کو نماز میں حدث لاحق ہوجائے یعنی ان کا وضو ٹوٹ جائے تو کس طرح دوسرے کو اشارہ کر کے آگے بڑھائے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اگر امام کو حدث لاحق ہوجائے تو اس کو چاہئے کہ کسی کو خلیفہ بنادے، مدرک کو خلیفہ بنانا بہتر ہے اور اگر مسبوق کو خلیفہ بنایا تو بھی جائز ہے۔ اور خلیفہ بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ جھکا ہوا پیچھے کو ہٹے اور ناک پر ہاتھ رکھ لے تاکہ اوروں کو یہ گمان ہو کہ نکسیر پھوٹی ہے اور پہلی صف میں سے کسی کو اشارے سے یا اس کا کپڑا پکڑ کر کھینچ کر خلیفہ بنادے۔ زبان سے کچھ نہ کہے اگر کلام کر کے خلیفہ بنایا تو سب کی نماز فاسد ہوجائے گی۔(۱) خلیفہ بنانے کے مسائل بہت باریک ہیں اور اس قسم کے مسائل سے (جن کی پوری تفصیل کتب فقہ میں درج ہے) آج کل امام بھی واقف نہیں ہوتے تو مقتدی کیا واقف ہوں گے۔ نماز برباد کردیں گے۔ اس لئے بہتر یہ ہے کہ نماز قطع کردے اور وضو کر کے نماز از سر نو پڑھیں۔ فقط واللہ اعلم۔

## فجر کی جماعت شروع ہوجائے تو سنت پڑھے یا نہیں:

(سوال ۱۸۲) نماز فجر کی جماعت شروع ہونے کے بعد سنت پڑھے یا نہیں؟ سنت نہ پڑھ سکا ہو تو نماز کے بعد فوراً پڑھے یا طلوع آفتاب کے بعد پڑھے؟ بہتر کیا ہے؟

(الجواب) سنت فجر کی بڑی فضیلت اور تاکید ہے اور جماعت کی بھی بڑی فضیلت اور تاکید ہے اور ترک پر وعید بھی ہے۔ لہذا کوشش کرے کہ دونوں فضیلتیں میسر آجائیں، پس اگر ایک رکعت یا قعدہ بھی ملنے کی توقع ہو تب بھی

(۱) استخلف ای جاز له ذلک ولو فی جنازة باشارة او جر لمحراب ولو لمسبوق ویشیر باصبع لبقاء رکعة وباصبعین لرکعتین قال فی الشامیة تحت قوله باشارة متعلق بمحذوف قال فی الفتح والسنة ان یفعله یحدودب الظهر آخذا بانفه یوهم انه رعف درمختار مع الشامی باب الاستخلاف ج ۱ ص ۶۰۱

سنت نہ چھوڑے (خارج مسجد حوض کے تحت پر یا صحن میں اور اگر جماعت صحن میں ہوتی ہو تو جماعت خانہ میں پڑھ لے۔ غرض کہ حسب امکان جماعت سے دور آڑ میں پڑھ لے صف کے پیچھے لوگ قریب میں نماز پڑھتے ہیں یہ مکروہ ہے) اگر جماعت کے فوت ہونے کا خطرہ ہو تو سنت ترک کر کے جماعت میں شریک ہو جائے اور آفتاب کے طلوع ہونے کے بعد سنتیں پڑھ لے تو بہتر ہے ضروری نہیں مگر طلوع آفتاب سے پہلے سخت منع ہے۔ (الاشباہ والنظائر مع شرح حموی ص ۱۹۴) (شامی ج ۱ ص ۶۷۱۔ ۳۵۱ باب ادراک الفریضۃ) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## تبلیغی اجتماع کے موقعہ پر نماز باجماعت کس طرح ادا کی جائے :

(سوال ۱۸۳) مسجد کی قبلہ جہت کی کشادہ جگہ میں اجتماع کے موقعہ پر نماز باجماعت کا انتظام کرنے کا ارادہ ہے لیکن اس صورت میں نمازی امام سے آگے ہو جاتے ہیں اس مجبوری کی حالت میں کیا کریں؟ کیا مسجد میں دوبارہ جماعت کر سکتے ہیں یا پنڈال میں جماعت کریں؟ اگر پنڈال میں جماعت کریں تو مسجد کی اذان کافی ہے یا دوسری اذان ضروری ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) پہلے مسجد میں اور مسجد کے باہر امام کے پیچھے جتنے لوگ نماز پڑھ سکیں وہ پڑھ لیں باقی لوگ پنڈال میں جماعت کریں، پنڈال قریب ہے اس لئے مسجد کی اذان کافی ہے، ہاں اقامت کہہ لیں تو بہتر ہے۔ (۱) مقتدی امام سے آگے ہو تو نماز نہ ہوگی۔ فقط و اللہ اعلم بالصواب۔

## مسجد کی چھت پر جماعت کرنا:

(سوال ۱۸۴) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ جب سے ماہ رمضان المبارک موسم گرما میں آنے لگا ہے ضلع بھروچ میں متعدد جگہ تراویح اور بعض جگہ تو عشاء کی جماعت بھی مسجد کی چھت (دھابہ) پر ہوتی ہے ابھی ایک صاحب نے راندیر سے فتویٰ منگوایا تو کراہت کا حکم آیا جو ذیل میں درج کیا جاتا ہے، اب ہمیں کیا کرنا چاہئے؟ بینوا توجروا۔

(استفتاء ۱۸۵) کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ہماری طرف گرمیوں میں گرمی کی شدت کی وجہ سے تراویح کی جماعت اور کہیں کہیں عشاء کی جماعت بھی مسجد کے دھابہ پر ہوتی ہے، جماعت خانہ میں نہیں پڑھتے تو اس میں کوئی قباحت ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) گرمی کی شدت کی وجہ سے دھابہ پر جماعت کرنا مکروہ ہے اگر نمازیوں کی کثرت کی وجہ سے نیچے جگہ نہ ہو تو زائد نمازی اوپر جا سکتے ہیں، اس صورت میں کراہت نہ ہوگی کیونکہ مجبوری ہے، نصاب الاحتساب میں ہے۔ ویکرہ الصلوٰۃ فوق الکعبۃ و کذا الصعود علی سطح المسجد الا لحاجۃ اصلاح ونحوہ و کذا الصعود علی سطح کل مسجد مکروہ ولھذا اذا اشتد الحریکرہ ان یصلو ابجماعۃ فوق السطح الا اذا ضاق المسجد فحینئذ لایکرہ الصعود علی سطحہ للضرورۃ واما شدۃ

(۱) بخلاف المصلی ولو بجماعۃ فی بیتہ بمصرا وقریۃ لھا مسجد فلا یکرہ ترکھما اذ اذان الحی یکفیہ، درمختار علی ھامش شامی باب الاذان ج ۱ ص ۳۹۵



الحر فلا نھا لا توجب الضرورۃ وانما یحصل بہ زیادۃ المشقۃ وبھا یزداد الاجر کلہ من المحیط وغیرہ (الباب الخامس عشر فی ما یحتسب فی المسجد قلمی ص ۳۲) اور فتاویٰ عالمگیری میں ہے۔ الصعود علی سطح کل مسجد مکروہ ولھذا اذا اشتد الحریکرہ ان یصلوا بالجماعۃ فوقہ الا اذا ضاق المسجد فحینئذ لا یکرہ الصعود علی سطحہ للضرورۃ کذا فی الغرائب کتاب الکراھیۃ الباب الخامس فی آداب المسجد والقبلۃ الخ (ج ۵ ص ۳۲۲) اسی طرح مجموعہ فتاویٰ سعدیہ ص ۱۴۸ اور نفع المفتی والسائل ص ۱۳۱ اور امداد الفتاویٰ مطبوعہ کراچی ج ۱ ص ۲۷۶ میں بھی ہے۔ صحن مسجد میں جماعت کی جا سکتی ہے اگر کسی جگہ صحن داخل مسجد نہ ہو مسجد سے خارج ہو تو بانی مسجد اور اگر وہ نہ ہو تو مسلم جماعت کے جملہ افراد متفق ہو کر اس جگہ کو داخل مسجد ٹھیرا سکتے ہیں، اس طرح وہ جگہ داخل مسجد ہو جائے گی، اور وہاں نماز پڑھنے کا ثواب مسجد میں پڑھنے کے برابر ہوگا۔ فقط و اللہ اعلم بالصواب۔ کتبہ السید عبدالرحیم لاجپوری غفراللہ ولوالدیہ راندیر ۱۵۔ رجب المرجب ۷۲ھ۔

الجواب صحیح (مولانا مفتی) سید مہدی حسن مفتی دارالعلوم دیوبند ۲۷۔ ۴۔ ۷۲/۸ نزیل سوت گجرات۔

الجواب صحیح (مولانا مفتی) سعید احمد غفرلہ مفتی مظاہر علوم سہارنپور ۲۰۔ شعبان ۷۲ھ۔

## کیا حضور اقدس ﷺ کے مبارک زمانہ میں عورتیں مسجد جاتی تھیں فی زمانناعورتوں کا مسجد جانا کیسا ہے

(سوال ۱۸۶) عورتیں پنجوقتہ نماز، جمعہ اور عیدین کے لئے جا سکتی ہیں یا نہیں؟ امید ہے کہ مدلل جواب مرحمت فرمائیں گے، بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ کے مبارک زمانہ میں عورتیں مسجد جاتی تھیں، کیا یہ صحیح ہے؟ مدلل جواب تحریر فرمائیں، بینوا توجروا۔

(الجواب) زمانہ مبارکہ میں عورتوں کو مسجد میں نماز پڑھنے کی اجازت تھی، وہ زمانہ خیر القرون کا تھا فتنوں سے محفوظ تھا رسول مقبول ﷺ بہ نفس نفیس تشریف فرما تھے، وحی نازل ہوتی تھی، نئے نئے احکام آتے تھے، نئے مسلمان تھے نماز وغیرہ کے مسائل سیکھنے کی ضرورت تھی اور سب سے بڑھ کر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کا شرف حاصل ہوتا تھا، ان تمام باتوں کے باوجود عورتیں نماز باجماعت پڑھنے کی مکلف نہیں تھیں صرف اجازت تھی اور افضل یہی تھا کہ عورتیں مکانوں میں چھپ کر اور تاریک تر کمرے میں (جہاں اجنبی مردوں کی بالکل نظر نہ پڑ سکے) نماز پڑھیں اس کی بین دلیل حضرت ام حمید ساعدی رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے، ملاحظہ ہو فتاویٰ رحیمیہ ص ۱۵۹ جلد نمبر ۶ (اس سلسلہ کا ایک تفصیلی فتویٰ احقر کے فتاویٰ رحیمیہ ص ۵۶ تا ص ۱۶۵ جلد ششم میں شائع ہو چکا ہے وہ ضرور ملاحظہ کیا جائے)

بعد کے زمانہ میں عورتوں میں کچھ آزادی اور خرابی رونما ہوئی تو حضرت عمر فاروق ؓ نے عورتوں کو مسجد میں آنے سے روکا، حضرات صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اس سے اتفاق کیا، ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فقیہانہ جواب دیا۔ لو ادرک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما احدثت النساء

لمنعهن المسجد كما منعت نساء بنی اسرائیل. اگر رسول اللہ ﷺ عورتوں کی یہ حالت دیکھتے تو ان کو مسجد آنے سے ضرور روک دیتے جس طرح بنی اسرائیل کی عورتوں کو مسجد آنے سے ممانعت کردی گئی تھی (باب خروج النساء الی المساجد باللیل والغلس بخاری شریف ص ۱۲۰ ج ۱) (مسلم شریف ص ۱۸۳ ج ۱) (زجاجۃ المصابیح ص ۳۱۲ ج ۱)

عنایہ شرح ہدایہ میں ہے۔ ولقد نهى عمر رضى الله عنه النساء عن الخروج الى المساجد فشكون الى عائشة رضى الله عنها فقالت لو علم النبى صلى الله عليه وسلم ماعلمه عمر رضى الله عنه ماأذن لكن فى الخروج فاحتج به علماء نا ومنعوا الشواب عن الخروج مطلقاً.

یعنی حضرت عمرؓ نے عورتوں کو مسجد آنے سے منع فرمایا تو عورتوں نے ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس کی شکایت کی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، حضرت عمرؓ کو جن امور کا علم ہوا اگر حضور اقدس ﷺ کے سامنے یہ امور ظاہر ہوتے تو تم کو (برائے نماز) نکلنے کی اجازت مرحمت نہ فرماتے، ہمارے علماء نے اسی سے استدلال کیا ہے اور نوجوان عورتوں کو مطلقاً نکلنے سے منع فرمایا۔ (عنایہ شرح ہدایہ ص ۳۶۵ ج ۱ مع فتح القدیر، باب الامامۃ)

بدائع الصنائع میں ہے۔ ولا يباح للشواب منهن الخروج الى الجماعات بدليل ماروى عن عمر رضى الله عنه انه نهى الشواب عن الخروج و لان خروجهن الى الجماعة سبب للفتنة والفتنة حرام وما ادى الى الحرام فهو حرام ترجمہ:۔ جوان عورتوں کو جماعت میں شریک ہونے کے لئے نکلنا مباح نہیں ہے اس روایت کے پیش نظر جو حضرت عمرؓ سے مروی ہے کہ آپ نے جوان عورتوں کو نکلنے سے منع فرمادیا تھا اور اس وجہ سے کہ عورتوں کا گھروں سے نکلنا فتنہ کا سبب ہے اور فتنہ حرام ہے اور جو چیز حرام تک پہنچائے وہ بھی حرام ہے۔ (بدائع الصنائع ج ۱ ص ۱۵۷، فصل فی بیان من يصلح للامامة فی الجملة)

عینی شرح بخاری میں ہے۔ وكان ابن عمر رضى الله عنهما يقوم يحصب النساء يوم الجمعة يخرجهن من المسجد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جمعہ کے روز کھڑے ہوکر عورتوں کو کنکریاں مار کر مسجد سے نکال دیتے۔ (باب خروج النساء الی المساجد باللیل والغلس عینی شرح بخاری ص ۲۲۸ ج ۳)

اسی طرح فقیہ الامت حضرت عبداللہ بن مسعودؓ جمعہ کے روز عورتوں کو مسجد سے نکال دیتے اور فرماتے اپنے گھر جاؤ تمہارے گھر تمہارے لئے بہتر ہیں۔ عن ابى عمرو الشيبانى انه رأى عبد الله يخرج النساء من المسجد يوم الجمعة و يقول اخرجن الى بيوتكن خير لكن رواه الطبرنى فى الكبير باسناد لابأس به (الترغيب والترهيب ص ۱۹۰ ج ۱)

مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے۔ (۱) حدثنا ابو بكر قال حدثنا جرير عن منصور عن ابراهيم قال يكره خروج النساء فى العيدين ابراہیم نخعیؒ فرماتے ہیں کہ عیدین میں عورتوں کا نکلنا مکروہ ہے (باب من کرہ خروج النساء الی العید مصنف ابن ابی شیبہ ص ۱۸۳ ج ۲)۔

(۲) حدثنا وكيع عن سفيان عن عبد الله بن جابر عن نافع عن ابن عمر رضى الله عنه انه كان لا يخرج نساءه فى العيدين حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنے گھر کی مستورات کو عیدین کی (نماز کے لئے) نہیں نکالتے تھے (حوالۂ بالا)۔



(۳) حدثنا ابو اسامة عن هشام بن عروة عن ابيه انه كان لا يدع امرأة من اهله تخرج الى فطر ولا الى الاضحى ہشام اپنے والد عروہ کا عمل بیان کرتے ہیں کہ آپ اپنے گھر کی کسی عورت کو (عیدگاہ) نہیں جانے دیتے تھے (حوالۂ بالا)

(۴) حدثنا ابو داؤد عن قرة قال حدثنا عبدالرحمن بن القاسم قال كان القاسم اشد شئ على العواتق لا يدعهن يخرجن فى الفطر والاضحى عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ ان کے والد (حضرت قاسم) عورتوں کو عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی نماز کے لئے نہیں جانے دیتے تھے اور اس سلسلہ میں ان کا رویہ بڑا سخت تھا۔ (حوالۂ بالا)

(۵) حدثنا وكيع بن حسن بن صالح عن منصور عن ابراهيم قال كره للشابة ان تخرج الى العيدين. ابراہیم نخعیؒ فرماتے ہیں کہ عیدین (کی نماز کے لئے) جوان عورت کا نکلنا مکروہ ہے (مصنف ابن ابی شیبہ ص ۱۸۳ ج ۲ من کرہ خروج النساء الی العیدین) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## اگلی صف میں خالی جگہ ہو تو صف چیر کر یا نمازیوں کے سامنے سے گذر کر خالی جگہ پر کرنا:

(سوال ۱۸۷) پہلی صف میں ایک آدمی کھڑا رہ سکے اتنی جگہ خالی ہے مگر دوسری صف میں نمازی کھڑے ہیں تو ان کے آگے سے گذر کر پہلی صف کی خالی جگہ پر کرنا اور وہاں پہنچ کر کھڑا ہونا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(جواب) اگلی صف پوری کر کے پچھلی صف بنانا چاہئے، صف میں خالی جگہ نہ چھوڑنا چاہئے، شامی میں حدیث نقل کی ہے قال عليه الصلوٰة والسلام توسطوا الامام وسدوا الخلل، حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا امام کو درمیان میں رکھو (یعنی اس کے دائیں بائیں اس طرح صف بناؤ کہ امام درمیان میں رہے) اور خالی جگہ پر کرو (شامی ص ۵۳۱ ج ۱ باب الامامۃ) اگلی صف میں جگہ ہوتے ہوئے پیچھے کھڑا ہونا ان لوگوں کی کوتاہی ہے اس لئے نووارد کا خالی جگہ پر کرنے کے لئے پچھلی صف والوں کے سامنے سے گذرنا یا صف چیر کر وہاں جا کر کھڑا ہونا جائز ہے۔

مرقات شرح مشکوٰۃ میں ہے۔ الا ان يجد الداخل فرجة فى الصف الاول فله ان يمر بين يدى الصف الثانى لتقصير اهل الصف الثانى ذكره الطيبى. (مرقاة شرح مشكوٰة ص ۲۴۰ ج ۲ ملتانی، باب السترہ.) درمختار میں ہے۔ ولو وجد فرجة فى الاول لا الثانى له خرق الثانى لتقصيرهم وفى الحديث من سد فرجة غفر له، شامی میں ہے (قوله لتقصيرهم) يفيد ان الكلام فيما اذا شرعوا وفى القنية قام فى آخر صف وبينه وبين الصفوف مواضع خالية فللداخل ان يمر بين يديه ليصل الصفوف لانه اسقط حرمة نفسه فلا يأثم المار بين يديه دل عليه مافى الفردوس عن ابن عباس رضى الله عنه، عنه صلى الله عليه وسلم من نظر الى فرجة فى صف فليسدها بنفسه فان لم يفعل فمر مار فليتخط على رقبته فانه لا حرمة له اى فليتخط المار على رقبة من لم يسد الفرجة اھ (درمختار و شامی ص ۵۳۳ ج ۱، باب الامامۃ مطلب فی الکلام علی الصف الاول)

غایۃ الاوطار ترجمہ اردو درمختار میں ہے۔ ولو وجد فرجة فى الاول لا الثانى له خرق الثانى

لتقصیر هم اور اگر نمازی اول صف میں فرجہ پاوے۔ دوسری میں تو اس کو جائز ہے چیرنا دوسری صف کا بہ سبب قصور کرنے دوسری صف والوں کے یعنی جب کوئی شخص نماز میں داخل ہونا چاہے اور اگلی صفوں میں جگہ دیکھے تو پچھلی والوں کے سامنے گویا ان کو چیر کر اس جگہ میں جا کھڑا ہو کیونکہ پچھلی صف والوں کا قصور ہے کہ انہوں نے جگہ کو نہ بھرا اس لئے ان کو چیرنا یا ان کی نماز کے آگے کو گذرنا کچھ مضائقہ نہیں اس لئے کہ حدیث میں وارد ہے کہ جب کوئی شخص فرجہ دیکھے تو اس کو خود بند کر دے اور اگر نہ بند کرے تو دوسرا شخص اس کی گردن پر ہو کر چلا جاوے کہ اس کی کچھ تعظیم نہیں رہی۔ اخرجه فی الفردوس عن ابن عباس وفی الحدیث من سد فرجة غفرله. اور حدیث میں ہے کہ جو شخص فرجہ بند کرے اس کی مغفرت ہوگی۔ (غایۃ الاوطار ص ۲۶۵ ج ۱) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## کسی عالم یا بزرگ کو صف میں اپنی جگہ دینا:

(سوال ۱۸۸) جماعت کھڑی ہوگئی ایک شخص پہلی صف میں ہے ایک عالم تشریف لائے، عالم کو دیکھ کر اس شخص نے ان کو پہلی صف میں اپنی جگہ کھڑا کر دیا اور خود دوسری صف میں کھڑا ہوا تو اس طرح کرنا درست ہے؟ حالانکہ پہلی صف کی تو بہت فضیلت ہے! بینوا توجروا۔

(الجواب) اہل علم کی تعظیم کے خاطر خود پیچھے ہٹ کر ان کو پہلی صف میں جگہ دینا بلا کراہت درست ہے، اس میں کوئی حرج نہیں ہے بلکہ اس کا یہ فعل مناسب ہے، شامی میں ہے۔ وفی حاشیة الاشباه للحموی عن المضمرات عن النصاب وان سبق احد الی الصف الاول فدخل رجل اکبر منه سناً او اهل علم ینبغی ان یتأخر ویقدمه تعظیماً له اه فهذا یفید جواز الایثار بالقرب بلا کراهة خلافا للشافعیة ونقل العلامة البیری فروعا تدل علی عدم الکراهة ویدل علیه قوله تعالی ویؤثرون علی انفسهم ولو کان بهم خصاصة الخ (شامی ص ۵۳۲ ج ۱) باب الامامة، مطلب فی جواز الایثار بالقرب) فقط و الله اعلم بالصواب.

## بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کے لئے پہلی صف میں نماز پڑھنا کیسا ہے:

(سوال ۱۸۹) ہماری مسجد میں ایک دو نمازی معذور، ہیں کھڑے ہو کر نماز نہیں پڑھ سکتے وہ اگر پہلی صف میں مؤذن (مکبر) کے پاس بیٹھ کر نماز ادا کرتے ہیں تو کافی جگہ روکتے ہیں، صف کے درمیان کافی خلا رہتا ہے اور دوسرے مصلیوں کو تکلیف بھی ہوتی ہے اگر یہ لوگ صف کے کنارے بیٹھ کر یا دوسری تیسری صف میں نماز ادا کریں تو ان کو جماعت کا ثواب ملے گا؟ اور ایسے لوگوں کے لئے کس جگہ نماز ادا کرنا بہتر ہے؟

(الجواب) صورت مسئولہ میں ایسے لوگوں کے لئے بہتر یہ ہے کہ آخری صف میں یا جہاں کنارے پر جگہ ہو وہاں نماز ادا کریں، انشاء اللہ ان کو جماعت اور صف اول کا ثواب ملے گا۔ شامی میں ہے (تنبیہ) قال فی المعراج الافضل ان یقف فی الصف الآخر اذا خاف ایذاء احد قال علیه الصلوٰة والسلام من ترک الصف الاول مخافة ان یؤذی مسلماً اضعف له اجرا لصف الاول وبه اخذا بو حنیفة ومحمد (شامی ص ۵۳۲ ج ۱، باب الامامة)



یعنی: اپنی ذات سے کسی کو تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو تو اس کے لئے افضل یہ ہے کہ آخری صف میں کھڑا ہو، حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا جو کسی مسلمان کو تکلیف پہنچنے کے اندیشہ سے پہلی صف ترک کر دے تو اسے پہلی صف کا دوگنا اجر دیا جائے گا امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ نے اسے اختیار فرمایا ہے (شامی ص ۵۳۲ ج ۱ باب الامامۃ) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## عورت کے لئے حرم شریف میں جماعت سے نماز پڑھنا کیسا ہے:

(سوال ۱۹۰) عورتیں حج وعمرہ کے لئے جاتی ہیں وہاں ان کے لئے حرم شریف میں جا کر نماز با جماعت ادا کرنا افضل ہے یا اپنی قیام گاہ میں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) عورتیں نماز کے لئے مسجد جا سکتی ہیں یا نہیں؟ اس کی متعلق تفصیلی جواب فتاویٰ رحیمیہ اردو جلد پنجم ص ۵۹ تا ص ۱۷ (جدید ترتیب میں، کتاب العیدین میں، عورتوں کا مسجد وعیدگاہ میں جانا کیسا ہے ص ۱۵۶ ج ۱ کے عنوان سے دیکھے۔ مرتب) پر موجود ہے اسے بغور ملاحظہ فرمائیں، اس جواب میں حضرت ام حمید ساعدی رضی اللہ عنہا کی حدیث بہت ہی زیادہ قابل غور ہے، اس حدیث کے الفاظ یہ ہیں۔ عن ام حمید امرأة ابی حمید الساعدی رضی الله عنها انها جاءت الی النبی صلی الله علیه وسلم فقالت یا رسول الله انی قد احب الصلوة معک قال قد علمت انک تحبین الصلوة معی وصلوتک فی بیتک خیر من صلوتک فی حجرتک وصلوتک فی حجرتک خیر من صلوتک فی دارک وصلوتک فی دارک خیر من صلوتک فی مسجد قومک وصلوتک فی مسجد قومک خیر من صلاتک فی مسجدی قال فامرت فبنی لها مسجد فی اقصی شئی من بیتها واظلمه وکانت تصلی فیه حتی لقیت الله عزوجل رواه احمد وابن خزیمة وابن حبان فی صحیحهما.

ترجمہ: حضرت ام حمید رضی اللہ عنہا نے بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ مجھے آپ کے ساتھ نماز پڑھنے کا شوق ہے، آپ ﷺ نے فرمایا تمہارا شوق بہت اچھا ہے (اور دینی جذبہ ہے) مگر تمہاری نماز اندرونی کوٹھی میں کمرہ کی نماز سے بہتر ہے، اور کمرہ کی نماز گھر کے احاطہ کی نماز سے بہتر ہے اور گھر کے احاطہ کی نماز محلہ کی مسجد کی نماز سے بہتر ہے، اور محلہ کی مسجد کی نماز میری مسجد (یعنی مسجد نبوی) کی نماز سے بہتر ہے، چنانچہ حضرت ام حمید رضی اللہ عنہا نے فرمائش کر کے اپنے کمرے (کوٹھے) کے آخری کونے میں جہاں سب سے زیادہ اندھیرا رہتا تھا مسجد (نماز پڑھنے کی جگہ) بنوائی وہیں نماز پڑھا کرتی تھیں یہاں تک کہ ان کا وصال ہو گیا اور اپنے خدا کے حضور میں حاضر ہوئیں (الترغیب والترہیب ص ۱۷۸ ج ۱، بحوالہ فتاویٰ رحیمیہ ص ۱۴۴ ج ۴)

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ عورتوں کے لئے اپنے گھر (قیام گاہ) ہی میں نماز پڑھنا بہتر ہے چاہے وہ محلہ کی مسجد ہو یا حرم شریف (مذکورہ حدیث تو خاص مسجد نبوی علی صاحبہا الف الف تحیہ وسلام سے متعلق ہے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کے متعلق درخواست تھی) لہٰذا عورتوں کی لئے بہتر یہی ہے کہ خاص نماز کے ارادہ سے مسجد نہ جائیں چاہے حرم شریف ہو۔

البتہ عورت اگر طواف کے ارادہ سے یا روضۂ پاک (علی صاحبہا الف الف تحیۃ وسلام) پر صلوٰۃ وسلام پیش کرنے کے لئے حرم شریف میں حاضر ہوئی ہو اور نماز کی تیاری ہونے لگے تو وہاں عورتوں کے ساتھ نماز پڑھ لے، مردوں کے ساتھ ہرگز کھڑی نہ ہو۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## امام سے مقتدی ناراض ہوں تو امام امامت چھوڑ دے یا امامت پر قائم رہے؟:

(سوال ۱۹۱) ہماری مسجد میں امام صاحب آٹھ سال سے امامت کرا رہے ہیں مصلی ان سے خوش تھے مگر ابھی ایک دو باتیں پیش آ گئیں جس کی وجہ سے بعض مصلی ان کی اقتداء میں نماز پڑھنے سے کراہت کرتے ہیں (۱) مسجد کا اصول یہ ہے کہ مسجد کی دکان مسجد کے خدام کو کرایہ پر نہیں دی جاتی امام صاحب نے ایک دوکان دو تین سال سے ایک شخص کے نام سے لی اور مسجد کے ذمہ داروں کو نہیں بتایا اس کے بعد مسجد والوں کو معلوم ہوا تو تحقیق کی، انہوں نے صاف انکار کر دیا جب اس شخص سے پوچھا گیا تو اس نے جو بات سچ تھی وہ بتلا دی کہ دوکان امام صاحب کی ہے انہوں نے میرے نام سے لی ہے۔

(۲) انہوں نے ایک مدرسہ قائم کرنے کا ارادہ کیا اور مسجد میں مدرسہ کے لئے چندہ جمع کرنا شروع کیا، ایک جگہ خریدنے کا بھی پروگرام تھا مگر برائے مدرسہ جگہ نہ خرید سکے جو چندہ ہوا وہ رقم اپنے اکاؤنٹ میں جمع کی، ایک موقع پر مسجد کی کمیٹی کے سکریٹری نے ان سے حساب طلب کیا تو چار پانچ ماہ تک ٹالتے رہے، سکریٹری نے دوبارہ مطالبہ کیا تو ایک خط کے ذریعہ جواب دیا "یہ مدرسہ میرا ذاتی ہے، آپ کو اس کا حساب مانگنے کا کوئی حق نہیں ہے۔" جس کی وجہ سے مسجد میں بڑا انتشار ہوا، اور بعض مصلی ان کی اقتداء میں نماز پڑھنے کے لئے تیار نہیں، تو ان کی اقتداء میں نماز کا کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) حدیث میں ہے۔ عن ابی امامۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم ثلاثۃ لا تجاوز صلوتہم اذا نہم العبد الآبق حتی یرجع وامرأۃ باتت وزوجہا علیہا ساخط امام قوم وہم لہ کارھون ، رواہ الترمذی یعنی رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تین آدمیوں کی نماز ان کے کان سے بھی آگے تجاوز نہیں کرتی (یعنی قبول نہیں ہوتی) (۱) بھاگا ہوا غلام یہاں تک کہ واپس آ جائے (۲) عورت اس حال میں رات گذارے کہ اس کا شوہر اس سے ناراض ہو (۳) اور وہ امام کہ لوگ اس سے ناراض ہوں، ترمذی (مشکوۃ شریف باب الامامۃ ص ۱۰۰) دوسری حدیث میں ہے۔ عن ابن عمر رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلثۃ لا تقبل نہم صلو تہم من تقدم قوماً وھو لہ کارھون الخ یعنی رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تین شخصوں کی نماز مقبول نہیں (۱) جو کسی قوم کی امامت کرے اور لوگ اسے پسند نہ کرتے ہوں الخ (مشکوۃ شریف ص ۱۰۰ ایضاً)

فقہ کی مشہور کتاب درمختار میں ہے۔ ولو ام قوماً وھم لہ کارھون لفساد فیہ اولا نہم احق بالامامۃ منہ کرہ لہ ذلک تحریماً لحدیث ابی داؤد لا یقبل اللہ صلوۃ من تقدم قوماً وھم لہ کارھون وان ھو احق لا والکراھۃ علیہم یعنی اگر کوئی شخص امامت کرتا ہے اور نمازی اس سے کراہیت کرتے ہیں (اسے پسند نہیں کرتے) تو اگر اس کراہیت اور ناگواری کا سبب یہ ہے کہ امام میں کوئی خرابی ہے یا یہ لوگ امامت کے اس سے زیادہ مستحق ہیں وہ ان سے کم درجہ رکھتا ہے تو اس کو امامت کرنا مکروہ تحریمی ہے، چنانچہ ابوداؤد شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کی نماز قبول نہیں فرماتے جو امامت کرے اور لوگ اس سے کراہیت کرتے ہوں، اور اگر واقعہ یہ ہے کہ امام ہی سب ہی سے زیادہ امامت کا حقدار ہے (عالم و فاضل اور متقی ہے) اور لوگ اس سے کراہیت کرتے ہیں تو اس کراہیت کا وبال نمازیوں پر ہوگا (درمختار مع شامی باب الامامۃ ص ۵۲۲ ج ۱) (فتاوی رحیمیہ ج ۱ ص ۱۶۴ ... ۱۶۵ ج ۱ ص ۱۶۴، ۱۶۵) (جدید ترتیب میں من یصلح اماماً لغیرہ، میں فاسق و فاجر او بدعتی کی امامت کا کیا حکم ہے، کے عنوان سے دیکھئے۔ مرتب)



صورت مسئولہ میں بعض مصلی امام سے ناراض ہیں، ان کی اقتداء میں نماز پڑھنے سے کراہیت کرتے ہیں، سوال سے واضح ہوتا ہے کہ ان کی ناراضگی بلا وجہ نہیں ہے، انہوں نے جھوٹ بولا اور غلط معاملہ کیا اور عرصہ تک اس غلط چیز کو چلاتے رہے اور مسجد میں مدرسہ کے نام سے چندہ کیا اور بعد میں اس چندہ کا حساب نہیں دیا اور یہ کہنا کہ یہ "میرا ذاتی معاملہ ہے" آپ کو حساب مانگنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ یہ قابل قبول نہیں ہے، چندہ مدرسہ کے نام سے کیا گیا ہے اس لئے امانت داری کا تقاضہ یہ ہے کہ اس کا حساب بالکل صاف رکھنا چاہئے تھا، حساب نہ رکھنا اس سے لوگوں کو یقیناً چندہ کرنے والے کے متعلق خیانت کا خیال پیدا ہوگا اور مصلیوں میں انتشار ہوگا لہٰذا ایسے شخص کو امامت جیسے اہم منصب پر قائم رکھنا موجب فتنہ ہو سکتا ہے، امامت بہت عظیم منصب ہے ایسا شخص اس اہم منصب کے قابل نہیں امامت کرانا ان کے لئے مکروہ تحریمی ہے، لہٰذا ان کو از خود مستعفی ہو جانا چاہئے، امامت کتنا عظیم منصب ہے اور امام کو کتنا محتاط ہونا چاہئے اس کا اندازہ اس حدیث سے لگایئے۔

ابوداؤد شریف میں ہے۔ ایک شخص نے کچھ لوگوں کی امامت کی، اسے تھوک آیا تو قبلہ کی جانب تھوک دیا آنحضرت ﷺ دیکھ رہے تھے جب نماز سے فارغ ہو گیا تو اس کے پیچھے نماز پڑھنے والوں سے آنحضرت ﷺ نے فرما دیا کہ یہ شخص آئندہ تمہاری امامت نہ کرے، اس کے بعد اس شخص نے نماز پڑھانے کا ارادہ کیا تو لوگوں نے اسے روک دیا اور بتا دیا کہ آنحضرت ﷺ نے اس کے متعلق یہ ارشاد فرمایا ہے، یہ شخص آنحضرت ﷺ کی خدمت میں آیا اور اس واقعہ کا تذکرہ کیا رسول خدا ﷺ نے فرمایا ہاں میں نے کہا تھا، راوی بیان کرتے ہیں کہ میں سمجھتا ہوں آپ نے یہ بھی فرمایا کہ تم نے اللہ کو اور اس کے رسول کو اذیت پہنچائی تھی۔ ان رجلاً ام قوماً فبصق فی القبلۃ ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینظر فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین فرغ لا یصلی بکم فاراد بعد ذلک ان یصلی لہم فمنعوہ واخبروہ بقول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکر ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال نعم وحسبت انہ قال انک اذیت اللہ ورسولہ صلی اللہ علیہ وسلم (ابوداؤد شریف باب کراھیۃ البزاق فی المسجد ج ۱ ص ۷۶) (فتاوی رحیمیہ ج ۱ ص ۱۶۴) فقط و اللہ اعلم بالصواب۔ جدید ترتیب میں مبہم ہے۔ مصحح۔

## مسجد میں جماعت ثانیہ کی عادت بنالینا:

(سوال ۱۹۲) ہماری مسجد میں جماعت ہوجانے کے بعد آس پاس کے دوکاندار اکثر جماعت ثانیہ کرتے ہیں ان کا یہ عمل کیسا ہے؟ تنہا تنہا نماز پڑھنا بہتر ہے یا جماعت ثانیہ کرکے، آپ مفصل جواب عنایت فرمائیں، بینوا توجروا۔

(الجواب) اسلام میں نماز باجماعت ادا کرنے کی بڑی فضیلت اور بہت تاکید آئی ہے، ارشاد خداوندی ہے واركعوا مع الراكعين (سورۂ بقرہ) نماز پڑھنے والوں کے ساتھ نماز پڑھو۔ (یعنی جماعت سے نماز ادا کرو) ای صلوا مع المصلين (جلالین) اور فرمان نبوی ﷺ ہے صلوٰة الجماعة تفضل صلوٰة الفذ بسبع وعشرين درجة یعنی جماعت کی نماز اکیلے کی نماز سے ستائیس درجہ بڑھ جاتی ہے اور افضل ہوجاتی ہے (صحیح بخاری باب فضل صلوٰۃ الجماعۃ ص ۸۹ ج ا پ ۳) (صحیح مسلم ج ا ص ۲۳۱) (جامع ترمذی ج ا ص ۳۰)

سید الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے جو شخص اذان سنے اور عذر نہ ہونے کے باوجود مسجد میں حاضری نہ دے سکے تو اس کی اکیلی پڑھی ہوئی نماز قبول نہ ہوگی (اگرچہ ضابطہ کی خانہ پری ہوجائے گی اور فریضہ ساقط ہوجائے گا) صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے دریافت کیا عذر کیا؟ فرمایا (جان مال، آبرو کا) خوف یا مرض۔ من سمع المنادی فلم يمنعه من اتباعه عذر قالوا وما العذر قال خوف او مرض لم تقبل منه الصلوٰة التی صلى (باب التشديد فی ترك الجماعة ابو داؤد شريف ص ۸۸ ج ۱)

نیز ارشاد فرمایا، جماعت ترک کرنا چھوڑ دو، ورنہ خدائے پاک دلوں پر مہر لگادے گا اور تم ان میں سے ہوجاؤ گے جن کو اللہ نے غافل قرار دیا ہے۔ (ابن ماجہ مصری ص ۲۶۰) نیز ارشاد ہوا، آدمی کے کان گرم کئے ہوئے رانگ سے بھر جائیں (یعنی بہرے ہوجائیں) یہ بہتر ہے اس سے کہ اذان سنے اور اذان کی پکار کو قبول نہ کرے (کتاب الصلوٰۃ لابن القیم)

ایک حدیث میں تین قسم کے آدمیوں پر اللہ کی لعنت آئی ہے جن میں سے ایک وہ ہے جو اذان سنے اور مسجد میں حاضر نہ ہو، آنحضرت ﷺ ارشاد فرماتے ہیں۔ الجفاء كل الجفاء والكفر والنفاق من سمع منادی الله تعالى ينادی بالصلوٰة ويدعوا الى الفلاح فلا يجيبه (جامع الصغير ج ا ص ۱۲۱ مجمع الزوائد ج ا ص ۱۵۸ باب اجابة المؤذن ومايقول عند الاذان والاقامة)

ترجمہ۔ سراسر ظلم اور کفر ونفاق ہے کہ اللہ کے منادی کو سنے کہ نماز کے لئے پکار رہا ہے فلاح (اور ابدی کامیابی) کے لئے دعوت دے رہا ہے پھر بھی لبیک نہ کہے اور اس کی پکار کا جواب نہ دے۔

ابوداؤد شریف میں ایک حدیث ہے۔ لقد هممت ان امر فتيتي فيجمعوا الى حزماً من حطب ثم اتی قوماً يصلون فی بيوتهم ليست بهم علة فاحرقها عليهم بےشک میرا جی چاہتا ہے کہ جوانوں کو حکم دوں کہ وہ سوختہ جمع کریں پھر میں جاؤں ان لوگوں کے پاس جو بلاعذر اپنے گھروں میں نماز پڑھتے ہیں اور انہیں مع گھر کے جلادوں (ابوداؤد شریف باب التشدید فی ترک الجماعۃ ج ا ص ۸۸)



### تنبیہ:

رحمت عالم ﷺ آگ لگادینے کی سزا ان کے لئے تجویز فرماتے ہیں جو نماز تو پڑھتے ہیں مگر مسجد میں نہیں آتے گھر میں پڑھتے ہیں، اب غور فرمایئے اور سبق لیجئے کہ ان کی سزا کیا ہوگی جو معاذ اللہ نماز ہی نہیں پڑھتے (مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو فتاوی رحیمیہ ص ۲۰۹ تا ص ۲۱۲ جلد اول اردو) (جدید ترتیب کے اسی باب میں اسلام میں جماعت کی اہمیت کی عنوان سے دیکھئے۔ مرتب)

مندرجہ بالا آیت قرآنی اور احادیث مبارکہ سے جماعت کی اہمیت تاکید اور فضیلت ثابت ہوتی ہے لہذا شرعی عذر کے بغیر جماعت ترک نہ کرنا چاہئے اور جماعت چھوڑنے کی عادت بنالینا تو سنگین گناہ اور بہت ہی خطرناک چیز ہے اگر کسی وقت کسی شرعی عذر کی وجہ سے باجماعت نماز پڑھنے کا شوق ہو تو گھر جاکر اہل خانہ کے ہمراہ جماعت کرے۔

صورت مسئولہ میں مسجد میں جماعت ثانیہ کا جو طریقہ سوال میں درج ہے وہ بالکل غلط اور گناہ ہے اس طریقہ کو فوراً ہی بند کردینا چاہئے لوگوں کے دلوں میں سے جماعت اولی کی اہمیت اور عظمت نکلے گی اور تقلیل جماعت کا سبب ہوگی اور اس کے ذمہ دار دوسری جماعت کرنے والے ہوں گے، اگر جماعت چھوٹ جانے کی وجہ سے مسجد میں نماز ادا کرے تو تنہا تنہا پڑھنا بہتر ہے، مسجد میں جماعت ثانیہ کے متعلق فتاوی رحیمیہ جلد چہارم میں ایک سوال وجواب ہے اسے یہاں نقل کردینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

(سوال ۱۶۹) تبلیغی جماعت ایک بستی میں ایسے وقت پہنچی کہ جماعت ہوچکی تھی تو ان کے لئے جماعت ثانیہ کرنا بہتر ہے یا فرادی مع اذان واقامت یا بلا اذان واقامت ادا کرنا بہتر ہے؟

(الجواب) اس صورت میں فرادی بلا اذان واقامت نماز ادا کی جائے کہ مسجد میں جماعت ثانیہ مکروہ ہے۔ قال (واذا دخل القوم مسجداً قد صلى فيه اهله كرهت لهم ان يصلوا الجماعة باذان واقامة ولكنهم يصلون وحداناً بغير اذان ولا اقامة) لحديث الحسن قال كانت الصحابة اذا فاتتهم الجماعة فمنهم من اتبع الجماعات ومنهم من صلى فى مسجده بغير اذان ولا اقامة الخ (مبسوط للسرخسی ص ۱۳۵ ج ۱ باب الاذان) (فتاوی رحیمیہ ص ۱۲۳ ج ۴)

درمختار میں ہے (او) مصل (فی مسجد بعد صلوٰة جماعة فيه) بل يكره فعلهما وتكرار الجماعة. شامی ہے۔ (قوله تكرار الجماعة) لما روى عبدالرحمن ابن ابی بكر عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم خرج من بيته ليصلح بين الانصار فرجع وقد صلى فى المسجد بجماعة، فدخل رسول الله صلى الله عليه وسلم فى منزل بعض اهله فجمع اهله فصلى بهم جماعة ولو لم يكره تكرار الجماعة فى المسجد لصلى فيه وروى عن انس ان اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم كانوا اذا فاتتهم الجماعة فى المسجد صلوا فى المسجد فرادى ولان التكرار يؤدى الى تقليل الجماعة لان الناس اذا علموا انهم تفوتهم الجماعة يتعجلون فتكثر والا تاخروا اه بدائع وحينئذ فلو دخل جماعة المسجد بعد ما صلى اهله فيه فانهم يصلون وحداناً وهو ظاهر الرواية ظهيرية الخ (شامی ص ۳۶۷ ج ۱، باب الاذان. نیز ص ۵۱۶ ج ۱، باب الامامة)

بہشتی گوہر میں ہے "تنبیہ ہر چند کہ بعض لوگوں کا عمل امام ابو یوسفؒ کے قول پر ہے لیکن امام صاحب کا قول دلیل سے بھی قوی ہے اور اس وقت دینیات میں اور خصوص امر جماعت میں جو تہاون اور تکاسل ہو رہا ہے اس کا مقتضی بھی یہی ہے کہ باوجود تبدیل ہیئت کراہت پر فتویٰ دیا جائے ورنہ لوگ قصداً جماعت اولیٰ کو ترک کریں گے کہ ہم اپنی دوسری کرلیں گے (بہشتی گوہر ص ۶۳ جماعت کے احکام) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## صفیں درست کرانا کس کی ذمہ داری ہے؟ امام کی یا مؤذن کی :

(سوال ۱۹۴) کیا مؤذن پر یہ ذمہ داری ڈالنا صحیح ہے کہ وہ تکبیر شروع کرنے سے پہلے تین مرتبہ بآواز بلند یہ کہا کرے صاحبو! صفیں درست کرلیجئے" بینوا توجروا۔

(الجواب) اقامت کا مقصد ہی حاضرین کو متوجہ اور مطلع کرنا ہے کہ اپنے اپنے انفرادی عمل چھوڑ کر جماعت میں شریک ہونے کی تیاری اور صف بندی شروع کردیں۔ لہٰذا مؤذن کو سوال میں درج شدہ جملہ کہنے کے لئے پابند بنانا غیر ضروری ہے، صفوں کی درستگی میں اگر خلل ہو تو امام کی ذمہ داری ہے کہ صفیں درست کرائے، یہ مؤذن کی ذمہ داری نہیں پچھلی صفوں کو درست کرنے کے لئے اگر کسی شخص کو مقرر کرنے کی ضرورت محسوس ہو تو امام کسی کو بھی مقرر کرسکتا ہے اور صفوں کی درستگی تک نماز شروع کرنے میں تاخیر کرسکتا ہے۔

ترمذی شریف میں ہے۔ روی عن عمر رضی اللہ عنہ انہ کان یؤکل رجلاً باقامۃ الصفوف ولا یکبر حتی یخبر ان الصفوف قد استوت وروی عن علی رضی اللہ عنہ وعثمان رضی اللہ عنہ انہما کانا یتعاھدان ذلک ویقولان استووا۔ یعنی حضرت عمرؓ نے صفیں درست کرنے کے لئے ایک شخص کو مقرر کیا تھا اور جب تک آپ کو صفیں درست ہونے کی خبر نہ دی جاتی آپ تکبیر تحریمہ نہ کہتے، حضرت علی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کا بھی یہی معمول تھا اور فرماتے استووا سیدھے کھڑے رہو (ترمذی شریف ص ۳۱ ج ۱، باب ماجاء فی اقامۃ الصفوف)

مؤطا امام مالک میں روایت ہے۔ مالک عن ابی النضر مولی عمر بن عبید اللہ عن مالک بن ابی عامر ان عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کان یقول فی خطبتہ قل ما یدع ذلک اذا خطب، اذا قام الامام یخطب یوم الجمعۃ فاستمعوا وانصتوا فان للمنصت الذی لا یسمع من الحظ مثل ما للمنصت السامع فاذا قامت الصلوۃ فاعدلوا الصفوف وحاذوا بالمناکب فان اعتدال الصفوف من تمام الصلوۃ ثم لایکبر حتی یأتیہ رجال قدو کلھم بتسویۃ الصفوف فیخبرونہ ان قد استوت فیکبر۔ یعنی حضرت عثمانؓ اکثر اپنے خطبہ میں ارشاد فرماتے "جب امام جمعہ کے دن خطبہ دے تو غور سے سنو اور خاموش رہو جس کو خطبہ سنائی نہ دے اور وہ خاموش رہے تو اسے خطبہ سننے والے کے مثل ثواب ملتا ہے جب نماز کھڑی ہوجائے تو صفیں درست کرو اور کندھے برابر رکھو (یعنی کوئی بلند جگہ کھڑا نہ رہے بلکہ برابر جگہ پر کھڑا رہے تاکہ کندھے برابر رہیں) صفوں کی درستگی نماز کی تمامی میں سے ہے ثم لا یکبر۔ آپ نے جن لوگوں کو صفیں درست کرنے کے لئے مقرر کر رکھا تھا جب وہ آپ کو صفیں درست ہونے کی اطلاع دیتے اس وقت آپ تکبیر تحریمہ کہتے (مؤطا امام مالک ص ۳۶ ماجاء فی انصات یوم الجمعۃ والامام یخطب)

درمختار میں ہے۔ (ویصف) ای یصفھم الامام بان یامرھم بذلک قال الشمنی وینبغی ان



یامرھم بان یتراصوا ویسدوا الخلل ویسووا مناکبھم (درمختار مع شامی ج ۱ ص ۵۳۱ باب الامامۃ) غایۃ الاوطار میں ہے ویصف ... اور صف باندھیں یعنی مقتدیوں کی صف کروائے، امام اس طرح کہ ان کو حکم کرے صف باندھنے کا، شمنی نے کہا امام کو چاہئے کہ مقتدیوں کو امر کرے کہ ایک دوسرے سے ملے رہیں اور دو شخصوں کے بیچ کی جگہ کو بند کریں اور اپنے شانوں کو برابر رکھیں (غایۃ الاوطار۔ ج ۱ ص ۲۶۴ واللہ اعلم)

## عیدگاہ میں جماعت ثانیہ کا کیا حکم ہے :

(سوال ۱۹۵) ہمارے یہاں قدیم زمانہ سے عیدگاہ میں سب مل کر ایک ساتھ ہی عیدین کی نماز ادا کرتے تھے مگر چند برسوں سے چند بدعتی ایک دوسری جماعت بنا کر اپنے امام کے پیچھے نماز پڑھنے کے لئے ضد کر رہے ہیں تو کیا عیدگاہ میں ثانی جماعت کر سکتے ہیں؟ اگر بالفرض کر لی جائے تو کیا خطبہ ایک ہی ہوگا یا الگ الگ؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) جس مسجد میں ایک بار محلّہ کے لوگوں نے اپنے وقت پر نماز پڑھ لی ہو اس مسجد میں دوسری جماعت (جماعت ثانیہ) کی شرعاً اجازت نہیں۔(۱) اسی طرح عیدگاہ کا بھی یہی حکم ہے، اہل بدعت دوسری جماعت کرنا چاہتے ہیں تو بااثر اور ذمہ دار حضرات پر لازم ہے کہ ان کو سمجھائیں اور جماعت ثانیہ کرنے سے روکیں، اگر فتنہ کا ڈر ہو تو ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے، اس کا وبال اور گناہ ان کے سر ہوگا۔ اہل حق نماز باجماعت ادا کریں اور اس کے بعد فوراً خطبہ ہوجائے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## قابل اعادہ نماز کی جماعت میں نئے مقتدی شامل ہوئے تو ان کی نماز ہوئی یا نہیں :

(سوال ۱۹۶) ہماری مسجد میں کل عشاء کی آخری رکعت میں امام صاحب نے غلطی سے تین سجدے کر لئے، ان کو معلوم نہیں تھا کہ مجھ سے تین سجدے ہوگئے اس لئے سجدۂ سہو نہیں کیا نماز پوری ہونے کے بعد مقتدیوں نے توجہ دلائی، امام صاحب کو بھی خیال آ گیا کہ تین سجدے ہوگئے ہیں، امام صاحب نے فوراً دوسری جماعت کی، جن مقتدیوں کی رکعتیں گئی تھیں وہ اپنی توڑ کر دوسری جماعت میں شامل ہوگئے، اسی طرح کچھ نئے مقتدی بھی دوسری جماعت میں شریک ہوگئی، ان لوگوں کی نماز درست ہے یا اعادہ ضروری ہے، جواب عنایت فرمائیں، بینوا توجروا۔

(الجواب) صورت مسئولہ میں عشاء کی آخری رکعت میں تین سجدے کرنے کی وجہ سے چوتھی رکعت کے قعدہ میں تاخیر ہوئی، سجدہ سہو کر لیا جاتا تو نماز مکمل ہوجاتی مگر سجدہ سہو نہیں کیا گیا اور بعد میں نماز کا باجماعت اعادہ کیا گیا تو مذکورہ صورت میں فریضہ پہلی نماز سے ادا ہوگیا ہے، البتہ سجدۂ سہو نہ کرنے کی وجہ سے جو کمی رہ گئی تھی دوسری جماعت سے اس کی تلافی ہوگئی، دوسری جماعت مستقل فریضہ نہیں ہے، پہلی نماز کی تکمیل کے لئے ہے، لہٰذا دہ مقتدی جن کا فریضہ مکمل طور پر باقی ہے وہ اس جماعت میں شریک نہیں ہوسکتے، اگر شریک ہوں گے تو ان کی نماز ادا نہ ہوگی۔(۲) اعادہ لازم ہوگا، اس لئے صورت مسئولہ میں جو مقتدی اپنی نماز توڑ کر دوسری جماعت میں شریک

---

(۱) ویکرہ تکرار الجماعۃ باذان واقامۃ فی مسجد محلۃ لا فی مسجد طریق او مسجد لا امام لہ ولا مؤذن درمختار علی ہامش شامی باب الامامۃ ج ۱ ص ۵۵۲

(۲) وکذا کل صلاۃ ادیت مع کراھۃ التحریم تجب اعادتھا والمختار انہ جابر للاول درمختار علی ہامش شامی مطلب کل صلاۃ ادیت مع کراھۃ التحریم تجب اعادتھا ج ۱ ص ۴۵۷

ہوئے یا جو نئے مقتدی دوسری جماعت میں شامل ہوئے ان کی نماز ادا نہیں ہوئی ان پر اعادہ ضروری ہے اور جو مقتدی پہلی جماعت میں پہلی رکعت سے آخر تک امام کے ساتھ شریک رہے ان کی اور امام کی نماز صحیح ہوگئی، ان پر اعادہ نہیں ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم

## امام کے لئے وقت پر حاضری ضروری ہے:

(سوال ۱۹۷) ہمارے امام صاحب عشاء کی نماز میں عام طور پر دیر سے آتے ہیں، گاہے گاہے غیر حاضر بھی رہتے ہیں، ان کا کہنا ہے کہ میرا کھانا عین نماز کے وقت آتا ہے اور حدیث شریف میں ہے کہ جب کھانا سامنے آجاوے تو اولاً کھانا کھا کر فارغ ہو جائے پھر نماز پڑھو کیا یہ عذر ٹھیک ہے؟

(الجواب) امام اس حکم سے مستثنیٰ ہے کیونکہ اس صورت میں مصلیوں کو انتظار کی زحمت و پریشانی ہوگی اور نماز میں تاخیر ہوگی، لہٰذا امام کو وقت کا اہتمام چاہئے البتہ اس مسجد میں نائب امام ہے تو پھر حرج نہیں مگر اس طرح تاخیر کی عادت بنالینا مناسب نہیں، امام ہو یا مقتدی کھانا کھا کر جلدی فارغ ہو جائے، یا کھانے کا وقت بدل دے، فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## جماعت ثانیہ کا حکم:

(سوال ۱۹۸) محراب سے ہٹ کر مسجد کے گوشہ میں جماعت ثانیہ کرنے میں کوئی حرج ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) جماعت خانہ میں جماعت ثانیہ کا رواج جماعت اولیٰ پر اثر انداز ہوتا ہی ہے لہٰذا جماعت ثانیہ کراہت سے خالی نہیں۔

اگر کبھی کسی قوی عذر کی وجہ سے جماعت فوت ہو جاوے تو گھر میں یا مسجد شرعی سے باہر (فنائے مسجد میں) جماعت کر کے نماز پڑھ سکتے ہیں مگر اس کی عادت نہ کر لی جائے۔ اومصل فی مسجد بعد صلاة جماعة فيه بل يكره فعلهما وتكرار الجماعة (درمختار) قال الشامی روی عن عبدالرحمن بن ابی بكر عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم خرج من بيته ليصلح بين الا نصار فرجع وقد صلى فی المسجد بجماعة فد خل رسول الله صلى الله عليه وسلم فی منزل بعض اهله فصلى بهم جماعة (الى قوله) وعن ابی يوسف اذا لم تكن على الهيئة الا ولىٰ لا تكره والا تكره وهو الصحيح وبالعدول عن المحراب تختلف الهيئة كذا فی البزازيه (شامی ج ١ ص ٣٦٧ ، باب الاذان) فقط و الله اعلم بالصواب۔

## متعین امام کی موجودگی میں داڑھی منڈے ٹرسٹی کا نماز پڑھانا۔ کیا دعوت اسلام کی ضرورت کے پیش نظر داڑھی منڈانے کی اجازت ہے:

(سوال ۱۹۹) (۱) ایک ادارہ ہے جس میں اسماعیلی آغا خانی خوجہ کے بچے ہیں جن کو دین اور دنیا دونوں کی تعلیم دی جاتی ہے، پنج وقتہ نماز با جماعت ہوتی ہے اور امامت ایک قاری صاحب کرتے ہیں، اب سوال یہ ہے کہ کچھ



دنوں سے ادارہ والوں نے یہ کہا کہ جب ٹرسٹی حضرات اوقات نماز میں حاضر ہوں تو ان کو امامت کے لئے آگے بڑھایا جائے، حال یہ ہے کہ امامت کرنے والا داڑھی منڈاتا ہے تو کیا علماء وقراء صاحبان کی موجودگی میں بے ریش آدمی کے پیچھے نماز ہوگی یا نہیں، اگر ہوگی تو مکروہ تنزیہی یا تحریمی، نیز اگر نماز نہیں ہوگی تو کیا صرف علماء کی نہیں ہوگی یا عوام کی بھی؟

دوسری بات یہ کہ مذکور امام خوجہ میں تبلیغ دین اور اشاعت اسلام کا کام کرتا ہے اگر وہ آدمی داڑھی رکھ لے تو خوجوں میں تبلیغ کا کام نہیں کر سکتا، مذکورہ شخص کہتا ہے کہ میرے پیچھے بلا کراہت نماز درست ہو جاتی ہے، چونکہ میں تبلیغ کا کام کرتا ہوں اگر آپ کی جگہ فلاں فلاں علماء ہوتے تو ہم لوگوں کو نماز پڑھانے کی اجازت دیتے، ایسے حالات میں عام لوگ ٹرسٹیوں کے پیچھے نماز پڑھیں یا نہیں؟

(۲) فاسق کی لغوی واصطلاحی تعریف، نیز فاسق کی سزا قرآن وحدیث میں کیا ہے؟ نیز فاسق کی قسمیں ہیں یا نہیں؟

(۳،۴) میں ایک آغا خوانی خوجہ ہوں کسی مولانا کی تقریر سن کر ایمان لایا اور آغا خان کو خدا کہنا چھوڑ دیا، اب میں نے سوچا کہ ہماری قوم کے لوگوں کو بھی دوزخ کے عذاب سے بچایا جائے، چنانچہ میں نے دعوت کا کام شروع کیا، خوجہ لوگوں کے بہت سے عقائد میں سے ایک عقیدہ یہ بھی ہے کہ داڑھی رکھنے والا بالکل گھٹیا ہے، اس کی بات کا کوئی اعتبار نہیں، اگر میں داڑھی رکھ لوں تو نئے خوجوں کو دعوت نہیں دے سکتا، اب سوال یہ ہے کہ ایسی حالت میں شریعت مجھے داڑھی منڈانے کی اجازت دیتی ہے یا نہیں، نیز اگر میں داڑھی نہ رکھوں تو کیا خدا کے یہاں عذاب کا مستحق ہوؤں گا؟ یا اللہ مجھے دعوت ایمان کی برکت سے چھوڑ دے گا، مجھے افسوس ہے ہندوستان کے علماء کرام پر، تبلیغی جماعت پر، جماعت اسلامی پر غیر مقلدین پر کیونکہ کوئی بھی جماعت آج کی تاریخ میں ہماری قوم (خوجہ اسماعیلی آغا خانی) کو ایمان کی دعوت نہیں دیتے جب کہ ہماری قوم کے لوگوں کا نام ہے صدرالدین، بدرالدین محمد مبارک وغیرہ، جب کہ ہماری قوم روزہ کی منکر ہے نماز کی منکر ہے، زکوٰۃ کی منکر ہے، ایسے نازک وقت میں ہمارے چند دستوں نے ہماری قوم میں تبلیغ کا کام شروع کیا، الحمد اللہ فائدہ ہے، لیکن علماء کرام ہم پر فاسق کا فتویٰ لگاتے ہیں صرف داڑھی نہ رکھنے کی وجہ سے، تو فاسق کا اطلاق ہم پر ہوتا ہے یا نہیں؟ کیا فاسق کہنے والوں پر خدا کی لعنت نہ ہوگی۔

(۵) تبلیغ دین کی غرض سے ہم نے ایک ادارہ کھولا ہے، جس میں آغا خانی بچوں کو لا کر دین واسلام کی تعلیم دیتے ہیں ان بچوں کو تعلیم دے کر ان سے تبلیغ ودعوت دین کا کام لینا ہے، اور ہماری قوم داڑھی والے کی بات نہیں مانتی، تو ان بچوں سے داڑھی نہ رکھوا کر دین کا کام لے سکتے ہیں؟ ان بچوں کا داڑھی نہ رکھنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب ۱۔۲) امامت کا منصب بہت عظیم ہے، امام کے لئے بہت احتیاط کی ضرورت ہے، امام متبع سنت اور پابند شریعت ہونا چاہئے، شریعت میں داڑھی کی بہت ہی اہمیت ہے، تمام انبیاء علیہم السلام کی متفقہ سنت ہے، حضور اقدس ﷺ کا دائمی عمل ہے اور آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی امت کو داڑھی رکھنے کا تاکیدی حکم فرمایا ہے لہٰذا مردوں کے لئے داڑھی رکھنا واجب اور ضروری ہے اور اس کی مقدار شرعی ایک قبضہ (ایک مشت) ہے اور داڑھی منڈانا حرام اور گناہ کبیرہ اور موجب فسق ہے اس پر امت کا اجماع ہے دلائل وحوالہ جات کے لئے ملاحظہ ہو

فتاویٰ رحیمیہ اردو ج ۶ ص ۲۳۶ تا ص ۲۵۰ (جدید ترتیب، کتاب الحظر والاباحۃ بالوں کے احکام، میں داڑھی کا وجوب اور ملازمت کی وجہ سے اس کا منڈانا، کے عنوان سے دیکھئے ص۱۵۰ ۔ مرتب) نیز جلد ۲ از ص ۳۹۸ تا ص ۴۰۶ (جدید ترتیب، ایمان وعقائد میں ڈاڑھی پر تنقید کا حکم، کے عنوان سے دیکھئے ص۱۲۹ ۔ مرتب)

لہٰذا متبع سنت حضرات اور خاص کر مقرر امام کی موجودگی میں ایسے شخص کا جو داڑھی منڈاتا ہو نماز پڑھانا مکروہ تحریمی ہے، اور یہ کراہت سب کے حق میں ہے، علماء ہوں یا عوام حدیث میں ہے وقد ورد عن ابن عمر مرفوعاً اجعلوا ائمتکم خیارکم فانھم وفد کم فیما بینکم وبین ربکم وفی روایۃ ان سرکم ان تقبل صلوٰتکم فلیؤمکم علماء کم فانھم وفد کم فیما بینکم وبین ربکم ۔ اگر تم چاہتے ہو کہ تمہاری نماز درجۂ قبولیت کو پہنچے تو جو تم میں زیادہ متقی اور پرہیزگار ہو وہ تمہارا امام بنے کہ امام تمہارے اور تمہارے رب کے درمیان بطور قاصد ہے (شرح نقایہ باب الامامۃ تحت قولہ ثم الامین الخ ج ۱ ص ۸۶ بحوالہ فتاویٰ رحیمیہ ج ۱ ص ۱۷۵) کبیری میں ہے۔ لو قدموا فاسقاً یأثمون، اگر فاسق کو امام بنائیں گے تو گنہگار ہوں گے (کبیری ص ۴۷۹ بحوالہ فتاویٰ رحیمیہ ج ۱ ص ۱۷۵ باب من یصح اماماً لغیرہ میں، فاسق کی امامت، کے عنوان سے دیکھئے ) مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو فتاویٰ رحیمیہ ج ۳ ص ۱۷۳، نیز ج ۴ ص ۱۹۱ تا ص ۱۹۴، نیز یہ بھی ذہن میں رہے کہ امام معین ہی امامت کے لئے افضل اور اولیٰ ہوتا ہے، یہ اسی کا حق ہے، اگر اتفاق سے حاضرین میں اس سے بہتر کوئی شخص ہو تب بھی معین امام امامت کے لئے بہتر ہے، درمختار میں ہے واعلم ان صاحب البیت و مثلہ امام المسجد الراتب اولیٰ بالامامۃ من غیرہ مطلقاً (درمختار) (قولہ مطلقاً) ای وان غیرہ من الحاضرین من ھو اعلم واقرأ منہ (شامی باب الامامۃ ج ۱ ص ۵۲۲، بحوالہ فتاوی رحیمیہ ج ۴ ص ۳۵۵) (جدید ترتیب میں نووارد عالم وقاری سے متعین امام اولیٰ بالامامت ہے کے عنوان سے دیکھئے ص۱۱ ۔ مرتب) پورا فتویٰ ملاحظہ فرمائیں، لہٰذا صورت مسئولہ میں جو معین امام ہے انہیں کی اقتداء میں نماز ادا کرنا چاہئے، ٹرسٹی حضرات کا امامت کرنا بالکل مناسب نہیں ہے، یہ شرعی اصول ہے اس میں کسی کی توہین مقصود نہیں ہوتی بلکہ مسئلہ کا اظہار اور اس کے مطابق عمل کرنا مقصود ہوتا ہے، لہٰذا ٹرسٹی حضرات کو ناگواری نہیں محسوس کرنا چاہئے، اور پوری بشاشت اور شرح صدر اور خوشی سے معین امام ہی کی اقتداء میں نماز ادا کرنا چاہئے، سوال میں جو بات لکھی ہے کہ فلاں فلاں حضرات ہمیں نماز پڑھانے کی اجازت دے دیتے، ایسی رائے قائم کرنا صحیح نہیں ہے اور اگر کوئی اجازت بھی دے دے تو وہ حجت نہیں ہو سکتا۔

(الجواب ۳، ۴، ۵) اللہ رب العزت نے محض اپنے فضل سے ایمان اور ہدایت سے نوازا، اللہ مبارک کرے اور ایمان وہدایت پر استقامت اور حسن خاتمہ کی دولت سے ہم سب کو نوازے آمین بحرمۃ النبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم۔ حقیقت میں ایمان وہدایت سے بڑھ کر کوئی نعمت اور دولت نہیں اس پر ہم اللہ کا جتنا شکر ادا کریں کم ہے۔

ماشاء اللہ اپنی قوم میں تبلیغ کا جذبہ بہت ہی اعلیٰ اور تقلید کے قابل ہے، اللہ تعالیٰ ہر اعتبار سے مدد فرمائے اور ہدایت کا ذریعہ بنائے، لوگوں کو ایمان کی بیش بہا دولت عطا فرمائے، آمین۔

اسلام قبول کرنے کے بعد ہمیں پورا پورا اسلام میں داخل ہونا ہے یایھا الذین امنوا ادخلوا فی السلم



کافۃ، اے ایمان والو اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ، ظاہراً باطناً اسلامی تعلیمات پر عمل کرنا ضروری ہو جاتا ہے، اور ہر عمل سے مقصود رضائے الٰہی ہے، ایمان کی دعوت پیش کرنا یہ ہماری ذمہ داری ہے اس کے بعد دلوں میں ہدایت اور ایمان ڈالنا ہمارے بس کی بات نہیں، یہ اللہ عزوجل کی قدرت میں ہے، حضور اقدس ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے خطاب فرمایا لیس علیک ھداھم ولکن اللہ یھدی من یشاء ترجمہ ان کافروں کو ہدایت پر لے آنا کچھ آپ کے ذمہ (فرض واجب نہیں) لیکن خدا تعالیٰ جس کو چاہے ہدایت پر لے آوے (قرآن مجید، پ نمبر ۳ سورۂ بقرہ) اس لئے ہمارا کام شریعت وسنت کی اتباع کرنا اور لوگوں کو امر بالمعروف، نہی عن المنکر اور ایمان کی دعوت دینا ہے جیسا کہ جواب نمبر ۱ نمبر ۲ میں عرض کیا گیا، اسلام میں داڑھی کی بہت ہی اہمیت ہے اس لئے یہ مبارک سنت ہمارے چہرے پر ہونی ہی چاہئے، سوال میں جو بات لکھی ہے اس کی وجہ سے داڑھی منڈانے کی اجازت نہ ہوگی، سنت پر عمل کرنے کی نیت سے داڑھی رکھیں انشاء اللہ اس کی برکت سے اچھے ہی نتائج برآمد ہوں گے، دلوں کا مائل کرنا اللہ کی قدرت میں ہے وہ ہی تمام انسانوں کے دلوں کا مالک ہے، اللہ تعالیٰ سے صلوٰۃ الحاجۃ پڑھ کر اور موقعہ بموقعہ دعا کرتے رہیں اور اپنے طور پر پوری طرح شریعت کے مطابق عمل کر کے دعوت کے کام میں لگے رہئے نتائج کی فکر نہ کیجئے، نتائج اللہ کی مشیت وقدرت پر چھوڑ دیجئے ہمارا جذبہ نیک ہونا چاہئے، سنت کے مطابق ہماری زندگی ہونی چاہئے، حضور اقدس ﷺ کے مبارک اخلاق ہمارے اندر ہونے چاہئے اور لگن ومحنت سے کام میں لگے رہنا چاہئے، اللہ عزوجل سے دعا کرتے اور مدد کی درخواست کرتے رہنا چاہئے، اللہ تعالیٰ خوب خوب کامیابی عطا فرمائے، اپنی رضامندی نصیب فرمائے، پوری امت کو ہدایت اور ایمان سے مالا مال فرمائے، آمین بحرمۃ النبی الامی صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم، فقط و اللہ تعالیٰ اعلم بالصواب وھو الھادی الی الصراط المستقیم۔

(نوٹ) خود بھی اس مبارک سنت اور نورانی سنت پر عمل کریں اور آپ کے ادارہ میں جو بچے تعلیم میں مشغول ہیں ان کو بھی اس پر آمادہ کریں، انکار نہ کریں اللہ پاک ہم سب سے راضی ہو جائے، اپنے رضامندی والے کام ہم سے لے کر اپنی رضامندی نصیب فرمائے، اپنے غضب وقہر وعذاب سے محفوظ رکھے آمین، بحرمۃ النبی الامی صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## نسوانی مدرسہ میں طالبات کا باجماعت نماز ادا کرنا جب کہ مسجد شرعی موجود ہو:

(سوال ۲۰۰) ایک مدرسہ کے احاطہ میں طلبہ کے لئے شرعی مسجد بنائی گئی تھی مگر فی الحال اس مدرسہ کو طالبات کے لئے مخصوص کر دیا گیا ہے اب وہاں صرف طالبات مقیم ہیں، اس مسجد میں مدرسہ کے دو تین ذمہ دار حضرات نماز باجماعت ادا کریں اور تمام طالبات مسجد کی بالائی منزل میں اقتداء کر کے جماعت کے ساتھ نماز ادا کریں تو یہ طریقہ کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) عورتوں کے حق میں جماعت نہ مطلوب ہے[1]، نہ وہ اس کی مامور اور مکلف ہیں ان کو تو فرادیٰ فرادیٰ (تنہا تنہا) ہی نماز ادا کرنے کی عادت ڈالنا چاہئے۔ لہٰذا صورت مسئولہ میں طالبات فرادیٰ فرادیٰ ہی نماز ادا کریں

(۱) ویکرہ تحریماً جماعۃ النساء ولو فی التراویح درمختار علی ھامش ردالمحتار باب الامامۃ ج ۱ ص ۵۶۵

مسجد آباد رہے، وقت پر اذان بھی ہو اور جماعت بھی ہو اس مقصد سے کم از کم دو تین ذمہ دار حضرات پردہ کے اہتمام کے ساتھ مسجد میں نماز باجماعت ادا کرلیں، اگر وقت میں زیادہ گنجائش نہ ہو تو وہاں صرف فرض ادا کرلیں اور سنت اپنے مقام (کمرہ) میں ادا کرلیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## غیر مقلد، جماعت کی نماز میں اپنا ٹخنہ قریبی نمازی کے ٹخنہ سے ملانا ضروری سمجھتے ہیں کیا یہ صحیح ہے؟ اور اس کا کیا مطلب ہے:

(سوال ۱۰۲) بخدمت اقدس حضرت مفتی صاحب مدظلہ العالی، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔

بعد سلام مسنون گذارش ہے کہ مندرجہ ذیل سوال کا تحقیقی جواب مطلوب ہے امید ہے کہ آپ تشفی بخش مدلل جواب مرحمت فرما کر عنداللہ ماجور ہوں گے۔

استفتاء:

ریاض الصالحین میں باب فضل الصف الاول والامر باتمام الصفوف میں حدیث نمبر ۱۹۵ میں یوں کلمات ہیں وفی روایۃ للبخاری وکان احدنا یلزق منکبہ بمنکب صاحبہ وقدمہ بقدمہ. روایت کے ان کلمات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ نماز میں ایک نمازی کے قدم دوسرے نمازی کے قدم کے ساتھ کھڑے ہونے کی حالت میں (حالت قیام میں) ملے ہوئے ہونے چاہئے، جیسا کہ اہل حدیث کہتے ہیں۔

یہاں امریکہ کنیڈا میں تمام احناف کی مساجد میں یہ اہل حدیث حضرات بڑی تعداد میں نماز ادا کرتے ہیں اور صف سیدھی کرنے کے مسئلہ میں مذکورہ بخاری شریف کی حدیث سے بحث بھی کرتے ہیں۔

جناب والا کی خدمت اقدس میں مؤدبانہ گذارش ہے کہ اس حدیث پاک کا احناف کے یہاں کیا جواب ہے، نماز کی حالت میں صف میں ایک آدمی دوسرے قریب والے ساتھی کے ساتھ پاؤں کی انگلیاں ملا کر صف کو درست کرے گا؟ یا کندھے سے کندھا ملائے جیسے احناف کا مسئلہ ہے، تفصیل سے اس کی تحقیق اور دلائل قلم بند فرمائیں، جزاکم اللہ بینوا توجروا (کنیڈا)

(الجواب) حامداً ومصلیاً ومسلماً، وہو الموافق: احادیث مبارکہ میں صفیں سیدھی اور درست کرنے کی از حد تاکید آئی ہے۔

ایک حدیث میں ہے۔

عن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ سلم رصوا صفوفکم و قاربوا بینھا وحاذوا بالا عناق فوا لذی نفسی بیدہ انی لأ ری الشیطان ید خل من خلل الصف کانھا الحذف رواہ ابو داؤد. (مشکوۃ شریف ص ۹۸ باب تسویۃ الصفوف)

ترجمہ:۔ حضرت انس سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا اپنے صفوں کو درست کرو، اور قریب قریب ہوکر کھڑے رہو اور کندھا کندھے کے محاذ میں رکھو، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے شیطان کو



دیکھتا ہوں کہ وہ بکری کے بچہ کی طرح صفوں کے درمیان خالی جگہوں میں گھس جاتا ہے۔

(۲) عن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سووا صفوفکم فان تسویۃ الصفوف من اقامۃ الصلوۃ متفق علیہ. (ایضاً مشکوۃ شریف ص ۹۸)

ترجمہ:۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا لوگو! نماز میں صفیں درست کیا کرو اس لئے کہ صفوں کا سیدھا اور درست رکھنا اقامت صلوۃ میں سے ہے، یعنی نماز اچھی طرح ادا کرنے کا ایک جزء ہے۔

(۳) عن النعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسوی صفوفنا ...... ثم خرج یوماً حتی کاد ان یکبر فرأی رجلاً بادیاً صدرہ من الصف فقال عباد اللہ لتسون صفوفکم او لیخالفن اللہ بین وجوھکم، رواہ مسلم. (ایضاً مشکوۃ شریف ص ۹۸)

ترجمہ:۔ حضرت نعمان بن بشیرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہماری صفوں کو درست فرمایا کرتے تھے ...... ایک دن آپ ﷺ تشریف لائے (اور) قریب تھا کہ آپ تکبیر کہیں کہ ایک شخص کو دیکھا کہ وہ صف سے اپنا سینہ باہر نکالے ہوئے ہے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ کے بندو، اتم اپنی صفیں سیدھی رکھا کرو ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے چہروں کو بگاڑ دے گا۔

(۴) عن انس رضی اللہ عنہ اقیمت الصلوۃ فاقبل علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوجھہ فقال اقیموا صفوفکم وتوا صوا فانی اراکم من وراء ظھری رواہ البخاری (مشکوۃ ص ۹۸)

ترجمہ:۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ (ایک مرتبہ) نماز کھڑی ہوئی، رسول اللہ ﷺ ہماری طرف متوجہ ہوئے، آپ نے ارشاد فرمایا اپنی صفیں درست کرو اور مل مل کر کھڑے رہو میں تم کو اپنے پیچھے سے بھی دیکھتا ہوں۔

(۵) عن ابن عمر رضی اللہ عنھما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقیموا الصفوف وحاذوا بین المناکب وسدوا الخلل ولینوا بایدی اخوانکم ولا تذروا فرجات الشیطان ومن وصل صفاً وصلہ اللہ ومن قطع صفاً قطعہ اللہ، رواہ ابو داؤد (ایضاً مشکوۃ شریف ص ۹۹)

ترجمہ:۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ صفیں سیدھی کرو اور کندھا کندھے کے محاذ میں رکھو اور صفوں میں جو خالی جگہ ہو اسے پر کرو اور اپنے بھائیوں کے لئے نرم ہو جاؤ اور شیطان کے لئے درمیان میں فرجہ (خالی جگہ) مت چھوڑو اور جس نے صف ملائی (یعنی خالی جگہ پر کردی اور وہاں کھڑا رہا) اللہ تعالیٰ اس کو (اپنے فضل اور رحمت کے ساتھ) ملائے گا اور جو شخص صف توڑے گا، اللہ تعالیٰ اس کو (مقام قرب سے) دور ڈال دے گا (مظاہر حق ص ۳۵۸، ص ۳۵۹ ج ۱)

(۶) عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توسطوا الامام وسدو الخلل رواہ ابو داؤد (مشکوۃ شریف ص ۹۹ ایضاً)

ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا امام کو درمیان میں رکھو اور صفوں میں جو خالی جگہ ہو اسے پر کرو۔

27

مندرجہ بالا احادیث کے علاوہ اور بھی احادیث ہیں، ان تمام سے بہت تاکید کے ساتھ ثابت ہوتا ہے کہ صفیں استوار ہونا چاہئے، سب مقتدی قریب قریب مل مل کر کھڑے ہوں، درمیان میں خالی جگہ نہ چھوڑیں، آگے پیچھے کھڑے نہ ہوں، حضور اقدس ﷺ قولاً بھی صفیں سیدھی اور درست کرنے کی تاکید فرماتے اور عملاً بھی درست فرماتے تھے، حضور اقدس ﷺ کی اس تاکید اور اہتمام کا اثر اور نتیجہ تھا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین اہتمام سے صفیں درست فرمایا کرتے تھے۔

سوال میں ریاض الصالحین کے حوالہ سے روایت نقل کی گئی ہے "وفی روایۃ للبخاری وکان احدنا یلزق منکبہ بمنکب صاحبہ وقدمہ بقدمہ" اس روایت کے متعلق عرض ہے کہ یہ روایت اپنے حقیقی معنی پر محمول نہیں ہے، نیز یہ بھی ذہن میں رہے کہ یہ الفاظ "وکان احدنا ..... الخ" حضور اقدس ﷺ کے نہیں ہیں راوی کے الفاظ ہیں علامہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ اور حافظ بدرالدین عینی رحمہ اللہ نے بھی اس کی تصریح فرمائی ہے کما یجیٔ، اس لئے ایسا باور کرنا اور باور کرانا کہ یہ حدیث مرفوع ہے اور حضور اقدس ﷺ کا حکم ہے غلط ہوگا اور دھوکا سمجھا جائے گا۔ اس روایت کا مقصد صفوں کی درستگی اور سیدھا رکھنے اور مل مل کر کھڑے ہونے میں جو اہتمام اور مبالغہ ہوتا تھا اس کو بیان کرتا ہے راوی فرماتے ہیں کہ ہم صف میں مل مل کر اور بالکل سیدھے کھڑے ہوتے تھے کہ گویا ہم میں سے ہر ایک کے قدم دوسرے کے قدم سے اور کندھا کندھے سے ملا ہوا ہوتا تھا، درمیان میں خالی جگہ بالکل نہیں چھوڑتے تھے، ریاض الصالحین میں یہ روایت بخاری شریف کے حوالہ سے نقل کی گئی ہے، بخاری شریف کے مشہور شارح حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں۔

باب الزاق المنکب بالمنکب والقدم بالقدم فی الصف. عن انس رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اقیموا صفوفکم فانی اراکم من وراء ظهری وکان احدنا یلزق منکبہ بمنکب صاحبہ وقدمہ بقدمہ. المراد بذلک المبالغة فی تعدیل الصف وسد خللہ وقد ورد الامر بسد خلل الصف والترغیب فیہ ..... الیٰ قولہ. (قولہ عن انس) رواہ سعید بن منصور عن هشیم فصرح فیہ بتحدیث انس لحمید ومنہ الزیادة التی فی آخرہ وهی قولہ، وکان احدنا الخ، وصرح بانها من قول انس. (فتح الباری شرح صحیح البخاری ۲/۲۱۱)

علامہ بدرالدین عینی عمدۃ القاری شرح بخاری میں تحریر فرماتے ہیں۔

"باب الصاق المنکب بالمنکب والقدم بالقدم" ای هذا باب فی بیان الصاق المنکب بالمنکب الی آخرہ واشار بهذا الی المبالغة فی تعدیل الصفوف وسد الخلل. (قولہ کعبہ بکعب صاحبہ ای یلزق کعبہ بکعب صاحبہ الذی بحذائہ، ورواہ سعید بن منصور عن هشیم فصرح فیہ بتحدیث انس لحمید وفیہ الزیادة التی فی آخرہ وهی قولہ وکان احدنا الی آخرہ وصرح بانها من قول انس، واخرجہ الاسماعیلی من روایة معمر عن حمید بلفظ قال انس فلقد رأیت احدنا الیٰ آخرہ (عمدۃ القاری ۵/۲۵۹، ص ۲۶۰) (عمدۃ القاری شرح بخاری ۵/۲۵۹، ۲۶۰)

مذکورہ دونوں صحیح بخاری کے شارح کی عبارتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ روایت کا مطلب وہی ہے جو اوپر ہم



نے بیان کیا ہے، اس روایت کا یہ مطلب نہیں ہے کہ نمازی اپنے پیروں کو تکلف کے ساتھ چوڑے کرکے قریب والے مقتدی کے ساتھ اپنے قدم ملا دے، اس طرح کھڑے رہنے سے انسان کی صورت محمودہ بھی خراب معلوم ہوتی ہے اور یہ صورت نماز میں خشوع وخضوع وتذلل کے بھی خلاف ہے، لہذا تکلف کرکے قصداً وارادۃً پیر چوڑے کرکے کھڑا ہونا کسی حالت میں روایت کا مقصود نہیں ہوسکتا۔

معارف السنن شرح سنن ترمذی میں ہے: واما فی صحیح البخاری" من (باب الزاق المنکب بالمنکب) ..... وفیہ قال النعمان بن بشیر: رأیت الرجل منا یلزق کعبہ بکعب صاحبہ. ووصلہ ابو داؤد فی "سننہ" من حدیث ابی القاسم الجدلی عن نعمان بن بشیر وصححہ ابن خزیمة کما فی "الفتح" واخرجہ ابن حبان فی "صحیحہ" کما فی العمدة، فزعمہ بعض الناس انہ علی الحقیقة ولیس الامر کذالک بل المراد بذلک مبالغة الراوی فی تعدیل الصف وسد الخلل کما فی "الفتح" (۲.۱۶۲) والعمدة (۲.۲۹۴) وهذا یرد علی الذین یدعون العمل بالسنة ویزعمون التمسک بالاحادیث، فی بلادنا حیث یجتهدون فی الزاق کعابهم بکعاب القائمین فی الصف ویفرجون جدًا لتفریج بین قدمیهم مایؤدی الیٰ تکلف وتصنع ویبدلون الاوضاع الطبیعیة ویشوهون الهیئة الملائمة للخشوع وارادوا ان یسدوا الخلل والفرج بین المقتدین فابقوا خللا وفرجة واسعة بین قدمیهم ولم یدروا ان هذا اقبح من ذلک وقد وقعوا فیہ لعدم تنبههم للغرض ولجمودهم بظاهر الالفاظ وقبائح ذلک لاتخفی ویعلم ذلک من درس مذهب الظاهریة ..... الی قولہ. واما الفصل بین القدمین فالحق عدم التحدید فی ذلک، وانما الانسب بحال المصلی مایکون اقرب الی الخشوع واوفق بموضوع التذلل، وفی "سنن النسائی" (۱.۱۴۲) (باب الصف بین القدمین فی الصلوة) ان عبد اللہ رأی رجلاً یصلی قدصف بین قدمیہ فقال: اخطأ السنة ولو راوح بینهما کان اعجب الیّ والصف هنا هو الوصل بین القدمین والمراوحة فی الاصل هو الاعتماد علیٰ احدهما تارةً وبالاخری تارةً کما فی حدیث وفد ثقیف فی "سنن ابی داؤد" حتی یراوح بین رجلیہ من طول القیام" ولکن فی التفریج قلیلاً ایضا مراوحة ولعلہ هو المراد بالمراوحة هنا وبالجملة ثبت من هذا عدم التفریج الکثیر بین القدمین ثم لم ینکر ابن مسعود الوصل فقط بل عدم المراوحة، ولعل الغرض هو الانکار علی المبالغة فی الزاق قدمہ بقدمہ، فالسنة ان لا یفرج المصلی بین قدمیہ جداً ولا یصل جداً بل بین التفریج والوصل فاذا لم یکن التفریج کثیراً لم یکن الزاق کعب المصلی بکعب اخر فاذن تکون روایة الالزاق محمولة علی ماذکرہ البدر والشهاب وهذا الذی یعینہ الشیخ رحمہ اللہ فی هذا الباب واللہ اعلم بالصواب ..... الخ (معارف السنن ۲/۲۹۷، ۲۹۸، ۲۹۹. تالیف علامة العصر المحدث الکبیر الشیخ محمد یوسف الحسینی رحمہ اللہ)

انوار الباری شرح بخاری (مجموعۂ افادات محدث عصر، حافظ حدیث، علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ) میں

ہے۔ باب الزاق المنکب بالمنکب والقدم بالقدم۔ یہ الزاق المکب عنوان جو بخاری میں ہے، ترمذی وغیرہ میں نہیں ہے۔ حضرت شاہ صاحبؒ نے فرمایا کہ فقہائے اربعہ اور جمہور کے یہاں الزاق سے مراد یہ ہے کہ درمیان میں فرجہ نہ ہو اور اس کو صرف غیر مقلدوں نے حقیقت پر محمول کیا ہے اور وہ نماز جماعت میں اس کا بڑا اہتمام کرتے ہیں اور اس طرح تکلف کر کے اپنے دونوں پیروں کے درمیان اتنا فصل کر کے کھڑے ہوتے ہیں کہ دوسرے قریبی نمازی کے قدموں سے مل جائیں، اس طرح وہ تکلف اور تصنع کر کے اوضاع طبعیہ اور ہیئت وصورت مناسبہ محمودہ کو بگاڑ دیتے ہیں جو نماز کے ظاہری حسن وحالت خشوع کے بھی خلاف ہوتا ہے، اس کو وہ لوگ تمسک بالسنۃ کا نام دیتے ہیں، جب کہ اصحاب مذاہب اربعہ اور متقدمین کے یہاں اس طرح کا معمول نہیں تھا، اور تعامل سلف وتوارث بہت بڑی حجت ہے اور وہ الزاق کا مطلب صرف ٹخنوں اور مونڈھوں کی برابری اور قرب کو سمجھتے تھے تاکہ صف سیدھی ہو اور دو نمازیوں کے درمیان خالی جگہ نہ رہے۔

رہا یہ کہ خود نمازی اپنے دونوں قدموں کے درمیان کتنا فاصلہ کرے یہ نمازی کے حال پر ہے کہ وہ سہولت کے ساتھ بلا تصنع وتکلف کے اس طرح کھڑا ہو جس سے خشوع وتذلل ظاہر ہو، نسائی باب الصف بین قدمیہ میں ہے کہ حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ نماز میں دونوں قدم ملا کر کھڑا ہے، فرمایا اس نے سنت کو چھوڑ دیا اگر یہ مراوحہ کرتا تو مجھے اچھا لگتا کہ دونوں پیروں میں کچھ فاصلہ کر کے آرام واطمینان کے ساتھ کھڑا ہوتا لہذا سنت یہ معلوم ہوئی کہ نہ دونوں پاؤں ملا کر کھڑا ہو، اور نہ بہت چوڑا کر کے کھڑا ہو۔

حافظ نے فتح الباری ج ۲ ص ۱۴۴ میں لکھا ہے کہ حدیث الباب میں الزاق سے مقصود تعدیل صف وسد الخلل کے لئے مبالغہ ہے چنانچہ دوسری احادیث میں ہے کہ صفوں کو سیدھا کرو اور مونڈھوں کو ایک سیدھ میں رکھو، درمیان میں جگہ نہ چھوڑو کہ شیطان دراندازی کرے عمدہ ج ۲ ص ۹۴ ۷ طبع استنبول میں بھی یہی مضمون ہے، غرض دوسری سب احادیث میں چونکہ حکم نبوی صرف تعدیل صف اور سد الخلل ہی کا ہے اس لئے شارحین حدیث نے الزاق کو راوی کے مبالغہ پر محمول کیا ہے، چونکہ خود حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے الزاق کا حکم نہیں فرمایا اس لئے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے معتدل طریقہ نماز میں کھڑے ہونے کا متعین فرمادیا جو منفرد ومقتدی دونوں کے لئے یکساں ہے الخ (انوار الباری ص ۱۸۰، ص ۱۸۱ جلد نمبر ۳ قسط نمبر ۱۵ مؤلفہ مولانا سید احمد رضا بجنوری مدظلہم فاضل دیوبند)

معارف مدنیہ (تقریر ترمذی شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ) میں ہے۔

## تیسری بحث:

نعمان: کی روایت میں جو یہ الفاظ گذرے ہیں کہ آدمی اپنا مونڈھا دوسرے کے مونڈھے سے گھٹنا دوسرے کے گھٹنے سے اور ٹخنا دوسرے کے ٹخنے سے ملا لیتا تھا (ابوداؤد) اس سے اہل حدیث حضرات یہ ثابت کرتے ہیں کہ ہر ایک کو اپنا ٹخنا دوسرے کے ٹخنے سے ضرور ملا لینا چاہئے، اور اس پر بہت شدت اور مبالغہ سے عمل کرتے ہیں، خواہ اس کی وجہ سے



اپنے دونوں قدموں کے درمیان کتنا ہی فاصلہ کیوں نہ ہو جائے، لیکن یہ بات حدیث کے مقصد کے بالکل خلاف ہے، حافظ ابن حجر عسقلانیؒ علامہ عینیؒ ودیگر محققین کہتے ہیں کہ حدیث میں ٹخنوں سے ٹخنہ کا حقیقتاً ملالینا مراد نہیں ہے بلکہ صفوں کا زیادہ سے زیادہ سیدھا کرنا اور بیچ میں خالی جگہ نہ چھوڑنا مقصود ہے یعنی ہر ایک کے قدم اور ٹخنے دوسرے سے اتنے متصل اور محاذی (برابر) ہونے چاہئیں کہ گویا ایک دوسرے سے چپکے ہوئے ہیں خواہ حقیقتاً ملے ہوئے ہوں یا نہ ہوں، اس توجیہ کے کئی قرآئن ہیں، اول محققین نے حضرت نعمانؓ کی روایت کے یہی معنی سمجھے ہیں، دوسرے حقیقی معنی پر عمل بہت دشوار ہے اور تکلف سے خالی نہیں اور یہ نماز کے خشوع میں خلل ڈالنے والا ہے، تیسرے، دوسری احادیث دیکھنے سے شارع علیہ الصلوۃ والسلام کی مراد خود واضح ہو جاتی ہے، ان احادیث میں الفاظ یہ ہیں (بیچ کی جگہ پر کرو، شیطان کے لئے بیچ میں خالی جگہ مت چھوڑو، صفوں کو ملاؤ اور سیدھی رکھو) (او کما قال علیہ الصلوۃ والسلام) ان الفاظ سے جو مقصد ظاہر ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ صفیں خوب ملی ہوئی اور برابر ہونی چاہئے اور ان میں فاصلہ نہ ہونا چاہئے۔ یہ کہیں ثابت نہیں ہوتا کہ ایک ٹخنا دوسرے ٹخنے سے ضرور ملا ہوا ہونا چاہئے اور ان میں ذرہ برابر فاصلہ نہ ہونا چاہئے، چوتھے، صف میں ایک دوسرے سے مل کر کھڑا ہو تو چاہے ٹخنے الگ الگ ہیں تب بھی وہ صف متصل مانی جاتی ہے اس لئے ٹخنوں کے اتصال پر صف کا اتصال موقوف نہیں، پانچویں۔ ٹخنے ملے ہوئے ہوں تب بھی ٹخنوں سے اوپر پنڈلی کا باریک حصہ الگ الگ ہی رہتا ہے، لہذا ٹخنے ملانے والوں کو اس کے ملانے کی بھی کوئی سبیل نکالنی چاہئے، اور اگر دشوار ہونے کی بنا پر اس باریک حصہ کی ملانے کو مستثنیٰ قرار دیا جائے تو یہی علت ٹخنوں میں بھی پائی جاتی ہے، لہذا ان کو بھی مستثنیٰ ماننا پڑے گا۔ چھٹے، اگر الزاق کے حقیقی معنی لینے ضروری ہیں تو حدیث میں لفظ تراصو آیا ہے اس کے بھی حقیقی معنی لینے ہوں گی جو یہ ہیں (سیسہ کی دیوار کی طرح متصل ہو جایا کرو) لہذا نمازیوں کے جسموں میں نیچے سے اوپر تک کہیں ذرا سا بھی فرجہ (خالی جگہ) نہ رہنا چاہئے، اس لئے ٹخنوں کے علاوہ دوسرے حصوں کو ملانے کی بھی کوشش کرنی چاہئے مثلاً پنڈلی اور کوکھ کے درمیان بھی فاصلہ نہ رہنا چاہئے، اگر کہا جائے کہ یہ دشوار ہے اس لئے معنی حقیقی مراد نہیں تو یہی جواب ٹخنوں کو ملانے کا بھی ہے، ساتویں۔ دوسرے کے قدم سے اپنے قدم ملانے میں نمازی کے اپنے پیروں کے درمیان بہت فاصلہ ہو جاتا ہے جو نماز کی ہیئت اور خشوع وخضوع کے خلاف ہے اور کسی حدیث سے کہیں اپنے قدموں میں اتنا فاصلہ کرنے کا ثبوت نہیں ملتا بلکہ اس کے خلاف یہ ثابت ہوتا ہے کہ قدموں میں زیادہ فاصلہ نہ ہونا چاہئے، چنانچہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ ثابت ہے کہ وہ نہ ایک قدم کو دوسرے سے زیادہ دور رکھتے تھے نہ بالکل ملا دیتے تھے بلکہ اس کے درمیان رکھتے تھے نہ زیادہ قریب نہ زیادہ دور (لامع الدراری) علامہ شامیؒ اور صاحب سعایہ کہتے ہیں کہ محققین کے نزدیک قدمین میں چار انگل کی مقدار فاصلہ ہونا چاہئے کیونکہ یہ اقرب الی الخشوع ہے، بعض شوافع کا بھی یہی قول ہے، دوسرا قول ان کا یہ ہے کہ ایک بالشت کا فاصلہ ہونا چاہئے۔ آٹھویں۔ لوگوں کے قد وقامت میں فرق ہونے کی وجہ سے منکب (مونڈھے) کا منکب سے حقیقتاً ملانا بسا اوقات ناممکن ہوتا ہے اس لئے مجازی معنی یعنی شدت اتصال مراد لینا پڑے گا یہ اس بات کا قرینہ ہے کہ کعبین (ٹخنوں) میں بھی یہی مراد ہے۔ نویں، انفراد (تنہا پڑھنے) کی

حالت میں اور جماعت کے ساتھ پڑھنے کی حالت میں کوئی ٹانگیں چیر کر نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہو جائے تو یہ ادب کے خلاف سمجھا جائے گا، لہذا یہی حکم جماعت کی حالت میں بھی ہونا چاہئے، دسویں۔ روایات کا مفہوم متعین کرنے میں امت کے تعامل (عمل متواتر) کو بڑا دخل ہوتا ہے، بہت سے مسائل میں تعامل سے ہی مراد متعین ہوتی ہے اس لئے یہاں بھی تعامل کو دیکھنا ہوگا، ائمہ اربعہ میں سے بعض نے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کا آخری دور اور باقی نے تابعین اور تبع تابعین کا دور دیکھا ہے اور اس زمانہ کے تعامل کا مشاہدہ کیا ہے ان کے بعد ان کے تلامذہ اور متبعین قرناً بعد قرن ان کے طرز عمل کو دیکھتے اور اس پر عمل کرتے چلے آئے ہیں، یہاں تک کہ ہمارا دور آ گیا، ہمارے دور تک امت کے اکثر حصہ کا عمل ٹخنوں کو ٹخنوں سے ملا دینے کے خلاف ہے اس لئے تعامل کی روشنی میں نعمان بن بشیرؓ کی روایت کا مفہوم یہی متعین ہوتا ہے کہ اس سے مراد صف کا برابر اور متصل ہونا ہے اس لئے ظاہری حضرات کا مدعا اس سے کسی طرح ثابت نہیں ہوتا۔ (معارف مدنیہ ص ۹۸ ص ۹۹ حصہ چہارم، صفوں کو سیدھا کرنے کا بیان)۔

فقط واللہ اعلم بالصواب

## (۱) اگلی صفوف والوں کو ختم جماعت کے بعد سہولت ہو اس غرض سے پچھلی تمام صفوف میں پہلے سے دو، دو تین تین آدمیوں کو کھڑا رکھنا (۲) انتظامیہ کی طرف سے مسجد میں کرسیوں کا نظم جس کے نتیجہ میں غیر معذور بھی کرسیاں استعمال کرنے لگے:

(سوال ۲۰۲) اس مسجد کے اندر الحمد اللہ مصلی بہت زیادہ ہوتے ہیں لیکن جماعت میں جو لوگ دیر سے پہنچتے ہیں جن کی کچھ رکعتیں چھوٹ گئی ہوں وہ امام صاحب کے سلام پھیرنے کے بعد پوری کرتے ہیں تو آگے والے کو اس کی نماز پوری کرنے تک ٹھہرنا پڑتا ہے، تو ان کو جلدی نکلنے کی سہولت کے لئے جب نماز کھڑی ہوتی ہے تو آگے کی چند صفوں کو چھوڑ کر پیچھے کی صفوں میں امام صاحب کے پیچھے ہر صف میں پہلے سے دو، تین تین آدمیوں کو کھڑے کر دیئے جاتے ہیں تا کہ نماز بعد کے آگے والوں کو نکلنے کے لئے بیچ میں راستہ مل سکے، نماز کے ختم ہونے تک پیچھے کی تمام صفیں بھر جاتی ہیں، تو آیا پہلی سے بیچ صف میں اس طرح لوگوں کو کھڑا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

(۲) اسی مسجد کے اندر ایک چیز یہ ہے کہ ہر نماز میں پیچھے کی صف میں چند کرسیاں رکھ دی جاتی ہیں اور جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے لئے قریب پچاس ساٹھ کرسیاں رکھ دی جاتی ہیں، اور وہ انتظام اراکین مسجد کی طرف سے کیا جاتا ہے، اب اس میں بعض معذورین کے ساتھ اکثر ایسے لوگ کرسیوں پر بیٹھ کر نماز پڑھتے ہیں جو نماز میں اچھی طرح کھڑے ہو سکتے ہیں، اراکین کا یہ انتظام گویا کہ لوگوں کو دعوت دے رہا ہے کرسیوں پر بیٹھ کر نماز پڑھنے کے لئے، تو آیا اس طریقہ سے پہلے سے کرسیوں کا انتظام کرنا اور ایسے ویسے بہانے بنا کر کرسیوں پر نماز پڑھنا کیسا ہے، امید ہے کہ تفصیلی جواب دے کر ممنون مشکور فرمائیں گے۔



(الجواب) حامداً و مصلیاً و مسلماً وھو الموفق.

(۱) سوال میں جو صورت لکھی ہے یہ خلاف سنت اور سخت مکروہ تحریمی ہے اور صف بندی کے اصول و طریقہ کے بالکل خلاف ہے، صف بندی کا مسنون اور صحیح طریقہ یہ ہے کہ پہلے اگلی صف کو مکمل کیا جائے، سب مل کر کھڑے ہوں درمیان میں خالی جگہ نہ چھوڑیں، اس کے بعد دوسری صف شروع ہو، دوسری صف مکمل ہونے کے بعد تیسری پھر چوتھی پھر پانچویں۔ الخ حدیث میں ہے۔

(۱) عن جابر بن سمرة رضی اللہ عنه فقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم الا تصفون کما تصف الملآئکة عند ربها فقلنا یارسول اللہ و کیف تصف الملائکة عندربها قال یتمون الصفوف الاولیٰ ویتواصون فی الصف ، رواہ مسلم. (مشکوۃ شریف ص ۹۸ باب تسویة الصفوف)

حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم (نماز میں) اس طرح صف کیوں نہیں بناتے جس طرح ملائکہ اپنے رب کے نزدیک صف بناتے ہیں، ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ فرشتے اپنے رب کے نزدیک کس طرح صف بناتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا اگلی صفوں کو پورا کرتے ہیں اور صفوں میں خوب مل کر کھڑے ہوتے ہیں۔

مرقاۃ شرح مشکوۃ میں ہے والمعنی لا یشرعون فی صف حتیٰ یکمل الذی قبله. یعنی ملائکہ دوسری صف اس وقت تک شروع نہیں کرتے جب تک اس سے اگلی صف مکمل نہ ہو جائے۔

(مرقاۃ ص ۷۰ ج ۳ مطبوعہ ملتان)

(۲) عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اتمو الصف المقدم ثم الذی یلیه فما کان من نقص فلیکن فی الصف المؤخر (مشکوۃ شریف ص ۹۸ ایضاً)

حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا لوگو پہلے اگلی صف پوری کیا کرو پھر اس کے قریب والی تا کہ جو کمی رہے وہ آخری صف میں رہے۔

اس حدیث سے صراحۃً ثابت ہوتا ہے کہ اگلی صف مکمل کرنے کے بعد ہی پچھلی صف شروع کرنا چاہئے۔

(۳) عبدالرزاق عن الثوری عن عمر بن قیس و حماد او احد ھما عن ابراھیم انه کان یکرہ ان یقوم الرجل فی الصف الثانی حتی یتم الصف الا ول ویکرہ ان یقوم فی الصف الثالث حتی یتم الصف الثانی والا مام ینبغی ان یا مرھم بذلک (مصنف عبدالرزاق ص ۵۵ ج ۲)

ابراہیم نخعی سے روایت ہے کہ آپ پہلی صف مکمل ہونے سے پہلے دوسری صف کے قیام کو مکروہ سمجھتے تھے، اسی طرح دوسری صف مکمل ہونے سے پہلے تیسری صف کے قیام کو مکروہ فرماتے تھے اور امام کے لئے مناسب ہے کہ مقتدیوں کو اس طرح صف بنانے کا حکم کرے (کہ اگلی صف مکمل ہونے سے قبل دوسری صف شروع نہ کریں)۔

(۴) عن البراء بن عازب قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول ان اللہ وملئکته یصلون علی الذین یلون الصفوف الا ولی وما من خطوۃ احب الی اللہ من خطوۃ یمشیھا یصل بھا صفا ، رواہ ابو داؤد، (مشکوۃ شریف ص ۹۸ باب تسویة الصفوف)

حضرت براء عازبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں ان لوگوں پر جو اگلی صفوں کے قریب ہوتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کو وہ قدم سب سے زیادہ محبوب ہے کہ صف ملانے کے لئے چلے (یعنی اگر اگلی صف میں جگہ خالی ہو تو اس کو پر کرنے کے لئے وہاں جاکر کھڑا ہو۔

(۵) عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقیموا الصفوف وحاذوا بین المناکب و سدوا الخلل ولینوا بایدی اخوانکم ولا تذروا فرجات الشیطان، ومن وصل صفاً وصلہ اللہ ومن قطع صفاً قطعہ اللہ، رواہ ابو داؤد. (مشکوٰۃ شریف ص ۹۸ باب تسویۃ الصفوف)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا صفوں کو سیدھا کرو اور کندھا کندھے کے برابر (محاذ میں) رکھو (یعنی آگے پیچھے ہوکر کھڑے نہ رہو) اور صفوں میں جو خالی جگہ ہو اسے پر کرو اور شیطان کے لئے درمیان میں فرجہ (خالی جگہ) مت چھوڑو اور جس نے صف ملائی (یعنی خالی جگہ میں جاکر کھڑا رہا) اس کو اللہ تعالیٰ (اپنے فضل ورحمت سے) ملائے گا اور جو شخص صف توڑے گا اللہ تعالیٰ اس کو (مقام قرب سے) دور ڈال دے گا۔

فقہ کی مشہور کتاب درمختار میں ہے: وقدمنا کراھیۃ القیام فی صف خلف صف فیہ فرجۃ للنھی، یعنی اگلی صف میں جگہ ہوتے ہوئے پچھلی صف میں کھڑا ہونا مکروہ ہے۔ (درمختار مع ردالمحتار ص ۶۰۵ ج ا مکروہات الصلوٰۃ)

صورت مسئولہ میں جو لوگ شروع سے مسجد میں حاضر ہوں اور پھر ان کو اگلی صفوں کے بجائے پچھلی صفوں میں دو دو تین تین کرکے کھڑا کرنا، ان کو کتنی بڑی فضیلت سے محروم کرنا اور مکروہ کا ارتکاب کروانا ہے اور کیسی بھونڈی صورت ہے، لہٰذا سوال میں جو طریقہ درج ہے اس کو فوراً بند کیا جائے، یہ بہت سخت مکروہ تحریمی ہے۔ اگلی صف والوں کو پچھلی صف والے نمازیوں کے نماز پورا کرنے کے انتظار میں اگر تھوڑی دیر ٹھہرنا پڑے تو اس میں کیا حرج ہے، افسوس دنیوی مشاغل میں گھنٹوں گذر جاتے ہیں اور وقت گذرنے کا خیال تک نہیں آتا اور مسجد میں تھوڑی دیر ٹھہرنا گراں گذرتا ہے اور ان کی سہولت کے لئے اتنے سخت مکروہ کام کا ارتکاب کیا جاتا ہے، بہت ہی قابل افسوس اور لائق ترک ہے، نماز اور نمازیوں کے احترام میں اگر اگلی صف والے مسجد میں اپنی جگہ ٹھہریں گے تو انشاء اللہ اجر وثواب کے حق دار ہوں گے اور فرشتوں کی دعاؤں کے مستحق بنیں گے، حدیث میں ہے۔ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ الرجل فی الجماعۃ تضعف علی صلوتہ فی بیتہ وفی سوقہ خمسا وعشرین ضعفا وذلک انہ اذا توضا فاحسن الوضوء ثم خرج الی المسجد لا یخرجہ الا الصلوۃ لم یخط خطوۃ الا رفعت لہ بھا درجۃ وحط عنہ بھا خطیئۃ فاذا صلی لم تزل الملئکۃ تصلی علیہ مادام فی مصلاہ اللھم صل علیہ اللھم ارحمہ ولا یزال احدکم فی صلوۃ ما انتظر الصلوۃ، وفی روایۃ قال اذا دخل المسجد کانت الصلوۃ تحبسہ وزاد فی دعاء الملائکۃ اللھم اغفر لہ اللھم تب علیہ مالم یو ذفیہ احداً مالم یحدث فیہ متفق علیہ.

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا مرد کا نماز باجماعت پڑھنا اپنے گھر اور بازار میں نماز پڑھنے سے پچیس درجہ زیادہ ثواب رکھتا ہے، جو شخص اچھی طرح وضو کرکے مسجد جاتا ہے اور اس کے جانے



کا مقصد صرف نماز پڑھنا ہوتا ہے تو یہ شخص جو قدم رکھتا ہے اس پر ایک درجہ بلند کیا جاتا ہے اور ایک گناہ معاف ہوتا ہے، جب یہ شخص نماز پڑھتا ہے تو فرشتے اس کے لئے دعاء کرتے ہیں جب تک اپنی نماز کی جگہ بیٹھا رہتا ہے (فرشتوں کی دعا یہ ہے) اے اللہ اس پر رحمت نازل فرما، اے اللہ اس پر رحم فرما، اور اگر دوسری نماز کے انتظار میں بیٹھتا ہے تو اس زمانہ میں اس کو نماز ہی کا ثواب ملتا ہے، اور ایک روایت میں فرشتوں کی دعا میں یہ اضافہ ہے، اے اللہ اس کی مغفرت فرما اے اللہ اس کی توبہ قبول فرما جب تک کہ کسی مسلمان کو (اپنی زبان یا ہاتھ سے) ایذا نہ دے اور جب تک کہ اس کا وضو نہ ٹوٹے، بخاری شریف، مسلم (مشکوٰۃ شریف ص ۶۸ باب المساجد ومواضع الصلوٰۃ)

(الجواب ۲) جو لوگ حقیقت میں معذور ہوں اور کھڑے ہوکر نماز نہ پڑھ سکتے ہوں وہ کرسی پر بیٹھ کر نماز پڑھ سکتے ہیں ایسے معذورین اپنے طور پر کرسی کا انتظام کریں، یہ ذمہ داری خود ان کی ہے مسجد کے متولی اور خدام کی ذمہ داری نہیں ہے، پہلے سے کرسیاں رکھ دینے سے غیر معذورین بھی اس پر نماز پڑھیں گے اور ان کی نماز صحیح نہ ہوگی، لہٰذا یہ طریقہ مناسب نہیں ہے قابل ترک ہے، فقط واللہ اعلم بالصواب ۔۲۲۔ ربیع الثانی ۱۴۱۶ھ۔

## افضل کے ہوتے ہوئے مفضول کا امامت کرنا خصوصاً جب کہ افضل امامت پر آمادہ نہ ہو:

(سوال ۲۰۳) ہمارے یہاں امامت کرنے کے لئے کوئی عالم موجود نہیں، نہ ہی کوئی حافظ ہے اس لئے ایک صاحب خوش دلی کے ساتھ اور بغیر کسی زبردستی کے امامت کا کام سنبھال رہے ہیں، اس خیال سے کہ جب کوئی عالم آدمی ملے گا تو اس کو یہ کام سپرد کردوں گا، اور اس خیال سے بھی کہ کہیں مسجد ویران نہ ہو جائے، اور امامت پر کوئی وظیفہ نہیں لیتے ہیں، اور ان کے لئے علاوہ کوئی اور امامت کرانے کے لئے تیار نہیں، مگر لوگ اس بیچارے کی غیبت کرتے ہیں اور اس کے کچھ اوصاف کو مدنظر رکھتے ہوئے یوں کہتے ہیں کہ اس کے پیچھے نماز نہیں ہوتی، وہ اوصاف یہ ہیں۔

(۱) داڑھی نہیں رکھتے (۲) ان کی ایک دکان ہے جس میں کتابیں اور تصویریں فروخت ہوتی ہیں (۳) یہ جب سجدہ سے اٹھتے ہیں تو کسی عذر کی وجہ سے اپنا پاؤں زمین سے الگ کر لیتے ہیں (ان کے پاس سینما دکھانے کا ایک مشین ہے، جس میں وہ کبھی کبھی لوگوں کو سینما دکھاتے ہیں۔

تو کیا یہ بہتر نہیں کہ ایسا آدمی نماز پڑھائے؟ جب کہ اس کے علاوہ اونچے درجہ کے لوگ موجود ہیں لیکن نماز پڑھانا بالکل نہیں چاہتے۔

(الجواب) حامداً ومصلیاً ومسلماً، افضل کے ہوتے ہوئے مفضول کو امامت کا اعلیٰ منصب سپرد کرنا ممنوع ہے، حدیث میں ہے کہ اگر تم چاہتے ہو کہ تمہاری نماز قبول ہو جائے تو چاہئے کہ تمہارے امامت تمہاری نیک لوگ کریں، ایک حدیث میں ہے کہ اگر تم کو پسند ہو کہ تمہاری نماز قبولیت کا درجہ حاصل کرلے تو چاہئے کہ جو تم میں سب سے زیادہ نیک اور دیندار ہیں وہ تمہارے امام بنیں، کیونکہ امام تمہارے اور تمہارے رب کے درمیان سفیر ہیں (شرح النقایہ ج ا ص ۸۶ باب الامامۃ تحت قولہ ثم الاسن)

ایک حدیث میں ہے اذا ام الرجل وفیھم من ھو خیر منہ لم یزالوا فی سفال (ترجمہ) یعنی

جب کسی قوم کی امامت ایسا شخص کرے کہ اس کے پیچھے اس سے افضل شخص موجود ہے تو وہ قوم ہمیشہ پستی میں رہے گی۔ (فتاویٰ ابن تیمیہ ج ۱ ص ۱۰۸)

ایک حدیث میں ہے:۔ لا یؤم فاجر مؤمناً الا ان یقهره بسلطان یخاف سیفه وسوطه یعنی فاسق وفاجر شخص کسی مومن شخص کی امامت نہ کرے یہ اور بات ہے کہ اس کو اس عہدے پر کسی ایسے حاکم (ذی اقتدار) کی طرف سے مقرر کیا جائے جس کی تلوار اور کوڑے کا اس کو اندیشہ ہو (سنن ابن ماجہ ج ۱ ص ۱۰۸)

لہذا ایسے شخص کو امام بنانا جو داڑھی منڈاتا ہو، تصویریں فروخت کرتا ہو، سینما دیکھنے کا مشغلہ رکھتا ہو نا جائز ہے، اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہوگی، لو قدموا فاسقاً یأثمون یعنی اگر فاسق کو آگے کریں گے، امام بنائیں گے تو گنہگار ہوں گے (کبیری ص ۴۷۹)۔

اور اگر اس کے سوا کوئی دوسرا نماز پڑھانے والا نہ ہو تو جب تک دوسرا انتظام نہ ہو مجبوراً اس کے پیچھے نماز پڑھ لینا اولیٰ ہے۔ فان امکن الصلوة خلف غیرهم فهو افضل والا فالا قتداء اولیٰ من الا نفراد (شامی ج ۱ ص ۵۲۳ باب الامامۃ) مجبوری کی صورت میں کراہت لازم نہیں آئے گی، لیکن جو لوگ امامت کے اہل ہیں اور آگے نہیں بڑھتے ان سے ضرور باز پرس ہوگی۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## عذر کی وجہ سے امام کا بیٹھ کر نماز پڑھانا:

(سوال ۲۰۴) کیا حنفی مسلک کی رو سے امام کو بیٹھ کر امامت کے فرائض انجام دینا جائز ہے؟ خواہ نماز تراویح ہو یا پنج وقتہ؟

(الجواب) حامداً ومصلیاً ومسلماً۔ امام مرض کی وجہ سے بیٹھ کر امامت کے فرائض انجام دے تو جائز ہے (۱) ویجوز اقتداء القائم بالقاعد لمرض عند الشیخین (الیٰ قوله) وجه مذهبنا ان رسول الله صلی الله علیه وسلم ام فی مرض موته فصلیٰ قاعداً وصلی الناس خلفه قیاماً الخ وهذا متاخر عن الاول فیکون ناسخاً (رسائل الارکان ص ۱۰۳) فقط والله اعلم بالصواب.

(۱) اس مسئلہ میں امام محمد اور امام مالک رحمہما اللہ کا اختلاف ہے اس لئے ایسے معذور شخص کو مستقل امام نہیں بنانا چاہیے ۱۲ "سعید احمد پالن پوری"



# صلوٰة من یصلح اماما لغیره

## سجدہ سہو نہ کرنے کی وجہ سے دوبارہ پڑھی ہوئی نماز میں شریک ہونے والے نئے مصلی کا حکم:

(سوال ۲۰۵) امام نے سہواً کوئی واجب ترک کر دیا اور سجدۂ سہو بھی نہیں کیا، بنا بریں نماز لوٹائی پڑھی تو جو شخص پہلی جماعت میں شامل نہ ہو وہ دوسری جماعت میں شامل ہو جائے تو اس کی نماز ہوگی یا نہیں؟

(الجواب) نماز صحیح نہیں ہوگی، دوبارہ پڑھنا پڑے گی۔ اس لئے کہ امام کی یہ دوسری نماز مستقل فرض نہیں ہے، تکمیل فرض کے لئے ہے، لہذا مستقل فرض پڑھنے والے کی اقتداء ایسے امام کے پیچھے صحیح نہیں ہے۔ (۱)

فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## ایسے تعلیم یافتہ کی امامت جو حروف کو صحیح مخارج سے ادا نہ کرے:

(سوال ۲۰۶) ایک اچھا پڑھا لکھا شخص مسجد میں نماز پڑھاتا ہے۔ قدرتی مرض اور عذر کی وجہ سے بعض حروف کی ادائیگی نہیں ہوتی۔ اصل حرف کی جگہ دوسرا حرف سنائی دیتا ہے مثلاً "س" کی جگہ "ج" وغیرہ معلوم ہوتی ہے۔ جد و جہد اور دعا و دوا کے باوجود فرق معلوم نہیں ہوتا لہذا بعض نمازی کہتے ہیں کہ امام غلط پڑھتا ہے اس لئے نماز نہیں ہوتی اور بعض کہتے ہیں کہ نماز صحیح ہو جاتی ہے تو اس مسئلہ کی تفصیل کریں۔

(الجواب) اس میں اختلاف ہے کہ ایسا شخص جس کی زبان سے ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف ادا ہوتا ہو وہ امامت کے لائق ہے یا نہیں؟ احوط اور مفتیٰ بہ یہ ہے کہ ایسے معذور شخص کی امامت غیر معذور کے حق میں صحیح نہیں ہے۔ "نور الایضاح" میں صحت امامت کی چھ شرطوں میں سے ایک شرط یہ بھی ہے کہ امام الثغ نہ ہو وشروط صحة الا مامة للرجال الا صحاء ستة اشیاء الا سلام والبلوغ والعقل والذكورة والقرأة والسلامة من الأعذار كالرعاف والفأفاة والتمتمه واللثغ (نور الایضاح ص ۸۰ باب الا مامة)

لہذا شخص مذکور امامت کے لائق نہیں ہے اور "فتاویٰ خیریہ" میں الثغ (جیسے معذور) شخص کی امامت غیر الثغ (غیر معذور) کے لئے صحیح نہ ہونے کی صراحت موجود ہے والراجح المفتی به عدم صحة امامة الا لثغ لغیره ممن لیس به لثغة (راجح اور مفتیٰ بہ قول یہی ہے کہ الثغ کی امامت غیر الثغ کے لئے صحیح نہیں ہے (ج ۱ ص ۱۰ كتاب الصلاة و مطالبه مطلب فیما اذا اقتدیٰ غیر الألثغ بالا لثغ الخ) "فتاویٰ اسعدیہ" میں بھی یہی ہے وقال فی المجتبی والصحیح عدم الصحة كما فی البحر الرائق اه (ج ۱ ص ۱۰)

لہذا ضد نہ کی جائے نماز جیسی اہم عبادت میں احتیاط کی ضرورت ہے، ہاں اجن الفاظ کو ادا نہیں کر پاتا ان الفاظ کے علاوہ کی سورتیں اور آیتیں پڑھے تو مقتدیوں کی نماز میں کوئی حرج نہیں ہے، یعنی سورہ فاتحہ اور جو سورۃ یا آیات

(۱) وکذا کل صلاة ادیت مع کراهة التحریم تجب اعادتها والمختار انه جابر للاول قال فی الشامیة تحت قوله والمختار انه ای الفعل الثانی جابر للاول بمنزلة الجبر بسجود السهو وبالاول یخرج عن العهدة وان كان علی وجه الكراهة درمختار مع الشامی مطلب کل صلاة ادیت مع کراهة التحریم تجب اعادتها ج ۱ ص ۴۵۷

پڑھی جائیں ان میں وہ الفاظ (حروف) نہ ہوں جو ادا نہیں ہو سکتے تو مقتدیوں کی نماز بھی صحیح ہو جائے گی ولا تصح صلوته اذا امکنه الاقتداء بمن یحسنه او ترک جهده او وجد قدر الفرض مما لا لثغ فیه (درمختار) (قوله او وجد قدر الفرض الخ) ای وصلی غیر مؤتم ولم یقرأه والا صحت وفی الو لواجیة ان کان یمکنه ان یتخذ من القران ایات لیس فیها تلک الحروف یتخذ الا فاتحة الکتاب فانه لا یدع قرأتها فی الصلوة اه (شامی ج ۱ ص ۵۴۵ باب الامامة مطلب فی الالثغ) فقط واللہ اعلم بالصواب.

## فاسق وفاجر اور بدعتی کی امامت کا کیا حکم ہے؟

(سوال ۲۰۷) ہمارے یہاں کے امام صاحب فاسق وفاجر ہیں، ان میں دینداری نہیں ہے، خلاف شریعت اعمال کے مرتکب ہیں تو ان کے پیچھے ہماری نماز صحیح ہے یا نہیں؟ ان کے پیچھے ہم نماز پڑھیں یا نہیں۔ بعض مصلی اسی وجہ سے ان کے پیچھے پڑھنے کے لئے راضی نہیں ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں ان سے نفرت ہے، پھر بھی متولی اسے معزول کرنے کے لئے تیار نہیں ہے۔ جو شخص بدعتی ہو اور مشرکانہ عقائد رکھتا ہو اس کی امامت کا کیا حکم ہے؟ ایسے شخص کو امام بنا سکتے ہیں یا نہیں؟

(الجواب) امام کا صحیح العقیدہ اور نماز سے متعلق مسائل سے واقف ہونا، صحیح قرائت پڑھنے والا دیندار اور ظاہری گناہوں اور برائیوں سے پاک ہونا ضروری ہے الأولیٰ الامامة اعلمهم باحکام الصلوة کذا فی المضمرات وهو الظاهر هکذا فی البحر الرائق هذا اذا علم من القرأة قدر ما تقوم به سنة القراءة هکذا فی التبیین. ولم یطعن فی دینه کذا فی الکفایة وهکذا فی النهایة ویجتنب الفواحش الظاهرة (فتاوی عالمگیری ج ۱ ص ۸۳ الفصل الثانی فی بیان من هو أحق الامامة)

فاسق کی امامت مکروہ تحریمی ہے فاسق وہ ہے جو کبائر کا مرتکب ہو یا صغائر کا عادی ہو فالعدم ما اجتنب الثلاثة والفاسق من فعل کبیرة او اصر علی صغیرة (شامی ج ۴ ص ۵۳۱ باب الامامة) لہذا فاسق فاجر کو امام بنانا گناہ ہے۔ حدیث میں ہے لا یؤم فاجر مؤمناً (ابن ماجه ص ۷۷) (فاجر شخص کسی مومن کی امامت نہ کرے) اور "کبیری" میں ہے لو قدموا فاسقاً یأثمون (ص ۴۷۹ فصل فی الامامة) اور اگر فاسق کو امام بنائیں گے تو گنہگار ہوں گے) اس لئے کہ فاسق اپنے دین کا ہی اہتمام نہیں کرتا (تو نماز جیسی عظیم الشان عبادت کے متعلق اس کا اعتبار کیونکر ہو) نیز اسے امامت کا منصب دینے میں اس کی تعظیم لازم آتی ہے حالانکہ شریعت میں اس کی اہانت واجب ہے) واما الفاسق فقد عللوا کراهة تقدیمه بانه لا یهتم لامر دینه وبان تقدیمه للامامة تعظیمه وقد وجب علیهم اهانته شرعا (شامی ج ۱ ص ۵۲۳ باب الامامة)

لہذا مخالف شریعت، واجب الاہانت امام کو معزول کر دینا ضروری ہے۔

ابوداؤد شریف میں ہے۔ ایک شخص نے کچھ لوگوں کی امامت کی اسے تھوک آیا تو قبلہ کی جانب تھوک دیا۔ آنحضرت ﷺ یہ دیکھ رہے تھے جب نماز سے فارغ ہو گیا تو اس کے پیچھے نماز پڑھنے والوں سے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ یہ شخص آئندہ تمہاری امامت نہ کرے اس کے بعد اس شخص نے نماز پڑھانے کا ارادہ کیا تو لوگوں نے



اسے روک دیا اور بتا دیا کہ آنحضرت ﷺ نے اس کے متعلق یہ ارشاد فرمایا ہے۔ یہ شخص آنحضرت ﷺ کی خدمت میں آیا اور اس واقعہ کا تذکرہ کیا۔ رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ ہاں میں نے کہا تھا۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ میں سمجھتا ہوں آپ نے یہ بھی فرمایا کہ تم نے اللہ کو اور اس کے رسول کو اذیت پہنچائی تھی۔ ان رجلا ام قوما فبصق فی القبلة ورسول الله صلی الله علیه وسلم ینظر فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم حین فرغ لا یصلی بکم فاراد بعد ذلک ان یصلی لهم فمنعوه واخبروه بقول رسول الله صلی الله علیه وسلم فذکر ذلک لرسول الله صلی الله علیه وسلم فقال نعم وحسبت انه قال انک اذیت الله ورسوله صلی الله علیه وسلم (ابوداؤد ج ۱ ص ۷۶ باب فی کراهیة البزاق فی المسجد)

فقہ کی مشہور کتاب "درمختار" میں ہے کہ اگر کوئی شخص امامت کرتا ہے اور نمازی اس سے کراہیت کرتے ہیں (اسے پسند نہیں کرتے) تو اگر اس کراہیت اور ناگواری کا سبب یہ ہے کہ امام میں کوئی خرابی ہے یا یہ لوگ اس سے زیادہ امامت کے مستحق ہیں وہ ان سے کم درجہ رکھتا ہے تو اس کو امامت کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ چنانچہ ابوداؤد شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کی نماز قبول نہیں فرماتے جو امامت کرے اور لوگ اس سے کراہیت کرتے ہوں۔ اور اگر واقعہ یہ ہے کہ یہ امام ہی سب سے زیادہ امامت کا حق دار ہے (عالم و فاضل اور متقی ہے) اور لوگ کراہیت کرتے ہیں تو اس کراہیت کا وبال نمازیوں پر ہوگا۔ ولو ام قوم وهم له کارهون ان الکراهة لفساد فیه اولانهم احق بالامامة منه کره له ذلک تحریماً لحدیث ابی داؤد لا یقبل الله صلوة من تقدم قوما وهم له کارهون وان هو احق لا والکراهة علیهم (درمختار مع شامی ج ۱ ص ۵۲۲ باب الامامة)

احادیث مذکورہ اور فقہی روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ فاسق شخص امامت کے لائق نہیں اس کی اقتداء میں نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے لہذا ایسے امام کو بلا تاخیر کے معزول کر دینا لازم ہے اگر معزول نہ کیا جائے تو آپ دوسری مسجد میں چلے جائیں، دوسری مسجد نہ ہو تو مجبوراً اس کے پیچھے پڑھ لیں کہ تنہا نماز پڑھنے سے ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا اولیٰ ہے فان امکن الصلوة خلف غیرهم فهو افضل والا فالاقتداء اولی من الانفراد (شامی ج ۱ ص ۵۲۳ باب الامامة) واذا تعذر منعه (ای الفاسق) ینتقل عنه الی غیر مسجده للجمعة وغیرها وان لم یقم الجمعة الا هو یصلی معه (مراقی الفلاح ص ۵۸ فصل فی الاحق بالامامة) فاذا امکن الصلوة خلف عدل مستقیم السیرة فینبغی ان یصلی خلفه فلا یصلی خلف من ظهر فجوره لغیر حاجة (فتاوی ابن تیمیه ج ۱ ص ۱۰۶) مجبوری کی حالت میں کراہت لازم نہیں آئے گی ساری ذمہ داری امام اور اس کے متعین کرنے والے اور اسے برداشت کرنے والوں پر ہوگی۔ بدعتی امام کا بھی یہی حکم ہے حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت ابن عمرؓ ایک مسجد میں گئے وہاں ظہر کی اذان ہو چکی تھی نمازیوں کا انتظار تھا کہ موذن نے تثویب کہی۔ یعنی الصلوة الصلوة پکارا تا کہ نمازی آ جائیں حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے فوراً فرمایا ہمیں اس بدعتی کے پاس سے نکالو۔ چنانچہ حضرت موصوف اس مسجد سے چلے آئے وہاں نماز نہیں پڑھی (ترمذی شریف ج ۱ ص ۲۸ باب ماجاء فی التثویب فی الفجر الاعتصام ج ۱ ص ۱۶۴) اور اگر بدعتی کی بدعت اور بداعتقادی مفضی الی الکفر ہو تو پھر اس کی امامت کسی حالت میں بھی جائز نہیں ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## حنفی مقتدی کی نماز مالکی، حنبلی امام کے پیچھے:

(سوال ۲۰۸) حنفی مقتدی کی نماز، مالک حنبلی امام کے پیچھے صحیح ہوگی یا نہیں؟

(الجواب) مالکی، شافعی وغیرہ امام طہارت وغیرہ خاص مسائل میں جن پر حنفی مقتدی کی نماز کی صحت کا دارومدار ہے رعایت کرتا ہے تو بلا کراہت اس کی اقتداء جائز ہے اور اگر عدم رعایت کا یقین ہے تو اقتداء درست نہیں ہے اور اگر شک ہے تو مکروہ تنزیہی ہے۔ ان الاقتداء بالشافعی علی ثلثة اقسام الاول ان یعلم منه یحتاط فی مذهب الحنفی فلا کراهة فی الاقتداء به الثانی ان یعلم منه عدمه فلا صحة لکن اختلفوا هل یشترک ان یعلم منه عدمه فی خصوص مایقتدی به او فی الجملة صحح فی النهایة الاول وغیره اختار الثانی وفی فتاوی الزاهدی اذا رآه احتجم ثم غاب فالاصح انه یصح الاقتداء به لانه یجوز ان یتوضأ احتیاطا وحسن الظن به اولیٰ الثالث ان لایعلم شیئا فالکراهة ولا خصوصیة لمذهب الشافعی بل اذا صلی حنفی خلف مخالف لمذهبه فالحکم کذلک (بحر الرائق ج۲ ص ۴۷، ۴۶ باب الوتر والنوافل) ... ومخالف کشافعی لکن فی وتر البحران تیقن المراعاة لم یکره او عدمها لم یصح وان شک کره (درمختار مع شامی ج ۱ ص ۵۲۲ باب الامامة) (طحطاوی ج ۱ ص ۲۴۵) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## سیدنا حضرت عثمانؓ سے باغی کی امامت:

(سوال ۲۰۹) ہماری کتاب فقہ میں ہے کہ فاسق یا بدعتی کے پیچھے پڑھی ہوئی نماز دہرانی ضروری ہے، حالانکہ حضرت عثمانؓ کے زمانے میں بغاوت ہوئی اور حضرات صحابہؓ نے باغیوں کے پیچھے نماز پڑھنے کے متعلق آپ سے پوچھا تو آپؓ نے اجازت دی، پڑھی ہو تو دہرانے کا حکم نہ دیا، باغیوں سے بڑھ کر فاسق کون ہوسکتا ہے؟ باغی بھی ایسے کہ خلیفۂ برحق امیر المومنین، داماد رسول ﷺ جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں ان کے سامنے بغاوت کرنے والے تھے۔

(الجواب) راجح اور مفتی بہ قول یہ ہے کہ فاسق اور بدعتی کے پیچھے جس کی بداعتقادی حد کفر تک نہ پہنچی ہو، پڑھی ہوئی نماز دہرانی ضروری نہیں ہے (شامی ج ۱ ص ۵۲۵) مجبوراً پڑھنا پڑے تو مکروہ نہیں ہے هذا ان وجد غیرهم والا فلا کراهة (درمختار مع شامی ج ۱ ص ۵۲۵ باب الامامة) (رسائل الارکان ص ۹۸) فقط واللہ اعلم بالصواب

## جلسۂ استراحت کرنے والے کے پیچھے حنفی کی نماز:

(سوال ۲۱۰) جلسۂ استراحت کرنے والے کے پیچھے حنفی مقتدی کی نماز ہوگی یا نہیں؟

(الجواب) جلسۂ استراحت کرنے والے کی نماز میں دوسری کوئی خرابی نہ ہو کوئی اور واجب نہ چھوٹتا ہو تو نماز پڑھنا جائز ہے، نماز ہوجائے گی والثانی الجلسة الخفیفة قال شمس الائمة الحلوانی الخلاف فی



الافضل حتی لو فعل کما هو مذهبنا لاباس به عند الشافعی ولو فعل کما هو مذهبه لا باس به عندنا (شامی ج ۱ ص ۴۷۳ فصل قبیل مطلب مهم فی عقد الاصابع عند التشهد) فقط واللہ اعلم بالصواب

## فاسق کی امامت:

(سوال ۲۱۱) امام صاحب بدکاری میں مبتلا ہیں۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ حمل رہ گیا اور اس بدکارہ سے شادی کرلی اور چار ماہ میں اس حمل سے بچہ پیدا ہوا، اسی طرح داڑھی ایک انچ کی رکھتے ہیں ایسے امام کے پیچھے نماز صحیح ہے یا نہیں؟ عوام میں اختلاف ہوگیا ہے، نزاع کا اندیشہ ہے، جلد جواب دیں۔

(الجواب) امام متقی، پرہیزگار ظاہر میں گناہ اور برائی سے پاک ہونا چاہئے، حدیث شریف میں ہے۔ وقد ورد عن ابن عمر مرفوعاً اجعلوا ائمتکم خیارکم فانهم وفدکم فیما بینکم وبین ربکم. رواه البیهقی بسند ضعیف وفی روایة ان سرکم ان تقبل صلوتکم فلیؤمکم علمائکم فانهم وفدکم فیما بینکم وبین ربکم. رواه الطبرانی وفی روایة الحاکم فلیؤمکم خیارکم وسکت عنه اگر تم چاہتے ہو کہ تمہاری نماز درجہ قبولیت کو پہنچے تو تم میں جو زیادہ متقی ہو پرہیزگار ہو وہ تمہارا امام بنے کہ امام تمہارے اور تمہارے رب کے درمیان بطور قاصد ہے (شرح نقایہ ج ۱ ص ۸۶ باب الامامة تحت قوله ثم الامین) زانی کبیرہ کا مرتکب فاسق وفاجر ہے، وہ قابل امامت نہیں۔ حدیث شریف میں ہے لا یؤم فاجر مومناً یعنی فاسق وفاجر کسی مومن کا امام نہ بنے (ابن ماجہ) ایسے امام کے پیچھے نماز مکروہ اور اس کو امام بنانا گناہ ہے۔ کبیری میں ہے لو قدموا فاسقاً یاثمون یعنی اگر فاسق کو امام بنائیں گے تو گنہگار ہوں گے (ص ۴۷۹ کبیری فصل فی الامامة) داڑھی ایک مشت رکھنا ضروری ہے شارح مشکوٰۃ حضرت شاہ عبدالحق دہلوی فرماتے ہیں۔۔ وگذاشتن آں بقدر قبضہ واجب است یعنی ایک مشت داڑھی رکھنا واجب ہے، مسنون اس لئے کہتے ہیں کہ دینی دستور اور تمام انبیاء کی سنت یعنی ان کا طریقہ اور سنت رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے (اشعة اللمعات ج ۱ ص ۲۸۸) یہ مطلب نہیں ہے کہ اس کا درجہ بھی سنت کا ہے جس کے ترک پر گناہ نہ ہو بلکہ اس کا ترک کرنا اور مسلسل ترک کرتے رہنا گناہ کبیرہ ہے۔ حضرت مولانا ثناء اللہ محدث پانی پتی فرماتے ہیں، تراشیدن ریش بیش از قبضہ حرام است۔ (مالا بد منہ ص ۱۳۰) لہذا داڑھی منڈوانا یا اتنی کتروانا کہ ایک مٹھی سے کم رہ جائے حرام ہے۔ اس لحاظ سے بھی یہ امام فاسق ہے اور فاسق کی امامت مکروہ ہے۔ (ہدایہ ج ۱ ص ۱۰۱ باب الامامة) لہذا ایسے فاسق وبدکار امام کو معزول کرنا ضروری ہے، متولی ایسے امام کو علیحدہ نہ کرے تو دوسری مسجد میں نماز پڑھے کوئی اور مسجد نہ ہو تو مجبوراً اس کے پیچھے نماز پڑھ لے کیونکہ جماعت کا ترک کرنا بھی درست نہیں ہے، جماعت کی بڑی اہمیت اور فضیلت ہے، علماء نے جماعت سے نماز پڑھنے کو واجب بھی کہا ہے لہذا جماعت ترک نہ کرے البتہ اس امام کو علیحدہ کرانے کی کوشش کرتا رہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## جھوٹی قسم کھانے والے کی امامت مکروہ ہے:

(سوال ۲۱۲) ایک شخص نے دیوان (کورٹ) میں خدا کی قسم کھا کر جھوٹی گواہی دی ہے۔ اس پر کیا کفارہ ہے؟

اوراس کی امامت کا کیا حکم ہے؟

(الجواب) جھوٹی قسم کھانے والا مرتکب کبیرہ ہے اس کے لئے کفارہ بھی ناکافی ہے۔ دائما بارگاہ خداوندی میں توبہ واستغفار کرتا رہے اور اپنے گناہ کی معافی طلب کرتا رہے۔[1] اس کو امام نہ بنایا جائے اس کی امامت مکروہ ہے ۔فقط واللہ اعلم بالصواب.

## خنثیٰ کے پیچھے نماز:

(سوال ۲۱۳) علمائے دین ان مسائل میں کیا فرماتے ہیں:۔(۱) خنثیٰ کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟(۲) نامرد کے پیچھے جو عورت کے قابل نہ ہو نماز جائز ہے یا نہیں؟ (۳) موقع بہ موقع لڑکوں سے برے کام کے لئے کہے تو اس کی امامت کیسی ہے؟ (۴) بار بار کہنے کے باوجود جو شخص نماز میں کھنکارے اور قرأت پڑھتے ڈکارے اس کے لئے کیا حکم ہے؟ (۵) کوئی بھی بات پوچھنے سے جان کر جھوٹ بولے حالانکہ دوسروں نے دیکھا ہے، یا یہ کہے کہ مجھے معلوم نہیں، ایسے شخص کی امامت میں کچھ فرق ہے یا نہیں؟

(الجواب) اگر مذکورہ باتیں پایۂ ثبوت کو پہنچ جائیں تو اس کی امامت بلا شبہ مکروہ ہے اور اگر واقعۃً یہ شخص خنثیٰ ہے تب اس کی اقتدا درست ہی نہیں بلا وجہ شرعی کسی کو متہم کرنا بڑا گناہ ہے کھنکارنا اگر عذر سے ہو تو کوئی مضائقہ نہیں ہے گلا صاف کرنے اور بلغم ہٹانے کی غرض سے کھنکار نادرست ہے اس سے نماز مکروہ نہیں ہوتی۔ لانہ یفعلہ لاصلاح القراءۃ فیکون من القراۃ معنی کالمشی للبناء فانہ وان لم یکن من الصلوۃ لکنہ لاصلاحھا فصار منہ معنی شرح المنیۃ عن الکفایہ الخ (شامی ج ۱ ص ۵۷۸ باب ما یفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا بعد مطلب المواضع التی یکرہ فیھا رد السلام) اور گاہے مجبوراً ڈکار آجائے تو اس میں بھی کوئی برائی نہیں جو باتیں کراہت کی ہیں اگر اس سے تائب ہو جائے اور چھوڑ دینے کا وعدہ کرلے تو اس کی امامت بلا کراہت جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم.

(سوال ۲۱۴) ایک محلہ کی مسجد میں تراویح کی آٹھ رکعت کے بعد بہت کم نمازی رہ جاتے ہیں ایسی صورت میں ان نمازیوں کو دوسرے محلہ میں جا کر بقیہ بارہ رکعت ادا کرنی چاہئیں، یا اسی مسجد میں ادا کریں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) اسی مسجد میں بقیہ بارہ رکعات بھی باجماعت ادا کرنی چاہئے وھل المراد انھا سنۃ کفایۃ لاھل کل مسجد من البلد او مسجد واحد منھا او من المحلۃ ظاھر کلام الشارح الاول واستظھرہ الثانی ویظھرلی الثالث لقول المنیۃ حتی لو ترک اھل محلۃ. کلھم الجماعۃ فقد ترکوا السنۃ واساءوا (شامی ج ۱ ص ۶۶۰ مبحث صلاۃ التراویح) واللہ تعالیٰ اعلم.

## امام کی قراءت میں صفائی نہ ہو تو اقتدا صحیح ہے یا نہیں:

(سوال ۲۱۵) ایک صاحب نماز پڑھاتے ہیں قرأت میں غلطیاں کرتے ہیں حروف صحیح نہیں ادا ہوتے، قرأت

(۱) یمین غموس قولہ فیدہ الیمین باثم بھا صاحبھا لقولہ علیہ السلام من حلف باللہ کا ذبا ادخلہ اللہ النار قال علیہ السلام ثلث من الکبار الیمین الغموس الخ جوھرۃ النیرۃ کتاب الایمان ج ۲ ص ۲۸۷.



صاف نہیں حتیٰ کہ نمازیوں کو سمجھ نہیں پڑتی۔ اسی طرح عشاء میں اختصار اور عصر میں طول کرتے ہیں تو ایسے امام کے پیچھے نماز ہوگی یا نہیں؟ اور لوگوں کے منع کرنے کے باوجود امامت کرے تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟

(الجواب) صورت مسئولہ میں جب امام کی قرأت صاف اور صحیح نہیں ہے اور مقتدیوں کو سمجھ میں نہیں آتا تو ان کے لئے امامت کرنا درست نہیں، مقتدیوں کو چاہئے کہ کسی ایسے امام کا انتظام کریں جو قرآن شریف صاف اور صحیح پڑھے۔[1] فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## داڑھی منڈے کی امامت اور شرعی داڑھی کی حد:

(سوال ۲۱۶) داڑھی منڈوانا اور کتروانا کیسا ہے؟ ایسا شخص فاسق ہے یا نہیں؟ اس کی امامت مکروہ ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) داڑھی منڈوانا اور شرعی حد سے آگے کتروانا ناجائز اور حرام ہے۔ اس کا مرتکب فاسق ومردود الشہادۃ ہے۔ اس کی امامت مکروہ تحریمی ہے" مالا بدمنہ" میں ہے۔ تراشیدن ریش پیس از قبضہ حرام است (ص ۱۳۰) اور درمختار میں ہے۔ اذا کانت بقدر المسنون وھو القبضۃ (الیٰ قولہ) وھی دون ذلک کما یفعلہ بعض المغاربۃ و مخنثۃ الرجال فلم یبح احد واخذ کلھا فعل ھنود الھند و مجوس الاعاجم. فتح یعنی۔ ایک مشت سے کم کرنا جیسا کہ بعض مغربی مسلمان اور مخنث مرد کرنے لگے ہیں۔ کسی نے اس کو جائز نہیں کہا (درمختار مع الشامی ج ۲ ص ۱۵۵) اور اسی میں دوسری جگہ ہے۔ یحرم علی الرجل قطع لحیۃ یعنی مرد کے لئے دوسرے کی داڑھی قطع کرنا حرام ہے (ج ۵ ص ۳۵۹ باب ما یفسد الصوم وما لا یفسد)

## کیا امامت کے لئے ذات پات کا لحاظ ہے؟:

(سوال ۲۱۷) ہمارے یہاں مسجد نہیں ہے صرف مدرسہ ہے مسجد کی تعمیر کا کام جاری ہے اس مدرسہ کا مدرس امامت کرتا ہے وہ ذات کا فقیر ہے (مانگ کر کھانے والوں میں سے ہے) بعض کہتے ہیں کہ اس کے پیچھے نماز پڑھنا قطعی طور پر حرام ہے۔ وہ چند آدمیوں کے یہاں سے روٹی مانگ لاتا ہے۔ میت کو غسل بھی دیتا ہے۔ مذکورہ بالا صورت میں امام کی اقتدا کرنے میں کوئی حرج ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) امامت کے لئے ذات پات کا کوئی لحاظ نہیں، افضلیت کا لحاظ ہے۔ اور یہ کہ جماعت میں کمی نہ آئے اور نمازی منتشر نہ ہوں۔ پس نمازیوں میں جو افضل ہو وہ امامت کا حقدار ہے۔ تاکہ نماز صحیح اور کامل ادا ہو جائے اور مقتدی زیادہ سے زیادہ نماز میں شریک ہوں۔ پس کسی ایسی قوم کا آدمی جس کو لوگ ذلیل اور رذیل سمجھتے ہیں اگر علم و تقویٰ میں سب سے بڑھا ہوا ہے۔ اور اس بناء پر لوگ اس کا ادب کرتے ہیں تو بلا شبہ اس کے پیچھے نماز درست ہے۔ کسی قسم کی کوئی کراہت نہیں۔ البتہ اگر اس کے افعال ایسے ہیں۔ جن کی بناء پر وہ لوگوں کی نگاہ میں ذلیل اور بے وقعت ہے تو اس بناء پر اس کو امام بنانا مکروہ ہے کہ لوگ جب اس کی عزت اور وقعت نہیں کرتے، تو اس کے

(۱) ولا یجوز امامۃ الثغ الذی لا یقدر علی التکلم بعض الحروف الا لمثلہ اذا لم یکن فی القوم من یقدر علی التکلم بتلک الحروف الخ فتاوی عالمگیری باب الامامۃ الفصل الثالث فی بیان من یصلح اماما لغیرہ ج ۱ ص ۸۳

پیچھے نماز پڑھنا ہی پسند نہیں کریں گے۔اور جماعت میں کمی ہو جائے گی۔

''فتاویٰ عالمگیری'' میں ہے۔لان المقصود کثرة الجماعة ورغبة الناس فيه اكثر.

ترجمہ:۔افضل کو امام بنانے میں یہ بھی مصلحت ہے کہ لوگ اس کو پسند کر کے شرکت کریں گے اور جماعت بڑھے گی (ص ۸۳ ج ۱ الباب الخامس فی الامامة الفصل الا ول فی الجماعة) امام افضل وہ ہے جو شرعی احکام سے سب سے زیادہ واقف ہو۔قرآن مجید تجوید وصحت کے ساتھ پڑھتا ہو،پرہیزگار ہو،صحیح العقیدہ اور اعلیٰ حسب والا ہو،حسین وجمیل اور معمر ہو،نسبی شرافت،خوش اخلاق اور پاکیزہ لباس والا،امامت کا زیادہ حق دار ہے کہ لوگ رغبت سے اس کی اقتداء کریں اور جماعت بڑی ہو۔حدیث شریف میں ہے۔کہ وفی رواية ان سركم ان تقبل صلوتكم فليؤمكم علمائكم فانهم وفدكم فيما بينكم وبين ربكم. رواه الطبرانی وفی رواية الحاكم فليؤ مكم خياركم . یعنی اگر تمہیں یہ پسند ہے کہ تمہاری نمازیں عند اللہ مقبول ہوں تو چاہئے کہ علماء اور ایک روایت میں یہ ہے کہ جو تم میں سب سے زیادہ نیک ہوں وہ تمہاری امامت کریں کیونکہ وہ تمہارے اور تمہارے رب کے درمیان قاصد ہیں۔(شرح نقایہ ص ۸۶ ج ۱ باب الامامۃ تحت قولہ ثم الاسن)

''تکمیل الایمان'' میں ہے ''نعم اگر مردے صالح ومتقی برائے امامت پیدا شود بہتر والا ہر کہ باشد نماز باجماعت باید گذارد۔وہر چند کہ فاسق بود بشرطیکہ فسق وفجور وے منجر بکفر نہ گردد وعلم باحکام وارکان نماز وقدر مایجوز بہ الصلوٰۃ از قرآنی یادداشتہ باشد (تکمیل الایمان فارسی ص ۷۸)

لہٰذا افضل کو امام بنایا جائے اور اس سے ایسا کام نہ لیا جائے جس سے لوگ اسے حقیر سمجھیں۔ہاں اگر کسی جگہ افضل امام نہ ہو،فاسق ہو تو جماعت نہ چھوڑے۔جماعت کی فضیلت اور اہمیت کے پیش نظر تنہا پڑھنے سے ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا بہتر ہے۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## امام سینما بینی کا عادی ہو تو ایسے امام کی امامت کا کیا حکم ہے :

(سوال ۲۱۸) ایک حافظ صاحب سینما اور ناٹک دیکھتے ہیں اور ناچ گانے کے بہت شوقین ہیں تو ان کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟

(الجواب) جو شخص سینما دیکھتا ہو اور ناچ گانے کی محفلوں میں شرکت کرتا ہو ایسا شخص منصب امامت کے قابل نہیں ہے۔اس کے پیچھے نماز مکروہ ہے۔اگر توبہ نہ کرے اور امامت بھی نہ چھوڑے تو دوسری مسجد میں نماز پڑھنی چاہئے۔اگر دوسری مسجد نہ ہو تو تنہا پڑھنے کے بجائے اسی امام کے پیچھے پڑھ لے اس لئے کہ جماعت کی اہمیت اور تاکید بہت زیادہ ہے۔وفی النهر عن المحيط صلى خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعة (قوله نال فضل الجماعة) افاد ان الصلوة خلفهما اولیٰ من الا نفراد (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۵۲۵ باب الا مامة) والله اعلم بالصواب.

## جذامی وابرص کی امامت اور ان کے لئے جماعت کا حکم:

(سوال ۲۱۹) اگر جذامی جماعت سے نماز ادا کرنا چاہے اور لوگ اس سے نفرت کرتے ہوں ایسی مجبوری کی



حالت میں اس کا اپنے مکان میں نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ اور ترک جماعت کا گناہ کس کے ذمہ ہوگا۔اور اس کی امامت کا کیا حکم ہے؟ اگر ابرص یعنی سفید داغ والا امامت کرتا ہے تو اس کی اقتداء کی جائے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) جذام بہت ہی گندہ اور خطرناک مرض ہے (اللہ محفوظ رکھے) گھر والے بھی دور رہتے ہیں۔اس لئے مسجد میں آنے کی اجازت نہیں ہے کہ لوگ گھن کریں گے کوئی بھی پاس کھڑا نہ رہے گا۔اس کو امام بنانا بھی مکروہ ہے۔برص (یعنی سفید داغ) بدن میں پھیل گیا ہو تو اس سے بھی لوگ گھن کرتے ہیں لہٰذا اس کی امامت بھی مکروہ ہے۔ويمنع منه اى المسجدو كذا كل مؤذى (درمختار) و كذا القصاب والسماك والمجذوم والا برص اولیٰ بالا لحاق (شامی ج ۱ ص ۶۱۹ تحت مطلب احكام المساجد.فقط والله اعلم بالصواب

## بدعتی اور علماء حقہ کو برا کہنے والے کی امامت:

(سوال ۲۲۰) کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں —— ہماری کالونی میں جو سابق پیش امام تھے وہ اہل سنت والجماعت سے تعلق رکھتے تھے ان کے خطبات اور وعظ میں بہت حد تک شرک اور بدعت کی رسموں کو چھڑانا اور سنت نبوی ﷺ کو جاری کرنے کی جدوجہد تھی۔یہاں پر کچھ بریلوی عقائد والے بھی رہتے ہیں ان کو پیش امام کے ان وعظوں سے دشمنی تھی۔چنانچہ انہوں نے اپنے بریلوی علماء کا وعظ رکھا۔انہوں نے حسب عادت دیوبندی علمائے حقہ کے خلاف اس قدر زہر اگلا کہ یہاں دو فرقے ہوگئے اور امام صاحب کے خلاف بھی منگنیں کرنے لگے۔بالآخر امام صاحب نے مجبور ہو کر استعفیٰ دے دیا اس کے بعد بدعتی خیال کے لوگوں کی کوششوں سے ایک بدعتی امام کا تقرر ہوا اور انہوں نے اپنے بیانات میں دیوبندی علماء حقہ کے خلاف بدگوئی اور دروغ بیانی شروع کر دی جس کی وجہ سے اہل حق —— نے ان کے پیچھے نماز پڑھنا بند کر دیا۔چونکہ ناچیز کو نماز باجماعت میں خاص لطف آتا ہے اس لئے ابھی تک بادل ناخواستہ اس امام کے پیچھے پڑھتا ہوں۔دوسری مساجد بہت دور ہیں۔بندہ اس وجہ سے از حد پریشان ہے گھر پر نماز پڑھنے کی وجہ سے ناکارہ کو سستی کی وجہ سے نماز قضا ہو جانے کا ڈر رہتا ہے میں کیا کروں آپ جواب مرحمت فرمائیں۔بینوا توجروا۔(از بمبئی)

(الجواب) یہ شخص فاسق ہے اس کو امام مقرر کرنا جائز نہیں۔اگر پہلے سے امام ہو اور اس کو نکالنے میں فتنہ کا ڈر ہو اور دوسری مسجد نہ ہو اگر ہو تو بہت دور ہونے کی وجہ سے پنج وقتہ حاضری دینا مشکل ہو تو مجبوراً اس امام کے پیچھے نماز پڑھے۔تنہا پڑھنے سے ایسے امام کے پیچھے پڑھنا افضل ہے کہ جماعت کی بہت ہی اہمیت ہے۔خرابی کی ذمہ داری امام پر اور اس کو مقرر کرنے والوں پر رہے گی۔وفی النهر عن المحيط صلى خلف فاسق او مبتدع نال فضل الجماعة (قوله نال فضل الجماعة) افاد ان الصلوٰة خلفهما اولیٰ من الا نفراد (درمختار والشامی ج ۱ ص ۵۲۵ باب الامامة) فقط والله اعلم بالصواب.

## قرآن شریف لحن جلی سے پڑھنے والے کی امامت:

(سوال ۲۲۱) کیا فرماتے ہیں مفتیان عظام اس مسئلہ میں کہ ہماری مسجد کے امام صاحب نماز میں کئی مرتبہ ال

کی جگہ ظا زکو ج اور ذال پڑھتے ہیں اور اسی طرح کئی حرفوں کو گھٹا بڑھا کر پڑھتے ہیں مثلاً فلیسنظر کو فلیسنظور اور یو منذ کو یومنیذ اور ثم کو ثما اور لیکون کو لیکونا پڑھتے ہیں۔ ان کی زبان صاف اور اچھی ہے۔ سند یافتہ ہیں۔ اگر تجوید کے مطابق پڑھنا چاہیں تو پڑھ سکتے ہیں؟ مگر پہلے سے یہ عادت ہوگئی ہے۔ تو ان کی امامت میں ہماری نماز درست ہوجائے گی؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) جمال القرآن میں ہے تجوید کے خلاف قرآن پڑھنا یا غلط پڑھنا یا بے قاعدہ پڑھنا لحن کہلاتا ہے اور یہ (لحن) دو قسم کا ہے ایک یہ کہ ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف ...... پڑھ دیا جیسے الحمد کی جگہ الھمد پڑھ دیا ث کی جگہ س پڑھ دیا بڑی ح کی جگہ چھوٹی ہ پڑھ دی یا ذ ال کی جگہ زا، پڑھ دیا ص کی جگہ س پڑھ دیا ان غلطیوں کو لحن جلی کہتے ہیں اور یہ حرام ہے بعض جگہ اس سے معنی بگڑ کر نماز بھی جاتی رہتی ہے۔ (جمال القرآن)

لہٰذا اس طرح پڑھنے والا امامت کے لائق نہیں ہے اسے لازم ہے کہ پہلے قرآن صحیح پڑھنا سیکھے تب امامت کرائے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## جس نے نسبندی کرائی ہو اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے :

(سوال ۲۲۲) جو لوگ از راہ رغبت نسبندی کرا کر خصی بن جاتے ہیں ان کے پیچھے نماز مکروہ ہوتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجرو۔

(الجواب) خصی اور ہجڑے کو امام بنانا جائز نہیں۔ نماز مکروہ ہوتی ہے۔ ویکرہ استخدام الخصیان لان الرغبة فی استخدامهم حث علی هذا الصنیع ومثلة محرّمة . یعنی خصی لوگوں سے خدمت لینا مکروہ ہے کہ ایسے لوگوں سے خدمت لینے میں اس فعل شنیع کا دروازہ کھولنا ہے حالانکہ یہ حرکت مثلہ محرمہ ہے مثلہ یعنی اعضاء بدن کی اصلی خلقت سے بگاڑنا۔ اور یہ حرام ہے۔ هدایه اخیرین کتاب الکراهیة فصل فی البیع ج ۴ ص ۴۷۴ .فقط واللہ اعلم بالصواب.

## امام کی زبان میں لکنت کی وجہ سے الحمد کے شروع میں اُاُاُ ہوجاتا ہے:

(سوال ۲۲۳) احقر امام مسجد ہے کچھ مدت سے میری زبان میں لکنت آگئی ہے اور وہ بھی صرف ایک لفظ الحمد للہ کے الف لام پر۔ مثلاً تکبیر تحریمہ کے بعد ثنا پڑھ کر جب سورۂ فاتحہ شروع کرتا ہوں تو اُاُاُ ہو کر ہمزہ کی تکرار ہوجاتی ہے کچھ دیر کے بعد الحمد للہ کا تلفظ ہوتا ہے۔ اس کے بعد باقی سورت اور قرآن پاک کی آیات یا جو بھی سورت پڑھتا ہوں اچھی طرح پڑھ لیتا ہوں اس صورت میں نماز میں کراہت ہوگی یا نہیں؟ اگر الحمد کے شروع میں جہری نماز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کو جہراً شروع کرتا ہوں تو کسی قسم کی تکلیف ولکنت وتکرار کے بغیر اچھی طرح پڑھا جاتا ہے تو اس مجبوری کی وجہ سے بسم اللہ کا جہراً پڑھنا کیسا ہے؟ اگر پڑھ لوں تو نماز میں کوئی کراہت تو نہیں؟ نیز رمضان المبارک میں تراویح کا مسئلہ یہ ہے کہ حافظ کو اجرت دے کر سننا سنانا دونوں منع ہے ایسی صورت میں اگر احقر ختم قرآن کی تراویح پڑھا دے تو تراویح کی ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ سے پہلے جہراً بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ پڑھ لوں تو پڑھ سکتا ہوں یا نہیں؟ میں بھی حنفی المسلک ہوں اور مقتدی ...... بھی حنفی ہیں۔ (بینوا توجروا)



(الجواب) صورت مسئولہ میں راجح اور احوط یہی ہے کہ آپ کی امامت میں نماز صحیح نہ ہوگی۔ قابل اعادہ ہوگی۔ وتکره امامة الفافاء ...... الی قوله ...... ولکن الاحوط عدم الصحة (شامی ج ۱ ص ۵۴۴ باب الامامة مطلب فی الثغ) اور الفافاء سے اُاُاُ زیادہ قبیح اور لحن جلی ہے۔ زیادہ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو فتاوی رحیمیہ ج ۱ ص ۱۵۳، ص ۱۵۴ (جدید ترتیب کے مطابق اسی باب میں ایسے تعلیم یافتہ کی امامت جو حروف کو صحیح مخارج سے ادا نہ کرے کے عنوان سے دیکھیں۔ از مرتب) اس لئے آپ نماز پڑھانے کی جرأت نہ فرماویں۔ تراویح کے لئے حافظ نہ ملے تو الم تر کیف سے پڑھانے کا انتظام کرلیا جائے۔ بسم اللہ کا جہر خلاف سنت اور بدعت ہے ترمذی شریف میں ہے عن ابن عبدالله بن مغفل رضی الله عنه قال سمعنی ابی وانا فی الصلوة اقول بسم الله الرحمن الرحیم فقال ای بنی محدث ایاک والحدث ...... الخ عبداللہ بن مغفلؓ کے صاحبزادے فرماتے ہیں کہ میں نے نماز میں بلند آواز سے بسم اللہ پڑھی میرے والد نے سن لیا تو فوراً تنبیہ فرمائی بیٹا یہ بدعت ہے، بدعت سے الگ رہو (ترمذی شریف ج ۱ ص ۳۳ باب ماجاء فی ترک الجهر ببسم الله الرحمن الرحیم) لہٰذا صورت مذکورہ میں اس کی بھی اجازت نہ ہوگی۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## جو شخص قرآن کے مخلوق ہونے کا عقیدہ رکھے اس کی امامت کا حکم !:

(سوال ۲۲۴) جس کا عقیدہ یہ ہو کہ قرآن مخلوق ہے اس کی امامت درست ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) ایسے مبتدع کی اقتداء میں نماز پڑھنا درست نہیں وامامة المبتدع ای صاحب الهوی الذی لا یکفر به صاحبه فلا یجوز امامة الرافضی و الجهمی والقدری والمشبهة ومن یقول بخلق القران : .الخ عینی شرح کنز الدقائق (باب الامامة ج ۱ ص ۳۸). فقط والله اعلم بالصواب.

## نائی (حجام) کی امامت:

(سوال ۲۲۵) میں دھرم پور میں مؤذن ہوں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ حجامت کا کام کرتا ہوں۔ اور کبھی کبھی امام صاحب کی غیر موجودگی میں نماز بھی پڑھاتا ہوں۔ بعض لوگوں کا اعتراض یہ ہے کہ حجامت کا پیشہ ہے اس لئے اس کے پیچھے نماز مکروہ ہوتی ہے۔ خاص کر جب کہ لوگوں کی داڑھی مونڈتا ہو! کیا واقعی میرے پیچھے نماز مکروہ ہوتی ہے۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) حجام (نائی۔ بال کاٹنے والا) اگر نماز وغیرہ کے مسائل کا علم رکھتا ہو اور ساتھ ساتھ دیندار بھی ہو تو امام بن سکتا ہے لیکن اگر وہ لوگوں کی داڑھی مونڈتا ہو تو وہ فاسق ہوگا اور اس کے پیچھے نماز مکروہ ہوگی۔ (۱) اور اگر وہ جاہل ہو اور دیندار بھی نہ ہو اور حجامت کا پیشہ کرتا ہو اور اس وجہ سے لوگ اس کے پیچھے نماز پڑھنے سے نفرت کرتے ہوں تو اس کو نماز نہیں پڑھانا چاہئے۔ لیکن اگر امام کی غیر موجودگی میں کوئی شخص اس سے افضل نہ ہو تو مجبوراً اس وقت اس شخص کے پیچھے نماز پڑھنا تنہا نماز پڑھنے سے بہتر ہے اس لئے کہ جماعت کی اہمیت اور تاکید بہت زیادہ ہے۔ (فقط واللہ اعلم بالصواب)

(۱) قوله فاسق من الفسق وهو الخروج عن الاستقامة ولعل المراد به من یرتکب الکبائر کشارب الخمر والزانی واکل الربا ونحوذلک .شامی باب الامامة ج ۱ ص ۵۶۰

## شادی شدہ امام ایک سال تک گھر نہ جائیں تو ان کی امامت صحیح ہے یا نہیں :

(سوال ۲۲۶) ہمارے یہاں امام صاحب ڈھائی برس سے امامت کر رہے ہیں اور ان کی شادی کو تین برس ہوئے ہیں ایک سال سے وہ گھر نہیں گئے۔ کچھ ان پڑھ لوگ کہتے ہیں کہ جو شادی شدہ امام چار ماہ تک گھر نہ جائے اس کے پیچھے نماز نہیں ہوتی۔ اس کی وجہ سے یہاں تنازع ہو رہا ہے۔ جواب سے نوازیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) شادی شدہ مرد اپنی عورت کی اجازت اور رضامندی کے بغیر چار ماہ سے زیادہ مدت دور نہ رہے۔ ویجب ان لا یبلغ له، مدة الایلاء الا برضاها وطیب نفسها به الخ (شامی ج ۲ ص ۵۴۷ باب الامامة مطلب فی الا لثغ) امام کی بیوی نے اجازت دی ہوگی اور ملازمت کی وجہ سے دور رہنے پر رضامند ہوگی۔ لہٰذا ان کے پیچھے نماز صحیح ہونے میں شبہ نہ کرنا چاہئے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## جس شخص کی منکوحہ بے پردہ پھرے اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟:

(سوال ۲۲۷) ہماری بستی کی جامع مسجد میں طویل عرصہ سے ایک عالم حافظ، قاری منصب امامت پر فائز ہیں اور موصوف شرع کے مکمل پابند اور نیک اخلاق ہیں۔ کسی شخص نے اپنا نام ظاہر کئے بغیر خط محلّہ کی جماعت (کمیٹی) کے نام سے امام صاحب کو پہنچایا کہ آپ کی اہلیہ پردہ میں نہیں لہٰذا فتاویٰ رشیدیہ اور حضرت مفتی سید عبدالرحیم لاجپوری مدظلہ کے جواب کے مطابق آپ کے پیچھے نماز مکروہ ہوتی ہے۔ لہٰذا آپ لوگوں کی نماز برباد نہ کریں یا تو اپنی اہلیہ کو پردہ میں بٹھادیں یا ملازمت سے سبکدوش ہوجائیں۔

سوال یہ ہے کہ خط لکھنے والا کوئی بھی ہو اور اس سے اس کی اچھی بری جو بھی نیت ہو وہ تو اللہ بہتر جاننے والا ہے لیکن اس طرح غائب رہ کر ان کا یہ اقدام مسجد میں فتنہ کا باعث ضرور ہوتا ہے لکھنے والا خود بھی جانتا ہوگا کہ امام کی اہلیہ ایک شریف گھرانے کی لڑکی ہے۔ اور بذات خود شرع کی پابند ہے۔ گھر کے باہر گھومتی پھرتی نہیں والدین یا بچوں کی ضرورت کی وجہ سے بقدر ضرورت گھر سے باہر اس طرح نکلتی ہے کہ سر سے پیر تک لباس میں ملبوس ہوتی ہے۔ ہاں ماحول نہ ہونے کی وجہ سے معروف برقع کی عادی نہیں آپ جواب عنایت فرمائیں کہ ایسی صورت میں مذکورہ امام کے پیچھے نماز مکروہ ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) امام صاحب کی اہلیہ منہ اور چہرہ کھلا رکھ کر باہر نکلتی ہے تو یہ شرعی پردے کے منافی ہے امام صاحب کو لازم ہے کہ شرعی پردہ کرائیں ورنہ نماز مکروہ ہوگی۔ جب کہ عورت اپنا منہ اور چہرہ کھلا رکھ کر باہر نکلے گی تو نامحرم کی نظر اس پر پڑے گی جو از روئے حدیث ایک زہر آلود تیر ہے کہ بغیر ہلاکت کے چارہ نہیں اور فرمان نبوی ﷺ ہے۔ لعن اللہ الناظر والمنظور الیہ یعنی اللہ کی لعنت ہے دیکھنے والے پر اور اس پر بھی جس کو دیکھا جائے۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۲۷۰ کتاب النکاح باب النظر الی المخطوبة وبیان العورات) ایک اور حدیث میں ہے کہ عورت سامنے سے آتی ہے تو شیطان کی صورت میں آتی ہے اور پیچھے سے جاتی ہے تو شیطان کی صورت میں ہوتی ہے (مشکوٰۃ شریف ص ۲۶۸۔ ایضاً) مطلب یہ کہ جیسے شیطان وسوسہ ڈالتا ہے ویسے ہی عورت کا دیکھنا باعث وسوسہ اور موجب فساد ہوتا ہے اور حدیث میں ہے۔ المرأة عورة فاذا خرجت استشرفها الشیطان. عورت ستر (چھپانے کی چیز) ہے جب وہ باہر نکلتی ہے تو شیطان اس کی تاک میں لگ جاتا ہے (اور گناہ میں مبتلا کرنے کی تدبیریں سوچتا ہے) اور حدیث میں ہے آنکھیں (زنا کرتی ہیں) کہ ان کا زنا نامحرم کو دیکھنا ہے اور کان (زنا کرتے ہیں) کہ ان کا زنا نامحرم کی بات سننا ہے اور زبان زنا کرتی ہے کہ اس کا زنا نامحرم کے ساتھ بولنا ہے اور ہاتھ بھی زنا کرتے ہیں کہ ان کا زنا نامحرم کو چھونا ہے۔ (مسلم شریف ج ۲ ص ۳۳۶ کتاب القدر باب قدر علی ابن ادم حظہ من الزنا وغیرہ) جب عورت بے پردہ پھرے گی تو یہ سارے منکرات پیش آئیں گے۔ اور قدم قدم پر خود بھی گنہگار ہوگی۔ اور دوسروں کو بھی گناہ میں مبتلا کرے گی جب ازواج مطہرات اور بنات طاہرات کے لئے یہ حکم ہے۔ وقرن فی بیوتکن (اور اپنے گھروں میں جمی رہو) اور طبعی وشرعی ضرورت کی وجہ سے نکلنا پڑے تو حکم ہے یدنین علیهن من جلابیبهن (سر سے نیچی کرلیا کریں اپنے (چہرے کے اوپر) (اپنی چادریں) تو عام عورتوں کو کھلے منہ بے پردہ پھرنے کی اجازت کس طرح ہوگی؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ عورتوں کے لئے سب سے بہتر بات کیا ہے۔ حضرت فاطمہؓ نے فرمایا کہ نہ وہ مردوں کو دیکھیں نہ مرد ان کو دیکھیں، آنحضرت ﷺ نے اس جواب کو بہت پسند فرمایا اور دعائیں دیں۔ (مسند بزاز، دارقطنی)

حکیم الامت حضرت تھانوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔ جوان عورت کو غیر محرم کے سامنے منہ کھولنا درست نہیں۔ نہ ایسی جگہ کھڑی ہو۔ جہاں کوئی دوسرا دیکھ سکے الخ۔ (بہشتی زیور ج ۳ ص ۷۵)۔

فتاویٰ دارالعلوم میں ہے۔

(سوال) جس شخص کی منکوحہ بے حجاب پھرے اور خاوند اس کو ہدایت نہ کرے نہ طلاق دے تو اس کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) ایسے شخص کے پیچھے نماز جائز ہے مع الکراہت۔ اس لئے اگر کوئی اس سے اچھا دیندار امامت کے لئے مل جائے تو بہتر ہے فقط محمد شفیع غفرلہٗ (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند ص ۱۳۵ حصہ اول ودوم) فقط واللہ اعلم بالصواب۔ شوال المکرم ۱۳۹۹ھ۔

## جس کی منکوحہ بے پردہ ہو اس کو امام بنانا اور ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا بہتر ہے یا تنہا پڑھنا بہتر ہے؟:

(سوال ۲۲۸) ایک امام حافظ مولوی ہیں لیکن ان کی اہلیہ بے پردہ باہر جاتی ہے اس امام کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ اگر کوئی شخص اس امام کے پیچھے نماز پڑھنے کے بجائے تنہا پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ ہے، مگر تنہا پڑھنے کی نسبت جماعت سے پڑھنا بہتر ہے۔ [1]

فقط واللہ اعلم بالصواب. ۲۷ شوال المکرم ۱۳۹۹ھ.

(۱) ولذا کرہ امامة الفاسق العالم لعدم اهتمامه بالدین فتجب اهانته شرعاً فلا یعظم بتقدیمه للامامة مراقی الفلاح علی الطحطاوی باب الامامة ص ۱۶۵

## بدکار آدمی کو امام بنانا:

(سوال ۲۲۹) اگر امام صاحب غیر حاضر ہوں اور دوسرا ایک شخص جو سینما دیکھتا ہو یا گانے سنتا ہو یا زنا کرتا ہو وغیرہ وغیرہ اس کو امام بنانا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) بدکار آدمی کو امام نہ بنایا جائے۔ نماز مکروہ ہوگی۔ حوالہ بالا فقط واللہ اعلم بالصواب۔ ۲۷۔ شوال المکرم ۱۳۹۹ھ۔

## نابینا اور جس کی بینائی کمزور ہو اس کی امامت:

(سوال ۲۳۰) راندیر کے ایک حافظ وقاری سورت کی ایک مسجد میں تقریباً چھ ماہ سے امامت کا فریضہ انجام دے رہے ہیں اور وہ اس مسجد میں کئی سال متواتر رمضان المبارک میں تراویح بھی پڑھا چکے ہیں۔ منصب امامت کی تقرری کے وقت جملہ ساکنان محلہ اور مصلیان مسجد راضی تھے اور پوری رضامندی اور شرح صدر کے ساتھ قاری صاحب کو امام بنایا۔ مگر گذشتہ ماہ سے بعض مصلیوں نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ یہ قاری صاحب معذور ہیں ان کی آنکھیں کمزور ہیں اور بینائی بہت کم ہے ساتھ ہی ان پر بہتان لگا کر فیصلہ کر لیا کہ ایسے شخص کی امامت کراہت سے خالی نہیں نیز ایک کاغذ پر اپنے ہم خیال مصلیوں سے دستخط لے کر مسجد کے متولی کو کاغذ دیا اور تحریری مطالبہ کیا کہ موجودہ امام معذور ہے اس لئے اس کو ہٹا کر صحیح اور غیر معذور امام کو معین کیا جائے۔ حالانکہ حافظ صاحب مستند قاری اور جید حافظ ہیں۔ رہا بینائی کا معاملہ تو وہ ایسے معذور نہیں ہیں کہ نقل وحرکت اور آمد و رفت میں غیر کے محتاج ہوں انہوں نے قرآن کریم کا حفظ جامعہ حسینیہ راندیر میں کیا اور اسی میں برسوں تجوید کی خدمت بھی انجام دی۔ اتنا خیال رہے کہ جن مصلیوں نے ان کو ہٹانے کا بیڑہ اٹھایا ہے ان کا مشیر کار اور قائد علوم دینیہ اور مسائل شرعیہ کا عالم نہیں ہے اس کا شیوہ بن چکا ہے کہ امام سے اپنی بات منوائے خواہ خلاف شریعت ہو اگر امام اس کی بات نہ مانے تو اس کے خلاف محاذ قائم کر کے تجسس اور عیب جوئی کر کے اسے برطرف کرا دے۔ اس سلسلہ میں چند امور دریافت طلب ہیں۔ (۱) کیا ضعف بصارت امامت کے لئے مانع ہو سکتی ہے؟

(۲) امام پر بہتان اور فرضی فرد جرم عائد کر کے اسے منصب امامت سے معزول کرنا جائز ہے؟ بینوا توجروا۔ (از سورت)

(الجواب) عام طور پر نابینا (اندھا) اور جس کو رات دن میں کم نظر آتا ہے نقل وحرکت اور دوسری ضروریات میں دوسرے شخص کا محتاج ہوتا ہے اور طہارت کے بارے میں اس کی حالت مشتبہ رہتی ہے اس لئے فقہاء کرام نے ایسے نابینا کی امامت کو جو غیر محتاط ہو اور نجاست سے نہ بچتا ہو مکروہ تنزیہی قرار دیا ہے۔ لیکن یہ حکم عام نہیں ہے بلکہ غیر محتاط کے ساتھ مختص ہے۔ لہذا جو نابینا محتاط ہو اور نجاست سے بچنے کا پورا اہتمام کرتا ہو پاک صاف اور ستھرا رہتا ہو اس کی امامت کو بلا کراہت جائز لکھا ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے غزوۂ تبوک میں تشریف لے جانے کے موقع پر حضرت عبداللہ ابن ام مکتوم کو جو نابینا تھے مسجد نبوی میں نماز پڑھانے کے لئے اپنا قائم مقام بنایا تھا۔ (طبرانی فی الکبیر وابو یعلی وابو داؤد از انس بحوالہ الجواب المتین



ص ۱۱) اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمیرؓ باوجود نابینا ہونے کے بنی حطمہ کی امام تھے وہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے مبارک زمانہ میں بنی حطمہ کا امام تھا حالانکہ میں نابینا تھا (ابوداؤد وطبرانی فی الکبیر بحوالہ الجواب المتین ص ۱۲) رسائل الارکان میں ہے۔ ویکرہ امامة الا عمی لان فی تطهیره شبهة لما لا یبصر موضع النجاسات ولا مواقعها فی الثوب ولا یغسلها بالمبالغة واما اذا کان اعمی مقتدی القوم فی الدین ویکون عین بصیرته مفتوحة ویکون مجمعاً للعلم والفضائل فلا یکره الا قتداء به لان احتیاطه یزید بکثیر علی احتیاط عوام اهل البصر وقد نقل الشیخ عبدالحق عن بعض شروح الکنز نقلاً عن المبسوط عدم کراهة امامة الأعمی اذا کان مقتدی ذاورع وقد جعل رسول الله صلی الله علیه وسلم عبدالله ابن ام مکتوب یؤم الناس وهو اعمی رواه ابوداؤد. (رسائل الارکان ص ۹۸ باب من یکره امامة)

صورت مسئولہ میں جب کہ راندیر کے حافظ وقاری صاحب ایسے معذور نہیں ہیں کہ نقل وحرکت آمد و رفت اور اپنی ضروریات میں غیر کے محتاج ہوں۔ برسوں سے تراویح پڑھاتے ہیں اور مذکور مسجد میں بھی کئی سال تراویح پڑھا چکے ہیں اور اسی بنا پر اہل محلہ نے متفقہ طور پر ان کو اپنا امام منتخب کیا ہے اور کوئی شرعی قباحت بھی نہیں پائی جاتی تو محض ذاتی عناد اور ضد کی بنا پر امامت سے معزول کرنے کا مطالبہ کرنا موجب ظلم اور توہین ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔ ۷ شعبان المعظم ۱۴۰۰ھ۔

## غیر مقلد امام کے پیچھے نماز پڑھنا:

(سوال ۲۳۱) غیر مقلد امام کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ ہمارے یہاں بعض حنفی غیر مقلدوں کی مسجد میں جا کر نماز پڑھتے ہیں ان کی نماز صحیح ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) مقلدین وغیر مقلدین میں بہت سے اصول وفروعی اختلاف ہیں مثلاً یہ لوگ صحابہ کو معیار حق نہیں مانتے۔ ائمہ اربعہ پر سب وشتم کرتے ہیں اور ان کی تقلید کو جس کے وجوب پر امت کا اجماع ہو چکا ہے اس کو بدعت بلکہ بعض تو شرک تک کہہ دیتے ہیں اور اسی طرح بہت سے اجماعی مسائل کے منکر ہیں، بیس رکعت تراویح کو بدعت عمری کہتے ہیں۔ وقوع طلاق ثلثہ کو قرآن وحدیث کے خلاف کہتے ہیں۔ جمعہ کی اذان اول کو بدعت عثمانی کہتے ہیں۔ اور بعض تو چار سے زائد عورتوں سے نکاح کو جائز کہتے ہیں، متعہ کے جواز کے قائل ہیں اس لئے ہمارے اکابرین فرماتے ہیں کہ حتی الوسع ان کے پیچھے نماز نہ پڑھی جائے اور نماز جیسی اہم عبادت کو مشتبہ طور پر ادا کرنا کس طرح مناسب ہو سکتا ہے؟ اور اگر کسی مجبوری کی وجہ سے ان کے پیچھے نماز پڑھ لی تو احتیاطاً بعد میں اعادہ کر لے۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔

(سوال) غیر مقلد کے پیچھے حنفی کی نماز ہو جاتی ہے یا نہیں اور کیسی ہوتی ہے؟

(الجواب) غیر مقلد بہت طرح کے ہیں، بعض ایسے ہیں کہ ان کے پیچھے نماز پڑھنا خلاف احتیاط یا مکروہ یا باطل ہے چونکہ پورا حال معلوم ہونا فی الفور مشکل ہے اس لئے احتیاط یہی ہے کہ ان کے پیچھے نماز نہ پڑھی جائے۔ فقط

واللہ اعلم (امداد الفتاویٰ ج ا ص ۲۳۶ مطبوعہ پاکستان )

آپ کا ایک اور فتویٰ جو عربی میں ہے اور حاشیہ میں اس کا ترجمہ کیا گیا ہے وہ ملاحظہ ہو۔ خلاصۂ سوال :۔ حنفی کا غیر مقلد امام کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

ترجمہ جواب :۔ مبسملاً وحامداً ومصلیاً۔ میرے نزدیک مسئلہ میں تفصیل ہے کیونکہ غیر مقلد بہت طرح کے ہیں۔ بعضے ایسے ہیں کہ ان کا اختلاف مقلدین کے ساتھ صرف مسائل اجتہادیہ میں ہے ان کی اقتداء کا حکم وہی ہے جو حنفی کے لئے شافعی امام کی اقتداء کا ہے یعنی اگر وہ نماز میں خلافیات کی رعایت کرے تو بالاتفاق اقتداء جائز ہے ورنہ جواز اقتداء میں اختلاف ہے اور جمہور کا فتویٰ عدم جواز کا ہے کیونکہ نماز کے معاملہ میں احتیاط ضروری ہے اور بعضے غیر مقلدین ایسے ہیں کہ ان کا اختلاف مقلدین کے ساتھ ان مسائل میں ہے جو سنت والجماعت کے نزدیک اجماعی ہیں جیسے چار سے زیادہ عورتوں سے نکاح جائز قرار دینا، متعہ جائز قرار دینا اور سلف صالحین کے لئے سب وشتم (گالی گلوچ) روا رکھنا وامثال ذالک ایسے لوگوں کا حکم بدعتی امام کے حکم کے مانند ہے یعنی بغیر کسی مجبوری کے ان کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے اور کسی مجبوری کے وقت مکروہ تنزیہی ہے اور جن غیر مقلدین کا حال مشتبہ ہو (اگر فتنہ کا ڈر ہو تو) اولیٰ یہ ہے کہ ان کے پیچھے نماز پڑھ لی جائے تا کہ کوئی فتنہ نہ اٹھے اور بعد میں اعادہ کر لے تا کہ احتیاط پر عمل ہو جائے لیکن اگر فتنہ ان کے پیچھے نماز پڑھنے میں ہے تو ان کے پیچھے نماز نہ پڑھے تا کہ مسلمانوں کو دھوکا نہ ہو اور وہ دین متین کے بارے میں بے باک نہ ہو جائیں۔

واللہ اعلم (امداد الفتاویٰ ج ا ص ۳۸۵، ص ۳۸۶ ترتیب جدید بحاشیہ جدیدہ مفتی سعید احمد پالنپوری مطبوعہ ادارہ تالیفات اولیاء دیوبند )

دارالعلوم دیوبند کے مفتی اعظم، حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحبؒ کا فتویٰ۔

(سوال ) جس شخص کا عقیدہ حسب ذیل ہو اس کو امام بنانا کیسا ہے، تقلید ناجائز اور بدعت ہے مرزائی اور مرزا مسلمان ہیں۔ مقلدوں کا مذہب قرآن میں نہیں۔ ایسے شخص کو امام بنانا اور ترجمۂ قرآن شریف اس سے پڑھنا کیسا ہے؟

(الجواب ) ایسے شخص کو امام بنانا جس کے عقائد سوال میں درج کئے ہیں درست نہیں ہے اور اس سے ترجمۂ قرآن شریف بھی نہ پڑھنا چاہئے۔ فقط۔ (فتاویٰ دارالعلوم مدلل ومکمل ص ۱۰۶ جلد ثالث )

آپ کا دوسرا فتویٰ۔

(سوال ) زید غیر مقلد۔ تقلید ائمۂ اربعہ کو کفر وشرک بتلاتا ہے زید کا کہنا صحیح ہے یا غلط اور اس کے پیچھے نماز صحیح ہے یا غلط؟

(الجواب ) قول اس غیر مقلد کا غلط ہے اور گمراہی وخطاء ظاہر ہے ایسے غیر مقلد کے پیچھے نماز صحیح نہیں ہے۔ فقط حاشیہ میں ہے۔ ایسا شخص فاسق ہے اور فاسق کی امامت مکروہ تحریمی ہے ارشاد نبوی ہے۔ سباب المسلم فسوق وقتاله كفر (مشكوة) اما الفاسق فقد عللوا كراهة تقديمة لانه لا يهتم لا مردينه وبان فى تقديمه للامامة تعظيمه' وقد وجب عليهم اهانته شرعاً الخ بل مشى فى شرح المنية على



ان كراهة تقديمه كراهة تحريم (رد المحتار ج ا ص ۵۲۳ باب الامامة) فتاوى دار العلوم مدلل ومكمل ج ۳ ص ۲۵۷. فقط والله اعلم بالصواب.

## جس کے داڑھی نہ نکلی ہو اس کو امام بنانا:

(سوال ۲۳۲ ) میری عمر ۲۵ سال کی ہے حافظ قرآن ہوں مگر ابھی تک داڑھی نہیں نکلی ہے ایک جگہ امامت کرنا چاہتا ہوں بعض لوگ داڑھی نہ ہونے کی وجہ سے اعتراض کرتے ہیں کہ تمہارے پیچھے سن رسیدہ لوگ نماز نہیں پڑھ سکتے، کیا ان کا یہ قول صحیح ہے؟ میں امامت کرا سکتا ہوں یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) آپ نماز کے صحیح وفاسد ہونے کے مسائل سے واقف ہوں۔ قرآن مجید صحیح اور تجوید کیساتھ پڑھتے ہوں اور آپ کی دینداری پر لوگوں کو شک وشبہ نہ ہو صرف داڑھی نہ نکلنے کی وجہ سے امامت کے لائق نہ سمجھتے ہوں تو ان کا خیال مناسب نہیں، البتہ کسی کی عمر کم ہو اور خوبصورت ہو اور اس کو نگاہ شہوت سے لوگوں کے دیکھنے کا احتمال ہو جس کی وجہ سے لوگ اس کی امامت کو ناپسند کرتے ہوں تو اس کی امامت مکروہ ہوگی۔ شامی میں ہے۔ قوله وكذا تكره خلف امرد) الظاهر انها تنزيهية ايضاً والظاهر ايضاً كما قال الرحمتى ان المراد به الصبيح الوجه لانه محل الفتنة . الى قوله. وفى حاشية المدنى عن الفتاوىٰ العفيفة سئل العلامة الشيخ عبدالرحمن بن عيسىٰ المرشدى عن شخص بلغ من السن عشرين سنةً وتجاوز حد الانبات ولم ينبت عذاره فهل يخرج بذلک عن حدا لا مردية . الى قوله. فاجاب بالجواز من غير كراهة و ناهيک به قدوة والله اعلم و كذالک سئل عنها المفتى محمد تاج الدين القلعى فا جاب كذلک اه (شامى ج ا ص ۵۲۵ باب الا مامة مطلب فى امامة الامرد) فقط والله اعلم بالصواب.

## امام کی بیوی بدکردار ہو مگر وہ اپنی بری حرکتوں سے توبہ کر لے تو ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے:

(سوال ۲۳۳ ) ہمارے یہاں پانچ برس سے ایک عالم امام ہیں بظاہر دیندار ہیں اور آج تک ان سے کوئی نازیبا حرکت صادر نہیں ہوئی۔ چند دن ہوئے لوگوں کو معلوم ہوا کہ ان کی زوجہ بد اخلاق ہے اور اس کا غیر مرد کے ساتھ ناجائز تعلق ہے اور شریعت کے حدود پار کر کے زنا کی بھی مرتکب ہوئی ہے۔ امام صاحب کو جب اس کی اطلاع ہوئی تو اس پر سخت ناراض ہوئے اور اس کی اس حرکت پر اظہار نفرت کیا اور اس کو طلاق تک دینے کا ارادہ کر لیا۔ بعد میں عورت کو بھی اپنی اس حرکت پر ندامت ہوئی اس نے سچی توبہ کی اور اپنے شوہر سے بدل وجان معافی مانگی اور عہد کیا کہ آئندہ اس قسم کی حرکت ہرگز نہیں کروں گی۔ اس کے بعد امام صاحب نے اس کو طلاق نہیں دی اور ابھی اسی کے ساتھ رہتے ہیں اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ ان کے پیچھے نماز پڑھنا صحیح ہے یا نہیں؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ امام فاسق ہے اس لئے نماز صحیح نہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ نماز صحیح ہوگی اس لئے کہ یہ نازیبا حرکت امام نے نہیں کی ہے بلکہ وہ اس پر ناراض بھی ہوئے ہیں۔ کس کی بات صحیح ہے؟

(الجواب) جب امام صاحب عورت کے اس گناہ میں شامل اور معاون نہیں بلکہ اس سے بالکل بے خبر تھے اور جب اس کی اطلاع ہوئی تو سخت ناراض اور غصہ ہوئے اور جب تک عورت نے توبہ نہیں کی اس سے تعلقات قطع کر دیئے اور طلاق تک دینے کا ارادہ کرلیا تو ان کو گنہگار اور فاسق کہنا صحیح نہیں۔ قرآن کریم میں ہے۔ ولا تزروازرۃ وزر اخری. اور کوئی دوسرے (کے گناہ کا) بوجھ نہ اٹھائے گا۔ (سورۂ فاطر پ۲۲) اس لئے ان کے پیچھے نماز پڑھنے میں کسی قسم کا حرج نہیں اور شوہر پر بدکار و فاجرہ عورت کو فوراً طلاق دینا ضروری نہیں۔ ہاں جب یقین ہو جائے کہ عورت زنا کاری و بدکاری سے باز نہیں آئے گی اور ایک دوسرے کے حقوق پامال ہوں گے تو پھر ایسی عورت کو طلاق دے کر علیحدہ کر دینا چاہئے۔ درمختار میں ہے۔ لایجب علی الزوج تطلیق الفاجرۃ ولا علیها تسریح الفاجر الا اذا خافا ان لا یقیما حدود الله فلا بأس ان یتفرقا (درمختار مع الشامی ج ۲ ص ۴۰۲ کتاب النکاح) فقط والله اعلم بالصواب.

## امام نے بری حرکت کی پھر اس نے توبہ کرلی تو اب اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟:

(سوال ۲۳۳) ہمارے گاؤں میں ایک حافظ صاحب امام تھے سوء اتفاق سے ان کا ایک لڑکی سے تعلق ہو گیا۔ لڑکی مسجد میں ان کے پاس آتی جاتی تھی۔ لوگوں کو اور مسجد کے متولی کو اس کی خبر ہو گئی۔ انہوں نے امام ...... سے اس کے متعلق دریافت کیا تو امام ...... نے اقرار کرلیا۔ پھر متولی نے ان کو امامت سے علیحدہ کر دیا۔ اس کے بعد امام ...... نے اپنی اس حرکت سے توبہ کرلی اور دوسری جگہ شادی کرلی۔ اب وہ حافظ صاحب دوسرے محلہ کی مسجد میں امامت کرنا چاہتے ہیں۔ کیا ان کی امامت درست ہے؟ اور ان کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) امام نے یہ حرکت بڑی نازیبا کی کہ اجنبی اور پرائی عورت سے ناجائز تعلق قائم کیا۔ یہ حرکت ان کے منصب کے اعتبار سے بہت ہی خراب ہے جب تک اس حرکت سے باز نہ آ جائے اور صدق دل سے توبہ نہ کرے اس کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ ہے البتہ اگر وہ اپنا جرم کا اعتراف کر کے سچے دل سے توبہ کرلے اور نمازیوں کو اس کی توبہ کا یقین ہو جائے تو پھر وہ امامت کر سکتا ہے۔ جب انسان صدق دل سے توبہ کرلیتا ہے تو اللہ اس کے گناہ معاف کر دیتا ہے۔ حدیث میں ہے۔ التائب من الذنب کمن لا ذنب له. لہذا توبہ کرنے کے بعد اس کو فاسق اور گنہگار سمجھنا صحیح نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## مراہقہ اور بالغہ لڑکیوں کو بلا حجاب پڑھانا درست ہے یا نہیں؟ اور جو شخص ایسی لڑکی کو پڑھائے اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے.

(سوال ۲۳۴) اگر کوئی شخص پندرہ سولہ سالہ لڑکیوں کو قرآن کی تعلیم دے۔ جب کہ یہ لڑکیاں اس کے لئے نامحرم ہیں۔ شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟ اور ایسے امام کے پیچھے پڑھنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا (از رنگون)

(الجواب) مراہقہ اور بالغہ لڑکیوں کو بلا حجاب پڑھانا درست نہیں، پردہ کا اہتمام ہو اور خلوت نہ ہو تو گنجائش ہے مگر خلاف احتیاط ہے لہذا محرم یا عورت ہی سے پڑھایا جائے۔ مسئلہ معلوم ہونے کے بعد بھی احتیاط نہ کرے تو ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا کراہت سے خالی نہیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب ۲۹ شعبان المعظم س ۱۴۰۱ھ۔



## کہنی تک کٹے ہوئے ہاتھ والے حافظ قرآن کے پیچھے تراویح:

(سوال ۲۳۵) ایک حافظ قرآن کا ایک ہاتھ کہنی کے پاس سے کٹ گیا ہے ایسے امام کے پیچھے تراویح مکروہ ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(جواب) ایسے امام کے پیچھے تراویح پڑھنا جائز ہے مکروہ نہیں۔(۱) واللہ اعلم بالصواب۔

## نابالغ حفاظ قرآن پختہ کرنے کے لئے نوافل با جماعت ادا کریں اور اصلاح کے لئے کوئی بالغ اس کی اقتداء کرے تو کیا حکم ہے؟:

(سوال ۲۳۶) چند نابالغ حفاظ ہیں وہ رات کو نوافل میں قرآن سنانا چاہتے ہیں تو کیا ایسے نابالغ امام کی بغرض اصلاح اقتداء کر سکتے ہیں یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) نفل نماز اور تہجد میں احناف کے نزدیک جماعت مکروہ ہے امام کے پیچھے دو مقتدی ہوں تو مکروہ نہیں تین میں اختلاف ہے اور چار مقتدی ہوں تو بالاتفاق مکروہ ہے یہ حکم جماعت کا ہے۔ رہا نابالغ حافظ کی اقتدا تو تراویح اور نوافل میں بھی درست نہیں۔ وامامة الصبی العاقل فی التراویح والنوافل المطلقة یجوز عند بعضهم ولا یجوز عند عامتهم کذا فی محیط السرخسی. (عالمگیری ج ۱ ص ۲۷ باب الامامة الفصل الثالث فی بیان من یصلح اماماً لغیره) (کبیری ص ۳۹۰)

البتہ اگر وہ اپنا قرآن پختہ کرنے اور تراویح پڑھانے کی عادت ڈالنے کے لئے نفل نماز میں قرآن سنائے تو لقمہ دینے کے لئے ایک حافظ اگر ایک کافی نہ ہو تو دو حافظ تعلیماً اقتداء کر سکتے ہیں، فضیلت حاصل کرنے کی غرض سے اقتداء جائز نہ ہوگی۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## فیشن پرست حافظ کو تراویح میں امام بنانا کیسا ہے :

(سوال ۲۳۷) ہمارے یہاں "دمن" میں ایک نوجوان لڑکا حافظ قرآن ہے۔ داڑھی بھی ہے مگر اس کا لباس فیشنی بیل بوٹم وغیرہ ہے، سر پر لمبے غیر شرعی ہپی بال ہیں۔ اور برہنہ سر گھومتا ہے۔ نماز کا پابند نہیں ہے۔ اس کا دو برس سے یہاں قیام ہے مگر کبھی نہ دینی مجالس میں شرکت کرتا ہے نہ قبرستان میں تدفین کے وقت نظر آتا ہے۔ تراویح میں ایسے شخص کا امام بنانا کیسا ہے؟ بعض لوگ اس کی موافقت کرتے ہیں کہ تراویح پڑھانے کے وقت وہ شرعی لباس کرتا، پائجامہ پہن لیتا ہے۔ تو پھر کیا اعتراض ہے۔ آپ مفصل تحریر فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) یہ لباس فیشن ہے اور اس کو فساق و فجار نے اختیار کیا ہے، علامہ جوزی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں۔ ولا یخفی علی عاقل ان کشف الرأس مستبح وفیه اسقاط مروۃ وترک ادب وانما یقع فی المناسک تعبداً لله تعالیٰ وذلالة اور عاقل پر پوشیدہ نہیں ہے کہ سر کھولنا قبیح ہے اور مروۃ ختم کرتا ہے۔

(۱) قوله ومفلوج وأبرص شاع برصه وكذلك أعرج يقوم ببعض قدمه فالا قتداء بغيره اولى تاتر خانيه وكذلك اجزم سرحسندى ومجبوب و حاقن ومن له يد واحدة فتاوى الصوفية عن التحفة والظاهر ان العلة النفرة الخ شامى باب الامامة مطلب فى امامة الامرد ج ۱ ص ۵۶۲.

اور ادب اور شریفانہ تہذیب کے خلاف ہے۔ شریعت میں صرف احرام حج میں سر کھلا رکھنے کا حکم ہے۔ جس کا مقصد صرف تعبد ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنی نیازمندی اور اپنی بندگی کا اظہار کرنا ہے۔ (تلبیس ابلیس ص ۳۷۳)

پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تحریر فرماتے ہیں۔ ویکرہ کشف الراس بین الناس، لوگوں کے درمیان سر کھولنا مکروہ ہے۔ (غنیۃ الطالبین ج۔۱ ص ۱۳)

آپ ﷺ کا پسندیدہ طریقہ چھوڑ کر فساق و فجار کے طریقوں کو اختیار کرنا بالخصوص حافظ قرآن اور امام کے لئے از حد افسوسناک ہے۔ بعض نوجوان کالج وغیرہ کے ماحول کی وجہ سے حضور اکرم ﷺ کی سنت کو چھوڑنے پر مصر رہتے ہیں۔ یہ ماحول سے متاثر ہونے کی علامت ہے۔ دیکھیے حضور اکرم ﷺ کے صحابی حضرت حذیفہؓ سفر میں تھے، کھانا تناول کرنے کے درمیان آپ کے ہاتھ سے لقمہ گر پڑا آپ نے اسے اٹھا کر کھالیا خادم نے آہستہ آہستہ سے کہا آپ ایسا نہ کریں مقامی لوگ اسے عیب سمجھتے ہیں۔ حضرت حذیفہؓ نے جواب دیا اترک سنۃ حبیبی صلی اللہ علیہ وسلم لھو لآء الحمقاء کیا ان احمقوں اور بے وقوفوں کی وجہ سے اپنے حبیب ﷺ کی سنت کو چھوڑ دوں؟

آیت قرآنی فلا وربک لا یؤمنو ن حتیٰ یحکمو ک الخ کی تفسیر میں حضرت امام جعفر صادقؒ سے مروی ہے کہ اگر کوئی قوم خدا کی عبادت کرے اور نماز روزہ، حج و زکوٰۃ سب کچھ بجالاوے مگر آنحضرت ﷺ کے کسی عمل کے بارے میں بطور اعتراض یہ کہے کہ آپ ﷺ نے یہ کیوں کیا؟ یا آپ کے کسی حکم سے متعلق دل میں تنگی محسوس کرے تو صوم و صلوٰۃ وغیرہ اعمال ہونے کے باوجود وہ کافر و مشرک کے حکم میں ہے۔ (روح المعانی ج۵ ص ۶۵)

ایک مرتبہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ حدیث بیان فرما رہے تھے کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحب الدباء حضور اکرم ﷺ کدو کو پسند فرماتے تھے ایک شاگرد فوراً بول اٹھا مگر میں تو پسند نہیں کرتا امام ابو یوسفؒ نے تلوار نکال کر کہا توبہ کر ورنہ قتل کر ڈالوں گا (مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ج۳ ص ۶۶ مطبوعہ ملتان، باب الجماعۃ و فضلھا)

خلاصہ یہ کہ اگر حافظ اپنی ان قبیح عادتوں کے ترک کر دینے کا عہد کرے تو اس کو امام تراویح بنایا جا سکتا ہے اور اگر انکار کرے تو پھر ایسا شخص امامت کے منصب کے لائق نہیں اور اس وجہ سے نمازی اگر اس سے ناراض ہوں تو ان کی ناراضگی حق ہوگی حدیث میں ہے کہ شرعی سبب سے اگر مصلی امام سے ناراض ہوں تو ایسے امام کے پیچھے نماز مقبول نہیں ہوتی۔ درمختار میں ہے (ولو ام قوما وھم لہ کارھون) ان الکراھۃ (لفساد فیہ او لانھم احق بالامامۃ منہ کرہ) لہٗ ذلک تحریماً لحدیث ابی داؤد ج ۱ ص ۹۵) لایقبل اللہ منھم صلاۃ من تقدم قوماً وھم لہ کارھون (درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۵۲۲ باب الامامۃ)

ابوداؤد شریف میں ہے۔ ان رجلاً ام قوماً فبصق فی القبلۃ ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینظر فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین فرغ لا یصلی لکم فاراد بعد ذالک ان یصلی لھم فمنعوہ واخبروہ بقول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکر ذالک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال نعم وحسبت انہ' قال انک آذیت اللہ ورسولہ' صلی اللہ علیہ وسلم۔ یعنی ایک شخص نے امامت کرائی اور (نماز میں) قبلہ کی طرف تھوکا، رسول اللہ ﷺ یہ دیکھ رہے تھے جب وہ فارغ ہوگیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ شخص تم لوگوں کو نماز نہ پڑھائے، اس کے بعد (دوسرے وقت) نماز پڑھانے کا ارادہ کیا تو لوگوں نے ان کو



روک دی اور حضور ﷺ کا فرمان سنایا۔ انہوں نے یہ بات حضور اکرم ﷺ سے جا کر کہی (کہ لوگ نماز پڑھانے نہیں دیتے اور کہہ رہے ہیں کہ آپ نے منع فرمایا ہے) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ ہاں (میں نے منع کیا ہے) راوی کہتے ہیں کہ میرا گمان یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ تم نے (قبلہ کی طرف تھوک کر) اللہ اور اس کے رسول کو تکلیف دی ہے (ابوداؤد شریف ج ۱ ص ۶۷ باب الکراھیۃ البزاق فی المسجد)

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ امام کو شرعی احکام کا پابند ہونا چاہئے اور سنت کے مطابق زندگی گذارنے کا عادی ہونا چاہئے لہٰذا اگر حافظ صاحب اپنی طرز زندگی بدلنے پر تیار ہوں تو ان کو امام بنایا جائے ورنہ امام کا مقدس منصب ان کو سپرد نہ کیا جائے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## خصی اور ہجڑے کے پیچھے نماز کیوں مکروہ ہے جب کہ وہ کلمہ گو ہے:

(سوال ۲۳۸) فتاویٰ رحیمیہ جلد چہارم میں سوال نمبر ۱۲۱۳ (جدید ترتیب کے مطابق اسی باب میں، جس نے نسبندی کرائی ہو اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے، کے عنوان سے دیکھیں ص۔۔۔ مرتب) کے جواب میں آپ نے تحریر فرمایا ہے ''خصی اور ہجڑے کو امام بنانا جائز نہیں، نماز مکروہ ہوتی ہے'' جو نسبندی کرا رہا ہے چاہے وہ اپنی مرضی سے کرا رہا ہو مگر وہ کلمہ گو تو ہے)۔ اس کا ایمان تو صحیح ہے، پھر بھی اس کے پیچھے نماز درست نہیں ہوتی ہے، یہ سمجھ میں نہیں آرہا ہے، جواب دے کر ممنون فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

(الجواب) آپ کے اشکال کا جواب اسی جگہ موجود ہے، یہ حرکت مثلہ محرمہ ہے۔ مثلہ یعنی اعضاء بدن کو اصلی خلقت سے بگاڑنا اور یہ حرام ہے۔ ہر کلمہ گو کی امامت درست ہو یہ ضروری نہیں ہے۔ عورت بھی کلمہ گو ہے مگر اس کی امامت درست نہیں ہے نابالغ بھی کلمہ گو ہے لیکن اس کی امامت جائز نہیں ہے، بدکار، زناکار فاسق و فاجر بھی کلمہ گو ہے مگر ایسے شخص کو امام بنانے کی شرعاً اجازت نہیں، اسی طرح از راہ رغبت (اپنی مرضی سے) خصی بننے والے کو ''امامت'' کا اعلیٰ منصب عطا کرنا درست نہیں ہے کہ خصی ہونا حرام ہے ملاحظہ ہو (فتاویٰ رحیمیہ جلد دوم ص ۲۳۶) (جدید ترتیب کے مطابق حظر و اباحۃ میں برتھ کنٹرول کے لئے مجبور کیا جائے تو کیا علاج؟ کے عنوان سے دیکھیں ص۔۔۔ مرتب) فقط واللہ اعلم بالصواب ۲۲ شوال المکرم ۱۴۰۳ھ۔

## غیر شادی شدہ کی امامت:

(سوال ۲۳۹) بعض لوگ کہتے ہیں کہ جس کا نکاح نہ ہوا ہو اس کی امامت جائز نہیں، جبکہ امام صاحب یوں کہتے ہیں کہ میں علم دین حاصل کر رہا ہوں فارغ ہونے کے بعد نکاح کروں گا، کس کی بات صحیح ہے؟ غیر شادی شدہ شخص امامت کر سکتا ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) امامت صحیح ہونے کے لئے امام کا شادی شدہ ہونا شرط نہیں ہے جب کہ پاک بازی کی زندگی گذار رہا ہے اور علم دین حاصل کرنے میں مشغول ہے، اور تعلیم پوری کر کے شادی کے لئے کہتا ہو تو کیا برا ہے؟ جو لوگ خواہ مخواہ پیچھے پڑے ہیں اور امامت کو ناجائز قرار دیتے ہیں وہ زیادتی کر رہے ہیں، اگر ابھی شادی ہوگئی اور تعلیم رک گئی تو اس کے حق میں کتنا بڑا نقصان ہوگا، البتہ اگر تعلیم پوری ہونے کی مدت میں گناہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو تو

مقتدیوں کو چاہئے کہ شادی کا انتظام کردیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## شافعی امام وتر دو سلام سے ادا کرے تو حنفی اس کی اقتداء کرسکتا ہے یا نہیں :

(سوال ۲۴۰) رمضان المبارک میں تراویح کے بعد وتر بعد جماعت ادا کی جاتی ہے، ہمارے یہاں زیادہ تر شافعی مسجدیں ہیں وہ لوگ اپنی وتر دو سلام سے ادا کرتے ہیں، کیا حنفی حضرات شافعی امام کے پیچھے دو سلام سے وتر ادا کرسکتے ہیں؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) صحیح قول یہ ہے کہ اگر شافعی امام وتر دو سلام سے ادا کرے تو حنفی مقتدی اس کی اقتداء نہ کرے اسی میں احتیاط ہے۔ طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے وان لا یقطع وتره بسلام علی الصحیح (طحطاوی ص ۱۲۰ باب الوتر)

درمختار میں ہے (وصح الاقتداء فیه (ای فی الوتر) بشافعی لم یفصله بسلام) لا ان فصله(علی الاصح) (درمختار ج ۱ ص ۶۲۵ باب الوتر والنوافل)فقط والله اعلم بالصواب.

## بدعتی کی امامت کا حکم:

(سوال ۲۴۱) ہمارے محلہ کی مسجد کے امام صاحب بدعتی ہیں اور دوسری مسجد جہاں صحیح العقیدہ امام ہیں وہ بہت دور ہے وہاں جانا مشکل ہوتا ہے تو ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ جماعت چھوڑنے پر دل مائل نہیں ہوتا، میرے ایک دوست کہتے ہیں کہ اس کے پیچھے نماز پڑھ کر تنہا اس نماز کا اعادہ کرلیا کرو، شرعی حکم کیا ہے؟ وضاحت فرمائیں بینوا توجروا۔

(الجواب) اگر یقین کے ساتھ اس بات کا علم ہو کہ امام کے عقائد کافرانہ اور مشرکانہ ہیں وہ بدعقیدہ ہے تو ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا جائز نہیں اور اگر یقین کے ساتھ اس بات کا علم نہ ہو تو پھر اگر دوسری مسجد بہت دور ہو اور وہاں پنج وقتہ حاضری دینا مشکل ہو تو مجبوراً ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھ لے، تنہا پڑھنے سے ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا بہتر ہے کہ جماعت کی بہت اہمیت ہے، ایسے بدعتی شخص کو امام بنانے کی جو خرابی اور کراہیت ہے اس کی ذمہ داری امام اور اس کو مقرر کرنے والوں اور جماعت کرنے والوں پر ہوگی، اور جماعت سے نماز پڑھنے کے بعد نماز کے اعادہ کی ضرورت نہیں، فتاوی عالمگیری میں ہے۔ یجوز الصلوٰة خلف صاحب الهویٰ وبدعة ولا یجوز خلف الرافضی والجهمی والقدری والمشبهة ومن یقول بخلق القرآن وحاصله ان کان هوی لا نکفر به صاحبه یجوز الصلوٰة خلفه مع الکراهة والا فلا هکذا فی التبیین ، والخلاصة وهو الصحیح هکذا فی البدائع (فتاوی عالمگیری ص ۵۲ باب ۵ فی الامامة فصل نمبر ۳)

فتاوی رحیمیہ میں ہے۔ اگر بدعتی کی بدعت اور بداعتقادی مفضی الی الکفر ہو تو پھر اس کی امامت کسی حالت میں بھی جائز نہیں ہے (فتاوی رحیمیہ ج ۱ ص ۱۶۵) (جدید ترتیب کے مطابق اسی باب میں، فاسق وفاجر اور بدعتی کی امامت کا کیا حکم ہے، کے عنوان سے دیکھیں۔ مرتب)

درمختار میں ہے: (ویکره) (ومبتدع) ای صاحب هوی (لایکفر بها) (وان کفر



بها) کقوله ان الله تعالیٰ جسم کا لا جسام وانکاره صحبة الصدیق (فلا یصح الاقتداء به اصلا) فلیحفظ ..... وفی النهر عن المحیط صلی خلف فاسق اومبتدع نال فضل الجماعة (درمختار) شامی میں ہے (قوله' نال فضل الجماعة) افادان الصلوة خلفهما اولیٰ من الانفراد لکن لا ینال کما ینال خلف تقی وورع لحدیث من صلی خلف عالم تقی فکانما صلی خلف نبی (درمختار والشامی ص ۵۲۳، ص ۵۲۴، ص ۵۲۷ ج اول باب الامامة) (فتاوی رحیمیہ اردو ص ۳۴۹، ص ۳۵۰ ج ۲ (اسی باب میں، بدعتی اور علماء حقہ کو برا کہنے والے کی امامت، کے عنوان سے دیکھیں۔ مرتب)

ہدایہ اولین میں ہے۔ ویکره تقدیم العبد ..... والفاسق لانه لا یهتم لا مردینه وان تقدموا جاز لقوله علیه السلام صلوا خلف کل برو فاجر (هدایة اولین ص ۱۰۱ ج ۱ باب الامامة) فتاویٰ رشیدیہ میں ہے:

(سوال) جو شخص رسول اللہ ﷺ کو غیب داں جانے اس کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟

(الجواب) جو شخص رسول اللہ ﷺ کو علم غیب جو خاصہ حق تعالیٰ ہے ثابت کرتا ہو اس کے پیچھے نماز نادرست ہے (حاشیہ میں ہے لانه کفر فلا یصح الاقتداء به اصلاً، کذافی الدر المختار (فتاوی رشیدیه ص ۴۸ حصه سوم مطبوعه کتب خانه رحیمیه سنهری مسجد دهلی) فقط والله اعلم بالصواب.

## داڑھی خشخشی کرانے والے کو امام بنانا اور اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے :

(سوال ۲۴۲) زید امامت کرتا ہے، وہ اپنی ڈاڑھی کترواتا ہے اور داڑھی ایک مشت سے کم ہے ایسے شخص کو امام بنانا اور اس کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے؟ امام صاحب کو توجہ دلائی گئی مگر وہ دھیان نہیں دیتے داڑھی کتنی رکھنا مسنون ہے اسے تفصیل سے بیان فرمائیں تاکہ بات پوری طرح منقح ہوجائے بینوا توجروا۔

(الجواب) مردوں کے لئے داڑھی رکھنا واجب ہے، یہ داڑھی رکھنا اسلامی اور قومی شعار ہے، تمام انبیاء علیہم السلام کی متفقہ سنت مسترہ ہے احادیث میں بہت ہی تاکید بیان کی گئی ہے، ملاحظہ ہو فتاوی رحیمیہ جلد ششم ص ۲۳۶ (ایمان وعقائد میں، داڑھی کا وجوب اور ملازمت کی وجہ سے اس کا منڈانا، کے عنوان سے دیکھیں ص ۱۰۵ ج ۱ مرتب) اور داڑھی کی مقدار شرعی ایک قبضہ یعنی ایک مشت ہے" امام محمد کتاب الآثار میں تحریر فرماتے ہیں: والسنة فیها القبضة وهو ان یقبض الرجل لحیته فما زاد منها علی قبضة قطعه داڑھی کی مقدار مسنونہ ایک قبضہ ہے اور وہ اس طرح کہ داڑھی مٹھی میں لے لے اور جو زائد ہو اسے کاٹ دے (کتاب الآثار فتاوی رحیمیہ ج ۴ ص ۱۷۷)

درمختار میں ہے ولا بأس باخذ اطراف اللحیة والسنة فیها القبضة شامی میں ہے (قوله والسنة فیها القبضة) وهو ان یقبض الرجل لحیته فما زاد منها علی قبضة قطعه کذا ذکر محمد فی کتاب الآثار عن الامام قال وبه ناخذ محیط اه یعنی داڑھی میں مقدار مسنون ایک مشت ہے لہذا جو حصہ ایک مشت سے زائد ہو اسے کاٹ دے یہی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا قول ہے (درمختار وشامی ج ۵ ص ۳۵۹ کتاب الحظر والاباحۃ)

دوسری جگہ تحریر فرماتے ہیں واما الاخذمنها وهی دون ذلک کما یفعله بعض المغاربه ومخنثة الرجال

فلم يبحه احد واخذ كلها فعل هنود الهند ومجوس الاعاجم (درمختار وشامی ص ۱۵۵ ج ۲)

غایۃ الاوطار ترجمۂ اردو درمختار میں ہے: اور داڑھی میں سے لینا اس حال میں کہ وہ مشت سے کم رہ جائے جیسا کہ بعض مغربی اور مخنث کرتے ہیں پس اس کو کسی نے مباح نہیں کیا اور کل کو منڈانا ہند کے کفار کا فعل ہے اور عجم کے مجوسیوں کا طریقہ ہے (غایۃ الاوطار ج ۱ ص ۵۲۴ باب مایفسد الصوم وما لا یفسدہ)

فیض الباری شرح بخاری میں ہے، واما قطع مادون ذلک فحرام اجماعاً بین الائمۃ رحمھم اللہ یعنی داڑھی اس طرح کاٹنا کہ قبضہ سے کم رہ جائے باتفاق ائمہ حرام ہے (فیض الباری شرح بخاری ص ۳۸۰ ج ۴ فیما یصلح اماما لغیرہ) نصاب الاحتساب میں ہے: مسئلۃ ھل یجوز حلق اللحیۃ کما یفعلہ الجوالقیون؟

(الجواب) لایجوز ذکرہ فی کراھیۃ التجنیس والمزید وفی جنایات الھدایۃ وقال علیہ السلام احفوا الشوارب واعفوا اللحی ای قصوا الشوارب واترکوا اللحیٰ ولا تحلقوھا ولا تقطعوھا ولا تنقصوھا فی القدر المسنون وھی القبضۃ.

ترجمہ: داڑھی منڈانا جائز ہے یا نہیں۔

(الجواب) التجنیس والمزید کی کتاب الکراہیۃ اور ہدایہ کے باب الجنایات میں مذکور ہے کہ (داڑھی منڈانا) جائز نہیں آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا اپنی مونچھوں کو چھوٹا کرو اور داڑھیوں کو گھنی کرو اور اسے اپنے حال پر چھوڑ دو اور مقدار مسنون سے کم نہ کرو اور وہ ایک قبضہ ہے (نصاب الاحتساب ص ۱۴، ص ۱۵ باب نمبر ۶ قلمی) مالابدمنہ میں ہے: تراشیدن ریش بیش از قبضہ حرام است یعنی داڑھی منڈانا اور ایک قبضہ سے کم رکھنا حرام ہے (مالابدمنہ ص ۱۳۰)

مندرجہ بالا تمام حوالے فتاویٰ رحیمیہ سے ماخوذ ہیں، مزید حوالے فتاویٰ رحیمیہ ص ۲۳۶ تا ص ۲۵۰ ایضاً جلد ششم میں ملاحظہ فرمائیں۔ جدید ترتیب میں ایمان وعقائد میں داڑھی کا وجوب اور ملازمت کی وجہ سے اس کا منڈوانا کے عنوان سے [illegible] دیکھئے۔

ان روایات واقوال کا خلاصہ یہ ہے کہ داڑھی رکھنا واجب ہے اور ایک مشت سنت مؤکدہ ہے اس سے کم کرنا مکروہ تحریمی ہے اور یہ فعل موجب فسق ہے، فتاویٰ دارالعلوم میں ہے، ایک قبضہ (مٹھی) داڑھی رکھنا سنت ہے، اس سے چھوٹی کرانا داڑھی کٹانے کے حکم میں ہے اور یہ حرام ہے۔ (فتاویٰ دارالعلوم ج ۳ ص ۱۲۸ مدلل مکمل)

امامت کا منصب بہت عظیم ہے داڑھی جیسی عظیم الشان سنت کی ادائیگی میں کوتاہی کرنا اور مقدار مسنونہ کی رعایت نہ کرنا منصب امامت کے بالکل خلاف ہے، داڑھی مونڈنا یا خشخشی کرنا علانیہ فسق کی علامت ہے، ایسا شخص فاسق اور معلن ہے اس لئے امام صاحب پر لازم ہے کہ اپنی اس حرکت سے توبہ کریں اور مقدار مسنونہ کے مطابق داڑھی رکھیں، اگر وہ اپنی اس حرکت کو نہ چھوڑیں تو ان کی امامت مکروہ ہے ایسے شخص کو امامت کے عظیم منصب پر قائم نہ رکھا جائے معزول کردیا جائے، شامی میں ہے:

واما الفاسق فقد عللوا کراھۃ تقدیمہ بانہ لا یھتم لامر دینہ وبان فی تقدیمہ للامامۃ تعظیمہ وقد وجب علیھم اھانتہ شرعا (شامی ص ۵۲۳، ص ۵۶۱ ج ۱ باب الامامۃ) یعنی فاسق کو نماز میں امام نہ بنانے کی علت (دلیل) علماء نے یہ بیان کی ہے کہ وہ اپنے دینی امور کا اہتمام نہیں کرتا، اور ایسے شخص



کو امام بنانے میں اس کی تعظیم لازم آتی ہے، حالانکہ شرعاً وہ اہانت کے قابل ہے۔ (شامی ص ۵۲۳ جلد اول)

فتاویٰ رحیمیہ میں ہے۔ امام متقی پرہیزگار ظاہر میں گناہ اور برائی سے پاک ہونا چاہئے حدیث شریف میں ہے۔ وقد ورد عن ابن عمر رضی اللہ عنہ مرفوعا اجعلوا ائمتکم خیارکم فانھم وفدکم فیما بینکم وبین ربکم رواہ البیھقی بسند ضعیف وفی روایۃ ان سرکم ان تقبل صلوتکم فلیؤمکم علماءکم فانھم وفدکم، فیما بینکم وبین ربکم رواہ الطبرانی وفی روایۃ الحاکم فلیؤمکم خیارکم وسکت عنہ. اگر تم چاہتے ہو کہ تمہاری نماز درجۂ مقبولیت کو پہنچے تو تم میں جو زیادہ متقی وپرہیزگار ہو وہ تمہارا امام بنے کہ امام تمہارے اور تمہارے رب کے درمیان بطور قاصد ہے (شرح نقایہ ج ۱ ص ۸۶) الی قولہ، حدیث شریف میں ہے لا یؤم فاجر مؤمنا یعنی فاسق وفاجر کسی مومن کا امام نہ بنے (ابن ماجہ) ایسے امام کے پیچھے نماز مکروہ ہے اور اس کو امام بنانا گناہ ہے۔ کبیری میں ہے لو قدموا فاسقا یاثمون یعنی اگر فاسق کو امام بنائیں تو گنہگار ہوں گے (کبیری ص ۴۷۹) داڑھی ایک مشت رکھنا ضروری ہے، شارح مشکوۃ حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ فرماتے ہیں "وگذاشتن آں بقدر قبضہ واجب است یعنی ایک مشت داڑھی رکھنا واجب ہے (اشعۃ اللمعات ج ۱ ص ۲۸۸)

قاضی ثناء اللہ محدث پانی پتی فرماتے ہیں "تراشیدن ریش بیش از قبضہ حرام است (مالابدمنہ ص ۱۳۰) لہٰذا داڑھی منڈوانا اتنی کتروانا کہ ایک مٹھی سے کم رہ جائے حرام ہے۔" اس لحاظ سے بھی یہ امام فاسق ہے اور فاسق کی امامت مکروہ ہے (ہدایہ اولین ج ۱ ص ۱۰۱) لہٰذا ایسے فاسق (بدکار) امام کو معزول کرنا ضروری ہے متولی ایسے امام کو علیحدہ نہ کرے تو دوسری مسجد میں نماز پڑھے، کوئی اور مسجد نہ ہو تو مجبوراً اس کے پیچھے نماز پڑھ لے، (حدیث میں ہے صلوا خلف کل بر وفاجر، ھدایہ اولین ج ۱ ص ۱۰۱) کیونکہ جماعت کا ترک کرنا بھی درست نہیں ہے، جماعت کی بڑی اہمیت اور فضیلت ہے، علماء نے جماعت سے نماز پڑھنے کو واجب بھی کہا ہے، لہٰذا جماعت ترک نہ کرے، البتہ اس امام کو علیحدہ کرنے کی کوشش کرتا رہے (فتاویٰ رحیمیہ ص ۱۷۵، ص ۱۷۶) (اسی باب میں، فاسق کی امامت کے عنوان سے دیکھیں ۱۲ مرتب)

فتاویٰ دارالعلوم میں ہے۔

(سوال ۸۳۳) زید کی داڑھی کٹی ہوئی ہے بمقدار ایک دو انگل کے باقی ہے پوری چار انگل نہیں ہے اس کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں؟

(الجواب) درمختار میں ہے کہ چار انگشت سے کم داڑھی کا قطع کرانا حرام ہے، واما قطعھا وھی دونھا فلم یبحہ احد، اور نیز درمختار میں ہے ولذا یحرم علی الرجل قطع لحیتہ پس شخص مذکور کے پیچھے نماز مکروہ ہے اگرچہ بحکم صلوا خلف کل بر وفاجر اس کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے لیکن ایسے شخص کو امام بنانا نہ چاہئے لان فی امامتہ تعظیمہ وتعظیم الفاسق حرام، شامی فقط (فتاویٰ دارالعلوم مدلل ومکمل ج ۳ ص ۱۸۱، باب الامامۃ) فقط۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## امام مسجد کا کرکٹ کھیلنا اور اس سے دلچسپی رکھنا کیسا ہے :

(سوال ۲۴۳) ایک امام صاحب کو کرکٹ کھیلنے کا بہت شوق ہے اور کافی انہماک رکھتے ہیں میچ کی کومینٹری بڑے اہتمام سے سنتے ہیں، ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے بحوالۂ کتب جواب مرحمت فرمائیں بینوا توجروا۔

(الجواب) درمختار میں ہے (و) کرہ (کل لھو) لقوله علیه السلام کل لھو المسلم حرام الا ثلاثة ملاعبته اھله وتادیبه لفرسه ومناضلته بقوسه (درمختار) شامی میں ہے (قوله وکرہ کل لھو) ای کل لعب وعبث الی قوله والتصفیق وضرب الاوتار فانها کلها مکروهة لانها زی الکفار (درمختار وشامی ج ۵ ص ۳۴۷، ص ۳۴۸ کتاب الحظر والا باحة، فصل فی البیع)

شامی میں ایک اور جگہ ہے وفی القهستانی عن الملتقط من لعب بالصولجان یرید الفروسیة یجوز وعن الجواهر قد جاء الاثر فی رخصة المصارعة لتحصیل القدرة علی المقاتلة دون التلهی فانه مکروہ (شامی ج ۵ ص ۳۵۵ کتاب الحظر والا باحة فصل فی البیع)

ہدایہ اخیرین میں ہے ویکرہ اللعب بالشطرنج والنرد والاربعة عشر وکل لھو لانه ان قامر بها فالمیسر حرام بالنص وھو اسم لکل قمار وان لم یقامر بها فھو عبث ولھو وقال علیه الصلوة والسلام لھو المؤمن باطل الا الثلاث تادیبه لفرسه ومناضلته عن قوسه وملاعبته مع اھله ثم ان قامر به (ای بالشطرنج) تسقط عدالته وان لم یقامر الا تسقط لانه متاول فیه (ہدایہ اخیرین ص ۴۵۹ کتاب الکراھیة فصل فی البیع)

خلاصۃ التفاسیر میں ہے۔ کھیل سے اگر وہ سب امور مراد لئے جائیں جو محض دل خوش کرنے کے لئے ہوتے ہیں اور ان میں کوئی دینی یا دنیوی نفع نہیں تو حرام باعتبار اضاعت وقت کے ہے اور یہ حرام بجائے ترک اولیٰ کے ہے اور اگر وہ کھیل مراد لئے جائیں جن میں جوا یا کسی اور قسم کی شرعی ممانعت ہو یا ایسی محویت غالب ہو کہ آدمی تدبیر معاش وفکر سے بے پرواہ یا معطل رہے جس طرح کنکوو یا کبوتر وغیرہ میں آدمی محو اور خود فراموش ہو جاتا ہے تو ان کے حرام یا مکروہ ہونے میں کچھ تردد نہیں۔ (خلاصۃ التفاسیر ص ۱۵۶، ص ۱۵۷ ج ۱)

نیز فرماتے ہیں:- ہر ایسا کھیل جس میں ہار جیت ہو قمار میں داخل ہے، اور نص قرآن سے حرام ہے (خلاصة التفاسیر ص ۱۵۶ ج ۱ تحت الآیة یسئلونک عن الخمر والمیسر پ ۲)

مذکورہ حوالوں سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ایسے کھیل جن میں قمار (جوا) کی صورت ہو وہ بالکل حرام ہیں جیسا کہ ہدایہ اخیرین اور خلاصۃ التفاسیر کی عبارت سے واضح ہوتا ہے (۲) ایسا کھیل جس میں کوئی دینی دنیوی نفع نہیں ہے وہ بھی اس وجہ سے ناجائز ہے کہ اس میں قیمتی وقت کو ضائع کرنا ہے جیسا کہ خلاصۃ التفاسیر کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے (۳) اور ایسا کھیل جس میں قمار نہ ہو اور اس میں دینی یا دنیوی نفع ہو اس کی گنجائش ہے جیسا کہ قہستانی کی عبارت سے جسے شامی نے نقل کیا ہے مفہوم ہوتا ہے لیکن یہ گنجائش اس شرط کے ساتھ ہے کہ اس میں کوئی ناجائز اور خلاف شرع



امر نہ ہو چنانچہ حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں۔ (ب) جس کھیل سے کوئی دینی یا دنیوی فائدہ معتد بہا مقصود ہو وہ جائز ہے بشرطیکہ اس میں کوئی امر خلاف شرع ملا ہوا نہ ہو اور منجملہ امور خلاف شرع کی تشبہ بالکفار بھی ہے (ج) جس کھیل سے کوئی فائدہ دینی یا دنیوی مقصود ہو لیکن اس میں کوئی ناجائز اور خلاف شرع امر مل جائے تو وہ بھی ناجائز ہو جاتا ہے جیسے تیراندازی گھوڑ دوڑ وغیرہ جب کہ اس میں قمار کی صورت پیدا ہو جائے دونوں طرف سے کچھ مال کی شرط لگائی جائے تو وہ بھی ناجائز ہو جاتی ہے۔ (فتاوی دارالعلوم قدیم جلد ۷، ۸ ص ۲۸۵ امداد المفتیین)

موجودہ زمانہ میں کرکٹ ایک ایسا کھیل بن گیا ہے کہ عموماً اس میں خلاف شرع امور پائے جاتے ہیں، نمازوں کا قضاء کر دینا اس پر ہار جیت اور قمار کھیلنا فجار فساق اور غافل قسم کے لوگوں کا اسے اختیار کرنا غفلت کی حد ہو چکی ہے کہ دن تو دن اب تو راتوں میں بھی اس میں انہماک رہتا ہے کرکٹ کے میچ کے وقت نوجوان لڑکیوں اور عورتوں کا میدان میں جمع ہونا اور نہ معلوم کون کون سی اخلاقی اور شرعی خرابیاں اس میں آچکی ہیں، اور تجربہ ہے کہ جس قدر اس کا شوق اور انہماک بڑھتا ہے غفلت میں اسی قدر اضافہ ہوتا رہتا ہے، رات دن بس اسی کی فکر سوار رہتی ہے، حتیٰ کہ مسجد میں آنے کے بعد وضو کرتے ہوئے، وضو سے فارغ ہو کر اور بہت سے شوقین تو جماعت خانہ میں بھی اسی کے چرچہ میں مشغول رہتے ہیں، حد یہ ہے کہ اگر کسی موقع پر رمضان المبارک میں تراویح کے وقت میچ کی کومینٹری آ رہی ہو تو اس کے بہت سے شوقین تو اس پر تراویح قربان کرتے ہیں اور جو شوقین مسجد میں آئے ہیں ان کی توجہ اور دھیان بس اسی طرف، ترویحوں میں تسبیح پڑھنے کی بجائے یہی فکر سوار رہتی ہے کہ میچ کا حال معلوم کیا جائے، ہار جیت پر پٹاخے چھوڑے جاتے ہیں جس میں غیر قوم سے مشابہت کے ساتھ ساتھ اضاعت مال بھی ہے اور بسا اوقات یہ حرکت قومی فساد کا سبب بھی بن جاتی ہے اور مسلمانوں کا جانی و مالی نقصان بھی ہوتا ہے، ان تمام حالات کو دیکھتے ہوئے ایسے کھیل کو اب کس طرح جائز کہا جا سکتا ہے؟ چنانچہ حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں۔

آج کل چونکہ عموماً یہ شرائط (جن کا بیان فتاوی دارالعلوم کے حوالہ سے مذکور ہوا) موجودہ کھیلوں (ٹینس، فٹ بال، کرکٹ) میں موجود نہیں اس لئے ناجائز کہا جاتا ہے الخ (فتاوی دارالعلوم قدیم ص ۲۸۵ ج ۷، ۸ امداد المفتیین)

لہذا ایسا شخص جو امامت کے عظیم منصب پر فائز ہو اس کو اس قسم کے بدنام اور بیکار لغو کھیل میں مشغول ہونا اس سے دلچسپی رکھنا کومینٹری سننا قطعاً اس کے شایان شان نہیں غافلوں کے ساتھ تشبیہ بھی لازم آتا ہے اور لوگوں کی نظروں میں امام کا وقار بھی کم ہو جاتا ہے، اگر ورزش اور بدن کی تقویت مقصود ہو تو دوسرے جائز طریقے اختیار کئے جائیں، اگر کوئی شخص کرکٹ میں اس قدر منہمک رہتا ہو کہ نماز قضاء ہو جائے اور جماعت فوت ہوتی ہو تو پھر ایسا کھیل بالکل ناجائز اور موجب فسق ہوگا اور ایسے شخص کو امام بنانا مکروہ تحریمی ہوگا، کبیری میں ہے وفیه اشارة الی انهم لو قدموا فاسقا یا ثمون بناء علی ان کراهة تقدیمه کراهة تحریم (کبیری ص ۴۷۹ فصل فی الامامة)

وقت خدا تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے اس کی جتنی قدر کی جائے کم ہے ایسے بیکار اور لغو کھیل میں مشغول ہونے یا کومینٹری سننے سے آخرت کا کون سا فائدہ ہوگا؟ بلکہ خسارہ ہی خسارہ ہے، اللہ کے ذکر سے غافل کرنے والی چیز ہے اور جو چیز انسان کو اللہ سے اور اس کے مقصد حیات سے غافل کر دے وہ منحوس اور بیکار ہے، حدیث میں ہے من

حسن اسلام المرء ترکہ مالا یعنیہ۔

ترجمہ۔ انسان کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ اس بات کو چھوڑ دے جس سے اس کو کوئی فائدہ مقصود نہ ہو۔ (ترمذی شریف ص ۵۵ ج ۲ باب ماجاء من تکلم بالکلمۃ لیضحک الناس)

قیامت کے روز عمر اور خاص کر اپنی جوانی کے زمانہ کا حساب دینا ہوگا کہ اسے کن کاموں میں خرچ کیا، حدیث میں ہے عن ابن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تزول قدماً ابن آدم یوم القیمۃ من عند ربہ حتی یسأل عن خمس عن عمرہ فیما افناہ وعن شبابہ فیما ابلاہ وعن مالہ من این اکتسبہ وفیما انفقہ وما ذا عمل فیما علم۔

ترجمہ۔ حضرت ابن مسعودؓ نبی کریم ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ابن آدم کے دونوں قدم قیامت کے دن اپنے رب کے پاس سے نہیں ہٹ سکیں گے جب تک کہ اس سے پانچ چیزوں کے متعلق سوال نہ ہو (۱) اس کی عمر کے متعلق کہ کن کاموں میں اسے ختم کی (۲) اس کی جوانی کے متعلق کہ کن مشغلوں میں اسے خرچ کی (۳) اس کے مال کے متعلق کہ کہاں سے مال حاصل کیا (۴) اور کن کاموں میں مال خرچ کیا (۵) اور اپنے علم پر کتنا عمل کیا (ترمذی شریف ج ۲ ص ۶۴ باب ماجاء فی شان الحساب والقصاص)

لہذا جو وقت ملا ہے اسے بہت بڑا قیمتی سرمایہ سمجھے اور بڑی ذمہ داری اور فکر کے ساتھ موت اور آخرت کی تیاری میں خرچ کرے، بیکار اور لغو کاموں میں ضائع نہ کرے۔ شیخ سعدیؒ نے بڑے پتے کی بات کہی ہے

جز یاد دوست ہرچہ کنی عمر ضائع است
جز سر عشق ہر چہ بخوانی بطالت است

یاد الٰہی کے علاوہ کسی اور چیز میں مشغول ہونا عمر ضائع کرنا ہے، عشق الٰہی کے سوا جو کچھ کیا جائے بیکار ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## پٹی پر مسح کرنے والے کی امامت:

(سوال ۲۴۴) ایک شخص کی انگلی کٹ گئی زخم بہت گہرا ہے اس وجہ سے پٹی باندھ رکھی ہے، وضو میں اسے کھول کر دھونا مضر ہے بایں وجہ وہ پٹی پر مسح کرتا ہے اور وہ شخص امام بھی ہے تو پٹی پر مسح کرنے کی حالت میں امامت کرنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) صورت مسئولہ میں شرعی عذر کی وجہ سے پٹی باندھی ہو اور اس میں سے خون نہ بہتا ہو اور اس پر مسح کر رہا ہو تو وہ امامت کر سکتا ہے، فتاوی عالمگیری میں ہے ویجوز اقتداء الغاسل بماسح الخف وبالماسح علی الجبیرۃ وکذا امامۃ المفتصد لغیرہ اذا کان یامن خروج الدم (فتاویٰ عالمگیری ص ۸۴ ج ۱ فصل فی من یصلح اماماً لغیرہ) مراقی الفلاح میں ہے وصح اقتداء (غاسل بماسح) علی الخف او جبیرۃ او خرقۃ قرحۃ لا یسیل منہا شیئی (مراقی الفلاح مع طحطاوی ص ۱۶۱ باب الامامۃ فقط واللہ اعلم بالصواب۔



## بیٹا شرعی حلالہ کے بغیر بیوی کو اپنے ساتھ رکھے تو اس کے والد کے پیچھے نماز پڑھنا کیسا ہے:

(سوال ۲۴۵) ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین طلاق دی اور اس وقت وہ مطلقہ بیوی کے ساتھ رہتا ہے، اس کا کہنا ہے کہ میں نے حلالہ کرا لیا ہے لیکن اس کے والد کو اس پر بالکل یقین نہیں ہے اس کے والد اس کے اس فعل سے سخت ناراض ہیں اور اس کو عورت سے جدا ہونے کو کہتے ہیں لیکن وہ نہیں مانتا، اب ایسے لڑکے کے باپ کے پیچھے نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں، اس کا باپ اذان دے سکتا ہے یا نہیں مکتب کے بچوں کو پڑھا سکتا ہے یا نہیں؟ جواب عنایت فرما کر مشکور فرمائیں۔

(الجواب) باپ حقیقۃً اپنے بیٹے کی اس حرکت پر ناراض ہو تو بیٹے کی وجہ سے باپ کو مطعون کرنا اور اس کا ذمہ دار قرار دینا صحیح نہیں ہے، قرآن مجید میں ہے ولا تزر وازرۃ وزر اخری، ترجمہ۔ اور کوئی دوسرے کا بوجھ (گناہ کا) نہ اٹھاوے گا، (قرآن مجید سورۂ فاطر پ ۲۲) لہذا صورت مسئولہ میں والد کے پیچھے نماز پڑھنا بلا کراہت جائز ہے، اسی طرح اذان دینا اور مکتب میں بچوں کو پڑھانا بھی جائز ہے، البتہ صورت مذکورہ میں جب والد کو حلالہ کے سلسلہ میں اپنے بیٹے کی بات پر یقین نہیں ہے تو ان پر لازم ہے کہ بیٹے کو اپنی بیوی سے علیحدہ ہونے کے لئے کہیں اور اس کے لئے پوری کوشش کریں، اور شرعی حلالہ کے بغیر عورت کو رکھنے کی مخالفت کریں، اگر بیٹا اپنے والد کی بات ماننے کے لئے تیار نہ ہو اور بلا حلالہ ہی بیوی کو اپنے ساتھ رکھنے پر مصر ہو تو ایسے لڑکے کو اپنے سے علیحدہ کر دیں یا خود علیحدہ ہو جائیں، اگر باپ لڑکے کو علیحدہ کرنے پر تیار نہ ہو تو اس صورت میں باپ کی امامت مشتبہ ہوگی اور مقتدی ان کو منصب امامت سے علیحدہ کرنے میں حق بجانب ہوں گے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔ ۴۔ ذی الحجہ ۱۴۱۳ھ۔

## فاسق اور بدعتی کی امامت:

(سوال ۲۴۶) ہمارے یہاں کی مسجد کے پیش امام بدعتی ہیں، ازار ٹخنوں سے نیچے اور انگریزی بال رکھتے ہیں، احکام امامت وقرأت سے نا آشنا ہیں اور داڑھی کترواتے ہیں اس امام کو منصب امامت سے برطرف کرنے پر ہم قادر نہیں کیونکہ مسجد کے ٹرسٹی ہماری ایک بات بھی سننے کے لئے تیار نہیں، تو کیا ایسے امام کی اقتداء میں ہماری نماز درست ہے؟ اگر ہم مدرسہ کے حجرے میں علیحدہ با جماعت نماز پڑھیں تو کوئی حرج ہے؟ بینوا توجروا۔

(الجواب) فاسق وبدعتی کو امام بنانا ناجائز ہے، ایسے امام کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے، واما الفاسق فقد عللوا کراھۃ تقدمہ بانہ لا یھتم لا مر دینہ وبان فی تقدیمہ للامامۃ تعظیمہ وقد وجب علیھم اھانتہ شرعاً ولا یخفی انہ اذا کان اعلم من غیرہ لا تزول العلۃ فانہ لا یؤمن ان یصلی بھم بغیر طھارۃ فھو کالمبتدع فکرہ امامۃ بکل حال بل مشی فی شرح المنیۃ علی ان کراھۃ تقدیمہ کراھۃ تحریم لما ذکرنا (شامی باب الامامۃ ج ۱ ص ۵۹) بلکہ فاسق کے مقابل بدعتی کے پیچھے نماز پڑھنے میں اعلیٰ درجہ کی کراہت ہے کیونکہ فاسق گناہ کو گناہ سمجھ کر کرتا ہے اور خود کو گنہگار تصور کرتا ہے جس کی وجہ سے

توبہ کی امید کی جاسکتی ہے جب کہ بدعتی معاصی (یعنی وہ بدعات جو طریقۂ سنت کے خلاف ایجاد کی جاتی ہیں) کو عبادت اور کارِ ثواب جان کر کرتا ہے، جس کے سبب وہ توبہ سے محروم رہتا ہے، حضرت سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں کہ ابلیس کو بدعت تمام معاصی سے زیادہ تر مرغوب ہے اس واسطے کہ معاصی سے تو توبہ ہوسکتی ہے کہ میں بڑا خطاوار ہوں تو اس سے توبہ واستغفار کی امید ہے اور بدعتی تو یہ جانتا ہے کہ میں عبادت کرتا ہوں اور طاعت میں ہوں تو یہ شخص نہ توبہ کرے گا اور نہ استغفار۔

روی عن سفیان الثوری انہ کان یقول البدعۃ احب الی ابلیس من کل المعاصی لان المعاصی یتاب عنھا والبدعۃ لایتاب عنھا وسبب ذلک ان صاحب المعاصی یعلم بکونہ مرتکب المعاصی فیرجی لہ التوبۃ والا ستغفار واما صاحب البدعۃ فیعتقد انہ فی طاعۃ و عبادۃ ولا یتوب ولا یستغفر. (مجالس الابرار المجلس الثامن عشر ص ۱۳۸)

اگر ایسے امام کے علاوہ اور کوئی پابند شرع نہ ہو یا اس کو برطرف کرنے کی قدرت نہ ہو تو مجبوری کے پیش نظر نماز مکروہ نہیں۔ ھذا ان وجد غیرھم والا فلا کراھۃ (قولہ ھذا) ای ماذکر من کراھۃ امامۃ المذکورین. (شامی ج ۱ ص ۵۲۵ باب الامامۃ) اور اس کی ذمہ داری امام اور اس کے مقرر کرنے والوں پر ہے لہذا مسجد چھوڑ کر مدرسہ کے مکان میں علیحدہ جماعت کرنے کی اجازت نہیں۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## امام کا لباس کیسا ہونا چاہئے:

(سوال ۲۴۷) مغربی طرز کا لباس (شرٹ پتلون) پہننے والے امام کے پیچھے نماز ہوگی؟

(الجواب) نماز تو ہوجائے گی مگر کراہت سے خالی نہیں، ایسی تنگ وچست لباس میں بوقت رکوع وسجدہ اعضائے مستورہ کی ضخامت وساخت اور ہیئت کذائی صاف طور پر نمایاں ہوتی ہے، نیز کفار وفجار کی مشابہت اختیار کرتے ہوئے عوام الناس کا مرغوب لباس پہننے کی سعی لاحاصل امام کے شایان شان نہیں ہے۔

مالابدمنہ میں ہے۔ وتشبہ مسلم را بکفار وفساق حرام است (ص ۱۲۴) مسلمان کے لئے کافروں وفاسقوں کے ساتھ تشبہ حرام ہے۔

حدیث شریف میں ہے، نبی کریم ﷺ نے ایک امام کو قبلہ کی طرف تھوکتے ہوئے دیکھا تو مصلیوں کو ہدایت فرمائی کہ آئندہ وہ امامت نہ کرے عن ابی سھلۃ السائب بن خلاد قال احمد: من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم: ان رجلا ام قوما فبصق فی القبلۃ ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینظر فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین فرغ لا یصلی لکم (الحدیث) ابو داؤد ج ۱ ص ۶۹ باب الکراھیۃ البزاق فی المسجد)

لہذا امام کو چاہئے کہ مروجہ لباس ترک کرکے علماء وصلحاء کا لباس اختیار کرے، ایک عربی شاعر نے خوب کہا ہے

فتشبھوا ان لم تکونوا مثلھم
ان التشبہ بالکرام فلاح



یعنی نیک لوگوں کی مشابہت اختیار کرو چاہے تم ویسے نہ ہو کیونکہ حقیقت میں صلحاء سے تشبہ کرنے میں (یعنی ان جیسے اعمال اور وضع قطع ولباس اختیار کرنے میں) دینی ودنیوی فلاح مضمر ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## فلم دیکھنے والے کی امامت تراویح میں:

(سوال ۲۴۸) جو حفاظ کرام سینما بینی کرتے ہیں ان کی امامت تراویح میں جائز ہے؟ ان کے پیچھے تراویح ہوگی یا نہیں؟ باحوالہ تحریر فرمائیں۔

(الجواب) مذکورہ حافظ کے پیچھے تراویح درست ہوجاوے گی، اعادہ کی ضرورت نہیں مگر جو فضیلت متقی و پرہیزگار امام کے پیچھے نماز پڑھنے کی ہے وہ حاصل نہ ہوگی لہذا جب تک پکی و سچی توبہ نہ کرے ایسے شخص کو امامت کے مقدس منصب پر مقرر نہ کیا جائے۔ (۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم.

## داڑھی کتروانے والے تصویر کھنچوانے والے حافظ کی امامت تراویح میں:

(سوال ۲۴۹) ایک حافظ قرآن پورا سال داڑھی کترواتا ہے (پانچ سال سے اس کا یہ معمول ہے) برائے نام (خشخشی) داڑھی ہے علی الاعلان بطیب خاطر تصویر کھنچواتا ہے، غیر محرم عورتوں کے ساتھ تفریح کے لئے جاتا ہے بوقت کھیل کو دنیکر پہنتا ہے، مذکورہ بالا امور کا مرتکب حافظ قرآن تراویح پڑھا سکتا ہے؟

(الجواب) حامداً ومصلیاً ومسلماً۔ منصب امامت نہایت ہی اعلیٰ منصب ہے امام کے لئے بہت احتیاط درکار ہے، امام متقی و پرہیزگار پابند شرع ہونا چاہئے، صورت مسئولہ میں سوال میں ذکر کردہ امور واقعتاً درست ہوں تو ایسے حافظ قرآن کو چاہئے کہ اپنی حرکات (مذکورہ فی السوال) سے سچے دل سے توبہ کرے اور خلاف شرع امور ترک کر دے اس کے بعد تراویح وغیرہ کا امام بنے، اگر اپنی عادت سے توبہ نہ کی اور اس پر جما رہا تو ایسے شخص کی امامت مکروہ تحریمی ہے، تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو فتاویٰ رحیمیہ گجراتی جلد اول ص ۱۱۳ ص ۱۱۴ اور فتاویٰ رحیمیہ اردو جلد نمبر ۷ از ص ۲۷۱ تا ص ۲۷۵ (اسی باب میں، داڑھی خشخشی کرانے والے کو امام بنانا الخ کے عنوان سے دیکھیں ص ۱۹۱ ۔مرتب) اور جلد اول از ص ۱۵۹ تا ص ۱۶۵ (اسی باب میں، فاسق وفاجر اور بدعتی کی امامت کا کیا حکم ہے کے عنوان سے دیکھیں ص ۱۷۰ ۔مرتب)

فقط واللہ اعلم بالصواب ۲۹ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۵ھ۔

## درمیان نماز اختلال عقل کا دورہ پڑنا اور ایسے آدمی کی امامت:

(سوال ۲۵۰) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک شخص کو دماغی مرض اس قسم کا ہے، کبھی کبھی عقل مختل ہوجاتی ہے اور چند منٹ بے عقلی کی اور غیر ارادی حرکت کرتے ہیں مثلاً نماز پڑھ رہے ہیں تو ادھر ادھر دیکھتے ہیں، کبھی کھڑے ہوجاتے ہیں اگر قعدہ میں ہوں اور دورہ پڑجائے تو پاؤں لمبے کردیتے ہیں۔ دورہ دس پندرہ روز بعد

(۱) وصلی خلف مبتدع او فاسق فھو محرز ثواب الجماعۃ لکن لاینال مثل ماینال خلف تقی کذا فی الخلاصۃ فتاویٰ عالمگیری باب الامامۃ الفصل الثالث فی بیان من یصلح اماما لغیرہ ج ۱ ص ۸۴.

کبھی اس سے زیادہ عرصہ بعد پڑتا ہے، غرض کہ مہینہ میں ایک یا دو مرتبہ دورہ پڑتا ہے، دریافت طلب مسئلہ یہ ہے کہ ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھ سکتے ہیں، یا نہیں؟ اور اگر حالت نماز میں دورہ پڑے تو کیا حکم ہے؟ کیا نماز فاسد ہوجائے گی؟ اور دوبارہ جماعت کرنی پڑے گی یا مقتدی جو پہلی صف میں ہے وہ آگے بڑھ کر امامت کر کے بقیہ نماز پوری کرا سکتا ہے، دورہ دو تین منٹ ہی رہتا ہے پھر ہوش و حواس بحال ہوجاتے ہیں بینوا توجروا۔

(الجواب) حامداً و مصلیاً و مسلماً ایسے امام کے پیچھے افاقہ کی حالت میں پڑھی ہوئی نماز صحیح ہے، لیکن جس نماز میں جنون طاری ہوجائے گا وہ فاسد ہوجائے گی، درمختار میں ہے یفسدھا .... المفسدات ..... الیٰ قولہ ...... وجنون. (باب مایفسد الصلاۃ وما یکرہ فیھا درمختار مع الشامی ج ۱ ص ۵۸۹) مقتدی آگے بڑھ کر نماز پوری نہیں کرا سکتا، دوبارہ پڑھنی پڑے گی، درمختار میں ہے ولا نادر وجود (قولہ ولا نادر وجود) خرج نحو القھقھۃ والاغماء (شامی ایضاً ج ۱/ص ۵۶۱) لہذا ایسے شخص کو چاہئے کہ تاصحت عہدۂ امامت سے دستبردار ہوجائے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔ ۹ ذی قعدہ ص ۱۳۸۰ھ۔

## خلاف سنت داڑھی رکھنے والے حافظ کی امامت (حضرت مولانا مفتی ولی حسن رحمہ اللہ تعالیٰ کا فتویٰ اور حضرت مولانا مفتی سید عبدالرحیم لاجپوری مدظلہم العالی کی تصدیق:

(سوال ۲۵۱) کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متعین مندرجہ ذیل مسئلہ میں (۱) داڑھی کترے حافظ کے پیچھے نماز خواہ تراویح ہو کیا حکم ہے؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ داڑھی کی خاص اہمیت نہیں۔

(۲) بعض مساجد میں انتظامیہ کی طرف سے ایسے حفاظ کو تراویح کی اجازت دی جاتی ہے، کیا انتظامیہ پر کسی قسم کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے؟

(الجواب) (۱) بصورت مسئولہ داڑھی رکھنا واجب ہے، داڑھی منڈانا یا ایک مشت سے کم کرنا ناجائز و حرام ہے، داڑھی کترا حافظ بے شک فاسق و فاجر ہے، جب تک کہ اس فعل سے توبہ نہ کرے، نیز مکروہ تحریمی پر عمل کرنا عملاً حرام ہے، جو شخص داڑھی ایک مشت سے کم کراتا ہو اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی ہے، داڑھی ایک مشت رکھنے پر چاروں مذاہب کا اتفاق ہے، شامی، فتاویٰ عالمگیری اور فقہ کی دوسری کتابوں میں یہ مسئلہ مذکور ہے، عالمگیری کی عبارت ہے والقصر سنۃ فیھا وھو ان یقبض الرجل لحیتہ فان زاد منھا علی قبضۃ قطعہ، ذکرہ محمد کتاب الکراھیۃ الباب التاسع فی الختان والخصاء الخ ج. ۵ ص ۳۵۸.

(۲) اس فعل قبیح کے ارتکاب میں انتظامیہ برابر کی شریک ہوگی، نیز تواریخ میں لکھا ہے کہ جب کسریٰ شاہ ایران نے حضور ﷺ کا مکتوب گرامی پھاڑ کر اپنے ماتحت گورنر باذان کو لکھا کہ دو آدمی حضور ﷺ کے پاس بھیجو وہ جا کر حضور ﷺ کو میرے پاس بھیجدیں باذان کے جب دو آدمی حضور ﷺ کے پاس حاضر ہوئے تو ان دونوں کی ڈاڑھیاں مونڈی ہوئی تھیں اور بڑی بڑی مونچھیں تھیں۔

وکان علی زی الفرس من حلق لحاھم واعفاء شواربھم فکرہ صلی اللہ علیہ وسلم النظر الیھما وقال ویلکما من امر کما بھذا؟ قال امرنا ربنا یعنیان کسری فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ



وسلم ولکن ربی قد امرنی باعفاء لحیتی وقص شاربی ۔ ان دونوں مجوسیوں کی فیشن کے مطابق داڑھیاں مونڈی ہوئی تھیں اور بڑی بڑی مونچھیں تھیں تو حضور علیہ السلام کو ان کی یہ مکروہ شکل بہت ہی ناپسند آئی اور آپ ﷺ نے فرمایا تم پر ہلاکت ہو تم کو کس نے یہ مکروہ شکل بنانے کا حکم دیا ہے انہوں نے کہا ہمارے رب کسریٰ نے، حضور ﷺ نے فرمایا لیکن میرے رب نے مجھے داڑھی رکھنے اور مونچھیں کٹوانے کا حکم دیا ہے۔

غور کیجئے وہ دونوں مہمان تھے، کافر تھے، ہمارے مذہب کے پابند ہی نہ تھے مگر چونکہ ان کی یہ بری صورت فطرت سلیمہ کے خلاف تھی، اور شیطان لعین کے حکم کے مطابق تھی اس لئے حضور ﷺ کو ان کی یہ مکروہ شکل دیکھنی گوارہ نہ ہوسکی، ان سے منہ موڑ لیا اور ان کو بددعائیہ جملہ فرمایا کہ تم پر ہلاکت ہو، ساتھ ہی یہ بھی تصریح فرمادی کہ میرے رب تعالیٰ نے مجھے پوری داڑھی رکھنے اور مونچھیں کٹانے کا حکم فرمایا ہے گویا جو داڑھی اللہ تعالیٰ کو پسند ہے اور جس کا اس نے حکم دیا ہے اس کی مقدار وہ ہے جو حضور ﷺ نے خود رکھ کر بتائی کہ سینہ مبارک بھر دیتی تھی، پس آپ کے محب امتیوں کو غور کرنا چاہئے کہ جو لوگ ان مجوسیوں کی اتباع کر کے روزانہ داڑھیاں منڈاتے ہیں اور ان کے یہ اعمال روزانہ فرشتے حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں تو حضور ﷺ کو یہ حرکات دیکھ کر کتنا دکھ ہوگا اور میدان قیامت میں حضور ﷺ کے امتی ایسی مکروہ صورت میں حضور ﷺ کے سامنے پیش ہوں تو اس وقت اگر حضور ﷺ ان سے منہ موڑ لیں تو کتنا بڑا خسارہ ہے۔

کتبہ ولی حسن، دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی۔
۲۱ جمادی الثانی ۱۴۰۵ھ (از ماہنامہ دارالعلوم دیوبند ماہ ستمبر ۱۹۹۵ء ص ۴۶ تا ص ۴۸)

## تصدیق

من اجاب فقد اصاب: اس مبارک اور نورانی سنت پر جس کی احادیث مبارکہ میں بہت تاکید آئی ہے، حفاظ کرام کو بڑی عظمت سے عمل کرنا چاہئے، اللہ تعالیٰ نے حفظ قرآن کی عظیم نعمت عطا فرمائی ہے، اس کے بعد داڑھی نہ رکھنا یا خلاف سنت رکھنا بہت ہی شرمناک اور اس نعمت عظمیٰ کی بڑی ناقدری ہے، اور اپنے اسی طرز عمل سے رسول اللہ ﷺ کے قلب مبارک کو تکلیف پہنچانا ہے، جلد از جلد اس سے توبہ کرنا چاہئے۔

مندرجہ ذیل واقعہ قابل عبرت ہے اس سے عبرت حاصل کریں۔

## مرزا بیدل شاعر کا واقعہ:

ہندوستان میں ایک فارسی شاعر مرزا بیدل تھے، فارسی نعتیہ کلام بہت اونچا اور معیاری ہوتا تھا، اور ان کا بڑا چرچا اور شہرت تھی، ایران سے ایک شخص ان کے نعتیہ کلام سے متاثر ہو کر ان کی ملاقات کے اشتیاق میں ہندوستان آئے، مرزا بیدل سے ملاقات ہوئی، اتفاق سے وہ اس وقت داڑھی مونڈ رہے تھے، ایرانی مسافر کو بڑا تعجب ہوا، دیکھ کر حیرت میں پڑ گیا کہ ایسا بلند اور عشق رسول میں ڈوبا ہوا کلام اور یہ عمل؟ اس نے بڑے افسوس اور دکھ سے کہا "آغا ریش می تراشی" جناب والا! داڑھی تراش رہے ہو؟ مرزا بیدل نے کہا! دل کسے نمی تراشم، ہاں لیکن کسی کا دل نہیں چھیل رہا ہوں (کسی کا دل دکھانا بڑا گناہ ہے) ایرانی مسافر نے برجستہ کہا ارے! دل رسول می تراشی۔ ہاں آپ رسول ﷺ کا

دل چھیل رہے ہو، اس جملہ سے مرزا بیدل کو چوٹ لگ گئی اور ہمیشہ کے لئے اپنی اس بدعملی سے توبہ کرلی اور قالاً یا حالاً کہا

جزاک اللہ کہ چشم باز کردی
مرایا جان جاں ہمراز کردی

اللہ تعالیٰ آپ کو جزاء خیر عطا فرمائے کہ آپ نے میرے دل کی آنکھ کھول دی اور مجھے میرے محبوب یعنی اللہ تعالیٰ سے ملادیا، اللہ تعالیٰ تمام حفاظ کرام اور مسلمانوں کو اس اہم اور نورانی سنت پر عمل کی توفیق عطا فرمائے، فقط واللہ اعلم بالصواب۔ احقر الانام سید عبدالرحیم لاجپوری غفرلہٗ، ۳۰ جمادی الثانیہ ۱۴۱۶ھ۔

## حرام آمدنی والے کے گھر کھانے پینے والے امام کی امامت کا حکم:

(سوال ۲۵۲) ہمارے یہاں ایک شخص کا شراب کا کاروبار ہے اور کوئی حلال کمائی نہیں ہے، دوسرا کوئی کاروبار نہیں ہے اور ان کے یہاں ایک شخص کھاتا پیتا اور رہتا ہے، ان کا رشتہ دار بھی ہے ایسے شخص کی امامت جائز ہے یا ناجائز؟ اس کے پیچھے نماز ہوتی ہے یا نہیں؟

(الجواب) حامداً ومصلیاً ومسلماً۔ جس آدمی کا شراب کا کاروبار ہے اور کوئی حلال کمائی نہیں تو اس کے یہاں کی دعوت قبول کرنا اور کھانا پینا جائز نہیں ہے۔[1] جو شخص اس بات کو جانتے ہوئے اس کے یہاں رہتا ہے کھاتا ہے پیتا ہے اس کو امام بنانا جائز نہیں ہے، اس کے پیچھے نماز مکروہ ہوتی ہے، لیکن اگر اس سے اچھا امام نہ ہو یا اس کے ہٹانے میں فساد کا اندیشہ ہو تو مکروہ نہیں ہے اور تنہا پڑھنے سے اس کے پیچھے پڑھنا بہتر ہے کہ جماعت کی بڑی اہمیت ہے اس کی ذمہ داری ان لوگوں پر ہے جو ایسے امام کی حمایت کرتے ہیں۔[2] (درمختار، شامی) فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## فیشن والے بال کٹانے والے امام کی امامت مکروہ ہونے کی دلیل:

(سوال ۲۵۳) آپ نے اماموں اور فیشنبل بال کی سرخی سے جو فتویٰ شائع کیا ہے اس میں آپ نے ایسے بال رکھنے والے کی امامت مکروہ قرار دی ہے تو یہ کس کتاب کے حوالہ سے ثابت ہوتا ہے۔

(الجواب) حامداً ومصلیاً ومسلماً۔ انگلش کٹ یعنی انگریزی وضع اور ہیئت کے بال کٹوانا تشبہ بالنصاریٰ وتشبہ بالفساق کی وجہ سے ممنوع ومکروہ تحریمی ہے (من تشبه بقوم فهو منهم، الحديث. ليس منا من تشبه بغيرنا لا تشبهوا باليهود والنصارى الخ الحديث) مسلم را تشبہ بہ کفار وفساق حرام است (مالابدمنہ ص ۱۳۱)، حدیث میں ہے کہ حضرت انسؓ نے ایک لڑکے کے سر پر یہودی طرز کے بال دیکھے تو فرمایا احلقوا هذين او قصوهما فان هذا زى اليهود (ابوداؤد ج ۲ ص ۲۲۵ کتاب الترجل باب ماجاء فی الرخصة (ای فی الذوائب)

(۱) اهدى الى رجل شيئاً او اضافه ان كان غالب ماله من الحلال فلا بأس به الا ان يعلم بانه حرام فان كان الغالب هو الحرام ينبغى ان لا يقبل الهدية ولا ياكل الطعام الخ فتاوى عالمگیری الباب الثانی عشر فی الهدايات والضيافات ج ۵ ص ۳۴۲

(۲) وفاسق واعمى ونحوه الاعشى نهر الا ان يكون غير الفاسق اعلم القوم فهو اولى، باب الامامة ج ۱ ص ۵۶۰)



لہٰذا اس پر مداومت ومواظبت کرنے والا فاسق ہے اور فاسق کی امامت بالیقین مکروہ ہے ويكره تقديم الفاسق ايضاً لتساهله فى الامور الدينية الخ (کبیری ص ۳۵۱) یہ وضع قزع ممنوعہ میں بھی داخل ہے، جو موجب کراہت ہے، ان النبى صلى الله عليه وسلم رأى صبيا قد حلق بعض راسه وترك بعضه فنهاهم عن ذلك وقال احلقوا كله او اتركوا كله، رواه مسلم (مشکوٰۃ ص ۳۸۰ کتاب الترجل الفصل الاول) اور فتاویٰ عالمگیری میں ہے۔ وعن ابى حنيفة رحمه الله تعالى يكره ان يحلق قفاه الا عن الحجامة كذافى الينابيع یعنی امام ابوحنیفہؒ سے مروی ہے کہ قفا یعنی گدی کے بال منڈوانا مکروہ تحریمی ہے۔ (ج ۵ ص ۳۵۷ کتاب الکراھیۃ الباب التاسع عشر فی الختان والخصاء الخ)

فی زماننا طلبہ میں گدی کے بال منڈانے کا رواج چل پڑا ہے، جیسا کہ سوال میں مذکور ہے، حالانکہ یہ وضع معصیت اور مکروہ تحریمی ہے اور اس پر مداومت کرنے والے کی امامت افضل کی موجودگی میں بالاتفاق مکروہ ہے۔

کراہت کی تیسری وجہ امام کی اس وضع کو نمازیوں کا ناپسند کرنا اور دل میں نفرت پیدا ہونا ہے (جب ہی تو اپنے امام کے لئے نمازیوں نے یہ سوال اٹھایا ہے) ويكره للامام ان يؤم قوما وهم له كارهون بخصلة اى بسبب خصلة توجب الكراهة لو كان فيهم من هو اولىٰ بالامامة (کبیری ص ۳۵۰) ان چیزوں کو معمولی اور حقیر نہ سمجھا جائے کہ القليل يجرى الى الكثير) قلیل کثیر کی طرف کھینچ لے جاتا ہے، اور حضرت عائشہؓ فرمایا کرتی تھیں ایاکم ومحقرات الذنوب (چھوٹے چھوٹے گناہوں سے بہت بچتے رہو)

یہ بھی سوچنا چاہئے کہ اہل علم اور ائمہ مساجد مکروہات ومشتبہات میں مبتلا ہوگئے تو عوام کا کیا ہوگا؟ اور ان کی نگاہوں میں ان کی کیا وقعت رہ جائے گی؟ منصب امامت بہت اعلیٰ ہے، امام صالح بزرگ اور حاضرین میں سب سے افضل مشتبہ چیزوں سے بچنے والا ہونا چاہئے، امام کے متعلق کتب فقہ میں ہے۔ ثم الاورع اى اكثر اتقاء للشبهات پھر امام زیادہ احتیاط والا اور مشتبہات سے بہت بچنے والا ہونا چاہئے ولو قدموا غير الاولىٰ اساؤا درمختار علی ہامش شامی باب الامامۃ ج ۱ ص ۵۵۷، اگر غیر اولیٰ کو امام بنائیں گے تو برا کریں گے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## صحت اقتداء کے لئے اتصال صفوف ضروری ہے:

(سوال ۲۵۴) ہماری جامع مسجد کا نقشہ حسب ذیل ہے:۔ جماعت خانہ (یعنی مسجد شتوی) کے بعد بجانب شرق برآمدہ ہے اس میں ایک دو صف ہوسکتی ہیں اس کے بعد متصلاً کچھ نشیب میں اچھا خاصا میدان اور صحن ہے مگر یہ حصہ مسجد شرعی سے خارج ہے فناء مسجد کی تعریف اس پر صادق آتی ہے اس صحن کے سرے پر دہ دردہ حوض ہے۔ اس کے درے کچھ بلندی پر چبوترہ واقع ہے جو مسافروں کی آرام گاہ ہے یہاں پر دو صفیں ہوسکتی ہیں۔ جمعہ وعیدین اور تبلیغی اجتماعات کے موقع پر اس کی ضرورت پیش آتی ہے۔ امام صاحب نے فرمایا تھا کہ دہ دردہ حوض حائل ہے یہ مانع اقتداء ہے اگر حوض کے یمیناً وشمالاً نمازیوں کی صفیں قائم ہوں تب تو بوجہ اتصال صفوف چبوترہ والے نمازیوں کی اقتداء صحیح ہوجائے گی ورنہ صحیح نہ ہوگی۔ جب بارش ہورہی ہو تو صفیں نہیں ہوسکتیں۔ ایک مولوی صاحب نے فرمایا

کہ حوض کے اردگرد صفوں کا ہونا ضروری نہیں اس لئے کہ احاطۂ مسجد کی تمام جگہ فناء مسجد وغیرہ مکان متحد ہے (ایک جگہ ہے اس لئے کسی جگہ سے بھی اقتداء ہوسکتی ہے جتنا بھی خلاء اور فاصلہ ہو اور بڑا حوض ہو وہ بھی مانع اقتداء نہیں ہوسکتا۔ اتصال وانقطاع صفوف کا مسئلہ احاطۂ مسجد سے خارج جگہ کا ہے لہذا صفوں کا اتصال ہو یا نہ ہو ہر حال میں چبوترہ والے نمازیوں کی اقتداء درست ہے۔ اس وجہ سے نمازیوں میں اختلاف پڑ گیا ہے آپ کے فیصلہ پر اختلاف دور ہوسکتا ہے۔ تفصیل سے سمجھایا جائے۔ بینوا توجروا۔ (از سورت)

(الجواب) صحت اقتداء کے لئے امام ومقتدی کے مکان کا متحد ہونا شرط ہے خواہ حقیقتاً متحد ہو یا حکماً۔ مسجد شتوی (جماعت خانہ) او مسجد صیفی (صحن داخل مسجد) اور فناء مسجد (مصالح مسجد کی کھلی جگہ) یہ تمام جگہ باب اقتداء میں متحد ہے بناءً علیہ امام اور مقتدی اور دوسری صفوں کے درمیان دو صفوں سے زائد خلاء اور فاصلہ ہو تب بھی مانع اقتداء نہیں ہے یعنی زیادہ فاصلہ اور خلا ہوتے ہوئے بھی اقتداء صحیح ہو جاتی ہے لیکن امام ومقتدی کی جگہ کے متحد نہ رہنے کے اور اقتداء کے صحیح نہ ہونے کے چند وجوہات اور بھی ہیں۔ ایک وجہ یہ ہے کہ امام ومقتدی کے درمیان ایسی دیوار حائل ہو جس کی وجہ سے امام کی نقل وحرکت مقتدی پر مشتبہ ہے ولا حائط یشتبہ معه بانتقال الامام. یعنی نہ تو کوئی دیوار حائل ہو جس کی وجہ سے امام کی نقل وحرکت مقتدی پر مشتبہ رہے۔ (نور الایضاح ص ۸۱ باب الامامۃ)

دوسری وجہ یہ ہے کہ امام اور مقتدی کے بیچ میں راستہ (شارع عام) اس قدر وسیع ہو جس میں سے بیل گاڑی وغیرہ گذر سکے (اگرچہ نماز کے وقت لوگوں کی آمد ورفت بند ہو) ولا طریق تمر فیه العجلة . یعنی امام ومقتدی کے درمیان ایسا کشادہ راستہ ہو جہاں سے بیل گاڑی وغیرہ سواری گذر سکے (اگر راستہ میں صفیں قائم ہو جائیں تو اب راستہ مانع اقتداء نہ ہوگا) (نور الایضاح ص ۸۱ ایضاً) زاد الفقیر میں ہے۔ ولا من بینه وبین الامام طریق واسع وهو ما تمر فیه العجلة ص ۵۳)

تیسری وجہ یہ ہے کہ امام ومقتدی (مردوں) کے درمیان عورتوں کی صف قائم ہو وان لا یفصل بین الامام والماموم صف من النساء یعنی نہ تو امام اور مردوں کی صف کے درمیان عورتوں کی صف حائل ہو۔ (نور الایضاح ص ۸۱ ایضاً) (الاختیار لتعلیل المختار ج ۱ ص ۵۹)

چوتھی وجہ یہ ہے کہ امام ومقتدی کے درمیان ایسی وسیع نہر ہو جس میں سے چھوٹی کشتی گذر سکے (اس میں پانی جاری ہو یا نہ ہو) وان لا یفصل نهر یمر فیه الزورق۔ یعنی نہ تو امام ومقتدی کے بیچ میں ایسی نہر ہو جس میں کشتی چل سکے۔ (نور الایضاح ص ۸۱ ایضاً) ویمنع الاقتداء حیلولة نهر یسع الزورق. (زاد الفقیر ص ۵۳) حضرت عمرؓ سے مرفوعاً اور موقوفاً روایت ہے کہ جس مقتدی اور امام کے درمیان نہر یا راستہ یا عورتوں کی صف ہو اس کی نماز صحیح نہیں۔ مصنف ابن عبد الرزاق میں ہے عبد الرزاق ... عن عمر بن الخطابؓ انه قال ،فی الرجل یصلی بصلاة الامام قال: اذا کان بینهما نهر ، اوطریق ، او جدار فلا یأتم به .(مصنف ابن عبد الرزاق ج ۳ ص ۸۱) قلائد الازهار علی کتاب الآثار ج ۲ ص ۱۲۱) (فتاویٰ قاضی خان ج ۱ ص ۴۴) (مراقی الفلاح ص ۵۲) (حاشیه الاختیار لتعلیل المختار ج ۱ ص ۵۹) (وغیرہ)

مانع اقتداء کے بارے میں شرعی حوض کا بھی یہی حکم ہے اور مسجد کا حوض بھی اس حکم میں شامل ہے مسجد کا حوض



اس حکم سے مستثنیٰ نہیں ہے تو فناء مسجد کا حوض کیسے مستثنیٰ ہوگا۔ درمختار میں ہے (او نهر تجری فیه السفن) ولو زورقا ولو فی المسجد. یعنی جس نہر میں کشتی چل سکتی ہو مانع اقتداء ہے۔ اگرچہ وہ (کشتی) صغیر ہو اور اگرچہ (نہر یا حوض) مسجد میں ہو۔ اور شامی میں ہے۔ واما البرکة او الحوض. الی قوله. ان الحوض الکبیر المذکور فی کتاب الطهارة یمنع ای مالم تصل الصفوف حوله کما یاتی (ترجمہ) تالاب یا بڑا حوض (شرعی دہ دردہ حوض) درمیان میں ہو اور صفیں متصل نہ ہوں تو مانع اقتداء ہے۔ (شامی ج ۱ ص ۵۴۷ باب الامامۃ) غایۃ الاوطار ترجمہ دُرمختار میں ہے مانع اقتداء ہے نہر جس میں کشتیاں چل سکیں اگرچہ چھوٹی کشتی یعنی ڈونگی (ہوڑی) ہو اگرچہ نہر مسجد میں ہو (یہی حکم حوض دہ دردہ کا بھی ہے) غایۃ الاوطار ج ۱ ص ۲۷۲ باب الامامۃ)

اور طحطاوی علی مراقی الفلاح میں ہے۔ ویمنع نهر ولو کان فی المسجد کالطریق کما فی الدرر (ص ۱۷۰ باب الامامة)

کبیری اور صغیری میں ہے۔ ولو کان بین الامام والمقتدی فی الجامع اوغیره نهر فان کان صغیراً لا یمنع وان کان کبیراً یمنع (کبیری ص ۲۸۸) (صغیری ص ۲۶۸ باب الامامة)

حضرت مولانا شاہ سید زوار حسین صاحب پاکستانی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں مسجد یا میدان میں اگر امام اور مقتدی کے درمیان یا دوسری صفوں کے درمیان پانی کا چشمہ یا حوض یا کوئی اور ایسا ہی حائل یا خالی جگہ ہے تو اگر وہ دہ در دہ (یعنی شرعی حوض) ہے تو اقتدا کا مانع ہے جب کہ اس کے اردگرد لوگ کھڑے ہو کر صفیں متصل نہ ہوگئی ہوں اور اگر اس حوض وغیرہ کے اردگرد یعنی دائیں بائیں لوگ کھڑے ہو کر صفیں ہو جائیں تو اس کے بعد والوں کی نماز درست ہو جائے گی اور اگر وہ حوض وغیرہ چھوٹا یعنی دہ دردہ سے کم ہو تو مانع اقتداء نہیں خواہ اس کے دائیں بائیں لوگ کھڑے نہ ہوئے ہوں (عمدۃ الفقہ ص ۱۹۶)

حضرت مولانا ابو القاسم دلاوری پاکستانی تحریر فرماتے ہیں۔

''مسجد کا دہ دردہ حوض امام اور مقتدیوں میں حائل ہو تو اقتداء صحیح نہیں بجز اس صورت کے کہ حوض کے گرد صفیں برابر متصل ہوں اور اگر حوض اس سے چھوٹا ہو تو اقتداء صحیح ہے الحاصل امام صاحب کی تحقیق صحیح اور قابل عمل ہے۔ مولوی صاحب کا فتویٰ صحیح نہیں۔ فقط عماد الدین ص ۲۲۴۔